LEVEL 1

ترتیبِ جدید وتدوین

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

قرآنی عربی سیکھیے

مفتی ابولبابہ شاہ منصور

السعید
AL-SAEED
PUBLICATION

BLACK & WHITE

قرآنی عربی سیکھیے!

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

لیول 1

ترتیب جدید و تدوین
مفتی ابولبابہ شاہ منصور

السعید
AL-SAEED
PUBLICATION

قرآنی عربی سیکھیے!

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

ترتیب جدید وتدوین ..... مفتی ابولبابہ شاہ منصور

طبع ششم ..... شوال 1434ھ - 2013ء

بااہتمام ..... سید محمد انظر شاہ

ناشر ..... السعید: 0313-9264214

پرنٹرز ..... العامر پرنٹنگ پریس: 0321-2382266

کورس کی تربیت اور نصاب ملنے کے مراکز

جامعۃ الرشید، احسن آباد، کراچی	0322-2838867
مدرسۃ الانور، گلشن اقبال، کراچی	0321-2875616
دارالعلوم تعلیم وتربیت، حاصل پور	0300-7853003
جامعہ آس، رائے ونڈ روڈ، لاہور	0333-4660787
جامعہ قادریہ حنفیہ، ملتان	0300-6331327
جامعہ فاروقیہ، شجاع آباد	0321-7324265
جامعہ زیتون، گلشن الیاس، ایبٹ آباد	0333-5051880
معہد الفقیر الاسلامی، جھنگ	0313-9639387
دارالافتاء، ڈیرہ غازی خان	0300-7513351

ناشر

السعید
AL-SAEED
PUBLICATION

قرآن شریف کی بارگاہ میں

اس قرآنی نصاب (course) میں کیا کچھ ہے؟ یہ تو آپ کو حضرت شیخوپوری صاحب کے مضمون سے پتا چل جائے گا۔ میں یہاں صرف چند باتیں کہنا چاہتا ہوں:

1- بابرکت اور متبرک:

قرآن کریم عجیب بابرکت، متبرک اور سراپا برکت کتاب ہے۔ عاشقینِ کتاب اللہ نے اس کی طرح طرح سے خدمت کی ہے تا کہ اس کے ہر پہلو، ہر جہت، ہر نور اور ہر برکت سے امت مستفید ہو سکے۔ ''قرآنی عربی سیکھیے'' قرآن کریم کے سبق اور درس (یعنی مدارس میں سبق اور مساجد میں درس) کے حلقے قائم کرنے اور ''دراسات'' یا ''فہم دین کورس'' جیسے سلسلوں میں قرآنی تعلیمات پڑھائے جانے کے لیے پیش کی گئی ایک عاجزانہ کاوش ہے۔ اس کورس کو ایک مخصوص تعلیمی طریقہ کار کے تحت وضع کیا گیا ہے جسے جدید اصطلاح میں TPI (Totel physicle intruction) کہا جاتا ہے۔ اس طریق کار کو عالمی سطح پر زبان سکھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ بعض حضرات مثلاً دکتور عبدالرحیم صاحب (حیدرآباد دکن) اور جناب ارشد ملک صاحب (اسلام آباد) نے اسے قرآنِ کریم کے سیکھنے سکھانے کے لیے استعمال کیا۔ احقر نے بھی اس طریقے سے فائدہ اٹھایا اور مدارس میں پڑھائی جانے والی نحو وصرف اور ترجمہ وتفسیر، دونوں فنون کو اس طریقے کے مطابق آسان کرنے اور اس جدید طرزِ تدریس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے از اول تا آخر اسے مدارس کے طرز پر ڈھال کر قدیم وجدید دونوں قسم کے طرزِ تعلیم کو جمع کرنے کی سعی کی۔ اس دوران ان دونوں حضرات کے کام کے علاوہ متعدد دوسرے کورسز کو بھی سامنے رکھا۔ تصور سے لے کر تعمیر تک کے مراحل کے دوران اس نصاب کی ترتیب وتدوین میں، مثالوں کے استخراج اور اجرا وتطبیق میں، جو محنت ہوئی ہے، اس کا اندازہ کورس کے تین مراحل (levlels) اور معاون کتاب (vocabulary book) کو دیکھنے سے ہی ہو سکتا ہے۔ اس دوران ان عزیز طلبہ نے میرا ساتھ دیا جو تخصص فی الافتاء والفقہ 1432ھ میں شریک تھے، بالخصوص (حروف تہجی کی ترتیب سے) حامد شیر، خلیق احمد، رشید احمد، ضیاء اللہ اور عمیر کرامت۔ یہ عاجز دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان حضرات کو بہترین اجر عنایت فرمائیں اور ان سے دین کا خوب خوب کام لیں۔

2- یکساں کارآمد:

اس کورس کی تیاری کے ساتھ اسے تجرباتی تدریسی مرحلے سے بھی بار بار گزارا گیا۔ ناظرہ، حفظ، حفاظ، درجہ اولیٰ کے طلبہ، فضلائے کرام اور اسکول وکالج کے بچوں، کالج کے نوجوانوں غرض مختلف سطحوں پر اسے آزمایا گیا، ساتھ ہی فضلائے کرام، ائمہ مساجد اور مدرسین حضرات کو اسے پڑھانے کی تربیت بھی دی جاتی رہی۔ ان دونوں طرح کے تجربات کے دوران سامنے آنے والی تجاویز اور مشوروں کی روشنی میں اس کا سانچہ وڈھانچہ ایسا رکھا گیا کہ یہ سب کے لیے یکساں کارآمد ہو۔ آپ کو تعجب ہوگا کہ الحمدللہ ثم الحمدللہ ایسا ہی ہوا۔ یہ بیک وقت چار مختلف سطح کے مبتدیوں کے لیے کارآمد ہے۔ تعلیمی نفسیات کی رو سے اس کی دوسری وجہ تو وہ ہے جو اگلے نمبر میں آرہی ہے۔ پہلی وجہ یہ رہی کہ یہ کورس دراصل ''صاف تختی'' یا ''مبتدی محض'' کے لیے تیار کیا گیا ہے، چاہے وہ بالغ ہو یا نابالغ، مدرسہ سے تعلق رکھتا ہو یا اسکول سے۔

قرآن شریف کی بارگاہ میں جو بھی خلوصِ نیت کے ساتھ حاضری دے، اللہ کی شان کہ قرآن کریم اسے محروم نہیں لوٹاتا۔ تجربہ شرط اور آزمائش تصدیق نامہ ہے۔ ان شاء اللہ!

3- تعلیمی نفسیات:

اس کورس کی تدوین اور تزئین میں ان تمام تعلیمی اصولوں کو مدنظر رکھا گیا ہے جو انسانی ذہن کو متوجہ کرتی اور اس میں کوئی چیز نقش کیے جانے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ مثلاً کسی چیز کو ایک مرتبہ پڑھنے کے دوران چھ مرتبہ پڑھنا (اس کا مطلب شیخوپوری صاحب کے مضمون میں آرہا ہے) تمام حواس اور پورے وجود کا استعمال، آسان تعبیرات اور صرف اور صرف قرآنی مثالیں، رنگوں، شکلوں اور ذہن میں بجلیاں چمکانے والے مختلف اور متنوع ذرائع کا بھرپور استعمال، فن شماریات سے استفادہ، ہر سبق کے شروع میں پچھلے سبق کا اعادہ اور ہر سبق کے آخر میں اس کا مختلف صورتوں میں اجراء، ہر سبق کے بعد خود تشخیصی جائزہ اور ہر مرحلے (levle) کے اختتام پر خود تشخیصی امتحان، وغیرہ وغیرہ۔

4- قواعد و ذخیرۂ الفاظ:

جیسا کہ کورس میں وضاحت کر دی گئی ہے۔ اس کے چار لیول ہیں۔ پہلے تین قواعد (صرف نحو: گرائمر) پر مشتمل ہیں۔ پہلے میں ابتدائی درجہ کی گرامر ہے، دوسرے میں متوسط درجے کی اور تیسرے میں نسبتاً اعلیٰ درجے کی۔ پہلے لیول کے اختتام پر نماز کا سبق اور دس سورتیں "تقطیعی ترجمہ" اور نظریہ ساز ہدایات کے ساتھ دی گئی ہیں۔ اگر کوئی پورا کورس نہ بھی پڑھے تو پہلا لیول اس انداز میں ترتیب دیا گیا ہے کہ کم از کم نماز کا سبق اور دس سورتیں تو بآسانی سمجھ لے اور زندگی بھر کے لیے تعلق مع اللہ کی کنجی ہاتھ آجائے اور نماز میں مناجات کا لطف آنے لگے۔ آپ دیکھیں گے کہ پہلے لیول کے اختتام پر ان شاء اللہ تمام بچے اور نمازی از خود ان کا ترجمہ و مفہوم سمجھ رہے ہوں گے۔ بس تربیت اور ذہن سازی کا کام رہ جائے گا جو مدرسین اور ائمہ حضرات بخوبی کر سکتے ہیں۔

چوتھا لیول "الفاظ القرآن"، یعنی ذخیرۂ الفاظ (وکیبلری) پر مشتمل ہے۔ یہ درحقیقت ایک مستقل کتاب یا "قاموس القرآن" ہے۔ اس میں 98 فیصد کے لگ بھگ قرآنی الفاظ (اسماء، افعال، حروف) بھی ہیں اور قرآنی مثالوں کے ذریعے پہلے تین لیول میں پڑھے گئے قواعد کے بھرپور اجرا کا اہتمام بھی ہے۔ اس طرح ان شاء اللہ امید کی جاسکتی ہے کہ یہ کورس کافی شافی حد تک جامع ہو گیا ہے۔ اس حوالے سے قارئین کی آرا اور تجاویز کا انتظار رہے گا۔

5- یارانِ نکتہ داں کے لیے:

اس کورس کو دو سطحوں پر تو بہت اہتمام اور توجہ سے شروع کر دینا چاہیے۔ اگر پہلی سطح پر محنت کی گئی تو آیندہ کوئی یہ نہ کہے گا کہ مدارسِ عربیہ میں عربی یا ترجمۂ قرآن کا ذوق و شوق نہیں پایا جاتا۔

دوسری سطح پر لگ کر کام کیا گیا تو یہ شکوہ آپ نہیں سنیں گے کہ علمائے کرام عوام کی تربیت کے لیے وقت نہیں دیتے۔ یہ کام اسکالروں، اینکر پرسنوں پر چھوڑ رکھا ہے۔ پہلی سطح مکاتب و مدارس میں حفظ و ناظرہ اور متوسطہ واولیٰ کی ہے۔ درسِ نظامی سے پہلے متوسطہ میں یا درجہ اولیٰ میں یہ کورس پڑھوا دیا جائے تو آگے کی دینی تعلیم کی مضبوط بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔ بلکہ متوسطہ سے بھی پہلے حفظ و ناظرہ میں یہ کورس زیادہ بہتر نتائج کی امید کے ساتھ کروایا جاسکتا ہے۔ 20 سے 25 بچوں پر مشتمل ناظرہ کی جماعت کے لیے دو گھنٹے قاعدہ و ناظرہ بہت ہیں۔ اس کے بعد ایک گھنٹہ قواعد اور ایک گھنٹہ الفاظ پڑھائے جائیں تو ناظرے کی سطح کے بچوں کو سال بھر میں اس کے تین لیول اعادے اور اجرا کے ساتھ پورے کروائے جاسکتے ہیں۔ حفظ میں بیس منٹ یومیہ کافی ہیں۔ ایک بچہ دو سے تین سال تو حفظ و گردان کے لیے لیتا ہے۔ اس طرح بآسانی تینوں لیول اتنے ہی وقت میں مکمل کرسکتا ہے۔ پورے پاکستان میں کوئی شخص دیندار ہو یا دنیادار، اپنے بچوں کو قرآن شریف تو پڑھواتا ہی ہے، اگر اس دوران اسے قرآن کے مبارک الفاظ کے ساتھ متبرک معنی بھی پڑھا دیا جائے تو تصور کیا جاسکتا ہے کہ کیا کچھ فوائد و برکات حاصل ہوسکتے ہیں؟ یہ بچہ آگے چل کر زندگی کے جس شعبے میں جائے، لیکن وہ مسجد و مکتب کا تربیت یافتہ اور مولوی صاحب کا فیض یافتہ شاگردِ رشید ہوگا۔ فتنوں کی ہوائیں اس کے ایمان و نظریات کو بگاڑ سکیں گی، نہ گمراہیوں کی آندھیاں اس کے قدم ہلا سکیں گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

دوسری سطح مساجد میں قرآنی حلقے قائم کرنے اور اس میں قرآن کریم کے الفاظ کی تصحیح کے ساتھ معانی کی تفہیم کی ہے۔ مساجد میں اگر 20 منٹ یومیہ کی بنیاد پر اسے شروع کیا جائے اور چار مہینے میں ایک لیول مکمل کیا جائے تو بآسانی سال بھر میں قرآن کریم کا ترجمہ سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہوسکتی ہے۔ اس نصاب کو فہم دین کورس اور سمر کیمپ کا جز بھی بنایا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ رمضان المبارک کی چاند رات کو کورس کا تعارف کرایا جائے جو شروع میں دیا گیا ہے اور پہلی تراویح کے بعد ''بسم اللہ'' کر کے پہلا لیول شروع کر دیا جائے۔ اگلے سال 15 شعبان تک اللہ نے چاہا تو بآسانی تینوں لیول مکمل ہوسکتے ہیں۔ اس طرح ہر سال یک سالہ کورس جاری رکھا جائے۔ کچھ عرصے میں پورے محلے کا ماحول تبدیل ہوسکتا ہے۔ قرآن شریف کی آیت دہراتے وقت تجوید کی صحت اور ترجمہ سمجھاتے وقت دینی ذہن سازی کا بھی خیال رکھا جائے۔ اس طرح ''ایک پنتھ دو کاج'' ہوسکتے ہیں۔ صدا لگانا فقیروں کا کام ہے۔ بات کو سمجھ کر لینا یارانِ نکتہ داں کا فرض ہے۔

والسلام

شاہ منصور

یوم الترویۃ: ۱۴۳۲ھ

یادگار تقریب اور منفرد کورس

(مولانا محمد اسلم شیخوپوری صاحب)

ظہرانے کا وقت تھا جب یہ ناچیز بہادر آباد میں واقع گل بہار لان پہنچا۔ یہاں تقریباً پانچ سو علماء، ائمہ مساجد اور مدرسین جمع تھے۔ ان میں سے بعض اندرونِ سندھ سے آئے تھے اور بعض کا تعلق کراچی کی مختلف مساجد اور مدارس سے تھا۔ ان میں نوجوان بھی تھے اور سفید ریش بزرگ بھی۔ یہ سب سیکھنے کے لیے آئے تھے۔ انہیں بتایا جا رہا تھا کہ ناظرہ اور حفظ کے بچوں، بالغ نمازیوں اور اسکول کالج کے نوجوانوں کو کس طرح چند ہی ماہ میں قرآنی عربی سکھائی جا سکتی ہے؟ جس کے سیکھنے کے بعد وہ نماز کے اذکار، مسنون دُعاؤں اور قرآن کریم سمجھ کر پڑھنے کا ابتدائی مرحلہ طے کر سکتے ہیں۔ صرف لیکچر ہی نہیں دیا جا رہا تھا، بلکہ پانچ سال سے 12 سال کی عمر تک کے بچے ان کے سامنے پیش بھی کیے جا رہے تھے جو عربی گرامر کے بنیادی قواعد از بر کر چکے تھے اور اب پورے قرآن سے امتحان دینے کے لیے تیار تھے۔

ان میں سے دو بچوں نے خاص طور پر اپنی مہارت سے پورے مجمعے کو حیرت زدہ کر دیا۔ ان بچوں کی عمر جو کہ آپس میں چچازاد بھائی تھے، بالترتیب پانچ اور چھ سال تھی اور یہ اپنی مادری زبان بلوچی کے علاوہ کوئی دوسری زبان نہیں سمجھتے تھے، مگر قرآن کریم کا کوئی بھی لفظ دیا جائے تو اس سے ماضی، مضارع، امر، نہی، اسم فاعل اور اسم مفعول کی گردانیں فر فر سنا سکتے تھے اور واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث کے صیغوں کی نشاندہی مخصوص اشاروں سے کرنے کی قدرت رکھتے تھے۔ بعض قارئین کے لیے ''اشاروں کے ذریعے صیغوں کی نشاندہی'' والا معاملہ بظاہر بڑا عجیب ہوگا، مگر جن حضرات نے اس کا عملی مظاہرہ دیکھا ہے وہ اس کی افادیت کے دل و جان سے قائل ہو چکے ہیں۔

اس کورس کو سیکھنے کے لیے چھ ذرائع استعمال کیے جاتے ہیں۔ یعنی بولنا، سننا، دیکھنا، سوچنا، اشارہ کرنا اور مل کر سیکھنا۔ ایک اشارہ پانچ باتوں کے لیے کافی ہو جاتا ہے۔ تعلیم و تدریس کے محققین بتاتے ہیں کہ کوئی بھی مضمون پڑھنے سے 25 فیصد، سننے سے 35 فیصد، دیکھنے سے 50 فیصد، سوچنے سے 60 فیصد، کرنے سے 75 فیصد اور مل کر کرنے سے 95 فیصد سبق یاد رہتا ہے جبکہ ہمارے ہاں یاد رہنے اور یاد کرنے کے سہل ترین طریقوں کو چھوڑ کر مشکل ترین طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔ یعنی ''رٹا''، جبکہ وہ دیرپا بھی نہیں ہوتا۔ کیوں نہ ہم فہمِ قرآن کے لیے ایسے آسان طریقوں کو رواج دیں جن پر عمل کرنے سے سال بھر کا کام مہینہ دو مہینہ میں ہو سکتا ہے۔ قرآنی عربی کا سیکھنا سکھانا تین وجہ سے آسان ہے۔

پہلی وجہ یہ ہے کہ قرآن کریم کے ہزاروں الفاظ کسی نہ کسی انداز میں اُردو میں پہلے سے استعمال ہوتے ہیں۔ معمولی توجہ سے ان کے معانی سمجھے جا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر سورۂ فاتحہ میں حمد، اللہ،

رب، عالم، رحمٰن، رحیم، مالک، یوم، دین، عبادت، استعانت، ہدایت، صراطِ مستقیم، انعام، غضب اور ضلالت، یہ سب الفاظ اُردو میں مستعمل ہیں اور حقیقی اُردو بولنے والے حضرات ان کے معانی سے خوب واقف ہیں۔ علاوہ ازیں ہر مسلمان سبحان اللہ، ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، معاذ اللہ، لاحول ولاقوۃ الا باللہ، استغفر اللہ اور الحمدللہ جیسے مبارک کلمات شب و روز استعمال کرتا ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ ہم ہر روز پانچ بار اذان اور اقامت سنتے، شب و روز مسنون دُعائیں پڑھتے اور پانچ نمازوں میں ایک گھنٹہ اپنے خالق و مالک سے عربی میں گفتگو کرتے ہیں۔ یوں عربی بول چال اور اس کے بنیادی ڈھانچے کو سمجھنے کی مشق ہوتی رہتی ہے، جس کا کسی نئی زبان کے سیکھنے اور سمجھنے میں بہت بڑا رول ہوتا ہے۔

تیسری وجہ ایمانی اور روحانی ہے۔ کسی بھی حقیقی مسلمان کو جو محبت قرآن اور صاحبِ قرآن صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے ہوسکتی ہے، وہ دنیا کی کسی دوسری زبان سے نہیں ہوسکتی۔ پھر جب اللہ کا کلام سمجھنے کے لیے یہ زبان سیکھی جائے گی تو اللہ کی مدد اور خصوصی رحمت ضرور شامل حال ہوگی۔ اس کو متعارف کرانے والے حضرات مختلف اعداد و شمار کے ذریعے ہر طالب علم کو یہ باور کرانے کی کوشش کرتے ہیں کہ تھوڑی سی توجہ اور وقت دے کر وہ قرآن کریم کو سمجھنے کے قابل ہوسکتے ہیں، جو اس کے حقوق میں سے ایسا حق ہے جس کا اپنی استعداد کے مطابق ادا کرنا، مسلمان پر لازم ہے۔ مثال کے طور پر وہ بتاتے ہیں کہ قرآن کریم کے کل الفاظ 78000 ہیں۔ مکررات حذف کرنے کے بعد اصل الفاظ 17000 رہ جاتے ہیں۔ گرامر کے چند آسان قواعد سیکھنے کے بعد 4500 الفاظ بچتے ہیں۔ ساڑھے چار ہزار کے قریب الفاظ سیکھ لینے کے بعد قرآن کریم کا ترجمہ سمجھنا آسان ہوجاتا ہے۔ آسان اور تیز رفتار طریقے سے عربی سکھانے والے اس کورس کا آغاز حیدر آباد دکن سے ہوا۔ اب تک یہ کورس مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سمیت دنیا کے کئی ملکوں اور شہروں میں پیش کیا جاچکا ہے اور کئی عالمی زبانوں میں اس کا ترجمہ ہوچکا ہے۔

انسان کی کاوش اور ایجاد کتنی ہی مفید اور جامع کیوں نہ ہو، اس میں کمی بیشی اور اصلاح کی گنجائش بہر حال ہوتی ہے۔ جامعۃ الرشید کے مایہ ناز استاد اور متعدد تخصصات کے موجد اور مجدد حضرت مفتی ابولبابہ صاحب نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر اس کو مفید سے مفید تر بنانے میں مہینہ بھر محنت کی اور اس میں ایسے اضافے کیے جن کی وجہ سے یہ کورس زیادہ جاندار بن جائے۔ مذکورہ تقریب اسی کورس کے تعارف کے سلسلے میں منعقد کی گئی تھی۔ یہ کورس اتنا آسان اور دلچسپ ہے کہ ناظرہ اور حفظ کے معصوم بچوں کو بھی بغیر کوئی اضافی بوجھ ڈالے پڑھایا جاسکتا ہے، جبکہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ مدارس میں ناظرہ کے جو کل وقتی بچے ہوتے ہیں، بسا اوقات وہ اپنا سارا دن ایک یا دو سطروں کو یاد کرنے میں لگا دیتے ہیں اور درجۂ حفظ کے بچے یکسانیت سے تنگ آکر بور ہونے لگتے ہیں۔ ان شاء اللہ یہ کورس نہ صرف ان کی بوریت دور کرے گا بلکہ ان میں نشاط پیدا کرکے ان کے وقت کو مزید کارآمد بنائے گا۔ ان بچوں میں ترجمۂ قرآن سمجھنے کی صلاحیت دیکھ کر ان نقادوں کے منہ بھی بند ہوجائیں گے، جو حفظِ قرآن پر طوطے کی طرح رٹا لگانے کی پھبتی کستے اور اسے معاذ اللہ وقت کا ضیاع قرار دیتے ہیں۔ مسجد کے عام نمازیوں کو بھی ترغیب دلا کر یہ کورس سیکھنے پر آمادہ کیا جاسکتا ہے۔ جب وہ یہ کورس پڑھ لیں تو پھر روزانہ کی بنیاد پر درسِ قرآن کا آغاز کردیا جائے جس کا انداز محض لیکچر اور تقریر کا نہ ہو بلکہ سبق کا اسلوب ہو، جس میں حاضرین کو ایک ایک لفظ کا معنیٰ بتایا جائے۔ یہ اسلوب ان کے

اندر ترجمۂ قرآن سمجھنے کی مہارت پیدا کرنے میں بڑا مؤثر ہوگا۔

ماہِ مبارک میں معتکف حضرات کو آمادہ کیا جاسکتا ہے کہ وہ روزانہ ایک گھنٹہ اس کورس کے لیے مخصوص کردیں۔ دس دنوں میں دس گھنٹے دینا کچھ بھی مشکل نہیں۔ اگر معلم نے اخلاص اور محبت کو اپنا شعار بنایا تو یہ دس گھنٹے اس کے تلامذہ میں بھی ایسا شوق اور طلب پیدا کردیں گے کہ وہ دس گھنٹے تو کیا قرآن کے لیے دس سال وقف کرنے میں بھی خوشی محسوس کریں گے۔ گرمیوں کی تعطیلات میں کالج، یونیورسٹیوں کے طلبہ وطالبات کے سمر کیمپ میں اس کورس کا اجرا حیرت انگیز فوائد دے سکتا ہے، غرضیکہ اسے حالات کے مطابق مختلف طبقات کے لیے مختلف انداز میں متعارف کرایا جاسکتا ہے۔ یہ کورس سی ڈی کی صورت میں بھی ہے اور عنقریب کتابی شکل میں بھی منظر عام پر آنے والا ہے، جس کا اعلان اخبار میں کردیا جائے گا۔ حضرت مفتی صاحب کا ارادہ ہے کہ شعبان کے مہینے میں ان شاء اللہ یہ کورس لاہور، کوئٹہ، سیالکوٹ وغیرہ ملک کے دیگر شہروں میں بھی کروائیں گے۔ خواہش مند حضرات اس نمبر پر رابطہ کرسکتے ہیں: 0322-2838867, 0301-3109989۔ علماء، خطبا اور مدرسین کو اس کی قدر کرنی چاہیے اور اپنی استطاعت کے مطابق اسے دنیا کے گوشے گوشے میں عام کرنا چاہیے، تاکہ قرآن کریم سے مسلمانوں کا ٹوٹا ہوا رشتہ دوبارہ بحال ہوجائے۔

تعارف کا تعارف

تمہید کی فہرست

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
قرآنی عربی ایک نظر میں	12	انسانی دماغ کی ساخت	26	سبق دہرانے کے چھ طریقے	31
کورس کی بنیادی خصوصیت	14	دماغ کی ورزش: گہری سانس	26	اجرا کا طریقہ	31
کورس کے مقاصد	16	انسان کو کتنا یاد رہتا ہے؟	27	اہم ترین	32
تعلمی نفسیات کے ماہرین کی ایک تحقیق	16	انسانی دماغ میں سیکھنے کی صلاحیت کا راز	27	چند ہدایات طلبہ کے لیے	32
حفظ القرآن کم سے کم وقت میں	16	ذہن میں بجلیاں کیسے چمکتی ہیں؟	28	قرآن شریف نازل کیے جانے کا مقصد	33
خوشخبری اور مبارکباد	17	سیکھنے کے 6 اہم طریقے	28	قرآن کریم سیکھنے کا مقصد	35
حافظ بچوں کے دو اہم مسائل	17	چند گذارشات اساتذہ کے لیے	28	قرآن کریم سیکھتے ہوئے احتیاط کی ضرورت	36
کورس کی منصوبہ بندی	17	کورس کی تدریس کے اصول	29	تفسیرِ قرآن میں گمراہی کے تین اسباب	36
تین اہم نکتے	20	تعلیم کے حوالے سے پانچ بنیادی اصول	29	قرآن شریف کا استاد کون؟	36
کورس کا بنیادی فلسفہ	22	لازمی پابندی کیجیے	29	قرآن کے نام پر گمراہی پھیلانے والا کون؟	37
اشاروں کا ثبوت قرآن وحدیث سے	22	ترجمہ یاد کروانے کی کامیاب تکنیک	29	یاد رکھنے کی دو باتیں	37
چار اہم نکاتِ تعلیم	24	سبق یاد کیسے رکھا جائے	31	ایک اہم وضاحت	38

لیول: I
قواعد القرآن (ابتدائی)

سبق	عنوان	صفحہ	سبق	عنوان	صفحہ
1	ضمائر منفصلہ	39	11	فعل مضارع	119
2	واحد، تثنیہ، جمع	45	12	فعل مضارع منفی	130
3	ضمائر متصلہ	52	13	فعلِ مضارع منفی خاص	153
4	چھ سمتیں ضمائر متصلہ کے ساتھ	58	14	فعلِ مجہول	153
5	مؤنث کی ضمیریں اور جمع	68	15	امر و نہی	163
6	چند الفاظ ضمائرِ مؤنثہ کے سا	75	16	اسم فاعل، اسم مفعول	175
7	سات حروفِ جر	83	17	اسمائے اشارہ	185
8	چھ خاص حروف	89	18	اسمائے موصولہ	195
9	فعل ماضی	98	19	چار مشہور ابواب	197
10	فعلِ ماضی حرفِ نفی کے ساتھ	110	20	چار بنیادی ابواب کا اعاد	207

اس کتاب میں ہر صفحے پر چار ''سلائیڈز'' دی گئی ہیں۔ انہیں دائیں سے بائیں پڑھا جائے۔

Q2	Q1
Q4	Q3

خود آزمائشی امتحان

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
اذان کے کلمات	219	الفاتحہ	238
وضوء کی دعائیں	221	آیت الکرسی	241
ثناء	226	الفیل	244
رکوع کی تسبیح	227	قریش	245
رکوع سے اٹھتے ہوئے	227	الماعون	245
سجدے کی تسبیح	228	الکوثر	246
تشہد	228	الکافرون	247
درود شریف	230	النصر	250
درود شریف کے بعد کی دعا	232	اللھب	252
دعاء قنوت	235	الاخلاص	253
تعوذ	237	الفلق	255
تسمیہ	237	الناس	257

فہرست

سبق	عنوان	صفحہ	سبق	عنوان	صفحہ
1	مکرر حرف والا فعل	5	11	باب افعال کی مزید دو مثالوں کی مشق	74-A
2	ہمزہ والا فعل	11	12	باب افعال کی مزید دو مثالوں کی مشق	85
3	کمزور حرف شروع میں: مثال	18	13	باب تفعیل	92
4	کمزور حرف درمیان میں: مزید مثالیں	28	14	بابِ تفعیل سے نَزَّلَ اور کَذَّبَ کی مشق	97
5	کمزور حرف درمیان میں: اجوف	36	15	باب مفاعلہ	103
6	کمزور حرف آخر میں: ناقص	42	16	باب تفعل	108
7	کمزور حرف آخر میں: مزید مثالیں	49	17	باب تفاعل	114
8	باب افعال	57	18	باب افتعال	119
9	باب افعال کی مزید دو مثالیں	64	19	باب انفعال	125
10	باب افعال کے مزید دو ابواب کی مشق	73	20	باب استفعال	132

لیول 3

سبق	عنوان	صفحہ	سبق	عنوان	صفحہ
1	مفرد مرکب، مرکب اضافی، مرکب توصیفی	4	11	ماضی قریب	64
2	جملہ اسمیہ، جملہ فعلیہ	14-A	12	ماضی استمراری	69
3	مذکر، مؤنث	14	13	فعل مضارع مستقبل	75
4	جمع سالم، جمع مکسر	19	14	فعل مضارع خفیف وثقیل	81
5	معرفہ، نکرہ	25	15	فعل لازم اور فعل متعدی	87
6	اسمِ مبالغہ، اسمِ تفضیل	31	16	افعالِ ناقصہ	93
7	اسمِ ظرف، اسمِ آلہ	38	17	افعالِ مقاربہ	101
8	مفعول کی چار اقسام	45	18	افعالِ مدح وذم	107
9	حال	55	19	افعالِ قلوب	112
10	تمیز	60	20	فعل رباعی	118

فہرست اسماء القرآن

پہلا باب_مختلف چیزوں کے نام							
اللہ تعالیٰ کے نام	9	بتوں کے نام	22	قرآنی متضاد و متقابل	46	مختلف انسانی گروہ	68
حضور ﷺ کے نام	10	گمراہ لوگ	24	قرآنی ضرب الامثال	48	معذور یا مریض افراد	70
انبیائے کرام علیہم السلام کے نام	11	رشتہ داروں کے نام	25	قرآنی دعائیں	51	شک اور شبہ	71
فرشتوں کے نام	14	جانوروں کے نام	28	دوسرا باب_انسان اور کائنات		نیند اور خواب	71
کعبہ شریف کے نام	15	قیامت کے نام	31	زندگی کے مختلف احوال	57	پیمائش اور وزن	72
قرآن شریف کے نام	16	جنت کے نام اور نعمتیں	33	انسانی کیفیات وصفات	59	حصے اور ٹکڑے	73
صحابہ کرام کی صفات	20	جہنم کے نام اور عذاب	35	انسانی اعضاء	61	راستہ اور کنارہ	75
مختلف شخصیات	21	دنیا کے عذاب	38	انسانی فطرت وطبعیت	66	گناہ کے مختلف الفاظ	77
		قرآنی تشبیہات	39	انسانی تعلقات	67	گناہ کے کام	78

کھانے پینے کی چیزیں	79	گھر، عمارت اور قلعہ	92	پوشیدہ، علانیہ	101	رنگ	114
پھل، سبزی اور اناج	81	چنگاری، شعلہ اور آگ	93	متفرق اشیا	102	روشنی	115
گھاس، پودے اور درخت	83	نشانی اور دلیل	94	**تیسرا باب_متفرقات**		آواز	116
پتھر، جواہرات و معدنیات	85	سفر اور سامانِ سفر	95	اسلحہ	107	کنواں	118
آسمان، ستارے اور سیارے	86	قانون و دستور	96	قلم و کاغذ	108	بوجھ	119
ہوا، بادل	87	جرم و سزا	98	لباس	108	تنگی	120
زمین اور سطحِ زمین	88	طاقت و قوت	99	برتن	110	گنتی	120
پہاڑی وادیاں اور دریا	89	شکل و صورت	100	وقت	111	کوڑا، گندگی اور نجاست	124
بستی، شہر اور مقامات	91	غربت و بھوک	100	جہات	113	متفرقات	125

فہرست افعال القرآن

ثلاثی مجرد

مجرد، صحیح	20
مجرد، مضاعف	155
مجرد، مہموز	156
مجرد، مثال	176
مجرد، اجوف	184
مجرد، ناقص	200

ثلاثی مجرد

مزید، صحیح	216
مزید، مضاعف	246
مزید، مہموز	260
مزید، مثال	270
مزید، اجوف	278
مزید، ناقص	296

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

حروف القرآن

حرفِ ندا	316	حروفِ قسم	331	حروفِ سوال	352
حرفِ تنبیہ	317	حروفِ تشبیہ	333	حروفِ استثناء	356
حرفِ ردع	318	حروفِ عطف	335	حروفِ تاکید	358
حرفِ غایت	319	حروفِ تعقیب	337	حروفِ تقریب	361
حرفِ ایجاب	320	حروفِ تشقیق	339	حروفِ ملکیت	363
حرفِ اضراب	320	حروفِ حصر	341	حروفِ تحضیض	365
چھ خاص حروف	322	حروفِ شرط	345		
حروفِ جر	326	حروفِ نفی	348		

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمہید و تعارف

تعارف کا تعارف

شمار	عنوان
1	قرآنی عربی کورس ایک نظر میں
2	کورس کی خصوصیت
3	کورس کے مقاصد
4	تعلیمی نفسیات کے ماہرین کی ایک مسلّمہ اور متفقہ تحقیق
5	حفظ القرآن... کم سے کم وقت میں
6	خوشخبری اور مبارکباد
7	حفظ کرنے والے بچوں کے دو اہم مسائل کا حل
8	کورس کی منصوبہ بندی
9	تین اہم نکتے

شمار	عنوان
10	کورس کا بنیادی فلسفہ
11	اشاروں کے ذریعے آسانی پیدا کیجیے
12	چار اہم نکاتِ تعلیم
13	انسانی دماغ کی ساخت
14	دماغ کی ورزش: گہری سانس
15	انسان کو کتنا یاد رہتا ہے؟
16	انسانی دماغ میں سیکھنے کی صلاحیت کا راز
17	ذہن میں بجلیاں کیسے چمکتی ہیں؟
18	سیکھنے کے 6 اہم طریقے

تعارف کا تعارف

شمار	عنوان
	چند گزارشات اساتذہ کے لیے
19	کورس کی تدریس کے اصول
20	تعلیم کے حوالے سے پانچ بنیادی اصول
21	لازمی پابندی کیجیے
22	ترجمہ یاد کروانے کی کامیاب تیکنیک
23	سبق یاد کیسے رکھا جائے؟
24	سبق دہرانے کے 6 طریقے
25	اجرا کا طریقہ
26	اہم ترین

سبق	عنوان
	چند ہدایات طلبہ کے لیے
27	قرآن شریف نازل کیے جانے کا مقصد
28	قرآنِ کریم سیکھنے کا مقصد
29	قرآنِ کریم سیکھتے ہوئے احتیاط کی ضرورت
30	تفسیرِ قرآن میں گمراہی کے تین اسباب
31	قرآن شریف کا استاد کون؟
32	قرآن کے نام پر گمراہی پھیلانے والا کون؟
33	یاد رکھنے کی دو باتیں
34	آخری نصیحت یا وصیت

قرآنی عربی: ایک نظر میں

لیول: 1	قرآنی قواعد (ابتدائی): Elementary
لیول: 2	قرآنی قواعد (ثانوی) Intermediate
لیول: 3	قرآنی قواعد (اعلیٰ): Advance
معاون کتاب	قرآنی الفاظ (قرآنی الفاظ کی انوکھی لغت)

قرآنی عربی کورس

لیول	اسباق	گھنٹے
3	60	120

یومیہ ایک گھنٹہ کی بنیاد پر

ہر لیول کی مدت:	2 مہینے
مکمل کورس کی مدت:	6 مہینے

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

کورس کی تدریس کے چار طریقے

کسی آلہ کی مدد کے بغیر



کتاب کی مدد سے

بورڈ کی مدد سے

پروجیکٹر کی مدد سے

کورس کی تین کتابی شکلیں

بنیادی کتاب (رنگین وسادہ)
Master book

جیبی کتاب (خلاصہ)
Key book

معاون (لُغتی) کتاب
Vocabulary book

یہ کورس پڑھایا جاسکتا ہے

مسجد میں — عوام الناس، دراساتِ دینیہ

مدرسہ میں — ناظرہ، حفظ، دراسات، متوسطہ اور اولی

اسکول، کالج میں — اسلامیات کے طلبہ

سمر کیمپ یا رمضان المبارک میں — شرکائے فہم دین کورس

مدرسۃ البنات اور گھروں میں — طالبات اور خواتین

نظمِ تدریس

ناظرہ، دراسات	ایک گھنٹہ یومیہ
حفظ	20 سے 30 منٹ: صبح 11 بجے، قبل عصر، بعد عشاء
اسکول کالج	اسلامیات کے گھنٹہ میں، اسمبلی کے دوران، سمر کیمپ
عامۃ المسلمین	روزانہ 30 منٹ، اتوار کو دو گھنٹے، بعد تراویح

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

تعارف

خصوصیت، مقاصد، بنیادی فلسفہ، مدت

اساتذہ اور طلبہ کے لیے ہدایات

کورس کی بنیادی خصوصیت

سیکھنے کے 6 ذرائع کا بیک وقت استعمال

زبان	کان	آنکھ	دماغ	ہاتھ		پورا جسم
بولنا	سننا	دیکھنا	سوچنا	اشارہ کرنا	اور	مل کر سیکھنا

پورے حواس اور پورے وجود کا استعمال کرتے ہوئے

آسانی اور تیز رفتاری سے سیکھیے

کورس کی امتیازی خصوصیت

ہر سطح کے طالبعلم کے لیے مفید

ناظرہ، حفظ، متوسطہ، اوُلیٰ

اسکول، کالج، اعلیٰ تعلیم یافتہ

ہر حیثیت کے طالبعلم کے لیے کارآمد

شہری، دیہاتی، غریب و مالدار

اشارہ، کتاب، بورڈ، پروجیکٹر

کورس کی منفرد خصوصیت

دو متوازی مقاصد کا بیک وقت حصول: دو اجتماعی مسائل کا اکٹھے حل

"قرآنی عربی کورس" تعلیم و تدریس کی دونوں شکلوں میں

سبق

اصل ہدف تعلیم و تعلم، تربیت ضمن میں

مدارس میں بطورِ سبق

مضبوط تعلیمی استعداد کی بنیاد

درس

اصل ہدف اصلاح و تربیت، معلومات ضمن میں

مساجد میں بطورِ درس

علماء اور عوام کی دوریاں ختم

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

کورس کی کامیابی کا اصل راز

بیک وقت دو زبانوں کا استعمال: دماغ تک دہری رفتار سے پہنچایا گیا پیغام

آواز والی زبان | اشاروں والی زبان

عربی میں آٹھ صیغے اور آٹھ گردانیں ہوتی ہیں

آٹھ صیغوں کے لیے آٹھ اشارے | آٹھ گردانوں کے لیے آٹھ اشارے

قرآن شریف کے نصف سے زیادہ الفاظ اشاروں کی فطری اور طبعی زبان میں

آٹھ گردانیں | آٹھ صیغے | آٹھ اشارے

آٹھ صیغے

واحد، تثنیہ، جمع | مذکر، مؤنث | غائب، حاضر، متکلم

آٹھ گردانیں

ماضی، مضارع | امر، نہی | فاعل، مفعول | منفی، مجہول

آٹھ اشارے

اگلے صفحے پر اور لیول ا کے پہلے سبق میں دیے گئے ہیں

آٹھ صیغوں کے اشارے

مذکر	مؤنث

واحد	تثنیہ	جمع

غائب	حاضر	متکلم

آٹھ گردانوں کے اشارے

ماضی	مضارع
ہاتھ سیدھا کھول کر 90 درجے کا زاویہ	ہاتھ اوپر اٹھا کر 45 درجے کا زاویہ
امر	**نہی**
ہاتھ سینے کے سامنے اوپر سے نیچے	ہاتھ سینے کے سامنے بائیں سے دائیں
اسمِ فاعل	**اسمِ مفعول**
کسی چیز کے نازل ہونے کا اشارہ	کسی چیز کے کھلنے یا گننے کا اشارہ
منفی	**مجہول**
کسی چیز کے نہ ہونے کا اشارہ	کسی چیز کے الٹنے کا اشارہ

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

آٹھ گردانوں کے اشارے

ماضی	مضارع
امر	**نہی**
ہاتھ سینے کے سامنے اوپر سے نیچے	ہاتھ سینے کے سامنے بائیں سے دائیں
اسمِ فاعل	**اسمِ مفعول**

کورس کے مقاصد

- قرآن کریم سمجھنا آسان ہو جائے۔
- قرآن کریم سمجھ کر تلاوت کرنا اور حفظ کرنا آسان ہو جائے۔
- قرآن کریم پر عمل کرنا آسان ہو جائے۔
- قرآن کریم پر عمل کی دعوت دینا آسان ہو جائے۔
- ہمیں قبر اور حشر میں قرآن کریم کی شفاعت نصیب ہو جائے۔

تعلیمی نفسیات کے ماہرین کی ایک مسلّمہ اور متفقہ تحقیق

جس طرح — اردو ترجمہ آجائے تو قرآن پاک سمجھنا آسان ہو جاتا ہے

اسی طرح — عربی ترجمہ آجائے تو قرآن پاک یاد کرنا آسان ہو جاتا ہے

- جدید طرز پر، آسان اور تیز رفتار طریقے سے قرآنی عربی سیکھیے۔
- تیز رفتار اور پختہ یادداشت کے ساتھ قرآن پاک حفظ کیجیے۔

صاحبِ قرآن مومن کا کردار اپنائیے۔ دینی تعلیم کی بہترین استعداد کی بنیاد رکھیے۔

حفظ القرآن... کم سے کم وقت میں

آپ روزِ قیامت شفاعت کے حصول کے لیے اپنے بچے کو حافظ بنانا چاہتے ہیں؟

آپ جاپانی شاعری کی تین مصرعوں پر مشتمل ایک صنف

''ہائیکو'' جلدی یاد کر سکتے ہیں یا اردو زبان کی ایک پوری نظم؟

قرآنی عربی	20 سے 30 منٹ یومیہ (کم سے کم)
حفظِ قرآن	کم سے کم وقت، پختہ یادداشت اور ترجمے کے ساتھ

قرآنِ کریم کا حفظ اور ترجمہ ساتھ ساتھ: ایک قابلِ فخر اور منفرد اعزاز

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

حفظ کرنے والے بچوں کے دو اہم مسائل کا حل

قرآن کریم جلد سے جلد کیسے حفظ کیا جائے؟

قرآن کریم حفظ کر لینے کے بعد یاد کیسے رکھا جائے؟

جو چیز آدھی سے زیادہ پہلے سے یاد ہو، اس کو مکمل یاد کرنے میں کیا مشکل؟

قرآنی عربی کے ذریعے



قرآنِ کریم حفظ کرنا آسان

حفظ کیے ہوئے کو پختہ رکھنا آسان

خوشخبری اور مبارکباد

قرآن شریف میں تقریباً 78,000 الفاظ ہیں جو اصل میں 17,000 ہیں

1 لفظ سمجھ لینے سے 40 الفاظ کا سمجھنا اور یاد کرنا ممکن

4,500 الفاظ سمجھ لینے سے 17,000 الفاظ کا سمجھنا اور یاد کرنا آسان

17,000 الفاظ سمجھ لینے سے 78,000 قرآنی الفاظ سمجھنا اور یاد کرنا انتہائی آسان

قرآنی عربی ← حفظِ قرآن ← دینی تعلیم آسان ← عمل بالقرآن ← دعوتِ قرآن

شفاعتِ قرآن

"قرآنی عربی" پڑھا ہوا بچہ قرآن پاک جلد حفظ کر لیتا ہے اور اسے متشابہات بھی نہیں لگتے

کورس کا پلان

اگر ہم پلان بنانے میں ناکام ہوں تو ناکامی کا پلان بنا رہے ہیں!

If we fail to plan, we plan to fail.

لہٰذا پہلے جانیے:

- قرآن کریم میں کتنے الفاظ ہیں؟
- ہر لیول میں ہم کتنے الفاظ سیکھ لیں گے؟
- قرآن شریف کے تمام الفاظ سیکھنے میں کتنے دن لگیں گے؟

ہمارے اسلاف کی ایک علمی کرامت

- حافظی مدنی مصحف کے صفحات: 600
- سطور (ہر صفحہ پر): 15
- الفاظ (ہر سطر میں اوسطاً): 9
- کل الفاظ 600 x 130 (تقریباً) **78,000**
- علامہ سیوطی (الاتقان: 1/197) کے مطابق: **77,934**

صدیوں پہلے نتیجہ درست ترین تھا. فرق صرف خاموش اور بولتے الفاظ کا ہے.

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

حافظی مدنی مصحف کے

- کل الفاظ (تقریبا): 130 x 600 — 78,000
- اصل الفاظ: — 17,000
- صرف کے قواعد سیکھنے کے بعد: — 4,500

ایک مادہ مختلف ابواب سے متعدد صیغوں میں آیا ہے۔ مثلاً:

عَلِمَ، يَعْلَمُ، عَالِمٌ، عَلَّامٌ، مَعْلُوْمٌ

اَعْلَمُ، عَلَّمَ، يُعَلِّمُ، مُعَلِّمٌ، مُتَعَلِّمٌ

قرآنی عربی: قرآن کریم کی کنجی

- کل الفاظ (تقریبا): 130 x 600 — 78,000
- اصل الفاظ: — 17,000
- صرف کے قواعد سیکھنے کے بعد: — 4,500
- لیول I میں شمار کر کے پڑھے جانے والے الفاظ: — 28,245
- لیول I میں بغیر شمار کیے پڑھے جانے والے الفاظ: — شمار مشکل ہے
- لیول I کے بعد سمجھ میں آنے والے الفاظ (تقریبا): — 40,000

کوزے میں دریا

- کل الفاظ (تقریبا): 130 x 600 — 78,000
- اصل الفاظ (تقریبا): — 17,000
- صرف کے قواعد سیکھنے کے بعد: — 4,500
- 1 فعل (verb) سیکھ لینے سے سیکھے جاسکتے ہیں: — پہلے 40 پھر 96
- 1 ضمیر (pronoun) سیکھ لینے سے سیکھی جاسکتی ہیں: — 70 ضمیریں
- 4,500 الفاظ سیکھ لینے سے آسان ہو جاتے ہیں: — 17,000
- 17,000 الفاظ سیکھ لینے سے خود بخود آجاتے ہیں: — 78,000

خزانے کا سُراغ

"قرآنی عربی" کے ذریعے 1 ضمیر (pronoun) سیکھنے سے 70 ضمائر سیکھی جاسکتی ہیں

عربی میں ضمائر کی پانچ اقسام اور 70 ضمیریں

"قرآنی عربی" کا 1 فعل (verb) سیکھ لینے سے 40 افعال سیکھے جاسکتے ہیں

6 گردانیں	ماضی، مضارع	امر، نہی	اسم فاعل، اسم مفعول
56 صیغے	16+16	6+6	6+6

پہلی گردان کے 16 صیغے سیکھ لینے سے بقیہ 5 گردانوں کے 40 صیغے آسانی سے آجاتے ہیں

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

سونے کی اینٹیں: سانچے کی یکسانیت

- " قرآنی عربی" کے ذریعے 32 معروف افعال (Active voice) سیکھنے سے 32 مجہول افعال (passive voice) سیکھے جاسکتے ہیں.
- " قرآنی عربی" کے ذریعے 32 مثبت افعال (positive verbs) سیکھنے سے 32 منفی افعال (negative verbs) سیکھے جاسکتے ہیں.
- " قرآنی عربی" کے ذریعے 32 عام منفی افعال سیکھنے سے مزید 32 خاص* منفی افعال سیکھے جاسکتے ہیں.

* نفی کی دو قسمیں ہیں. نفی عام (مَا اور لَا کے ساتھ) نفی خاص (لَم اور لَن کے ساتھ)



60 اسباق اور 3 لیول پر مشتمل کورس کی مدت

- ہر لیول کے کل اسباق: 20
- ہر سبق کے لیے درکار گھنٹے یا لیکچر (اوسطاً): 2
- ہر لیول کے لیے درکار گھنٹے یا لیکچرز: 40
- مکمل کورس کے لیے درکار گھنٹے یا لیکچرز: 120

گویا 1 گھنٹہ روزانہ کی بنیاد پر، تقریباً 6 ماہ میں، 120 لیکچر کے ذریعے آپ قرآن مجید سمجھنے کی کرشمہ نما صلاحیت حاصل کر سکتے ہیں

نماز اور خطبہ عربی زبان ہی میں کیوں؟

کیا ہمیں ایسی چیز کا پابند کیا گیا ہے جو ہمارے بس میں نہیں؟؟؟

قرآن شریف اور قرآنی عربی سیکھنا انتہائی آسان ہے اس لیے کہ . . . . .

تین اہم نکتے

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

نکتہ (1)

کسی اور زبان کے مقابلے میں

عربی سیکھنا زیادہ آسان ہے

کیونکہ

انسانی دماغ اس کے ساتھ فطری مناسبت رکھتا ہے

دنیا میں سب سے آسان عربی زبان: سائنسی تحقیق

عربی زبان کو جلد سیکھنا آسان ہو گیا

لندن: سائنسدانوں کی ایک ٹیم نے عربی زبان سیکھنے میں پیش آنے والی مشکلات کا معمہ حل کر لیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جامعہ حیفہ کے ماہرین نے بتایا کہ عام طور پر جب نئی زبان سیکھی جاتی ہے تو دماغ کے دونوں حصے استعمال ہوتے ہیں لیکن عربی سیکھنے کے لیے ایسا کرنا محنت ضائع کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عربی حروف کو سمجھنے کے لیے دماغ کا صرف بایاں حصہ کام آتا ہے کیونکہ یہ حصہ اشیا کی تفصیل کو باریکی سے سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ اس تحقیق میں چالیس لوگ شامل تھے۔ ماہرین نے کہا ہے عربی زبان سیکھنے کے لیے مختلف حروف کو پہچاننے اور ایک دوسرے فرق کرنے کا عمل بظاہر دوسری زبانوں سے مختلف ہے اور اس میں نکتوں کو سمجھنے جیسی باریک باتوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ تحقیق میں شامل چالیس افراد میں سے کچھ طلبا صرف عبرانی زبان سے واقف تھے جبکہ کچھ عربی زبان بھی بول اور پڑھ سکتے تھے۔ ماہرین نے سکرین پر ایک سیکنڈ کے دسویں حصے کے لیے ان لوگوں کو ان زبانوں کے حروف دکھائے۔ یہ حروف سکرین کے مختلف حصوں پر نمودار ہوتے تھے۔ ایسی صورتحال میں جب کوئی چیز سکرین کے ایک حصے پر تھوڑی دیر کے لیے دکھائی جائے دماغ کا ایک حصہ ہی اس تصویر کی تشریح کر سکتا ہے۔ تمام طالب علموں نے عبرانی زبان کے حروف کو باآسانی پہچان لیا اور اس سے پہلے انگریزی زبان کے ساتھ بھی یہی نتیجہ سامنے آیا تھا کیونکہ وہ واضح طور پر ایک دوسرے سے مختلف ہیں جبکہ عربی زبان کے حروف میں بہت باریک فرق ہوتا ہے۔ ماہرین نے کہا کہ اس تحقیق کے بعد انہیں سمجھنے میں مدد ملی کہ بچوں کو عربی سمجھنے میں آسانی کیوں محسوس ہوتی ہے۔ (ٹیٹ نیوز) 24-7-2011

نکتہ (2)

اردو جاننے والوں کے لیے

کسی اور زبان کے مقابلے میں

عربی سیکھنا زیادہ آسان ہے

کیونکہ اردو میں عربی کے الفاظ بکثرت استعمال ہوتے ہیں

سورۂ فاتحہ کے 26 (غیر مکرر) الفاظ میں 17 مشترک الفاظ

حمد، اللہ، رب، عالَم، رحمٰن، رحیم، مالک، یوم، دین، عبادت، استعانت

ہدایت، صراطِ مستقیم، انعام، غیر، غضب اور ضلالت

- غور کیا جائے تو تقریباً یہی حال بقیہ 113 سورتوں، 540 رکوع 6236 آیات کا ہے۔

اس کے علاوہ

سبحان اللہ، ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، معاذ اللہ، لاحول ولا قوۃ الا باللہ استغفر اللہ، للہ فی اللہ وغیرہ... الحمد للہ! شب و روز زبان زدِ عام ہیں

نکتہ (3)

پوری عربی زبان کے مقابلے میں
قرآنی عربی سیکھنا زیادہ آسان ہے
کیونکہ قرآنی عربی اور مکمل عربی سیکھنے میں
2 اہم فرق ہیں

فرق نمبر - 1

صرف سننے اور پڑھنے پر توجہ

		مکمل عربی	قرآنی عربی
لینا Reception	سننا	√	√
	پڑھنا	√	√
دینا Production	بولنا	√	X
	لکھنا	√	X

دماغ پر بوجھ کم، سیکھنے کی رفتار تیز

فرق نمبر 2: جاندار محرِّک اور مناسب ابتدا

- قرآنی عربی اذان اور نماز سے شروع ہوتی ہے
- قرآنی عربی سے ہمارا روز واسطہ پڑتا ہے، پیدائش سے لے کر موت تک
- ہر مسلمان مرد، عورت، بوڑھے، جوان، یہاں تک کہ بچوں کے لیے بھی جاندار محرِّک اور مناسب ترین ابتدا

کورس کی تدوین کے اصول و نکات

اپنائے گئے اصولِ تعلیم

- آسان سے مشکل اور قلیل سے کثیر کی طرف فطری و طبعی سفر
- ہر پچھلا سبق اگلے کی بنیاد، ہر اگلا سبق پچھلے سے مربوط
- پچھلے سبق کے اعادے اور نئے سبق کے اجرا کا التزام
- ہمہ گیری اور طوالت سے بچتے ہوئے فقط اہم کا انتخاب
- اصطلاحات اور تعریفات کے بیان میں تفصیل سے اجتناب
- مثالوں، مشقوں اور خود تشخیصی جائزوں کا انداز بدل بدل کر بھرپور اہتمام

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

سمعی وبصری ذرائع سے استفادہ

- بدلتے رنگوں اور بولتی علامتوں کا بھرپور استعمال
- فنِ شماریات سے استفادہ: استناد و ثقاہت، ترغیب و حوصلہ افزائی
- اشاروں کی مدد سے بیک وقت دو زبانوں سے استفادہ
- اجتماعیت کی برکت سے دلچسپی اور حاضر دماغی کا حصول
- تمام ذرائع کے استعمال سے تمام حواس اور پورا جسم کو متوجہ رکھنے میں کامیابی
- ہر سطح اور ہر حیثیت کے طالبعلم کے لیے امکان اور سہولت کی فراہمی

کورس کا بنیادی فلسفہ

سارے حواس اور پورے وجود کا استعمال

(گویائی، سماعت، بصارت، توجہ، حرکت اور اجتماعیت)

- یہ کوئی مذاق نہیں، یہ ایک پورا نظام ہے جس کے شواہد اور مثالیں کتاب وسنت سے ملتی ہیں۔
- ابھی سے اشاروں کی مشق کیجیے تاکہ بعد میں آسانی ہو۔

یہ مت کہیے کہ بعد میں سیکھ لوں گا

اشاروں کی زبان قرآن شریف میں

حضرت یحیٰ علیہ السلام

أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا رَمْزًا. (آل عمران: 41)

"یہ کہ آپ بات نہ کریں لوگوں سے تین دن مگر اشارہ سے۔"

حضرت مریم علیہا السلام

"فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ." (مریم: 29)

"تو اشارہ کیا اس (مریم علیہا السلام) نے اس (عیسیٰ علیہ السلام) کی طرف۔"

اشاروں کی زبان حدیث شریف میں

ایک انگلی سے اشارہ

- عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا فِي حَدِيثٍ طَوِيلٍ: أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "أَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ."

"اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ کیا شہادت والی انگلی سے۔"

(مسلم شریف، جلد اول، رقم الحدیث: 1338)

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

دو انگلیوں سے اشارہ

❑ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَذِهِ مِنْ هَذِهِ، أَوْ كَهَاتَيْنِ" حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور قیامت اس طرح قریب قریب بھیجے گئے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادت والی انگلی اور بیچ والی انگلی کو جوڑ کر دکھایا۔"

وعنه ایضا: "أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ فِي الْجَنَّةِ هَكَذَا." وَأَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى. حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح قریب قریب ہوں گے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادت والی انگلی اور بیچ والی انگلی سے اشارہ کیا۔"

(بخاری شریف، جلد ثانی، باب اللعان، رقم الحدیث:5301.5304)

دو انگلیوں سے اشارہ
(دونوں انگلیاں جوڑ کر)

❑ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِي حَدِيْثٍ طَوِيْلٍ:
"إِنَّ لَهُ لَأَجْرَيْنِ، وَجَمَعَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ."
"حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شہید کو دو اجر ملیں گے
اور
دونوں انگلیاں اکٹھی کر کے اشارہ کیا۔"

(بخاری شریف، جلد ثانی، باب غزوۃ خیبر، رقم الحدیث:4196)

پانچوں انگلیوں سے اشارہ

❑ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَقُوْلُ: "قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
"الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا." يَعْنِيْ ثَلَاثِيْنَ، ثُمَّ قَالَ: "وَهَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا."
"حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ مہینہ تیس کا بھی ہوتا ہے اور انتیس کا بھی۔"

(بخاری شریف، جلد ثانی، باب اللعان، رقم الحدیث:5302)

دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے اشارہ

❑ عَنْ أَبِيْ مُوْسَى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:
"إِنَّ الْمُؤْمِنَ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ، يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا." وَشَبَّكَ أَصَابِعَهُ.
"حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لیے دیوار کی طرح ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ کی انگلیوں کو ایک دوسرے میں ڈال کر دکھایا۔"

(بخاری شریف، جلد اول، باب تشبیک الأصابع فی المسجد وغیرہ، رقم الحدیث:481)

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

ہاتھ سے اشارہ

❑ قَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: "أَشَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيَّ: أَيْ خُذِ النِّصْفَ."

"حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آدھا قرض لے لو اور آدھا چھوڑ دو۔"

(صحیح البخاری، المجلد الثانی، باب الإشارة فی الطلاق والأمور، رقم الحدیث:5292)

❑ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا: "أَوْمَأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ: لَا حَرَجَ."

"حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کے اشارے سے فرمایا کہ کوئی حرج نہیں ہے۔"

(بخاری شریف، جلد اول، باب من أجاب الفتیا بإشارة الید والرأس، رقم الحدیث:84)

اشاروں کا کمال: دماغ پر زور دیے بغیر حفظِ قرآن بھی، فہمِ قرآن بھی

قرآنی الفاظ	تعداد	تحدیدی استعمالات	تقریبی استعمالات
ضمائر	70	گنے نہیں جاسکتے	گنے نہیں جاسکتے
افعال	1,007	19,508	20,000
اسمِ فاعل	6	گنے نہیں جاسکتے	گنے نہیں جاسکتے
اسمِ مفعول	6	گنے نہیں جاسکتے	گنے نہیں جاسکتے
اسمائے اشارہ	12	1,006	1,000
اسمائے موصولہ	6	1,467	1,500
مجموعہ	1,1 07	21,981	22,500

یعنی (ناقابلِ شمار الفاظ ملا کر) نصف سے زیادہ الفاظ سمجھاتے وقت بہت زیادہ آسانی

قرآنی اشاروں کے ذریعے انقلاب برپا کیجیے

آٹھ صیغوں اور آٹھ گردانوں کو اشارے کی زبان دے دیجیے.....

ایک اشارہ 6 باتوں کے لیے کافی. مثال:

درج ذیل صیغے میں چھ باتوں کو آپ ایک اشارے سے سمجھا سکتے ہیں

	صیغہ			گردان		
أَنْعَمْتَ	واحد	مذکر	حاضر	ماضی	مثبت	معروف

	صیغہ			گردان		
تُؤْمِنُوْنَ	جمع	مذکر	حاضر	مضارع	مثبت	معروف

چار اہم نکاتِ تعلیم

آپ سیکھ سکتے ہیں

- قرآن شریف سیکھنے کے لیے آپ کو دماغ لگانا پڑے گا!
- اور آپ کے پاس نہایت طاقتور دماغ موجود ہے!!!

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

نکتہ - 1	نکتہ - 2
➢ دماغ میں 1000 کروڑ خلیے ہوتے ہیں ➢ ہر خلیے کی 20,000 تک شاخیں ہوتی ہیں گویا بہت زیادہ گنجائش اور قوت ہے آپ کے پاس	➢ ہم بمشکل اپنا 5% تا 25% دماغ استعمال کرتے ہیں کیوں نہ خالی حصے کو قرآنِ کریم کے لیے وقف کر دیں!
نکتہ - 3	**نکتہ - 4**
➢ آپ 60 برس کے بھی ہو جائیں تو دماغ کے صرف 3% خلیے مرتے ہیں. ➢ بھول کیوں؟ یادداشت کے قواعد کا لحاظ نہ کرنے کی وجہ سے.	➢ سانس کی ورزش ضروری ۔ دماغ اور خلیوں کے لیے ➢ زیادہ ضروری، زیادہ عمر والوں کے لیے ➢ ورنہ خلیے مرنے لگیں گے. ➢ کیوں نہ قرآن کے لیے اپنے دماغ کو ریاضت کروائیں... اس سے بہتر مقصد اور کیا ہو سکتا ہے؟

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

انسانی دماغ کی ساخت

Logical
Analyzer
Technical
Mathematical
Problem
Solver

Organizational
Administrative
Conservative
Controlled
Planner

Artistic
Holistic
Imaginative
Synthesizer
Conceptualizer

Interpersonal
Emotional
Musical
Spiritual
Talker

دماغ کی ورزش: گہری سانس

- گہری سانس ذہنی اور جسمانی تھکن کو دور کرتی ہے
- خون کو صاف کرتی ہے
- تناؤ کو دور کرتی ہے
- ذہن کو آرام دیتی اور تازگی بخشتی ہے
- صاف اور گہری سوچ میں مدد دیتی ہے

گہری سانس لیجیے! دماغ کو فل چارج کیجیے!!!

سانس
↓
آکسیجن
↓
خون
↓
دماغ

سانس کی مشق

تر و تازہ دماغ، بہترین یادداشت

یہ کام خاص طور پر اس وقت کیجیے جب آپ کسی چیز کو یاد کرنا شروع کر رہے ہوں یا کسی چیز کو یاد کر رہے ہوں

سانس کی مشق کے اصول

کھلی ہوا — تازہ، کھلی اور وافر ہوا کے لیے کھڑکیاں کھول دیجیے
↓
خالی پیٹ — کھانا کھانے کے تین سے چار گھنٹے بعد
↓
سیدھی کمر — گردن اور ریڑھ کی ہڈی ایک سیدھ میں رکھیے
↓
ناک اور منہ — ناک سے سانس لیجیے اور کچھ دیر بعد منہ سے خارج کیجیے

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

سانس لینے کے بعد: پوری توجہ دیجیے

- آنکھوں کی (نظریں جما کر)
- کانوں کی (دل کے کان لگا کر)
- ہاتھوں کی (اشاروں سے)
- دماغ کی (کوئی اور سوچ نہ ہو)
- دل کی (بھرپور شوق اور محبت کے ساتھ)
- بدن کی (سب کے ساتھ مل کر)

انسان کو کتنا یاد رہتا ہے؟

- ✓ 25% جو ہم پڑھتے ہیں
- ✓ 35% جو ہم سنتے ہیں
- ✓ 50% جو ہم دیکھتے ہیں
- ✓ 60% جو ہم سوچتے ہیں
- ✓ 75% جو ہم کرتے ہیں
- ✓ 95% جو ہم مل کر کرتے ہیں

انسانی دماغ میں سیکھنے کی صلاحیت کا راز

بجلیاں اور تکرار

تاکہ سبق "مستقل حافظہ" (پرمننٹ میموری) میں

نقش ہو جائے

ذہن میں جتنی بجلیاں آپ چمکائیں گے ... اتنا ہی

- جلدی یاد ہو گا
- دیر تک یاد رہے گا
- جلدی یاد آئے گا



اجتماعی اشاروں کا یہ خاص فائدہ ہے...

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

ذہن میں بجلیاں کیسے چمکتی ہیں؟

سیکھنے کے 5 اہم طریقے ہیں۔ اگر انہیں اجتماعی طور پر اپنایا جائے تو چھٹا طریقہ خود بخود وجود میں آجاتا ہے

1-سن کر ← آواز کان میں پڑنے سے
2-دیکھ کر ← حروف، نقوش، رنگ اور متحرک کو دیکھ کر
3-بول کر ← اپنی یا دوسروں کی آواز سننے سے
4-حرکت سے ← اشارہ کر کے
5-سوچ کر ← توجہ اور دھیان کے ساتھ
6-مل کر ← ساتھیوں کے ساتھ یک آواز ہو کر

سیکھنے کے 6 اہم طریقے



یاد رکھنے کی بات

ہمارے ذہن کی قابلیت بہت زیادہ ہے، لیکن ہم اسے کام میں نہیں لاتے، لہٰذا:

- گہری سانس لیا کیجیے۔
- اشاروں کے ذریعے زیادہ سے زیادہ بجلیاں چمکائیے۔
- محبت اور شوق کے ساتھ سیکھیے۔

95% یاد رہے گا اگر: ہم مل کر پڑھیں، دیکھیں، سنیں، سوچیں اور اشارہ کریں

چند گزارشات

اساتذہ کے لیے

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

کورس کی تدریس کے اصول

تعلیم وتربیت ساتھ ساتھ

نمبر شمار	اُصولِ تعلیم	اُصولِ تربیت
1	اجتماعی آواز اور اشارہ	ذہن سازی
2	اعادہ اور اجرا	کردار سازی
3	تجوید کی مشق	قرآن پر عمل
4	مشترک الفاظ کے حوالے سے "اشتقاقی ترجمہ"	اتباعِ شریعت وسنت
5	الفاظ کی قرآنی ترتیب کے مطابق "تقطیعی ترجمہ"	قرآن کی دعوت

تعلیم کے حوالے سے پانچ بنیادی اصول

1. اجتماعی آواز اور اشارے کا بھرپور استعمال کیجیے۔
2. سبق سے پہلے اعادہ اور سبق کے بعد اجرا نہ بھولیے۔
3. آیات اور دعاؤں کو تجوید کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کیجیے۔
4. اردو میں مستعمل مشترک الفاظ کا حوالہ دے کر "اشتقاقی ترجمہ" کیجیے:
5. ہر حرف اور لفظ کا ترجمہ قرآنی ترتیب کے مطابق الگ الگ (یعنی تقطیعی ترجمہ) کیجیے۔

لازمی پابندی کیجیے

- اصطلاحات اور ضمنی تفصیلات میں زیادہ نہ پڑیے۔ خصوصاً بچوں کو پڑھاتے وقت۔
- اشاروں کی پابندی کروایئے (کتاب وسنت کے حوالے سنا کر ذہن بنایئے)
- ہر سبق (آگے دیے گئے طریقے کے مطابق) چھ طریقوں سے کہلوایئے۔
- ہر طالب علم سے (اپنی جگہ یا جماعت کے سامنے کھڑے ہو کر) چھ میں سے کم از کم دو طریقوں سے اعادہ کروایئے۔
- اجرا میں قرآنی صیغہ اور اردو ترجمہ دونوں کی گردان کہلوایئے۔
- وقتاً فوقتاً، موقع محل کی مناسبت سے "قرآنی نظریہ وکردار" کو اجاگر کیجیے۔

ترجمہ یاد کروانے کی کامیاب تیکنیک

ترجمے کی دو اقسام اپنایئے

تقطیعی ترجمہ: ہر حرف اور لفظ کا الگ الگ

اشتقاقی ترجمہ: مشترک الفاظ کی مدد سے

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

کامیاب ترجمہ کی تکنیک: الگ الگ، ترتیب سے اور مشترک الفاظ کے ذریعے

حَیَّ	عَلَی	الصَّلٰوۃِ	حَیَّ	عَلَی	الْفَلَاحِ
آؤ	پر (طرف)	نماز	آؤ	پر (طرف)	کامیابی

فلاحِ انسانیت | فلاحِ آخرت | فلاحِ دارین

فلاح و بہبود | فلاحی خدمات | فلاح و ترقی

وَتَبَارَكَ	اسْمُكَ	وَتَعَالٰى	جَدُّكَ
اور برکت والا ہے	تیرا نام	اور بلند و بالا ہے	تیری بزرگی

اردو کے مشترک الفاظ

مبارک، برکت، تبرّک

عربی الفاظ کو "اشتقاقی ترجمے" کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کیا کیجیے

23

اردو استعمالات

عالی شان

جنابِ عالی

وَأَشْهَدُ	أَنَّ	مُحَمَّدًا	عَبْدُهٗ	وَرَسُوْلُهٗ
اور میں گواہی دیتا ہوں	کہ	محمد ﷺ	اس کے بندے	اور اس کے رسول ہیں
	263		126*	332*

تقطیعی ترجمہ

عَبْدُ	هٗ	وَ	رَسُوْلُ	هٗ
بندے	اس کے	اور	رسول	اس کے

عَبْدُ اللّٰهِ	اللہ کا بندہ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	اللہ کا رسول

وَتَبَارَكَ	اسْمُكَ	وَتَعَالٰى	جَدُّكَ
اور برکت والا ہے	تیرا نام	اور بلند و بالا ہے	تیری بزرگی

تقطیعی ترجمہ

اِسْمُ	كَ
نام	تیرا
جَدُّ	كَ
بزرگی	تیری

اشتقاقی ترجمہ

جدِّ امجد

آباء واجداد

جدّی پشتی

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

تعلیم وتربیت ساتھ ساتھ

سب سے اہم یہ کہ تعلیم کے ساتھ تربیت پر متوازی توجہ دی جائے

یعنی

قرآنِ کریم کو مع تجوید وترجمہ سیکھنے کے ساتھ ساتھ

ذہن سازی اور کردار سازی پر بھرپور توجہ دیجیے

تاکہ ''اتباعِ شریعت وسنت'' فطرتِ ثانیہ بن جائے

یاد کیسے کیا جائے؟

اعادہ اور اجرا

- آپ جو بھی یاد کریں، آپ بھول جائیں گے، اس لیے آپ کو اعادہ (دہرانے) کی ضرورت ہے.
- دہرانا بہت ضروری ہے. مگر دہرانے کے طریقے (اجرا اور مشق) کو جاننا اس سے زیادہ ضروری ہے.

کسی بھی لفظ یا صیغے کو دہرانے کے 6 طریقے ہیں. ان سے یاد بھی جلدی ہوتا ہے اور ترجمہ بھی خود بخود آجاتا ہے.

سبق دہرانے کے 6 طریقے

- سب مل کر اشارہ کے ساتھ گردان پڑھیں، پہلے عربی پھر اردو
- استاد جی اشارہ کریں اور طلبہ گردان پڑھیں، پہلے عربی پھر اردو

❖ استاد جی عربی میں گردان پڑھیں، طلبہ اردو میں

❖ استاد جی اردو میں گردان پڑھیں، طلبہ عربی میں

○ استاد جی صیغے بدل بدل کر عربی میں بولیں، طلبہ اردو میں

○ استاد جی صیغے بدل بدل کر اردو میں بولیں، طلبہ عربی میں

آخر میں طلبہ سے ان تمام طریقوں کے مطابق گردان پڑھوائی جائے.
اجتماعیت اور اشارہ تمام صورتوں میں بہر حال ضروری ہے.

اجرا کا طریقہ

- اجرا کے لیے دی گئی مثالوں میں آنے والے الفاظ تین قسم کے ہوں گے:

1. جو لفظ پڑھ لیا، اس کی گردان ہر حال میں طلبہ سے نکلوایئے. اشارے کی اجازت ہے.
2. جو لفظ نہیں پڑھا، اگر ممکن ہو، اس کا معنی ''اشتقاقی ترجمہ'' کی مدد سے نکلوایئے.
3. اگر اشتقاقی ترجمہ ممکن نہ ہو تو ''تقطیعی ترجمہ'' کہلوایئے.

- اگر طالب علم دو لفظوں کو ملا کر گردان نہ پڑھ سکے تو ہر لفظ کی الگ الگ ''تقطیعی گردان'' پڑھوایئے. جیسے: فَإِنَّهُ مِنِّيْ. پہلے إِنَّهُ الگ، مِنهُ الگ، پھر ملا کر. إِنَّهُ مِنهُ إِنَّهُ مِنهُمَا.....
- لیول I میں ثلاثی مزید یا رباعی کا صیغہ آجائے تو پریشان نہ ہوں. مجرد اور مزید کے پڑھنے کا طریقہ ملتا جلتا ہے.

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

اَجرا کے بعد اجرا

قرآن شریف سے عمومی اجرا: اجتماعیت اور مقابلہ کے ساتھ

- دی گئی آیت (کے ٹکڑے یا آیت) سے اجرا مکمل کر لینے کے بعد یومیہ سبق یا مختلف مقامات سے آیات نکال نکال کر مشق پکی کروایئے۔
- ہر طالب علم کو باری باری جماعت کے سامنے کھڑا کیجیے. سب اس سے مختلف آیات کے حوالے سے سوالات کریں اور وہ پڑھے گئے الفاظ کی گردان اور اس کا ترجمہ (دونوں) پڑھ کر سنائے۔
- طلبہ کی جماعتیں بنا کر قرآن شریف سے صیغے نکالنے کا مقابلہ کروایئے۔

آخری گزارش: اہم ترین

صرف عربی گردانیں پڑھوانا کافی نہیں، ترجمہ کی گردان بھی ضروری ہے.

صرف ترجمہ یاد کرانا کافی نہیں، ایمانی واخلاقی تربیت بھی ضروری ہے.

ہر سبق کے الفاظ اور آخر میں اجرا کے لیے دی گئی آیتوں پر غور کیجیے. نظریاتی تربیت و کردار سازی کے اشارات جھلملاتے نظر آئیں گے.

انہیں طلبہ کے دل و دماغ میں اتار کر، عمل و کردار کو اس کے مطابق ڈھالیے.

چند ہدایات
طلبہ کے لیے

استاد صاحب سے پڑھنے کے بعد تنہائی میں
خود سے غور کرنا بھی ضروری

ترے ضمیر پہ جب تک نہ ہو نزولِ کتاب
گرہ کشا ہے نہ رازی، نہ صاحبِ کشّاف

قرآن شریف نازل کیے جانے کا مقصد

كِتَابٌ	أَنْزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اس کو	آپ کی طرف	برکت والی ہے

لِّيَدَّبَّرُوا	آيَاتِهِ	وَلِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا	الْأَلْبَابِ.
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات میں	اور تاکہ نصیحت پکڑیں	والے	عقل

كِتَابٌ	أَنْزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اس کو	آپ کی طرف	برکت والی ہے

أَنْزَلْنَا + هُ

ہم نے اتارا — اس کو

إِلَى + كَ

طَرَف — آپ کے

263*

كِتَابٌ + كُتُبٌ

كِتَابٌ	أَنْزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اس کو	آپ کی طرف	برکت والی ہے

عربی الفاظ کو ''مشترک الفاظ'' کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کیا کیجیے

عِيدٌ مُبَارَكٌ

یہ عید آپ کے لیے برکت والی ہو

اردو کے مشترک الفاظ

مبارک
برکت
تبرّک

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

لِيَدَّبَّرُوْا	آيَاتِهِ
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات میں

لِ
تاکہ

يَدَّبَّرُوْا
وہ غور کریں

آيَةٌ
نشانی

آيَاتٌ
نشانیاں

382

نشانی: جو خود مبہم ہو، لیکن کسی خفیہ خزانے کا سُراغ دے

تجوید، دعا اور تصور کے ساتھ دہرائیں

لِيَدَّبَّرُوْا	آيَاتِهِ
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات پر

وَلِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا الْأَلْبَابِ
اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے

وَ	لِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا الْأَلْبَابِ
اور	تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے

وَ	لِ	يَتَذَكَّرَ	أُولُوا	الْأَلْبَابِ
اور	تاکہ	نصیحت پکڑیں	والے	عقل

43	أُولُوا	أُولِي	والے

لُبٌّ

أَلْبَابٌ

عقل: باندھانا، روکنا... یہ انسان کو نامناسب چیزوں سے روکتی ہے

عقل والے: جنہیں ان کی عقل اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے روک دے

تدبُّر: کیا اور کیسے؟

تدبر : غور کرنا

- اخبار پڑھنے کے لیے تدبر کی ضرورت نہیں.
- لیکن کیا آپ سائنس کی کتاب اسی طرح پڑھ سکتے ہیں؟
- غور اسی وقت کر سکے گا جب وہ سمجھے.

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

تذکّر: کیا اور کیسے؟

- تذکُّر: نصیحت حاصل کرنا...
- اپنی زندگی میں قرآن شریف کی باتوں پر عمل کرنا

تاکہ

دنیا میں فلاح اور آخرت میں نجات حاصل ہو

قرآنِ کریم سیکھنے کا مقصد

نصیحت حاصل کرنا

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ. (القمر: 17)

"بے شک آسان کر دیا ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے۔
پس ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟"

نصیحت حاصل کرنے کا مطلب

ایمان اور عملِ صالح پر آجانا

ایمان توکل کے درجے تک

"وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيمَانًا، وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ."

"اور جب اللہ تعالیٰ کی آیات کی تلاوت کی جاتی ہے تو یہ ان کے ایمان میں اضافہ کرتی ہیں اور وہ صرف اپنے پروردگار پر بھروسہ کرتے ہیں۔"

عملِ صالح جان و مال دونوں سے

"الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ." (2:8)

"یہ لوگ نماز قائم کرتے ہیں اور جو رزق ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔"

نصیحت حاصل کرنے کی علامت

دلوں کا نرم ہونا اور آخرت کی فکر پیدا ہونا

"اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِينُ جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ." (الزمر: 23)

"اللہ وہ ذات ہے جس نے بہترین کلام نازل فرمایا۔ ایک ایسی کتاب جس کے مضامین ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں، جس کی باتیں بار بار دہرائی گئی ہیں۔ وہ لوگ جن کے دلوں میں اللہ کا رعب ہے وہ اس سے کانپ اٹھتے ہیں پھر ان کے جسم اور ان کے دل نرم ہو کر اللہ کی یاد کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں۔"

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

قرآن کریم سیکھتے ہوئے احتیاط کرنے اور رائے زنی سے بچنے کی ضرورت

مَنْ	قَالَ	فِي الْقُرْآنِ	بِغَيْرِ عِلْمٍ
جس نے	کہا	قرآن کے بارے میں	بغیر علم کے

فَلْيَتَبَوَّأْ	مَقْعَدَهُ	مِنَ النَّارِ
پس وہ بنالے	اپنا ٹھکانہ	آگ میں

(ترمذی شریف، حدیث: 2950)

تفسیرِ قرآن میں گمراہی کے تین اسباب

- قرآن کریم کی تفسیر اپنی رائے سے کرنا
- قرآن کریم کو اپنے نظریات کے تابع بنانا
- قرآن کریم کو زمانے کے افکار کے تابع بنانا

گمراہی اور فتنوں سے بچنے کا طریقہ

- مستند علمائے کرام اور متبع سنت بزرگانِ دین کی صحبت
- ایسے لوگوں کی صحبت اور ان کے لیکچر سننے سے بچنا جو اوپر بیان کیے گئے گمراہی کے تین اسباب میں سے کسی ایک میں مبتلا ہوں

قرآن شریف کا استاد کون؟

جو مستند عالم دین ہو

اِنَّ	هٰذَا	الْعِلْمَ	دِيْنٌ
یقیناً	یہ	علم	دین ہے

فَانْظُرُوْا	عَمَّنْ	تَأْخُذُوْنَ	دِيْنَكُمْ.
پس دیکھ لو	کس سے	حاصل کرتے ہو	اپنا دین

(مقدمہ مسلم شریف: ج1 ص11، حدیث: 27)

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

مستند عالم کون؟

جس کے اساتذہ کا سلسلہ مستند واسطوں سے معلمِ قرآن صلی اللہ علیہ وسلم سے جاملتا ہے

اَلْإِسْنَادُ	مِنَ	الدِّيْنِ	وَ	لَوْلَا	اَلْإِسْنَادُ
سند	حصہ ہے	دین کا	اور	اگر نہ ہو	سند

لَقَالَ	مَنْ	شَآءَ	مَاشَآءَ
تو کہتا پھرے	جو بھی	چاہے	جو کچھ چاہے

(مقدمہ مسلم شریف: ج1ص12، حدیث: 33)

قرآن شریف کے نام پر گمراہی پھیلانے والا کون؟

جس کا سلسلۂ سند معلمِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ ملتا ہو

اس نے غیر مسلم ممالک کی یونیورسٹیوں میں غیر مسلم اساتذہ یا ان کے شاگردوں سے تعلیم حاصل کی ہو اور فہمِ قرآن کے نام پر نئی نئی باتیں گھڑ کر امت میں انتشار پھیلاتا اور عامۃ الناس کو ان کے دین کے محافظین یعنی مستند علمائے کرام سے بدظن کرتا ہو

حدیث شریف اگلے صفحے پر

يَكُوْنُ	فِيْ	آخِرِ	الزَّمَانِ	دَجَّالُوْنَ	كَذَّابُوْنَ
ہوں گے	میں	آخری	زمانے	بڑے بڑے دھوکے باز	بڑے بڑے جھوٹے

يَأْتُوْنَكُمْ	مِنَ	الْاَحَادِيْثِ	بِمَا	لَمْ تَسْمَعُوْا	اَنْتُمْ
تمہارے پاس لائیں گے	ایسی	باتیں	جو	نہ سنی ہوں گی	تم نے

وَلَا آبَائُكُمْ	فَإِيَّاكُمْ	وَإِيَّاهُمْ	لَا يُضِلُّوْنَكُمْ	وَلَا يَفْتِنُوْنَكُمْ
اور نہ تمہارے باپ دادا نے	بچ کر رہنا	ان سے	گمراہ نہ کریں تم کو	اور نہ فتنے میں ڈالیں

(مقدمہ مسلم شریف: ج1ص11، حدیث:17)

"یاد رکھنے کی دو باتیں"

قرآن کریم سیکھنا ہے تو

(1) دعا کیجیے

بار بار... اپنے لیے، پوری امت کے لیے

(2) ماحول بنائیے

سننے اور سنانے کا (ساتھیوں اور گھر والوں کو)

ایک اہم وضاحت

اعداد و شمار میں اختلاف ممکن ہے

اس کورس میں دیے گئے اعداد و شمار حتی الامکان احتیاط اور دِقّت کے ساتھ ترتیب دیے گئے ہیں۔ بعض وجوہات (مثلاً شمسی و قمری حروف کے فرق اور مشتق و جامد یا متصل و منفصل حروف کے شمار کرنے نہ کرنے یا دستیاب مآخذ و مراجع کے اختلاف) کی بنا پر تعداد میں فرق بھی ہو سکتا ہے۔
بشری استطاعت کی حد تک احتیاط کے باوجود اگر کسی لفظ کی تعداد کے حوالے سے کمی بیشی رہ جائے تو ایسی کسی اطلاع کا دلی شکریہ کے ساتھ خیر مقدم کیا جائے گا۔

آخری نصیحت یا وصیت

صرف عربی گردانیں پڑھنا کافی نہیں، ترجمہ کی گردان بھی ضروری ہے۔

صرف معنی یاد کر لینا کافی نہیں، اپنے کردار کو اس میں ڈھالنا بھی ضروری ہے۔

نئے الفاظ کا معنی یاد کیجیے، ترجمہ نکالیے اور قرآنی پیغام کو سمجھ کر اپنانے کی کوشش کیجیے

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
شَرِبَ	پینا	39	وَكُلُوا وَاشْرَبُوا وَلَا تُسْرِفُوا. (الاعراف:31)	اور کھاؤ اور پیو اور فضول ضائع نہ کرو
طَعِمَ	کھانا، چکنا	48	وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَإِنَّهُ مِنِّي. (البقرۃ:249)	جو نہیں چکھے گا اسے، یقیناً وہ مجھ سے ہوگا
عَجِبَ	تعجب کرنا	27	بَلْ عَجِبْتَ وَهُمْ يَسْخَرُونَ. (الصافات:12)	بلکہ تم تعجب کرتے ہو اور یہ ہنسی اڑاتے ہیں
عَجِلَ	جلدی کرنا	42	أَعَجِلْتُمْ أَمْرَ رَبِّكُمْ. (الاعراف:150)	کیا تم نے جلدی کی اپنے رب کے حکم کے بارے میں؟
فَرِحَ	خوش ہونا	22	وَفَرِحُوا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا. (الرعد:26)	یہ لوگ خوش ہیں دنیوی زندگی پر

تجوید کے ساتھ مل کر پڑھیے

چوتھا باب: فَتَحَ يَفْتَحُ (ف)

169

نئے الفاظ کا معنی یاد کیجیے، ترجمہ نکالیے اور قرآنی پیغام کو سمجھ کر اپنانے کی کوشش کیجیے

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
دَفَعَ	دھکیلنا، دینا	9	فَإِذَا دَفَعْتُمْ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ. (النساء:6)	پھر جب سونپو تم انہیں مال ان کے
بَخَسَ	کم تولنا	7	وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ. (الاعراف:85)	اور مت کم کرکے دو تم لوگوں کو چیزیں ان کی
جَحَدَ	دانستہ انکار کرنا	12	مَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا الْكَافِرُونَ. (العنکبوت:47)	نہیں انکار کرتے ہماری آیات کا مگر کافر لوگ ہی
جَمَعَ	جمع کرنا	122	يَوْمَ يَجْمَعُ اللَّهُ الرُّسُلَ. (المائدۃ:109)	جس دن جمع کرے گا اللہ رسولوں کو
قَطَعَ	کاٹنا	19	ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ. (الحاقۃ:46)	پھر ضرور ہم کاٹ دیتے اس کی شہ رگ

تجوید کے ساتھ مل کر پڑھیے

اساتذہ و طلبہ سے انتہائی اہم گزارش

صرف عربی گردانیں پڑھنا کافی نہیں، ترجمہ کی گردان بھی ضروری ہے۔

صرف ترجمہ یاد کرنا کافی نہیں، ایمانی و اخلاقی تربیت بھی ضروری ہے۔

ہر سبق کے الفاظ اور آخر میں اجرا کے لیے دی گئی آیتوں پر غور کیجیے۔ نظریاتی تربیت و کردار سازی کے اشارات جھلملاتے نظر آئیں گے۔

انہیں اپنے دل و دماغ میں اتار کر، عمل و کردار کو اس کے مطابق ڈھالیے۔

الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

20 نئے افعال سیکھے جو قرآنِ کریم میں 865 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

یاد رہے قرآن میں کل تقریباً **4,500** الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں



گھر کا کام

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

خود تشخیصی جائزہ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 1: ابتدائی قواعد

چار ابواب کا اعادہ

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 20

اس سبق میں

پچھلے اسباق کا اعادہ ضمیر کی ایک نئی قسم کے ساتھ

Revision

اعادے پر مشتمل آخری سبق

لیول 1 کا اختتام اس کے آغاز کی طرح

پوری توجہ، دھیان اور شوق سے سیکھیے

- سارے دماغ کا استعمال
- سارے حواس کا استعمال
- سارے وجود کا استعمال
- شیطان کو بیچ میں مت آنے دیجیے!

بنیاد میں کمزوری برداشت نہیں

ض	ضَرَبَ يَضْرِبُ
ن	نَصَرَ يَنْصُرُ
س	سَمِعَ يَسْمَعُ
ف	فَتَحَ يَفْتَحُ

ان چار بنیادی ابواب

اور

ان کے وزن پر آنے والے ابواب

کی پوری گردان پڑھنی ہے

پہلے بغیر ضمائر پھر ضمائر کے ساتھ

پہلے بغیر ترجمہ پھر ترجمے کے ساتھ

اعادہ

دو نئے قرآنی الفاظ

4+93

سوال	جواب
هَلْ	نَعَمْ
کیا؟	ہاں!

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

4+93 ضمیرِ مذکر کے شروع میں هَلْ اور نَعَمْ ملا کر پڑھیے

"يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَافَّةً." (البقرة: 208)
"اے ایمان والو! اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ۔"

هَلْ	هُوَ	دَاخِلٌ؟	نَعَمْ	هُوَ	دَاخِلٌ!
هَلْ	هُمَا	دَاخِلَانِ؟	نَعَمْ	هُمَا	دَاخِلَانِ!
هَلْ	هُمْ	دَاخِلُوْنَ؟	نَعَمْ	هُمْ	دَاخِلُوْنَ!
هَلْ	أَنْتَ	دَاخِلٌ؟	نَعَمْ	أَنْتَ	دَاخِلٌ!
هَلْ	أَنْتُمَا	دَاخِلَانِ؟	نَعَمْ	أَنْتُمَا	دَاخِلَانِ!
هَلْ	أَنْتُمْ	دَاخِلُوْنَ؟	نَعَمْ	أَنْتُمْ	دَاخِلُوْنَ!
هَلْ	أَنَا	دَاخِلٌ؟	نَعَمْ	أَنَا	دَاخِلٌ!
هَلْ	نَحْنُ	دَاخِلُوْنَ؟	نَعَمْ	نَحْنُ	دَاخِلُوْنَ!

4+93 ضمیرِ مذکر کے شروع میں هَلْ اور نَعَمْ ملا کر پڑھیے

"وَمَا هُمْ بِخَارِجِينَ مِنْهَا." (المائدة: 37)
"اور جہنمی کبھی جہنم سے نہ نکل سکیں گے۔"

هَلْ	هُوَ	خَارِجٌ؟	نَعَمْ	هُوَ	خَارِجٌ!
هَلْ	هُمَا	خَارِجَانِ؟	نَعَمْ	هُمَا	خَارِجَانِ!
هَلْ	هُمْ	خَارِجُوْنَ؟	نَعَمْ	هُمْ	خَارِجُوْنَ!
هَلْ	أَنْتَ	خَارِجٌ؟	نَعَمْ	أَنْتَ	خَارِجٌ!
هَلْ	أَنْتُمَا	خَارِجَانِ؟	نَعَمْ	أَنْتُمَا	خَارِجَانِ!
هَلْ	أَنْتُمْ	خَارِجُوْنَ؟	نَعَمْ	أَنْتُمْ	خَارِجُوْنَ!
هَلْ	أَنَا	خَارِجٌ؟	نَعَمْ	أَنَا	خَارِجٌ!
هَلْ	نَحْنُ	خَارِجُوْنَ؟	نَعَمْ	نَحْنُ	خَارِجُوْنَ!

4+93 ضمیرِ مذکر کے شروع میں هَلْ اور نَعَمْ ملا کر پڑھیے

"وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا." (الكهف: 49)
"اور وہ تمام لوگ (قیامت کے دن) اپنے کیے کرائے کو حاضر پائیں گے۔"

هَلْ	هُوَ	حَاضِرٌ؟	نَعَمْ	هُوَ	حَاضِرٌ!
هَلْ	هُمَا	حَاضِرَانِ؟	نَعَمْ	هُمَا	حَاضِرَانِ!
هَلْ	هُمْ	حَاضِرُوْنَ؟	نَعَمْ	هُمْ	حَاضِرُوْنَ!
هَلْ	أَنْتَ	حَاضِرٌ؟	نَعَمْ	أَنْتَ	حَاضِرٌ!
هَلْ	أَنْتُمَا	حَاضِرَانِ؟	نَعَمْ	أَنْتُمَا	حَاضِرَانِ!
هَلْ	أَنْتُمْ	حَاضِرُوْنِ؟	نَعَمْ	أَنْتُمْ	حَاضِرُوْنِ!
هَلْ	أَنَا	حَاضِرٌ؟	نَعَمْ	أَنَا	حَاضِرٌ!
هَلْ	نَحْنُ	حَاضِرُوْنَ؟	نَعَمْ	نَحْنُ	حَاضِرُوْنَ!

هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّا. (المائدة: 59)		هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ. (الشعراء: 93)		هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ. (الشعراء: 72)		هَلْ يَرَاكُمْ. (التوبة: 127)	
هَلْ	يَضْرِبُهُ	هَلْ	يَنْصُرُهُ	هَلْ	يَسْمَعُهُ	هَلْ	يَفْتَحُهُ
هَلْ	يَضْرِبُهُمَا	هَلْ	يَنْصُرُهُمَا	هَلْ	يَسْمَعُهُمَا	هَلْ	يَفْتَحُهُمَا
هَلْ	يَضْرِبُهُمْ	هَلْ	يَنْصُرُهُمْ	هَلْ	يَسْمَعُهُمْ	هَلْ	يَفْتَحُهُمْ
هَلْ	يَضْرِبُكَ	هَلْ	يَنْصُرُكَ	هَلْ	يَسْمَعُكَ	هَلْ	يَفْتَحُكَ
هَلْ	يَضْرِبُكُمَا	هَلْ	يَنْصُرُكُمَا	هَلْ	يَسْمَعُكُمَا	هَلْ	يَفْتَحُكُمَا
هَلْ	يَضْرِبُكُمْ	هَلْ	يَنْصُرُكُمْ	هَلْ	يَسْمَعُكُنَّ	هَلْ	يَفْتَحُكُمْ
هَلْ	يَضْرِبُنِيْ	هَلْ	يَنْصُرُنِيْ	هَلْ	يَسْمَعُنِيْ	هَلْ	يَفْتَحُنِيْ
هَلْ	يَضْرِبُنَا	هَلْ	يَنْصُرُنَا	هَلْ	يَسْمَعُنَا	هَلْ	يَفْتَحُنَا

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

فعلِ مضارع کے شروع میں ھَلْ اور آخر میں ضمیرِ متصل ملا کر پڑھیے

ھَلْ	يَضْرِبُهَا	ھَلْ	يَنْصُرُهَا	ھَلْ	يَسْمَعُهَا	ھَلْ	يَفْتَحُهَا
ھَلْ	يَضْرِبُهُمَا	ھَلْ	يَنْصُرُهُمَا	ھَلْ	يَسْمَعُهُمَا	ھَلْ	يَفْتَحُهُمَا
ھَلْ	يَضْرِبُهُنَّ	ھَلْ	يَنْصُرُهُنَّ	ھَلْ	يَسْمَعُهُنَّ	ھَلْ	يَفْتَحُهُنَّ
ھَلْ	يَضْرِبُكَ	ھَلْ	يَنْصُرُكَ	ھَلْ	يَسْمَعُكَ	ھَلْ	يَفْتَحُكَ
ھَلْ	يَضْرِبُكُمَا	ھَلْ	يَنْصُرُكُمَا	ھَلْ	يَسْمَعُكُمَا	ھَلْ	يَفْتَحُكُمَا
ھَلْ	يَضْرِبُكُنَّ	ھَلْ	يَنْصُرُكُنَّ	ھَلْ	يَسْمَعُكُنَّ	ھَلْ	يَفْتَحُكُنَّ
ھَلْ	يَضْرِبُنِيْ	ھَلْ	يَنْصُرُنِيْ	ھَلْ	يَسْمَعُنِيْ	ھَلْ	يَفْتَحُنِيْ
ھَلْ	يَضْرِبُنَا	ھَلْ	يَنْصُرُنَا	ھَلْ	يَسْمَعُنَا	ھَلْ	يَفْتَحُنَا

چار بنیادی ابواب کے شروع میں ھَلْ اور آخر میں ضمیرِ متصل ملا کر پڑھیے

ھَلْ	ضَرَبَهَا	ھَلْ	نَصَرَهَا	ھَلْ	سَمِعَهَا	ھَلْ	فَتَحَهَا
ھَلْ	ضَرَبَهُمَا	ھَلْ	نَصَرَهُمَا	ھَلْ	سَمِعَهُمَا	ھَلْ	فَتَحَهُمَا
ھَلْ	ضَرَبَهُنَّ	ھَلْ	نَصَرَهُنَّ	ھَلْ	سَمِعَهُنَّ	ھَلْ	فَتَحَهُنَّ
ھَلْ	ضَرَبَكَ	ھَلْ	نَصَرَكَ	ھَلْ	سَمِعَكَ	ھَلْ	فَتَحَكَ
ھَلْ	ضَرَبَكُمَا	ھَلْ	نَصَرَكُمَا	ھَلْ	سَمِعَكُمَا	ھَلْ	فَتَحَكُمَا
ھَلْ	ضَرَبَكُنَّ	ھَلْ	نَصَرَكُنَّ	ھَلْ	سَمِعَكُنَّ	ھَلْ	فَتَحَكُنَّ
ھَلْ	ضَرَبَنِيْ	ھَلْ	نَصَرَنِيْ	ھَلْ	سَمِعَنِيْ	ھَلْ	فَتَحَنِيْ
ھَلْ	ضَرَبَنَا	ھَلْ	نَصَرَنَا	ھَلْ	سَمِعَنَا	ھَلْ	فَتَحَنَا

چار بنیادی ابواب کے شروع میں نَعَمْ اور آخر میں مونث ضمیرِ متصل ملا کر پڑھیے

نَعَمْ	ضَرَبَهَا	نَعَمْ	نَصَرَهَا	نَعَمْ	سَمِعَهَا	نَعَمْ	فَتَحَهَا
نَعَمْ	ضَرَبَهُمَا	نَعَمْ	نَصَرَهُمَا	نَعَمْ	سَمِعَهُمَا	نَعَمْ	فَتَحَهُمَا
نَعَمْ	ضَرَبَهُنَّ	نَعَمْ	نَصَرَهُنَّ	نَعَمْ	سَمِعَهُنَّ	نَعَمْ	فَتَحَهُنَّ
نَعَمْ	ضَرَبَكِ	نَعَمْ	نَصَرَكِ	نَعَمْ	سَمِعَكِ	نَعَمْ	فَتَحَكِ
نَعَمْ	ضَرَبَكُمَا	نَعَمْ	نَصَرَكُمَا	نَعَمْ	سَمِعَكُمَا	نَعَمْ	فَتَحَكُمَا
نَعَمْ	ضَرَبَكُنَّ	نَعَمْ	نَصَرَكُنَّ	نَعَمْ	سَمِعَكُنَّ	نَعَمْ	فَتَحَكُنَّ
نَعَمْ	ضَرَبَنِيْ	نَعَمْ	نَصَرَنِيْ	نَعَمْ	سَمِعَنِيْ	نَعَمْ	فَتَحَنِيْ
نَعَمْ	ضَرَبَنَا	نَعَمْ	نَصَرَنَا	نَعَمْ	سَمِعَنَا	نَعَمْ	فَتَحَنَا

ھَلْ اور نَعَمْ اسمائے اشارہ قریب اور اسمِ فاعل کے ساتھ

کیا یہ.....؟

ھَلْ	هٰذَا	تَائِبٌ
ھَلْ	هٰذَانِ	تَائِبَانِ
ھَلْ	هٰؤُلَاءِ	تَائِبُوْنَ
ھَلْ	هٰذِهٖ	تَائِبَةٌ
ھَلْ	هَاتَانِ	تَائِبَتَانِ
ھَلْ	هٰؤُلَاءِ	تَائِبَاتٌ

ہاں یہ.....!

نَعَمْ	هٰذَا	تَائِبٌ
نَعَمْ	هٰذَانِ	تَائِبَانِ
نَعَمْ	هٰؤُلَاءِ	تَائِبُوْنَ
نَعَمْ	هٰذِهٖ	تَائِبَةٌ
نَعَمْ	هَاتَانِ	تَائِبَتَانِ
نَعَمْ	هٰؤُلَاءِ	تَائِبَاتٌ

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

لیول: ا

هَلْ اور نَعَمْ اسمائے اشارہ بعید اور اسمِ فاعل کے ساتھ

کیا یہ.....؟ ہاں یہ.....!

هَلْ	ذٰلِكَ	مُفْلِحٌ
هَلْ	ذَانِكَ	مُفْلِحَانِ
هَلْ	أُولٰئِكَ	مُفْلِحُوْنَ
هَلْ	تِلْكَ	مُفْلِحَةٌ
هَلْ	تَانِكَ	مُفْلِحَتَانِ
هَلْ	أُولٰئِكَ	مُفْلِحُوْنَ

نَعَمْ	ذٰلِكَ	مُفْلِحٌ
نَعَمْ	ذَانِكَ	مُفْلِحَانِ
نَعَمْ	أُولٰئِكَ	مُفْلِحُوْنَ
نَعَمْ	تِلْكَ	مُفْلِحَةٌ
نَعَمْ	تَانِكَ	مُفْلِحَتَانِ
نَعَمْ	أُولٰئِكَ	مُفْلِحُوْنَ

هَلْ اور نَعَمْ اسمائے اشارہ قریب اور اسمِ مفعول کے ساتھ

کیا یہ.....؟ ہاں یہ.....!

هَلْ	هٰذَا	مَرْحُوْمٌ
هَلْ	هٰذَانِ	مَرْحُوْمَانِ
هَلْ	هٰؤُلَاءِ	مَرْحُوْمُوْنَ
هَلْ	هٰذِهٖ	مَرْحُوْمَةٌ
هَلْ	هَاتَانِ	مَرْحُوْمَتَانِ
هَلْ	هٰؤُلَاءِ	مَرْحُوْمَاتٌ

نَعَمْ	هٰذَا	مَرْحُوْمٌ
نَعَمْ	هٰذَانِ	مَرْحُوْمَانِ
نَعَمْ	هٰؤُلَاءِ	مَرْحُوْمُوْنَ
نَعَمْ	هٰذِهٖ	مَرْحُوْمَةٌ
نَعَمْ	هَاتَانِ	مَرْحُوْمَتَانِ
نَعَمْ	هٰؤُلَاءِ	مَرْحُوْمَاتٌ

هَلْ اور نَعَمْ اسمائے اشارہ بعید اور اسمِ مفعول کے ساتھ

کیا یہ.....؟ ہاں یہ.....!

هَلْ	ذٰلِكَ	مَغْفُوْرٌ
هَلْ	ذَانِكَ	مَغْفُوْرَانِ
هَلْ	أُولٰئِكَ	مَغْفُوْرُوْنَ
هَلْ	تِلْكَ	مَغْفُوْرَةٌ
هَلْ	تَانِكَ	مَغْفُوْرَتَانِ
هَلْ	أُولٰئِكَ	مَغْفُوْرَاتٌ

نَعَمْ	ذٰلِكَ	مَغْفُوْرٌ
نَعَمْ	ذَانِكَ	مَغْفُوْرَانِ
نَعَمْ	أُولٰئِكَ	مَغْفُوْرُوْنَ
نَعَمْ	تِلْكَ	مَغْفُوْرَةٌ
نَعَمْ	تَانِكَ	مَغْفُوْرَتَانِ
نَعَمْ	أُولٰئِكَ	مَغْفُوْرَاتٌ

محبت اور شوق کے ساتھ مشق کیجیے

اگلے 8 سے 10 منٹ میں ہم ضمیر کی ایک نئی قسم اور چار مشہور ابواب کی چھ بنیادی گردانوں کی مشق کریں گے جو قرآن شریف میں بار بار آئے ہیں۔

ان کی مشق پوری محبت اور شوق کے ساتھ، پورے دھیان سے اور اپنے پورے وجود سے کیجیے۔

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

اضافہ

ضمیر کی ایک اور قسم

"منصوب منفصل"

24

إِيَّاهُ	8	إِيَّاهَا	-	وہ ایک
إِيَّاهُمَا	-	إِيَّاهُمَا	-	وہ دو
إِيَّاهُمْ	1	إِيَّاهُنَّ	-	وہ سب
إِيَّاكَ	2	إِيَّاكِ	-	آپ ایک
إِيَّاكُمَا	-	إِيَّاكُمَا	-	آپ دو
إِيَّاكُمْ	6	إِيَّاكُنَّ	-	آپ سب
إِيَّايَ	5	إِيَّايَ	-	میں ایک
إِيَّانَا	2	إِيَّانَا	-	ہم سب

اضافہ

ضمیر کی ایک اور قسم

"منصوب منفصل"

24

إِيَّاهُ	8	إِيَّاهَا	-	وہ ایک
إِيَّاهُمَا	-	إِيَّاهُمَا	-	وہ دو
إِيَّاهُمْ	1	إِيَّاهُنَّ	-	وہ سب
إِيَّاكَ	2	إِيَّاكِ	-	آپ ایک
إِيَّاكُمَا	-	إِيَّاكُمَا	-	آپ دو
إِيَّاكُمْ	6	إِيَّاكُنَّ	-	آپ سب
إِيَّايَ	5	إِيَّايَ	-	میں ایک
إِيَّانَا	2	إِيَّانَا	-	ہم سب

قرآنی مثالیں

ضمیرِ منفصل کی ایک قسم

"منصوب منفصل"

24

مذکر

8	إِيَّاهُ	إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ. (البقرة: 172)
-	إِيَّاهُمَا	-
1	إِيَّاهُمْ	نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ. (الأنعام: 151)
2	إِيَّاكَ	إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ (الفاتحة: 5)
-	إِيَّاكُمَا	-
6	إِيَّاكُمْ	اَللهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ. (العنكبوت: 60)
5	إِيَّايَ	وَإِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ. (البقرة: 40)
2	إِيَّانَا	مَا كَانُوْا إِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ. (القصص: 63)

چار بنیادی ابواب کی مشق

آگے دیے گئے قرآنی افعال کی 6 گردانیں پڑھیں

ماضی مضارع، امر نہی، فاعل مفعول

آیات کے مفہوم اور پیغام پر توجہ کے ساتھ

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

پہلا باب: ضَرَبَ یَضْرِبُ (ض) 159

نئے الفاظ کا معنی یاد کیجیے، ترجمہ نکالیے اور قرآنی پیغام کو سمجھ کر اپنانے کی کوشش کیجیے

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
عَدَلَ	انصاف کرنا	28	اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى. (المائدۃ:8)	انصاف سے کام لو یہی طریقہ قریب تر ہے تقویٰ سے
صَرَفَ	پھیرنا	30	وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ. (الاعراف:47)	اور جب پھیر دی جائیں گی ان کی نظریں
غَلَبَ	غالب آنا	31	غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا. (المؤمنون:106)	چھا گئی ہے ہم پر ہماری بد بختی
فَتَنَ	آزمانا	60	اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا. (النساء:101)	کہ آزمائش میں ڈالیں تمہیں کافر لوگ
فَصَلَ	جدا کرنا	10	فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ. (البقرۃ:249)	چنانچہ جب جدا ہوا طالوت لشکر کے ساتھ

دوسرا باب: نَصَرَ یَنْصُرُ (ن) 906

نئے الفاظ کا معنی یاد کیجیے، ترجمہ نکالیے اور قرآنی پیغام کو سمجھ کر اپنانے کی کوشش کیجیے

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
فَسَقَ	نافرمان کرنا	54	نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ. (الاعراف:163)	ہم انہیں آزماتے تھے ان کی مسلسل نافرمانیوں کی وجہ سے
كَفَرَ	انکار کرنا	461	اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا. (البقرۃ:64)	بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے پھر کفر کیا
دَخَلَ	داخل ہونا	78	وَادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا. (البقرۃ:58)	اور داخل ہو جاؤ دروازے میں سر جھکا کر
عَبَدَ	عبادت کرنا	143	لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ. (الکافرون:2)	میں نہیں عبادت کرتا اس کی جس کی تم عبادت کرتے ہو
قَتَلَ	قتل کرنا	170	وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ. (البقرۃ:61)	اور قتل کر دیتے تھے پیغمبروں کو ناحق

تیسرا باب: سَمِعَ یَسْمَعُ (س) 290

نئے الفاظ کا معنی یاد کیجیے، ترجمہ نکالیے اور قرآنی پیغام کو سمجھ کر اپنانے کی کوشش کیجیے

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
مَرِضَ	بیمار ہونا	24	وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ. (الشعراء:80)	اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے
تَبِعَ	پیروی کرنا	174	فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ. (البقرۃ:38)	تو جو لوگ پیروی کریں گے میری ہدایت کی
كَرِهَ	ناپسند کرنا	41	وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ. (الانفال:8)	اور اگرچہ یہ بات ناگوار ہو مجرم لوگوں کو
لَبِثَ	ٹھہرنا	31	قَالَ كَمْ لَبِثْتَ. (البقرۃ:259)	کہا کہ تم کتنے عرصے تک (اس حالت میں) رہے ہو؟
لَعِبَ	کھیلنا	20	اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ. (التوبۃ:65)	ہم تو ہنسی مذاق اور دل لگی کر رہے تھے

چوتھا باب: فَتَحَ یَفْتَحُ (ف) 490

نئے الفاظ کا معنی یاد کیجیے، ترجمہ نکالیے اور قرآنی پیغام کو سمجھ کر اپنانے کی کوشش کیجیے

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
مَنَعَ	روکنا	17	وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ. (الماعون:7)	اور انکار کرتے ہیں دوسروں کو معمولی چیز دینے سے بھی
نَفَخَ	پھونکنا	20	فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ. (الحاقۃ:13)	پھر جب پھونک ماردی جائے گی صور میں
نَفَعَ	نفع دینا	50	فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى. (الاعلیٰ:9)	لہٰذا تم نصیحت کیے جاؤ اگر فائدہ دے نصیحت
بَعَثَ	بھیجنا	67	مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا. (یٰس:52)	کس نے ہمیں اٹھا کھڑا کیا ہے ہماری قبر سے
جَعَلَ	بنانا	336	وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ. (الانعام:1)	اور اس نے بنائی اندھیریاں اور روشنی

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

اساتذہ و طلبہ سے انتہائی اہم گزارش

صرف عربی گردانیں پڑھنا کافی نہیں، ترجمہ کی گردان بھی ضروری ہے۔

صرف ترجمہ یاد کرنا کافی نہیں، ایمانی و اخلاقی تربیت بھی ضروری ہے۔

ہر سبق کے الفاظ اور آخر میں اجرا کے لیے دی گئی آیتوں پر غور کیجیے۔ نظریاتی تربیت و کردار سازی کے اشارات جھلملاتے نظر آئیں گے۔

انہیں اپنے دل و دماغ میں اتار کر، عمل و کردار کو اس کے مطابق ڈھالیے۔



الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

20 نئے افعال سیکھے جو قرآنِ کریم 1845 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

یاد رہے قرآن میں کل تقریباً **4,500** الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں



پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

لیول: I

گھر کا کام | اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ | خود تشخیصی جائزہ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول I

کا اختتام مبارک ہو

آیئے

اس موقع پر

مل کر ایک مسنون دعا مانگیں

دعا

اَللّٰهُمَّ	إِنِّيْ	عَبْدُكَ
اے اللہ!	بے شک میں	تیرا بندہ ہوں

وَابْنُ	عَبْدِكَ	وَابْنُ	أَمَتِكَ
اور بیٹا ہوں	تیرے بندے کا	اور بیٹا ہوں	تیری بندی کا

نَاصِيَتِيْ	بِيَدِكَ	مَاضٍ	فِيَّ	حُكْمُكَ
میری پیشانی	تیرے ہاتھ میں ہے	چلتا ہے	مجھ پر	تیرا ہی حکم

عَدْلٌ	فِيَّ	قَضَاءُكَ
برحق ہے	میرے بارے میں	تیرا ہر فیصلہ

أَسْئَلُكَ	بِكُلِّ	اسْمٍ	هُوَ	لَكَ
میں مانگتا ہوں تجھ سے	ہر اس	نام کے وسیلے سے	جو	تیرا ہے

سَمَّيْتَ	بِهٖ	نَفْسَكَ	أَوْ	أَنْزَلْتَهٗ
تو نے نام رکھا	اس کے ساتھ	تیرا اپنا	یا	تو نے نازل کیا اُسے

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

فِيْ	كِتَابِكَ	أَوْ	عَلَّمْتَهٗ	أَحَدًا
میں	تیری کتاب	یا	تو نے سکھایا اُسے	کسی کو

مِنْ	خَلْقِكَ	أَوْ	اِسْتَأْثَرْتَ	بِهٖ
سے	تیری مخلوق	یا	تو نے محفوظ رکھا	اُسے

فِيْ	عِلْمِ الْغَيْبِ	عِنْدَكَ
میں	غیب کے علم	تیرے پاس

أَنْ	تَجْعَلَ	الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ
کہ	تو بنادے	قرآن کریم کو

رَبِيْعَ قَلْبِيْ	وَ	نُوْرَ صَدْرِيْ
میرے دل کی بہار	اور	میرے سینے کا نور

وجِلَاءَ حُزْنِيْ	وَ	ذِهَابَ هَمِّيْ
اور میرے دکھوں کا علاج	اور	اور میرے غموں کا تریاق

آخری بات-1

❖ کتنی بڑی بد نصیبی ہے، کتنا بڑا المیہ ہے کہ اس کائنات کا خالق ہمارا اپنا خالق ہماری اپنی ہدایت کے لیے، ہماری اپنی کامیابی کے لیے، کتاب بھیجنے کا اتنا زبردست انتظام کرے اور ہمارے پاس وقت نہ ہو اس کتاب کو پڑھنے، سمجھنے اور غور کرنے کے لیے!

❖ اللہ سے دعا ہے کہ ایسی بد نصیبی سے بچائے۔

آخری بات-2

❖ اور اس کی خوش نصیبی کا کیا کہنا، جو اس کو اپنے لیے ہدایت کا ذریعہ بنائے اور دنیا میں بھی سربلند ہو اور آخرت میں بھی!

اَللّٰهُمَّ..... أَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ

نُوْرَ صَدْرِيْ، وَرَبِيْعَ قَلْبِيْ، وَجِلَاءَ حُزْنِيْ، وَذِهَابَ هَمِّيْ

"تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے"

اللہ نے جب اس مبارک تعلیم کا پہلا حصہ مکمل کرنے کی توفیق دی تو اس پر شکر ادا کیجیے اور دعا کیجیے کہ اللہ تعالی اسے ہمیشہ جاری رکھنے کی توفیق دے۔

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ. سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ.
نَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ. نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوبُ إِلَيْكَ.

آخری نصیحت یا وصیت

قرآن شریف کے صرف الفاظ یاد کر لینا کافی نہیں، معنی سمجھنا بھی ضروری ہے۔

صرف معنی یاد کر لینا کافی نہیں، اپنے کردار کو اس میں ڈھالنا بھی ضروری ہے۔

خدارا! صرف لفظ و معنی تک محدود نہ رہیے، ہر گردان اور ہر آیت میں چھپے مفہوم کو اپنے نظریہ و کردار میں اتارنے کی کوشش کیجیے۔

لفظوں کے شناور عمل کی دنیا میں پیچھے رہ گئے تو امت ترقی نہ کر سکے گی۔

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

خود آزمائشی امتحان

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

لیول I کی کامیاب تکمیل پر دل کی گہرائیوں سے
اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیجیے۔
آپ نے 20 اسباق میں کتنا کچھ سیکھا؟
آیئے!
اپنا امتحان خود لیتے ہیں۔

آیات واذکار

✓ تجوید کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کیجیے۔
✓ اجرا کے ساتھ ترجمہ و پیغام خود سے نکالیے۔
✓ تقطیعی اور اشتقاقی ترجمہ کی تکنیک استعمال کیجیے۔

اجرا کا طریقہ

تجوید، ترجمہ اور قرآنی تربیت کے ساتھ ساتھ

- پہلے دی گئی آیت کو تجوید کے ساتھ اجتماعی طور پر کہلوایئے۔
- جو لفظ پڑھ لیا، اس کی گردان ہر حال میں طالب علم سے نکلوایئے۔
- جو لفظ اب تک نہیں پڑھا، اس کا معنی (اشتقاقی ترجمہ) کی مدد سے بتایئے۔
- بیچ میں موقع محل کی مناسبت سے قرآنی تربیت و ذہن سازی کرتے رہیے۔
- آخر میں دوبارہ اجتماعی طور پر تجوید کے قواعد مدنظر رکھتے ہوئے آیت دہرایئے اور مکمل ترجمہ کہلوایئے۔

خود آزمائشی امتحان کے عنوانات

شمار	عنوان
1	نماز کا سبق
2	اذان کے کلمات
3	وضو کی دعائیں
4	ثناء، رکوع، سجدہ
5	تشہد
6	درود شریف
7	درود شریف کے بعد کی دعا
8	نماز ختم کرنے سے پہلے
9	نماز کے بعد کی دعا
10	دعائے قنوت

شمار	عنوان
11	چند مشہور سورتیں
12	الفاتحہ
13	آیت الکرسی
14	الفیل
15	قریش
16	الماعون
17	الکوثر
18	الکافرون، النصر
19	اللھب، الاخلاص
20	الفلق، الناس

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

نماز کا سبق

اجرا کے بعد اجرا

قرآن شریف سے عمومی اجرا: اجتماعیت اور مقابلہ کے ساتھ

- دی گئی آیت (کے ٹکڑے یا آیت) سے اجرا مکمل کر لینے کے بعد قرآن شریف کے مختلف مقامات سے آیات نکال نکال کر مشق پکی کروایئے.
- ہر طالب علم کو باری باری جماعت کے سامنے کھڑا کیجیے. سب اس سے مختلف آیات کے حوالے سے سوالات کریں اور وہ پڑھے گئے الفاظ کی گردان اور اس کا ترجمہ (دونوں) اشاروں کے ساتھ پڑھ کر سنائے.
- طلبہ کی جماعتیں بنا کر قرآن شریف سے صیغے نکالنے کا مقابلہ کروایئے.

اذان

اَللّٰهُ أَكْبَرُ	اَللّٰهُ أَكْبَرُ
اللہ سب سے بڑا ہے	اللہ سب سے بڑا ہے

اَللّٰهُ أَكْبَرُ	اَللّٰهُ أَكْبَرُ
اللہ سب سے بڑا ہے	اللہ سب سے بڑا ہے

اذان کے الفاظ معنی پر دھیان دیتے ہوئے پڑھیے

اَللّٰهُ أَكْبَرُ	اَللّٰهُ أَكْبَرُ
اللہ سب سے بڑا ہے	اللہ سب سے بڑا ہے

23

بڑا	زیادہ بڑا	سب سے بڑا
كَبِيْرٌ	أَكْبَرُ	اَلْأَكْبَرُ
صَغِيْرٌ	أَصْغَرُ	اَلْأَصْغَرُ
عَلِيٌّ	أَعْلٰى	اَلْأَعْلٰى

Superlative adjective

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

لیول: ا

أَشْهَدُ	أَنْ	لَا	إِلٰهَ	إِلَّا	اللّٰهُ
میں گواہی دیتا ہوں	کہ	نہیں ہے	کوئی معبود	سوائے	اللہ کے

فَعَلَ	يَفْعَلُ
فَعَلُوْا	يَفْعَلُوْنَ
فَعَلَتْ	تَفْعَلُ
فَعَلْتُمْ	تَفْعَلُوْنَ
فَعَلْتُ	أَفْعَلُ
فَعَلْنَا	نَفْعَلُ

أَفْعَلُ، أَعْبُدُ، أَعُوْذُ

شہادت، عینی شاہد، شہید

عربی الفاظ کو "اشتقاقی ترجمے" کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کیا کیجیے

أَشْهَدُ	أَنْ*	لَا	إِلٰهَ	إِلَّا	اللّٰهُ
میں گواہی دیتا ہوں	کہ	نہیں ہے	کوئی معبود	سوائے	اللہ کے

أَنْ

576*

مَا	نہیں
لَا	نہیں
لَمْ	نہیں، did not
لَنْ	نہیں، will never

چار حروفِ نفی

أَشْهَدُ	أَنْ	لَا	إِلٰهَ	إِلَّا	اللّٰهُ
میں گواہی دیتا ہوں	کہ	نہیں ہے	کوئی معبود	سوائے	اللہ کے

إِلٰهٌ — آلِهَةٌ

معبود — بہت سارے معبود

تیرے سوا معبودِ حقیقی، کوئی نہیں ہے کوئی نہیں

أَشْهَدُ	أَنْ	لَا	إِلٰهَ	إِلَّا	اللّٰهُ
میں گواہی دیتا ہوں	کہ	نہیں ہے	کوئی معبود	سوائے	اللہ کے

سوائے، مگر، علاوہ

إِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اللّٰه: واحد معبودِ حقیقی

توحید تو یہ ہے کہ خدا حشر میں کہہ دے
یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لیے ہے

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

خود آزمائشی امتحان

576

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

کہ

بیشک

263

أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

حَيَّ	عَلَى	الصَّلٰوةِ	حَيَّ	عَلَى	الْفَلَاحِ
آؤ	پر (طرف)	نماز	آؤ	پر (طرف)	کامیابی

اشتقاقی ترجمہ کی تکنیک

اردو میں استعمالات

فلاحِ انسانیت	فلاحِ آخرت	فلاحِ دارین
فلاح و بہبود	فلاحی خدمات	فلاح و ترقی

وضو کی دعائیں

قَبْلَ الْوُضُوْءِ — وضو سے پہلے

بِسْمِ اللّٰهِ

بَعْدَ الْوُضُوْءِ — وضو کے بعد

کلمۂ شہادت

وضو کے بعد کی دعا کی فضیلت: جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیے جاتے ہیں

وضو کے بعد کی دعا

أَشْهَدُ	أَنْ	لَّا	إِلٰهَ	إِلَّا	اللّٰهُ
میں گواہی دیتا ہوں	کہ	نہیں ہے	کوئی معبود	سوائے	اللہ کے

وَحْدَهٗ	لَا شَرِيْكَ	لَهٗ
وہ اکیلا ہے	نہیں کوئی شریک	اس کا

وَاحِدٌ أَحَدٌ تَوْحِيْدٌ

شریک، حصہ دار، پارٹنر

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

وَرَسُوْلُهٗ	عَبْدُهٗ	مُحَمَّدًا	أَنَّ	وَأَشْهَدُ
332*	126*		263	
اور اس کے رسول ہیں	اس کے بندے	محمد ﷺ	کہ	اور میں گواہی دیتا ہوں

تقطیعی ترجمہ

ہٗ	رَسُوْلُ	وَ	ہٗ	عَبْدُ
اس کے	رسول	اور	اس کے	بندے

عَبْدُ اللّٰهِ	اللہ کا بندہ
رَسُوْلُ اللّٰهِ	اللہ کا رسول

وضو کے بعد کی دعا

مِنَ التَّوَّابِيْنَ	اجْعَلْنِيْ	اَللّٰهُمَّ
خوب توبہ کرنے والوں میں سے	بنادے مجھے	اے اللہ

مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ	وَاجْعَلْنِيْ
پاک صاف رہنے والوں میں سے	اور بنادے مجھے

تجوید کے ساتھ مل کر دہرائیے

مِنَ التَّوَّابِيْنَ	اجْعَلْنِيْ	اَللّٰهُمَّ
خوب توبہ کرنے والوں میں سے	بنادے مجھے	اے اللہ

اَللّٰهُمَّ	اے اللہ
اِجْعَلْ	بنادے
نِيْ	مجھے

I تَوَّابٌ

II تَوَّابَانِ

+ تَوَّابُوْنَ تَوَّابِيْنَ

مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ	وَاجْعَلْنِيْ
پاک صاف رہنے والوں میں سے	اور بنادے مجھے

اشتقاقی ترجمہ کی تکنیک

طَاهِرٌ
طَهُوْرٌ
طَهَارَةٌ
مُطَهِّرٌ

I مُتَطَهِّرٌ

II مُتَطَهِّرَانِ

+ مُتَطَهِّرُوْنَ مُتَطَهِّرِيْنَ

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

خود آزمائشی امتحان

41

ثنا

سُبْحَانَكَ	اللّٰهُمَّ	وَبِحَمْدِكَ
پاک ہے تو	اے اللہ	اور تعریف ہے تیرے لئے

سُبْحَانَ	كَ
پاک ہے	تو

وَ	بِ	حَمْدِ	كَ
اور	ساتھ	تعریف	تیری

حمد — خوبیوں کا بیان ✓

تسبیح — خامیوں کی نفی ✗

وَتَبَارَكَ	اسْمُكَ	وَتَعَالٰى	جَدُّكَ
اور برکت والا ہے	تیرا نام	اور بلند و بالا ہے	تیری بزرگی

اردو استعمالات

جدِّ امجد

آباء واجداد

جدّی پشتی

اِسْمُ	كَ
نام	تیرا

جَدُّ	كَ
بزرگی	تیری

23

وَتَبَارَكَ	اسْمُكَ	وَتَعَالٰى	جَدُّكَ
اور برکت والا ہے	تیرا نام	اور بلند و بالا ہے	تیری بزرگی

اردو کے مشترک الفاظ

مبارک، برکت، تبرّک

اردو استعمالات

عالی شان

جنابِ عالی

عربی الفاظ کو "اشتقاقی ترجمے" کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کیا کیجیے

وَلَا	إِلٰهَ	غَيْرُكَ
اور نہیں	کوئی معبود	سوائے تیرے

غَيْرُ	كَ
سوائے	تیرے

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ

پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات
جب تو جھکا غیر کے آگے، نہ تن تیرا نہ من

رکوع کی تسبیح

سُبْحَانَ	رَبِّیَ	الْعَظِیْمِ
پاک ہے	میرا رب	عظمت والا

تسبیح و تقدیس: ہر عیب اور برائی سے پاکی کا بیان

تحمید و تعظیم: ہر خوبی اور کمال سے آراستگی کا بیان

سُبْحَانَ	رَبِّیَ	الْعَظِیْمِ
پاک ہے	میرا رب	عظمت والا

رب العالمین

میرے جسم کے ایک ایک خلیے کو اور

پوری کائنات کے، ایک ایک ذرّے کو

ہر ہر لمحے، پالنے والا

ہر ہر ضرورت پوری کرنے والا

رَبُّهٗ
رَبُّهُمْ
رَبُّكَ
رَبُّكُمْ
رَبِّیْ
رَبُّنَا

رکوع سے اٹھتے ہوئے

سَمِعَ اللّٰهُ	لِمَنْ	حَمِدَهٗ
سن لی اللہ نے	اس کی جس نے	تعریف کی اس کی

سن لی اللہ نے

عربی الفاظ کو "اشتقاقی ترجمے" کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کیا کیجیے

اردو استعمالات

سامعین، سمع وطاعت

سمعی بصری، آلۂ سماعت

سَمِعَ	اللّٰهُ	لِمَنْ	حَمِدَهٗ
سن لی	اللہ نے	اس کی جس نے	تعریف کی اس کی

"تقطیعی ترجمہ" تفہیم کا موثر ذریعہ ہے

لِ	مَنْ	حَمِدَ	هٗ
کو، لیے	جس نے	تعریف کی	اس کی

حمد کے دو معنی: 1. تمام تعریفیں 2. ہر طرح کا شکر

رکوع سے اٹھنے کے بعد

رَبَّنَا	لَكَ	الْحَمْدُ
اے ہمارے رب	تیرے ہی لیے	ہر قسم کی تعریف ہے

رب

جسم کے ایک ایک ذرے کو پل پل پالنے والا
تمام جسمانی، روحانی، نفسیاتی ضرورتیں پوری کرنے والا

حمد

تمام تعریفیں
ہر طرح کا شکر

سجدے کی تسبیح

سُبْحَانَ	رَبِّيَ	الْأَعْلٰى
پاک ہے	میرا رب	سب سے بلند

Superlative adjective

بڑا	زیادہ بڑا	سب سے بڑا
كَبِيْرٌ	أَكْبَرُ	اَلْأَكْبَرُ
صَغِيْرٌ	أَصْغَرُ	اَلْأَصْغَرُ
عَلِيٌّ	أَعْلٰى	اَلْأَعْلٰى

9

تشہد

اَلتَّحِيَّاتُ	لِلّٰهِ	وَالصَّلَوَاتُ	وَالطَّيِّبَاتُ
سبھی قولی عبادتیں	اللہ ہی کیلئے ہیں	اور سبھی بدنی عبادتیں	اور سبھی مالی عبادتیں

اَلتَّحِيَّاتُ	ساری قولی عبادتیں
الصَّلَوَاتُ	ساری بدنی عبادتیں
الطَّيِّبَاتُ	ساری مالی عبادتیں

ادب، دھیان اور تجوید کے ساتھ مل کر پڑھیے

اَلسَّلَامُ	عَلَيْكَ	أَيُّهَا	النَّبِيُّ
سلام ہو	آپ پر	اے	نبی

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ	وَبَرَكَاتُهٗ
اور اللہ کی رحمت ہو	اور برکتیں ہوں اس کی

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

تصور، دھیان اور تجوید کے ساتھ مل کر پڑھیے

اَلسَّلَامُ	عَلَيْنَا	وَعَلٰى
سلام ہو	ہم پر	اور اوپر

عِبَادِ اللهِ	الصَّالِحِيْنَ
اللہ کے بندوں کے	جو نیک ہیں

وَأَشْهَدُ	أَنَّ	مُحَمَّدًا	عَبْدُهٗ	وَرَسُوْلُهٗ
اور میں گواہی دیتا ہوں	کہ	محمد ﷺ	اس کے بندے	اور اس کے رسول (ہیں)

صاحبِ مقامِ محمود صلی اللہ علیہ وسلم

محمد:	خوب تعریف کیا ہوا
احمد:	خوب تعریف کرنے والا

- اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کی طرف سے زیادہ اور سب سے اچھی تعریف کیا ہوا
- اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے اللہ تعالیٰ کی سب سے زیادہ اور سب سے اچھی تعریف کرنے والا

أَشْهَدُ	أَنْ	لَّا	إِلٰهَ	إِلَّا	اللهُ
میں گواہی دیتا ہوں	کہ	نہیں ہے	کوئی معبود	سوائے	اللہ کے

مَا	نہیں: not
لَا	نہیں: not
لَمْ	نہیں، did not
لَنْ	نہیں، will not

إِلَّا اللهُ

سوائے اللہ کے

لَا تَعْبُدُوْا إِلَّا اللهَ (ھود:2)

576

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ

کہ

بیشک

263

أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

درود شریف

درود: رسول ﷺ کے لیے دعا

(پہلا حصہ)

اَللّٰھُمَّ	صَلِّ	عَلٰی مُحَمَّدٍ	وَّعَلٰی آلِ	مُحَمَّدٍ
اے اللہ	رحمت بھیج	محمد ﷺ پر	اور آل پر	محمد ﷺ کی

اَللّٰھُمَّ	صَلِّ	عَلٰی مُحَمَّدٍ	وَّعَلٰی	آلِ	مُحَمَّدٍ
اے اللہ	رحمت بھیج	محمد ﷺ پر	اور اوپر	آل	محمد ﷺ کی

آل کا مطلب: صرف نسبی نہیں بلکہ تمام روحانی اولاد

- آلِ محمد: آپ ﷺ کی اولاد وازواجِ مطہرات محبت اور اتباع کرنے والے، طریقے پر چلنے والے

دلیل: قرآن شریف سے

آلِ فرعون: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے میں فرعون کے ساتھی۔ (المومن:28)

اَللّٰھُمَّ	صَلِّ	عَلٰی مُحَمَّدٍ	وَّعَلٰی	آلِ	مُحَمَّدٍ
اے اللہ	رحمت بھیج	محمد ﷺ پر	اور اوپر	آل	محمد ﷺ کی

صَلِّ	نماز پڑھ
صَلِّ عَلٰی	رحمت بھیج

حرفِ جر لگنے سے معنی بدل جاتا ہے

صلاۃ کا مطلب

- رحمتوں کی بارش فرما
- مہربان ہو جا
- کام میں برکت دے
- نام اور درجات بلند کر

كَمَا	صَلَّيْتَ	عَلٰی إِبْرَاهِيْمَ
جیسے	بھیجی رحمت تو نے	ابراہیم پر

وَعَلٰی	اٰلِ	إِبْرَاهِيْمَ
اور اوپر	آل	ابراہیم کی

حرفِ تشبیہ

كَ — گَسَرابٍ

كَمَا — سراب کے جیسے

جیسے

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

لیول: ا

إِنَّكَ	حَمِيدٌ	مَّجِيدٌ
بے شک تو	تعریف کے قابل	بزرگی والا ہے

حَمِيدٌ: لائقِ تعریف... جس کو ہر طرح کی جمالی خوبیاں اعلیٰ درجے پر حاصل ہوں

مَجِيدٌ: بزرگی والا ... جس کو ہر طرح کی جلالی عظمتیں کمال کے درجہ (perfection) پر حاصل ہوں

حَمِيدٌ مَّجِيدٌ: صفاتِ جمال و جلال کا جامع

حمدِ باری، مقامِ محمود، حامد، محمود، حمید

اردو استعمالات

قرآن مجید

والد ماجد

جدِّ امجد

اَللّٰهُمَّ	بَارِكْ	عَلٰى مُحَمَّدٍ	وَّعَلٰى آلِ	مُحَمَّدٍ
اے اللہ	برکت عطا فرما	محمد ﷺ پر	اور آل پر	محمد ﷺ کی

برکت: غیر محسوس اضافہ

بے برکتی: غیر محسوس کمی

- برکت: نعمتوں کا عطا ہونا اور اس میں برابر اضافہ اور ترقی ہوتے رہنا۔
- اعمال میں برکت: قبولیت اور بہترین بدلہ ملنا۔
- اولاد میں برکت: نسلوں تک باقی رہنا اور پھیلنا، بڑھنا۔

نکاح کی مبارکباد: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ، وبَارَكَ عَلَيكَ، وجَمَعَ بَينَكُمَا فِي خَيرٍ.

درود شریف: رسول ﷺ کے لیے دعا

(دوسرا حصہ)

اَللّٰهُمَّ	بَارِكْ	عَلٰى مُحَمَّدٍ	وَّعَلٰى آلِ	مُحَمَّدٍ
اے اللہ	برکت عطا فرما	محمد ﷺ پر	اور آل پر	محمد ﷺ کی

تجوید کے ساتھ مل کر پڑھیے

اَللّٰهُمَّ	بَارِكْ	عَلٰى مُحَمَّدٍ	وَّعَلٰى آلِ	مُحَمَّدٍ
اے اللہ	برکت عطا فرما	محمد ﷺ پر	اور آل پر	محمد ﷺ کی

آل کا مطلب: صرف نسبی نہیں بلکہ تمام روحانی اولاد

- آلِ محمد: آپ ﷺ کی اولاد و ازواجِ مطہرات محبت اور اتباع کرنے والے، طریقے پر چلنے والے

دلیل: قرآن شریف سے

آلِ موسیٰ و آلِ ہارون: فرعون کے مقابلے میں حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام کے ساتھی (البقرۃ:248)

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

خود آزمائشی امتحان

كَمَا	بَارَكْتَ	عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ
جیسے	برکت عطا کی تو نے	ابراہیم پر

وَعَلٰى	آلِ	إِبْرَاهِيْمَ
اور اوپر	آل	ابراہیم کی

حرفِ تشبیہ

كَ — كَعَصْفٍ — بھوسے کے جیسے

كَمَا — جیسے

إِنَّكَ	حَمِيْدٌ	مَّجِيْدٌ
بے شک تو	تعریف کے قابل	بزرگی والا ہے

حَمِيْدٌ: لائقِ تعریف... جس کو ہر طرح کی جمالی خوبیاں اعلیٰ درجے پر حاصل ہوں

مَجِيْدٌ: بزرگی والا ... جس کو ہر طرح کی جلالی عظمتیں کمال کے درجہ (perfection) پر حاصل ہوں

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ: صفاتِ جمال و جلال کا جامع

حمدِ باری، مقامِ محمود، حامد، محمود، حمید

اردو استعمالات

قرآن مجید

والد ماجد

جدِّ امجد

درود شریف کے بعد کی دعا

نماز ختم کرنے سے پہلے

(رسول ﷺ نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو یہ دعا سکھائی)

اَللّٰهُمَّ	إِنِّيْ	ظَلَمْتُ (266*)	نَفْسِيْ (293*)	ظُلْمًا	كَثِيْرًا (74*)
اے اللہ	بے شک میں	(میں نے) ظلم کیا	اپنی جان پر	ظلم	بہت زیادہ

تجوید کے ساتھ مل کر پڑھیے اور ہر لفظ میں قواعد کا اجرا کیجیے

وَلَا	يَغْفِرُ	الذُّنُوْبَ	إِلَّا	أَنْتَ
اور نہیں	بخش سکتا	گناہوں کو	سوائے	تیرے

ماضی / مضارع	غَفَرَ / غَفَرَا / غَفَرُوْا	يَغْفِرُ / يَغْفِرَانِ / يَغْفِرُوْنَ	اجرا کیسے؟ ہر صیغے سے چھ گردانیں	
	غَفَرَتْ / غَفَرَتْمَا / غَفَرْتُمْ	تَغْفِرُ / تَغْفِرَانِ / تَغْفِرُوْنَ	اِغْفِرْ / اِغْفِرَا / اِغْفِرُوْا	لَا تَغْفِرْ / لَا تَغْفِرَا / لَا تَغْفِرُوْا
امر / نہی				
اسم فاعل / اسم مفعول	غَفَرْتُ / غَفَرْنَا	أَغْفِرُ / نَغْفِرُ	غَافِرٌ، غَافِرَانِ، غَافِرُوْنَ... / مَغْفُوْرٌ، مَغْفُوْرَانِ، مَغْفُوْرُوْنَ...	

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

فَاغْفِرْ	لِیْ	مَغْفِرَةً	مِّنْ	عِنْدِكَ
پس بخش دے	مجھ کو	خاص بخشش	سے	پاس تیرے

فَ	اغْفِرْ	لِ	یْ	مَغْفِرَةً	مِّنْ	عِنْدِ	كَ
پس	بخش دے	کو	مجھ	خاص بخشش	سے	پاس	تیرے

وَارْحَمْنِیْ	إِنَّكَ	أَنْتَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِیْمُ
اور رحم فرما مجھ پر	بے شک تو	تو ہی	بخشنے والا	بے حد رحم والا ہے

غفور: مسلسل اور بے انتہا بخشنے والا رحیم: مسلسل اور بے انتہا رحم والا

کسی لفظ کو دہرانے کی حکمت

تاکید کی خاطر فعل کے بعد اسم بھی آتا ہے
(اردو کی مثال: ایسی مار ماری، یعنی خوب مارا)

فعل — اسم

ظَلَمْتُ ظُلْمًا
ظلم کیا میں نے ظلم
(خوب ظلم کیا)

اغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً
بخش دیجئے بخشش
(خوب بخش دیجئے)

نماز کے بعد کی دعا

اَللّٰهُمَّ	أَنْتَ	السَّلَامُ
اے اللہ	تو ہی	سلامتی والا ہے

وَ	مِنْكَ	السَّلَامُ
اور	تیری طرف سے ہی	سلامتی ہے

تَبَارَكْتَ	یَا	ذَا الْجَلَالِ	وَالْإِكْرَامِ
بابرکت ہے تو	اے	جلال والے	اور کرم والے

دعائے قنوت

اَللّٰهُمَّ	إِنَّا	نَسْتَعِیْنُكَ	وَنَسْتَغْفِرُكَ
اے اللہ	بے شک ہم	مدد مانگتے ہیں تجھ سے	اور مغفرت مانگتے ہیں تجھ سے

وَنُؤْمِنُ	بِكَ	وَنَتَوَكَّلُ	عَلَیْكَ
اور ہم ایمان لاتے ہیں	تجھ پر	اور ہم بھروسہ کرتے ہیں	تجھ پر

معنی پر دھیان دیتے ہوئے تجوید کے ساتھ دہرائیے

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

وَنُثْنِيْ	عَلَيْكَ	الْخَيْرَ
اور ہم تعریف کرتے ہیں	تیری	بہترین تعریف

وَنَشْكُرُكَ	وَلَا نَكْفُرُكَ
اور ہم شکر ادا کرتے ہیں تیرا	اور ہم نہیں ناشکری کرتے تیری

وَنَخْلَعُ	وَنَتْرُكُ	مَنْ	يَّفْجُرُكَ
اور ہم الگ کر دیتے ہیں	اور ہم چھوڑ دیتے ہیں	اس کو جو	نافرمانی کرے تیری

اَللّٰهُمَّ	إِيَّاكَ	نَعْبُدُ
اے اللہ	صرف تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں

وَلَكَ	نُصَلِّيْ	وَنَسْجُدُ
اور تیرے ہی لیے	ہم نماز پڑھتے ہیں	اور سجدہ کرتے ہیں

وَإِلَيْكَ	نَسْعٰى	وَنَحْفِدُ
اور تیری ہی طرف	ہم دوڑتے ہیں	اور ہم خدمت کے لیے حاضر ہوتے ہیں

وَ	نَرْجُوْ	رَحْمَتَكَ
اور	ہم امید رکھتے ہیں	تیری رحمت کی

وَ	نَخْشٰى	عَذَابَكَ
اور	ہم ڈرتے ہیں	تیرے عذاب سے

إِنَّ	عَذَابَكَ	بِالْكُفَّارِ	مُلْحِقٌ
بے شک	عذاب تیرا	کافروں کو	پہنچنے والا ہے

چند مشہور سورتیں

شمار	سورت
1	الفاتحہ
2	آیت الکرسی
3	الفیل
4	قریش
5	الماعون
6	الکوثر

شمار	سورت
7	الکافرون
8	النصر
9	اللہب
10	الاخلاص
11	الفلق
12	الناس

تَعَوُّذ

أَعُوْذُ	بِاللّٰهِ	مِنَ الشَّيْطَانِ	الرَّجِيْمِ
میں پناہ میں آتا ہوں	اللہ کی	شیطان سے	جو مردود ہے

تلاوت سے پہلے شیطان سے حفاظت کا خیال رکھنے کی تعلیم

اللہ کی پناہ میں یعنی اللہ کی حفاظت میں

'safety first'; 'buckle up';
Get protection

رَجِيْمٌ: مردود، اللہ کی رحمت سے دور

تَسْمِيَة

میری انتہائے نگارش یہی ہے
تیرے نام سے ابتدا کر رہا ہوں

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے	اللہ کے	جو بہت مہربان	رحم کرنے والا ہے

تجوید کے ساتھ مل کر پڑھیے

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے	اللہ کے	جو بہت مہربان	رحم کرنے والا ہے

اسمِ مبالغہ

اس طرح کے عربی الفاظ میں جوش اور تسلسل کا اظہار ہوتا ہے، جیسے:

اَلرَّحْمٰنُ	
غَضْبَانٌ	شدید غصہ میں
عَطْشَانٌ	شدید پیاسا
جَوْعَانٌ	شدید بھوکا

اَلرَّحِيْمُ	
جَمِيْلٌ	بہت خوبصورت
كَرِيْمٌ	بہت اچھے اخلاق والا
شَفِيْقٌ	بہت شفقت والا

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے	اللہ کے	جو بہت مہربان	رحم کرنے والا ہے

اَلرَّحْمٰنُ — پُرجوش رحمت والا — Intensely Merciful — 182

اَلرَّحِيْمُ — مسلسل رحم کرنے والا — Continually Merciful — 39

رحمت کے جوش کو تسلسل سے ضرب دیجیے

رحمت کی موسلا دھار بارش جو مسلسل ہو رہی ہو

مَالِكِ	يَوْمِ	الدِّيْنِ
مالک ہے	دن کا	بدلہ کے

يَوْمٌ (ا) — اَيَّامٌ (+) — 393

دِيْنٌ کے دو معنی ہیں: — 92

1. بدلہ

2. زندگی کا نظام (دینِ اسلام)

اردو استعمالات

اشتقاقی ترجمہ

یومِ عرفہ، یومِ عاشورہ، یومِ آخرت، ایامِ عید، ایامِ تشریق

سُوْرَةُ الْفَاتِحَة

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ (2)
تمام تعریفیں اور شکر	اللہ کے لیے ہے	رب ہے	تمام جہانوں کا

رَبٌّ

ذرے ذرے کو، کروڑوں خلیوں کو پل پل پالنے والا، آکسیجن پہنچانے والا

تمام جسمانی، روحانی، نفسیاتی ضرورتیں پوری کرنے والا

تمام جہانوں کا

عالمِ انسان، عالمِ ملائکہ، عالمِ جنّات، عالمِ حیوانات، عالمِ جمادات، عالمِ نباتات

اس سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

مَالِكِ	يَوْمِ	الدِّيْنِ
مالک ہے	دن کا	بدلہ کے

- اس دن کی ہولناکی کو تصور میں لائیے۔ اس دن کی افراتفری کو سمجھنے کی کوشش کیجیے۔ (سورۂ عبس کی آخری آیات: 34 تا 42)
- اس آیت پر امید بھی ہو اور ڈر بھی۔ اللہ کی رحمت سے اچھی امید بھی ہو، ساتھ ہی گناہوں کے انجام سے ڈر بھی ہو۔
- لہٰذا: نیک بننے کا ارادہ کیجیے۔ گناہوں کو چھوڑنے کا عہد کیجیے اور قرآن پاک کے دامنِ شفاعت میں آجائیے۔

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

إِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَإِيَّاكَ	نَسْتَعِيْنُ
تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں	اور تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں

لَا مَعْبُوْدَ إِلَّا اللهُ

إِيَّاهُ
إِيَّاهُمْ
إِيَّاكَ
إِيَّاكُمْ
إِيَّايَ
إِيَّانَا

ضمیر متصل: نَعْبُدُكَ — كَ — تیری

ضمیر منفصل: إِيَّاكَ نَعْبُدُ — إِيَّاكَ — صرف تیری

إِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَإِيَّاكَ	نَسْتَعِيْنُ
تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں	اور تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں

عبادت کی شرط: صحیح نیت کے ساتھ

- نماز، روزہ، زکوۃ، حج
- دعوت، نصیحت، جہاد
- علم حاصل کرنا، کمانا، دوسروں کی خدمت کرنا...
- مگر سب سے پہلے: نماز (جس نے نماز چھوڑی، اس نے دین کو ڈھا دیا)

اردو سے اشتقاقی ترجمہ

استعانت، اعانت، عون، تعاون، معاون...

تصور، دھیان اور تجوید کے ساتھ مل کر اعادہ

إِيَّاكَ	نَعْبُدُ
تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں

وَإِيَّاكَ	نَسْتَعِيْنُ
اور تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں

- تیری عبادت کے لیے بھی تیری مدد چاہیے
- ایسی عبادت کے لیے جو تجھے پسند آجائے

اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ
ہدایت دے ہمیں	راستے کی	سیدھے

ہدایت: راستہ دکھا اور راستہ چلا

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ — هُدًى لِّلنَّاسِ

قرآن ہدایت ہے... ہادی ہے، سیدھے راستے کی طرف

- "راستہ دکھا" اور "راستہ پر چلا"، دونوں میں بہت بڑا فرق ہے۔
- ہر نماز یاد دہانی کہ ہدایت پر قائم رہنا ہے تو قرآن سمجھنا ضروری

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

خود آزمائشی امتحان

اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ
ہمیں ہدایت دے	راستے کی	سیدھے

اَلْ | وہ خاص | The | 37

خطِ مستقیم	سیدھی لکیر
صراطِ مستقیم	سیدھا راستہ

مڑنا نہیں ↑ ↑ ہٹنا نہیں

❑ اس نماز کے بعد، اگلی نماز تک، جو بھی میں کروں اس میں ہدایت دے۔

کتاب وسنت متن ہے اور فقہ اس کی تشریح

اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ
ہمیں ہدایت دے	راستے کی	سیدھے

ہدایت پر قائم رہنے کے لیے منصوبہ بندی کیجیے

❑ ہدایت کا اصل منبع؟ قرآن اور سنت! اور قرآن وسنت کا وہ فہم جو ہمارے اکابر کا تھا: فقہ

.ان تینوں کو سمجھنے کے لیے کیا یہ دعا کافی؟ احتساب اور منصوبہ بندی ضروری.

سیدھے راستے کی نشاندہی

صِرَاطَ	الَّذِيْنَ	أَنْعَمْتَ	عَلَيْهِمْ
راستہ	ان لوگوں کا	انعام کیا تو نے	ان پر

❑ کس پر انعام؟ چار طبقات پر: انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین

❑ انبیاء کا طریقہ کیا؟ ▪ چار کام: تعلیم و تعلّم ▪ تزکیہ واصلاح ▪ دعوت و تبلیغ ▪ تنفیذ (اعلائے کلمۃ اللہ، امر بالمعروف ونہی عن المنکر، جہاد فی سبیل اللہ)

❑ نبوی محنت کے چار مراکز: مسجد ▪ مدرسہ ▪ خانقاہ ▪ معسکر

ان چاروں کو آباد کیجیے. ان چاروں سے تعلق رکھیے

شہیدوں کا طریقہ کیا؟

❑ دینِ حق کی خاطر ہر طرح کی مشقت برداشت کی۔

❑ اپنی جان تک دے دی اس کام کے لیے۔

❑ ہمارے پاس وقت بھی نکالنا مشکل!!!

❑ شہید ایک جماعت کا حصّہ ہوتا ہے۔

❑ آپ بھی جماعت کا حصّہ بنیے، مل کر کام کیجیے۔

❑ دعا کے بعد احتساب اور منصوبہ بندی ہو، ورنہ دعا سچی نہیں!

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

لیول: ا

غَيْرِ	الْمَغْضُوْبِ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	الضَّآلِّيْنَ
نہ	غضب کیا گیا	ان پر	اور نہ	جو گمراہ ہوئے

مَغْضُوْبٌ جس پر غضب کیا گیا — ضَالٌّ جو گمراہ ہوا

گمراہوں کی دو قسمیں

- مَغْضُوْبٌ: جن کو معلوم ہے مگر عمل کرتے نہیں.
- ضَالٌّ : جن کو معلوم ہی نہیں.

" یا اللہ! ہمیں علم اور عمل دونوں کی توفیق دے ."

تصور، دھیان اور تجوید کے ساتھ مل کر دہرائیے

غَيْرِ	الْمَغْضُوْبِ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	الضَّآلِّيْنَ
نہ	غضب کیا گیا	ان پر	اور نہ	جو گمراہ ہوئے

❖ سوچیے! ہم جن کی پیروی کرتے ہیں، ایسا تو نہیں کہ وہ: سیدھے راستے کو جانتے ہی نہیں؟ یا جانتے ہیں مگر مانتے نہیں؟

❖ ایسے لوگوں کے ساتھ رہیے جو سیدھا راستہ جانتے بھی ہوں، مانتے بھی ہوں: اہلِ حق علماء، متبعِ سنت بزرگانِ دین.

وَلَا	الضَّآلِّيْنَ
اور نہ	جو گمراہ ہوئے

I	II	+
ضَالٌّ	ضَالَّانِ	ضَالُّوْنَ، ضَالِّيْنَ

1. راہ گم کرنے والا 2. ناواقف تَضِلَّ اِحْدٰاهُمَا. (2-282)

دوسرے ترجمے سے ناواقف لوگ غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتے ہیں

وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدٰى اور پایا آپ کو ناواقف، پس راہ سجھادی. (الضحیٰ:7)

آیت الکرسی

- ☐ قرآن کریم کی افضل ترین آیت
- ☐ پچاس کلمات اور دس جملوں پر مشتمل

خود کو شیطانی اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے

ہر فرض نماز کے بعد اس کا ورد کیجیے.

گھر کو شیطانی اثرات سے پاک کرنے کے لیے

رات سونے سے پہلے سورۂ اخلاص اور معوّذتین کے ساتھ پڑھ کر گھر کا حصار کر لیجیے.

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

خود آزمائشی امتحان

آیت الکرسی

اَللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ
اللہ	نہیں معبود	سوائے اس کے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

- عبادت اور غیر مشروط اطاعت صرف اللہ ہی کے لیے۔
- رکوع، سجدہ، نذر و نیاز صرف اللہ ہی کے لیے۔
- یہ کلمہ کائنات کی جان اور ایمان کی اساس ہے۔
- جب یہ کلمہ پڑھنے والا کوئی نہیں رہے گا تو قیامت آجائے گی۔

اَلْحَیُّ	اَلْقَیُّوْمُ
زندہ	تھامنے والا

اَلْحَیُّ

- اُس کی حیات ازلی اور ابدی ہے۔ اس کا نہ کوئی آغاز ہے نہ انتہا۔
- وہ ہمیشہ سے زندہ ہے اور ہمیشہ زندہ رہے گا۔

اَلْقَیُّوْمُ

- وہ خود سے قائم ہے، ساری کائنات کے قیام کا سبب بھی وہی ہے۔
- عرش سے فرش تک، ملائکہ سے انسان تک، سب کو سنبھالنے والا وہی ہے۔

لَا	تَاْخُذُهٗ	سِنَةٌ	وَّلَا	نَوْمٌ
نہ	اُسے آتی ہے	اونگھ	اور نہ	نیند

- بے شمار جہانوں کا نگہبان
- ایسے جہان جن میں سے کئی اب تک انسان کی پہنچ سے دور ہیں
- ان سب کی نگرانی، سب کی ضروریات کی تکمیل کرنے والا

أَخَذَ يَأْخُذُ(ن): اس نے پکڑا

لَا	تَاْخُذُ	هٗ
نہیں	پکڑتی	اُسے

لَّهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ
اسی کا ہے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں (ہے)

زکوٰۃ اور عُشر مالکِ حقیقی کو دیا گیا قرض ہی نہیں، فرض بھی ہیں

- کائنات کے ذرّہ ذرّہ کا مالک، ہمہ گیر اور لامحدود ملکیت
- انسانی حقیقی مالک نہیں، مالکِ حقیقی کا نائب ہے
- ملکیت پر لازم شرعی حقوق:

تجارتی پیداوار پر زکوٰۃ: (2.50%)

زمینی پیداوار پر زکوٰۃ: اگر پانی کا خرچہ ہو (5%) اگر پانی کا خرچہ نہ ہو (10%)

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

مَنْ	ذَا الَّذِیْ	یَشْفَعُ	عِنْدَهٗ	اِلَّا	بِاِذْنِهٖ
کون (ہے)	وہ جو	سفارش کرے	اس کے پاس	مگر (بغیر)	اس کی اجازت سے

- اس کی اجازت کے بغیر کوئی لب ہلا سکتا ہے نہ کسی کی سفارش کر سکتا ہے۔
- اللہ تعالیٰ کسی کی سفارش قبول کرنے پر مجبور نہیں۔
- وہ اپنے نیک بندوں کو سفارش کی اجازت محض ان کی عزت افزائی کے لیے دے گا۔

بِ	اِذْنِ	هٖ
سے	اجازت	اس کی

أَذِنَ یَأْذَنُ (س)....
إِذْنٌ: اجازت دینا

وَلَا	یُحِیْطُوْنَ	بِشَیْءٍ	مِّنْ	عِلْمِهٖ
اور نہیں	وہ احاطہ کرتے	کسی چیز کا	سے	اس کے علم

اِلَّا	بِمَا	شَآءَ
مگر	جتنا	وہ چاہے

- انسان کو صرف اُسی چیز کا علم ہو سکتا ہے جس کا علم اللہ اسے دینا چاہے۔
- انسان کے علم کی ایک حد ہے۔ وہ جتنی بھی ترقی کر لے اُس کو عبور نہیں کر سکتا۔
- سب کچھ جاننے کا دعویٰ تاریخِ انسانی کا پُرانا دھوکہ ہے۔
- اس دھوکے نے انسان کو ہمیشہ ہی نقصان پہنچایا ہے۔

یَعْلَمُ	مَا	بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ	وَمَا	خَلْفَهُمْ
وہ جانتا ہے	جو	ان کے سامنے (ہے)	اور جو	ان کے پیچھے (ہے)

- اللہ کا علم ہر چیز کو محیط ہے۔
- اس کی نظر میں ماضی، حال اور مستقبل سب برابر ہیں۔
- کائنات کا ذرّہ ذرّہ ہر وقت اس کی نظر میں ہے۔

"اگر تم گناہ کرنا ہی چاہتے ہو تو ایسی جگہ چلے جاؤ جہاں تمہیں تمہارا مہربان اور غیرت مند رب نہ دیکھ رہا ہو۔"

معنی کا دھیان رکھ کر تجوید کے ساتھ مل کر دہرائیے

وَسِعَ	كُرْسِیُّهُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ
گھیر لیا	کرسی	اس کی	آسمانوں (کو)	اور زمین (کو)

- اللہ کا اقتدار، اس کی حکومت اور اس کا علم تمام جہانوں کو گھیرے ہوئے ہے۔
- کوئی بھی اس کے علم اور قدرت سے باہر نہیں۔
- ناقص العقل انسان کو سمجھانے کے لیے بعض اوقات معروف چیزوں کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ (انسان کی نظر میں کرسی اقتدار کی علامت ہے)
- ایک عجیب کیفیت! مجھ پر جس ذات کی حکومت ہے، میں اس سے بھاگ سکتا ہوں، نہ چھپ سکتا ہوں۔ میں ہر وقت اس کی رحمت کے سائے میں ہوں۔

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

وَلَا	يَؤُدُ	هٗ	حِفْظُهُمَا
اور نہیں	تھکاتی	اس کو	حفاظت ان دونوں کی

- ہم ایک چھوٹے سے گھر یا ادارے کو چلاتے ہوئے تھک جاتے ہیں۔
- وہ جو کارخانۂ عالم کو چلا رہا ہے، کبھی نہیں اکتاتا، کبھی نہیں تھکتا۔
- دُعا کریں ہم دین کا کام کرتے ہوئے (قرآن شریف سیکھتے ہوئے) نہ اکتائیں، نہ تھکیں۔

آدَ يَؤُوْدُ... أَوْدٌ (ن)	بوجھل کرنا، تھکا دینا
حَفِظَ يَحْفَظُ... حِفْظٌ (س)	حفاظت کرنا

وَهُوَ	الْعَلِيُّ	الْعَظِيْمُ. (2-255)
اور وہ	بلند مرتبہ	عظمت والا (ہے)

- اتنا بلند کہ ساری بلندیاں اُس پر ختم۔
- اتنا عظیم کہ ساری عظمتوں کی اُس پر انتہا۔

گہرے شعور اور یقین کے ساتھ مذکورہ بالا الفاظ دہرائیے، تاکہ:

- وہ ہمیں بھی اقوامِ عالم میں بلندی اور عظمت عطا کرے۔
- اس عظمت کے حصول کے لیے محنت اور دیانت کی توفیق دے۔

سُوْرَةُ الْفِيْلِ

أَ	لَمْ	تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِأَصْحَابِ الْفِيْلِ
کیا	نہیں	دیکھا آپ نے	کیسا	کیا	آپ کے رب نے	ہاتھی والوں سے

4 حروفِ نفی

مَا	نہیں
لَا	نہیں
لَمْ	نہیں، did not
لَنْ	نہیں، never will

پہلے دو ماضی مضارع میں مشترک

آخری دو مضارع کے ساتھ خاص

پرندے کب آتے ہیں؟

وَّأَرْسَلَ	عَلَيْهِمْ	طَيْرًا	أَبَابِيْلَ.
اور بھیجے	ان پر	پرندے	جھنڈ کے جھنڈ

- اللہ تعالیٰ چاہے تو معمولی چیزوں سے بڑے بڑے کام لے سکتا ہے۔
- اس سے نصرت اور عافیت مانگتے رہنا چاہیے۔
- اس کی نصرت اس کی اطاعت سے آتی ہے۔

"اور اللہ تعالیٰ ضرور بالضرور ان لوگوں کی مدد کرے گا جو اس کے دین کی مدد کریں گے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا، بڑے اقتدار والا ہے۔" (الحج:46)

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

لیول: ا

کہاں کنکری اور کہاں ہاتھی؟

تَرْمِيْهِمْ	بِحِجَارَةٍ	مِّنْ سِجِّيْلٍ.
پھینکتے تھے ان پر	پتھر	پکی مٹی کے

بھوسا اور وہ بھی کھایا ہوا!

فَجَعَلَهُمْ	كَعَصْفٍ	مَّأْكُوْلٍ.
پس کر دیا ان کو	بھوسے کی طرح	کھائے ہوئے

طاقت کے گھمنڈ میں نہیں آنا چاہیے۔ غرور کا سر ہمیشہ نیچا ہوتا ہے۔

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ

لِإِيْلٰفِ	قُرَيْشٍ	إِيْلَافِهِمْ	رِحْلَةَ	الشِّتَآءِ
مانوس کرنے کے لیے	قریش (کو)	ان کو مانوس کرنے کے لیے	سفر	سردی کے

وَالصَّيْفِ.	فَلْيَعْبُدُوْا	رَبَّ	هٰذَا	الْبَيْتِ.
اور گرمی کے	پس وہ عبادت کریں	رب کی	اس	گھر کے

جس شخص کو کسی دینی خصوصیت کی وجہ سے دنیا میں کوئی نعمت میسر ہو، اسے دوسروں سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اطاعت کرنی چاہیے۔

غربت اور بدامنی کا خاتمہ کیسے؟

الَّذِيْ	أَطْعَمَهُمْ	مِّنْ جُوْعٍ.
جس نے	کھانا دیا انھیں	بھوک سے

وَّ	اٰمَنَهُمْ	مِّنْ خَوْفٍ.
اور	امن دیا انہیں	خوف سے

دنیا میں دو بڑی نعمتیں ہیں: رزق کی فراوانی اور امن وامان کی بحالی۔ یہ دونوں نعمتیں سچائی اور انصاف کے صلے میں ملتی ہیں اور عبادت واطاعت سے ان میں اضافہ ہوتا ہے۔

سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ

أَ	رَأَيْتَ	الَّذِيْ	يُكَذِّبُ	بِالدِّيْنِ.
کیا	دیکھا تم نے	اس کو جو	جھٹلاتا ہے	بدلے کے دن کو

فَ	ذٰلِكَ	الَّذِيْ	يَدُعُّ	الْيَتِيْمَ.
پس	یہی ہے وہ	جو	دھکے دیتا ہے	یتیم کو

یتیم کو دھکے دے کر نکالنا اتنا بڑا گناہ ہے کہ کسی مسلمان سے اس کی توقع نہیں کی جاسکتی۔

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

خود آزمائشی امتحان

غربت کی طرح امارت بھی ایک آزمائش ہے

فَ	ذٰلِكَ	الَّذِیْ	یَدُعُّ	الْیَتِیْمَ.
پس	یہی ہے وہ	جو	دھکے دیتا ہے	یتیم کو

وَ	لَا	یَحُضُّ	عَلٰی طَعَامِ	الْمِسْكِیْنِ.
اور	نہیں	رغبت دلاتا	کھانے پر	مسکین کے

اگر کسی مستحق کی خود کوئی مدد نہ ہو سکے تو دوسروں کو ترغیب دینی چاہیے یا کم از کم مناسب الفاظ میں عذر کرنا چاہیے۔ سخت بات ہرگز نہ کہی جائے۔

نماز اور زکوٰۃ میں سُستی یا دکھاوا تباہی کا عنوان ہے

فَ	وَیْلٌ	لِّلْمُصَلِّیْنَ.
پس	خرابی ہے	ان نمازیوں کے لیے

الَّذِیْنَ	هُمْ	عَنْ	صَلَاتِهِمْ	سَاهُوْنَ.
جو کہ	وہ	سے	اپنی نماز	غافل ہیں

معنی کا دھیان رکھتے ہوئے تجوید کے ساتھ مل کر پڑھیے

دیکھنے میں معمولی... لیکن اجر بہت زیادہ

الَّذِیْنَ	هُمْ	یُرَآءُوْنَ	وَیَمْنَعُوْنَ	الْمَاعُوْنَ.
جو کہ	وہ	دکھاوا کرتے ہیں	اور روکتے ہیں	معمولی چیز

- استعمال کی وہ چیزیں جو پڑوسی ایک دوسرے سے مانگ لیا کرتے ہیں۔
- زکوٰۃ کی شرح چالیسواں حصہ (ڈھائی فیصد) ہے۔ یہ بھی انسان کی دولت کا معمولی حصہ ہوتا ہے.....
- زمینی پیداوار کی زکوٰۃ کی شرح اگر پانی کا خرچہ ہو تو پانچ ورنہ دس فیصد ہے۔
- پانچ دریاؤں والے زرعی ملک میں سال میں ایک مرتبہ غریبوں کو 5% بھی نہیں دیا جاتا!!

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ

إِنَّآ	أَعْطَیْنٰكَ	الْكَوْثَرَ.
بے شک ہم نے	عطا کیا آپ کو	کوثر

فَصَلِّ	لِرَبِّكَ	وَانْحَرْ.
پس نماز پڑھیے	اپنے رب کے لیے	اور قربانی دیجیے

إِنَّ	شَانِئَكَ	هُوَ	الْأَبْتَرُ.
بیشک	آپ کا دشمن	وہ	دُم کٹا (نامراد) ہے

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

إِنَّآ	أَعْطَيْنٰكَ	الْكَوْثَرَ.
بے شک ہم نے	عطا کیا آپ کو	کوثر

576	أَنْ	أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ
185	أَنَّ	أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ
628	إِنْ	إِنْ شَاءَ اللهُ
960	إِنَّ	إِنَّ اللهَ مَعَ الصَّابِرِيْنَ

2349

جانی اور مالی عبادت

فَصَلِّ	لِرَبِّكَ	وَانْحَرْ.
پس نماز پڑھیے	اپنے رب کے لیے	اور قربانی دیجیے

صلوٰۃ	تمام جانی عبادتوں کی جان
قربانی	مالی عبادتوں میں سے قدیم ترین سنت

کبھی کبھی عنوان کا ذکر کر کے تمام ضمنی چیزیں مراد ہوتی ہیں

گستاخِ رسول کی بدبختی

إِنَّ	شَانِئَكَ	هُوَ	الْأَبْتَرُ.
بیشک	آپ کا دشمن	وہ	دُم کٹا (نامراد) ہے

- ایسا شخص اللہ تعالیٰ سے دشمنی مول لیتا ہے۔

إِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِئِيْنَ. (النحل:95)

"یقین رکھو! ہم تمہاری طرف سے ان لوگوں سے نمٹنے کے لیے کافی ہیں جو تمہارا مذاق اڑاتے ہیں۔"

- ایسا بدبخت برے انجام کا شکار ہوگا۔
- اس کا نام و نشان بھی نہیں رہے گا۔

سُوْرَةُ الْكَافِرُوْن

قُلْ	يٰٓاَيُّهَا	الْكٰفِرُوْنَ.
کہہ دیجیے	اے	کافرو!

يَا	أَيُّهَا	أَيَّتُهَا	يَا أَيُّهَا	يَا أَيَّتُهَا
185	19	1	133	1

339

اے

بعض الفاظ تاکید کے لیے بڑھا دیے جاتے ہیں۔ ان کا الگ سے کوئی معنی نہیں ہوتا

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

ایک اہم سوال...

- کچھ مسلمان کہتے ہیں: "سب غیر مسلم جانتے ہیں کہ اسلام کیا ہے؟ میڈیا اور انٹرنیٹ کے ذریعہ..."
- اس کا جواب: 90% سے زیادہ مسلمان نہیں جانتے کہ قرآن میں کیا ہے؟ پھر دوسروں سے کیسے امید کہ وہ اسلام کے بارے میں جانتے ہوں گے؟
- یہ دعوت کے کام سے جان چراتا ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے مکہ کے قریش کو کتنے سال پیغام پہنچایا؟ 13 سال!! اور ہم نے؟ 13 گھنٹے؟

قرآن سیکھیے، عمل کیجیے اور اس پر عمل کی دعوت دیجیے

لَا	أَعْبُدُ	مَا	تَعْبُدُوْنَ.
نہیں	میں عبادت کرتا	جس کی	تم عبادت کرتے ہو

صاف جواب

إِيَّاكَ نَعْبُدُ
لَا تَعْبُدُوْا إِلَّا إِيَّاهُ

- عقیدے کے معاملے میں کوئی مصالحت نہیں
- عبادت کے تین معنی ہیں:

1- پوجا و پرستش . 2-اطاعت و فرمانبرداری. 3-غلامی.

تینوں معانی میں صرف اللہ ہی کی عبادت ہونا چاہیے.

ایک حرف تین مطلب



احساس کمتری سے جان چھڑائیے!

لَا أَعْبُدُ	مَا	تَعْبُدُوْنَ.
نہیں میں عبادت کرتا	جس کی	تم عبادت کرتے ہو

- آج کے کافر: اسلام کو اتنا بدنام کرنے کی کوشش کہ مسلم پریشان!
- خاص کر اتباعِ سنت اور جہاد فی سبیل اللہ کو!
- پورے ایمان و یقین کے ساتھ اور اس دین پر اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے ذرہ برابر بھی احساس کمتری کے بغیر اسلام پر عمل کیجیے.
- ان کو اس طرح دیکھیے جیسے آپ اندھے یا زہر کھانیوالے کو دیکھتے ہیں.

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

دو رنگی چھوڑ کر یک رنگ ہو جا

وَلَا	أَنتُمْ	عَابِدُونَ	مَا	أَعْبُدُ .
اور نہ	تم	عبادت کرنے والے ہو	جس کی	میں عبادت کرتا ہوں

- وہ عبادت جس میں شرک کی ملاوٹ ہو، اللہ کو ہرگز قبول نہیں.
- سارے مذاہب ایک نہیں ہو سکتے. دوسروں کے نزدیک God کا تصور وہ نہیں جو ہمارے ہاں اللہ رب العزت کا ہے.

"اتحاد بین المذاہب" ہمارے دور کا جدید ترین فتنہ ہے.

نہ آج نہ کل

وَلَا أَنَا	عَابِدٌ	مَّا	عَبَدتُّمْ .
اور نہ میں	عبادت کرنے والا ہوں	جس کی	تم نے عبادت کی

شدّت سے انکار کہ تمہارے معبودوں کی عبادت

- نہ اب (لَا أَعْبُدُ) اور نہ مستقبل میں (وَلَا أَنَا عَابِدٌ)
- نہ موجودہ معبودوں کی (مَا تَعْبُدُونَ) نہ ماضی کے معبودوں کی (مَا عَبَدتُّمْ)

مسلمانوں اور غیر مسلموں کے درمیان معاہدے کا اصول

وَلَا	أَنَا	عَابِدٌ	مَّا	عَبَدتُّمْ .
اور نہ	میں	عبادت کرنے والا ہوں	جس کی	تم نے عبادت کی

ایسا کوئی معاہدہ یا ردیّہ قابلِ قبول نہیں جس سے

1. حق و باطل کا امتیاز ختم ہو جائے.
2. دینِ حق میں شرک یا کفر کی ملاوٹ کر دی جائے.
3. غیر مسلموں کے شعائر کو اختیار کرنا پڑے.

غیر مسلموں کے ساتھ کون سا معاہدہ نہیں ہو سکتا؟

وَلَا	أَنَا	عَابِدٌ	مَّا	عَبَدتُّمْ .
اور نہ	میں	عبادت کرنے والا ہوں	جس کی	تم نے عبادت کی

صرف ایسا معاہدہ یا صلح ہو سکتی ہے جس میں اپنے دین پر قائم رہتے ہوئے منصفانہ بنیادوں پر کچھ اصولی باتیں طے کر لی جائیں. (الانفال:61)

ایسے معاہدے کی پاسداری فرض ہے. الحمدللہ! مسلمانوں کی تاریخ مخالفین کے نزدیک بھی عہد شکنی کے الزام سے پاک و صاف ہے.

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

اتحاد بین المسلمین نہ کہ اتحاد بین المذاہب

لَكُمْ	دِينُكُمْ	وَلِيَ	دِينِ.
تمہارے لیے	تمہارا دین	اور میرے لیے	میرا دین

- مطلب یہ نہیں کہ سارے مذہب برابر.
- نہ ہی ایسا پیغام کہ ہمیں تبلیغ روک دینی چاہیے. کیا محمد ﷺ نے صلح حدیبیہ کے بعد تبلیغ چھوڑ دی تھی؟
- دینی معاملات میں مصالحت (Compromise) کی پیشکش کے جواب میں یہ آیت دو ٹوک جواب ہے.
- کیا میں واقعی اس دین کی قدر کرتا ہوں؟؟؟ کیا میں اس پر عمل کرنے اور اس کو آگے پہنچانے کی کوشش کرتا ہوں؟

سُوْرَةُ النَّصْرِ

إِذَا	جَآءَ	نَصْرُ اللهِ	وَالْفَتْحُ.
جب	آجائے	اللہ کی مدد	اور فتح

إِذَا کے بعد ماضی آئے تو وہ مضارع ہو جاتا ہے

693

جَاءَ	آیا
إِذَا جَاءَ	جب آئے

إِذَا	جَآءَ	نَصْرُ اللهِ	وَالْفَتْحُ.
جب	آجائے	اللہ کی مدد	اور فتح

92

اشتقاقی ترجمہ

نصرت: مدد

ناصر، منصور، نصرتِ الٰہی، غیبی نصرت

- ہم صرف کوشش کرتے ہیں. اللہ کی مدد سے ہی ہر چیز ہو سکتی ہے.

اللہ کی مدد اس کے دین کی مدد سے آتی ہے. "إِنْ تَنْصُرُوا اللهَ يَنْصُرْكُمْ." (محمد:7)

إِذَا	جَآءَ	نَصْرُ اللهِ	وَالْفَتْحُ.
جب	آجائے	اللہ کی مدد	اور فتح

29

فَتْحٌ: (1) کھولنا (2) جیت، کامیابی

- نصرت الٰہی فتح و کامیابی کے راستے کھولتی ہے.
- نصرت فتح کا سبب اور فتح نصرت کا نتیجہ ہوتی ہے.
- نصرت الٰہی کے ذریعے کبھی شکست سے حفاظت اور کبھی فتح کا حصول ہوتا ہے.

اشتقاقی ترجمہ: فتح و نصرت، فتح مبین، اسلامی فتوحات، فاتحین اسلام

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

لیول: ا

حصول نصرت کا نسخہ: دعا، احتساب، منصوبہ بندی

إِذَا	جَآءَ	نَصْرُ اللهِ	وَالْفَتْحُ.
جب	آجائے	اللہ کی مدد	اور فتح

- دعا: اے اللہ ہمیں بھی نصرت اور فتح نصیب کر
- احتساب:... ہم نے نصرت کے حصول کے لیے کیا کیا؟
- منصوبہ بندی: (انفرادی اور اجتماعی) تاکہ نصرت و فتح نصیب ہو (اس دن، اس مقام پر کیا کر سکتا ہوں؟) وقت، پیسہ، صلاحیت!

وَرَأَيْتَ	النَّاسَ	يَدْخُلُوْنَ
اور آپ دیکھیں	لوگوں کو	داخل ہو رہے ہیں

فِيْ	دِيْنِ اللهِ	أَفْوَاجًا.
میں (بیچ)	اللہ کے دین	فوج در فوج

- نتیجہ فتح و نصرت کا: دین میں داخلہ
- ہم صرف اس نیت سے فتح چاہتے ہیں کہ لوگوں کی ہدایت کے لیے راستے کھلیں۔
- ہم فتح سے پہلے لوگوں کی ہدایت کیلیے دعوت اور اصلاح کا کام کر رہے ہیں؟

فِيْ	دِيْنِ	اللهِ
میں (بیچ)	دین	اللہ کے

دِيْنٌ	زندگی گزارنے کا طریقہ
دِيْنُ الْإِسْلَامِ	اسلام کے مطابق زندگی گزارنے کا طریقہ صرف عبادات نہیں پورا نظام حیات
مَا دِيْنُكَ؟	قبر کا دوسرا سوال: کیا ہے تمہارا دین... طرز زندگی؟

فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ	وَ	اسْتَغْفِرْ	هُ.
پس پاکی بیان کیجیے	تعریف کے ساتھ	اپنے رب کی	اور	بخشش مانگیے	اس سے

فَ	پس
سَبِّحْ	پاکی بیان کیجیے

48

جوڑی دار
حمد اور تسبیح میں
خاص مناسبت ہے

✓ حمد
خوبیوں کا بیان

✗ تسبیح
خامیوں کی نفی

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ	وَاسْتَغْفِرْهُ
پس پاکی بیان کیجیے	تعریف کے ساتھ	اپنے رب کی	اور اس سے بخشش طلب کیجیے

95

استغفار
مغفرت
مغفور

- ❑ نیک کام میں کمی کوتاہی بھی گناہ ہے
- ❑ ہماری نیکیاں بھی گناہ آلودہ ہیں
- ❑ اخلاص کی کمی، آداب میں کوتاہی

❖ جب نیک کام کی توفیق ملے تو تسبیح، حمد اور استغفار

❖ ہماری تسبیح اور حمد دونوں ناقص، اس پر بھی استغفار

إِنَّهُ	كَانَ 1363	تَوَّابًا.
بے شک وہ	ہے	بہت توبہ قبول کرنے والا

كَانَ کا اصلی معنی: تھا

صرف اللہ کے لیے اس کا مطلب ہے: ہے

اللہ — بہت توبہ قبول کرنے والا

تَابَ: پلٹا تَائِبٌ: پلٹنے والا

تَوَّابٌ: بار بار پلٹنے والا — بہت توبہ کرنے والا

بندہ

باز آ باز آ، ہر آنچہ ہستی باز آ — صد بار گر توبہ شکستی باز آ

سُوْرَةُ اللَّهَبِ

تَبَّتْ	يَدَآ	أَبِي لَهَبٍ	وَّ	تَبَّ.
ٹوٹ گئے	دونوں ہاتھ	ابولہب کے	اور	وہ ہلاک ہوا

مَآ	أَغْنٰى	عَنْهُ	مَالُهٗ	وَمَا	كَسَبَ.
نہ	کام آیا	اس کے	اس کا مال	اور جو	اس نے کمایا

جب بداعمالیوں کا وبال آجائے تو مال و دولت اور اولاد و حمایتی کچھ کام نہیں آتے

سَ	يَصْلٰى	نَارًا	ذَاتَ لَهَبٍ.
عنقریب	وہ داخل ہوگا	آگ میں	شعلے والی

- ❑ عذابِ قبر برحق ہے۔ توبہ نہ کی تو مرتے ہی اس کا سامنا کرنا ہوگا۔
- ❑ کبھی بھی، ہرگز، اپنے انجام سے بے خوف نہیں ہونا چاہیے۔
- ❑ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بے ادبی یا گستاخی کا عذاب دنیا و آخرت میں بہت سخت ہے۔
- ❑ سچی توبہ کیجیے (یعنی گناہ کا اعتراف، اس پر شرمندگی اور دوبارہ نہ کرنے کا پکا ارادہ) اور اس پر قائم رہنے کے لیے نیک لوگوں کی صحبت اختیار کیجیے۔

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

وَ	امْرَأَتُهٗ	حَمَّالَةَ	الْحَطَبِ.
اور	اس کی بیوی	لادنے والی	لکڑی (ایندھن)

اِمْرَأَةٌ + ...

اِمْرَأَتُهٗ
اِمْرَأَتُهُمْ
اِمْرَأَتُكَ
اِمْرَأَتُكُمْ
اِمْرَأَتِيْ
اِمْرَأَتُنَا

حَمْلٌ
حَمَّالٌ
حَمَّالَةٌ

عربی الفاظ کو اشتقاقی ترجمے کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کیا کیجیے

انسانی تعلقات: رحمت بھی، زحمت بھی

فِيْ	جِيْدِهَا	حَبْلٌ	مِّنْ	مَّسَدٍ.
میں (بیچ)	اس کی گردن	رسی	سے	کھجور کی

- مخلوق چاہے شوہر ہو، والدین ہو یا کوئی اور، غلط چیزوں میں ان کی اطاعت جائز نہیں۔
- برے راستے پر چلنے والے کا ساتھ دینے سے انجام برا ہی ہوتا ہے۔
- بعض خواتین آزاد خیالی میں اپنے مردوں سے بھی آگے چلی جاتی ہیں جو نہایت خطرناک روش ہے۔
- میاں بیوی میں سے کوئی ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ لے تو دونوں بچ سکتے ہیں۔ ورنہ...

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ 81

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	أَحَدٌ.
کہہ دیجیے	وہ	اللہ	ایک ہے

وہ اللہ ہے اکیلا

کہہ دیجیے

تبلیغ کیجیے: بہترین انداز سے

اگر دعوت نہ دیں تو اپنا عمل بھی چھوٹ جاتا ہے

صرف اللہ کے لیے

چاروں چیزوں میں کوئی شریک نہیں

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	أَحَدٌ.
کہہ دیجیے	وہ	اللہ	ایک ہے

- اللہ کی ذات میں کوئی شریک نہیں، اس کی کسی سے رشتہ داری نہیں۔
- اللہ کی صفات میں کوئی شریک نہیں (مثلاً کوئی غیب کو نہیں جانتا، کوئی اس کے جیسا سن نہیں سکتا، دیکھ نہیں سکتا، مدد نہیں کر سکتا، وغیرہ۔)
- اللہ کے حقوق میں کوئی شریک نہیں (مثلاً اسی کی عبادت ہو، اسی کے سامنے سر جھکے، وغیرہ۔)
- اللہ کے اختیارات میں کوئی شریک نہیں (مثلاً صرف اسی کا قانون قابلِ قبول ہے)

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

سب اس کے محتاج ہیں	وہ کسی کا محتاج نہیں

اَللّٰهُ	الصَّمَدُ.
اللہ	بے نیاز ہے

- تصوّر کیجیے کہ سارے انسان اور ساری مخلوقات اس کے کرم سے زندہ ہیں اور اسی سے بھیک مانگ رہے ہیں.
- اے اللہ، تو میری ضرورتوں کو پورا کرتا رہا ہے، آگے بھی کر!
- اے اللہ مجھے تو صرف اپنا محتاج بنا، کسی کا محتاج نہ رکھ.

لَمْ يَلِدْ	وَلَمْ يُوْلَدْ.
نہ اس نے (کسی کو) جنا	اور نہ وہ (کسی سے) جنا گیا

بُغدہ (ـْ) اور ہتھوڑی (ـَ): مضارع بمعنی ماضی اور مستقبل

لَمْ — Did not — مضارع: ماضی منفی کے معنی میں

لَنْ — Will never — مضارع: مستقبل منفی کے معنی میں

لَمْ يَلِدْ	وَلَمْ يُوْلَدْ.
نہ اس نے (کسی کو) جنا	اور نہ وہ جنا گیا

معروف	يَلِدُ	اس نے جنا (active voice)
مجہول	يُوْلَدُ	وہ جنا گیا (passive voice)

والدین
اولاد
ولادت
میلاد

- اس آیت کو پڑھتے ہوئے اس پیغام کو 150 کروڑ عیسائیوں تک پہنچانے کی ذمہ داری کو محسوس کیجیے جو یہ غلط عقیدہ رکھتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں.

وَلَمْ يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا	أَحَدٌ.
اور نہیں ہے	اس کا	ہمسر	کوئی

کفاءت اور کفو: ہمسر، ہم پلہ: دولہا دولہن کے جوڑ والا اور برابری کا ورنہ خطرہ ہے ناچاقی کا

لڑکی کا خاندان

لڑکے کا خاندان

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

توحید کا سبق ہمیشہ دہراتے رہیے

وَلَمْ يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا	أَحَدٌ.
اور نہیں ہے	اس کا	ہمسر	کوئی

- دل میں اس کی عظمت ایسے چھائے کہ کوئی بھی دور دور تک نظر ہی نہ آئے
  - نہ ذات میں، نہ صفات میں، نہ حقوق میں اور، نہ اختیارات میں

"آپ کہہ دیجیے! تم پکارو ان کو جنہیں تم نے گمان کیا تھا اللہ کے سوا معبود، نہیں وہ اختیار رکھتے ذرہ برابر بھی آسمان میں اور نہ زمین میں، اور نہیں ہے ان کے لیے ان دونوں میں کوئی حصہ، اور نہیں ہے اس کے لیے ان میں سے کوئی مددگار۔" (سبا:22)

صحابی کا واقعہ

- نماز کی ہر رکعت میں اخلاص پڑھتے پھر کوئی اور سورت...

"مجھے اس سے بہت محبت ہے"

" اس سورت سے تمہاری محبت نے تمہیں جنت میں داخل کر دیا"

- اللہ تو میرا خالق، رازق، رب، سب سے بڑھ کر محسن، 70 ماؤں سے زیادہ محبت کرتا ہے. !!! پھر کیوں نہ میں اس کا ذکر بار بار کروں؟

محبت سے بار بار پڑھیے

اس کے ساتھ توحید پھیلانے کا عزم بھی کیجیے!

سُوْرَةُ الْفَلَقِ

قُلْ	أَعُوْذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ.
کہہ دیجیے	میں پناہ میں آتا ہوں	رب کی	صبح کے

- یاد رہے کہ انسان، فتنوں کے حملوں میں، دن ورات کی آفات میں، بعض شر پسند انسانوں میں، حاسدوں میں، وائرسوں میں، گھرا ہوا ہے.
- اللہ کی عظمت کو محسوس کرتے ہوئے، اس کی ربوبیت کو، جس نے آج تک حفاظت دی ہے، اسی سے درخواست کیجیے کہ آج بھی وہ ہماری حفاظت کرے.

مِنْ شَرِّ	مَا	خَلَقَ.
شر سے	(اس کے) جو	اس نے پیدا کیا

اشتقاقی ترجمہ

شَرٌّ: شرارت، شریر، شر پسند، شر انگیز

خَلَقَ: خالق، مخلوق، زبانِ خلق، خلقِ خدا

- مخلوقات کے شر سے صرف اللہ ہی تحفظ دے سکتا ہے.
- جادو ٹونہ، ناجائز عملیات، غیر شرعی عامل کچھ نہیں کر سکتے.

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

خود آزمائشی امتحان

ایک حرف تین مطلب

مَا

نہیں! کیا؟ جو

No

مَا فِيهِ

نہیں اس میں

What

مَا دِيْنُكَ؟

کیا ہے تمہارا دین؟

That

مَا تَحْتَ

جو نیچے ہو

وَمِنْ شَرِّ	غَاسِقٍ	إِذَا	وَقَبَ.
اور شر سے	اندھیرے کے	جب	وہ چھا جائے

إِذَا کے بعد ماضی آئے تو وہ مضارع ہو جاتا ہے

وَقَبَ: چھا گیا — إِذَا وَقَبَ: جب چھا جائے

حَسَدَ: حسد کیا — إِذَا حَسَدَ: جب حسد کرے

مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ میں سب شر شامل ہیں مگر 3 شرور کا خاص ذکر

1. غَاسِقٌ (اندھیرا)
2. نَفَّاثَاتٌ (جادو گرنیاں)
3. حَاسِدٌ (اندر ہی اندر کڑھنے والا)

تینوں میں ایک چیز مشترک ہے: خفیہ وار۔ انسان کو معلوم نہیں ہوتا کہ وہ شر کے حملے میں ہے (رات کے، جادو کے یا حاسد کے)

اندھیرے کا شر

وَ	مِنْ شَرِّ	غَاسِقٍ	إِذَا	وَقَبَ.
اور	شر سے	اندھیرے کے	جب	چھا جائے

- روزانہ ہر 12 گھنٹے کے بعد رات آتی ہے، رات میں کمانے کا وقت ختم ہو جاتا ہے، انسان نسبتاً فارغ ہوتا ہے۔ خالی دماغ، شیطان کا کارخانہ بن سکتا ہے۔
- رات کے وقت اکثر غلط چیزیں اور شر و فتنے، جیسے خراب ٹی وی پروگرام، سینما، کلب، بدکاریاں، وغیرہ زیادہ ہوتی ہیں۔
- دشمن کے حملے رات میں آسان ہوتے ہیں۔ سورۂ اخلاص و معوذتین اپنے اوپر دم کر کے سونا مسنون عمل ہے جو حصار کا کام دیتا ہے۔

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

لیول: ا

وَمِنْ شَرِّ	النَّفَّاثَاتِ	فِي الْعُقَدِ.
اور شر سے	پھونکیں مارنے والیوں کے	گرہوں میں

I	II	+
نَفَّاثَةٌ	نَفَّاثَتَانِ	نَفَّاثَاتٌ
پھونک مارنے والی جادوگرنی	عورتوں میں وہم، حسد اور جادو بہت پایا جاتا ہے	جادو ٹونا حرام ہے بعض صورتوں میں شرک اور کفر بھی ہے

جادو مسلمہ حقیقت ہے، لیکن غیر شرعی علاج اس کا حل نہیں

وَمِنْ شَرِّ	النَّفَّاثَاتِ	فِي الْعُقَدِ.
اور شر سے	پھونکیں مارنے والیوں کے	گرہوں میں

وہم نہ کریں اور نہ غیر شرعی عاملوں پر بھروسہ کریں:

- ہمارے بعض خاندانوں میں ایک بڑا مسئلہ: یہاں مت کھاؤ، وہاں مت پیو، کچھ بھی ہو جائے گا. یہ سورت اس کا بہترین علاج ہے.
- جادو ایک سخت آزمائش، اچھے خاصے لوگوں کا عقیدہ ڈگمگانے لگتا ہے اور وہ اس کے توڑ کی خاطر غلط کام کرنے لگتے ہیں.
- ایک اور قسم کے پھونکنے والے بھی ہیں جو روزانہ ہم میں سے ہر ایک کے سر پر رات میں 3 گانٹھ باندھتے ہیں!!! یعنی شیطان!

وَمِنْ شَرِّ	النَّفَّاثَاتِ	فِي الْعُقَدِ.
اور شر سے	پھونکیں مارنے والیوں کے	گرہوں میں

I	+
عُقْدَةٌ	عُقَدٌ
گرہ	گرہیں
عَقْدِ نِكَاح	شادی کی گرہ
عَقْدِ بَيْع	سودے کی گرہ

شیطان کی لگائی گئی تین گرہیں

وَمِنْ شَرِّ	النَّفَّاثَاتِ	فِي الْعُقَدِ.
اور شر سے	پھونکیں مارنے والیوں کے	گرہوں میں

أَبُوْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ سے روایت ہے کہ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: ”شیطان تم میں سے ہر ایک کی گُدی پر (سر کے آخری حصہ پر) جب وہ سوتا ہے، تین گرہیں لگا دیتا ہے، ہر گرہ پر وہ منتر پڑھتا ہے: ”تیرے لیے رات بہت لمبی ہے، پس خوب سو!“ ...

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

اگر وہ...

وَمِنْ شَرِّ	النَّفَّاثَاتِ	فِي الْعُقَدِ.
اور شر سے	پھونکیں مارنے والیوں کے	گرہوں میں

...اگر وہ بیدار ہو کر اللہ کا ذکر کرتا ہے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے، پھر اگر وہ وضو بھی کرلے تو ایک گرہ اور کھل جاتی ہے، پھر اگر اس نے نماز بھی پڑھی تو تمام گرہیں کھل جاتی ہیں اور وہ صبح اس حال میں کرتا ہے کہ وہ ہشاش بشاش اور پاکیزہ نفس ہوتا ہے، ورنہ اس کی صبح اس حال میں ہوتی ہے کہ وہ خبیث النفس اور سُست ہوتا ہے۔" (بخاری، مسلم)

وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ	إِذَا حَسَدَ.
اور شر سے	حسد کرنے والے کے	جب وہ حسد کرے

حسد: کوئی شخص یہ چاہے کہ جو نعمت دوسرے کو ملی ہے، وہ اس سے چھن جائے اور مجھے مل جائے، یا کم از کم اس سے چھن جائے۔

رشک: کوئی شخص یہ چاہے کہ جو نعمت دوسرے کو ملی ہے، وہ مجھے بھی مل جائے۔

"حسد حرام ہے اور رشک جائز"۔

حسد: سبب، دفاع اور علاج

وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ	إِذَا	حَسَدَ.
اور شر سے	حسد کرنے والے کے	جب	وہ حسد کرے

- **حاسد کون:** "موچی موچی سے حسد کرتا ہے"۔ یعنی عام طور پر ساتھیوں ہی میں حسد ہوتا ہے۔ اس کا سبب کم ظرفی... اور رضا بالقضا نہ ہونا ہے۔
- **حاسد کا شر:** حاسد آپ کا نام خراب کرے گا یا نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گا۔
- **حسد سے دفاع:** یہ سورت پڑھیے اور دعا کیجیے: اللہ ہمیں حاسد کے شر سے بچائے۔
- **حسد کا علاج:** اپنے بھائی کے لیے دعا کیجیے، غائبانہ طور پر... آپ کو بھی ملے گا!

سُوْرَةُ النَّاسِ

قُلْ	أَعُوْذُ	بِرَبِّ النَّاسِ.
کہہ دیجیے	میں پناہ میں آتا ہوں	لوگوں کے رب کی

رب: ہر ایک کے جسم کے، ذرے ذرے کو، پل پل پرورش کرنے والا

- **لوگوں کا رب:** 700 کروڑ لوگوں کا... آدم علیہ السلام سے آج تک، اور قیامت تک...
- بارش برسانا، کھیتیاں اگانا، سورج اور زمین کی گردش کا، موسموں کا انتظام، سب کچھ کرنیوالا، سب کا خیال رکھنے والا۔

لیول: ا

مَلِكِ النَّاسِ	إِلٰهِ النَّاسِ.
لوگوں کے بادشاہ کی	لوگوں کے معبود کی

88

تین ملتے جلتے لفظ

مَلِكٌ (مُلُوكٌ)	بادشاہ
مَلَكٌ (مَلَائِكَةُ)	فرشتہ
مَالِكٌ (مُلَّاكٌ)	مالک

جس کا کھائیں اسی کا گائیں

مَلِكِ النَّاسِ.

لوگوں کے بادشاہ کی

- رب وہی، تو بادشاہ بھی اسی کو ہونا چاہیے۔ بادشاہ وہی جس کا قانون چلے۔
- میں روزانہ اس کی بادشاہت کی آیات تلاوت کرتا ہوں، لیکن جب لوگ اللہ کے قانون کو ہٹا دیتے ہیں تو مجھے ذرا بھی غیرت نہیں آتی؟
- اے اللہ! مجھے توفیق دے تجھے سچا بادشاہ ماننے کی، یعنی تیرے ہی قانون کو ماننے کی توفیق دے۔

کیا جواب دوں گا؟

مَلِكِ النَّاسِ.

لوگوں کے بادشاہ کی

- یاد رکھیے! اللہ کے قانون کو ہٹانے والے جماعتیں، گروپس اور پارٹیز بنا کر کام کر رہے ہیں۔ اگر میں اکیلا رہتا ہوں اور ان گروپس کا ساتھ نہیں دیتا جو اللہ کے قانون کو نافذ کرنے کے لیے مل کر محنت کر رہے ہیں تو کل میں اللہ کے سامنے کیا جواب دوں گا؟؟؟ کہ میں پوری تجوید کے ساتھ تلاوت کرتا رہا؟ قرآن شریف کی گرامر سیکھتا رہا؟

سچا معبود ماننے کا تقاضا

إِلٰهِ النَّاسِ

لوگوں کے معبود کی

- سچا معبود بھی وہی ہے، مصیبت کے وقت لوگ اسی کو پکارتے ہیں، چاہے اس کا کتنا ہی انکار کریں۔
- مجھ کو اس بات کی توفیق دے کہ تجھی کو سچا معبود مانوں، تیری ہی پرستش اور اطاعت کروں (شیطان اور اپنے نفس کی بات ماننے سے بچوں)۔
- "کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنے نفس کو "إِلٰه" بنالیا ہو؟" (الفرقان:43)

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

مِنْ شَرِّ	الْوَسْوَاسِ	الْخَنَّاسِ.
شر سے	وسوسہ ڈالنے والے کے	پیچھے ہٹ جانے والے کے

شَرّ: 1- برائی، تکلیف 2- برائی یا تکلیف کا سبب
(چاہے وہ دیکھنے میں اچھا ہو، جیسے بعض گناہ)

وَسْوَسَہ: ایسے طریقے سے دل میں کوئی بُری بات ڈالنا کہ محسوس بھی نہ ہو۔ (NLP)

(ہیجان انگیز اشتہارات کی تکنیک: neuro linguistic programming)

اَلْوَسْوَاسِ: بار بار وسوسہ ڈالنے والا

اَلْخَنَّاسِ: 1- ظاہر ہونے کے بعد چھپنے والا . 2- (ذکرِ قلبی سے) ڈر کر پیچھے ہٹ جانے والا

مِنْ شَرِّ	الْوَسْوَاسِ	الْخَنَّاسِ.
شر سے	وسوسہ ڈالنے والے کے	پیچھے ہٹ جانے والے کے

انسان ہمیشہ دو میں سے ایک حالت میں ہوتا ہے

ذاکر — جب آپ اللہ کی طرف متوجہ ہوں

یا

غافل — جب آپ کی توجہ اللہ سے ہٹ جائے

شیطان ہمیشہ ان دو میں سے ایک حالت میں ہوتا ہے

وَسْوَاسٌ — جب آپ اللہ کو بھول جائیں

یا

خَنَّاسٌ — جب آپ اللہ کو یاد کریں

الَّذِیْ	یُوَسْوِسُ	فِیْ صُدُوْرِ	النَّاسِ.
جو	وسوسہ ڈالتا ہے	سینوں میں	لوگوں کے

واحد	تثنیہ	جمع مکسر	
صَدْرٌ	صَدْرَانِ	صُدُوْرٌ	44
I	II	+	
اِنْسَانٌ	اِنْسَانَانِ	اُنَاسٌ	300
کِتَابٌ	کِتَابَانِ	کُتُبٌ	263

شیطان: انتہائی کھلا اور بہت چھپا دشمن

اس کا ایک ہی علاج ..... اللہ کا ذکر، اس کی پناہ

- وسوسہ ڈالتے وقت انسان کے دل کی توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھ کر (ذکرِ قلبی یا توجہ قلبی) فوراً ڈر کر پیچھے ہٹ جانے والا
- اللہ کے ذکر کی اہمیت کو محسوس کیجیے، اس سے شیطان "خنّاس" ہو جاتا ہے۔
- شیطان کا صرف ایک ہی علاج ہے: "اللہ کی پناہ" اس کے ذکر کے ذریعے۔

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

برائی کا سفر: پہلے قدم سے ہی لوٹ آیئے

وَسْوَسَة ← نِيَّة ← عَمَل

پہلا قدم

دوسرا قدم

تیسرا قدم

اہلِ اللہ، متبعِ سنت علماء و مشائخ کی صحبت سے دل میں وہ نور اور تقویٰ پیدا ہوتا ہے جس سے گناہوں سے نفرت ہو جاتی ہے۔

بار بار کرنے سے عادت، عادت پھر انجام تک لے جاتی ہے ← ایسا شخص پہلے شیطان کا بھائی پھر نمائندہ

دل کے داغ اور ان کا علاج

الَّذِیْ	یُوَسْوِسُ	فِیْ صُدُوْرِ	النَّاسِ.
جو	وسوسہ ڈالتا ہے	دلوں میں	لوگوں کے

- شیطان کوشش کرتا ہے سینے میں وسوسہ ڈالنے کی
- سینہ دل کا آنگن، چور (شیطان) کا حملہ آنگن (سینہ) سے شروع
- اگر دل اللہ کے ذکر سے زندہ اور مضبوط ہو تو شیطان پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ ورنہ انسان اس کے حملے کی زد میں آکر گناہ کرتا ہے اور اس کا دل سیاہ ہونے لگتا ہے
- قرآن کریم: "شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ" (یونس:57)

جناتی اور انسانی شیطان

مِنَ الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ.
جنوں میں سے	اور انسانوں میں سے

جناتی شیطان: ہر ایک کے ساتھ ایک جن (شیطان) ہے، وہ ایک بدترین بدمعاش دشمن کی طرح مسلسل حملے کرنے کی کوشش میں ہے۔ اپنے جن کی موجودگی کا احساس رکھیے۔

انسانی شیطان: انسانی شیطان کون؟؟؟ ہر وہ دوست یا گروپ جہاں اسلام کے بارے میں شکوک والی یا گناہوں پر اکسانے کی بات ہوتی ہو، وہ شیطانوں کی مجلس ہے۔ کیا ہمارا میڈیا، ٹی وی، انٹرنیٹ، اخبارات، رسالے ان سے بھرے ہوئے نہیں؟ ایسے انسانوں سے بھی اللہ کی پناہ مانگنی چاہیے۔

نظامِ تعلیم اور نظامِ معیشت کو بگاڑنے والے

- ہمارا نظام تعلیم جو غیروں کے طرز پر کام کر رہا ہے، جس میں فطرت (nature) کو اور ڈارون کو زیادہ اہمیت ہے، جس میں سائنس خدا ہے اور خدا کا کوئی رول نہیں! مسلسل کام کر کے ہمارے بچوں کو دہریے بنا رہا ہے!
- معاشیات کے میدان میں بے شمار لوگ ملیں گے جو کہیں گے کہ اس دور میں سود کے بغیر کام نہیں ہو سکتا، یا آیئے! شیئر مارکیٹ میں بغیر کسی تمیز کے حصّے لیجیے۔ شیطانی معاشیات کے طاقتور ڈھانچے، طاقتور بینکس اور حکومتیں اور ان کے پیچھے بڑے بڑے اسکالرز!!

مِنَ الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ.
جنوں میں سے	اور انسانوں میں سے

ترقی یافتہ برقی شیطان: پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا

- مغرب زدہ میڈیا غیر محسوس طریقہ پر اسلامی قدروں پر حملے کرتا رہتا ہے۔
- Entertainment industry کا اکثر حصہ طرح طرح سے، کبھی فیشن، کبھی صحت، کبھی تعلیم اور اکثر اوقات تفریح کے نام پر اسلامی اقدار کو، خصوصاً شرم وحیا کے احساس کو ہمارے معاشرے سے آہستہ آہستہ ختم کرنا چاہتا ہے۔

اس کے شر سے بچنے کی تدابیر کیجیے: دینی تعلیم، علما سے ربط، مشائخ کی صحبت

ایک دلچسپ تقابل

سورۃ الفلق

ایک صفت، 3 خاص شرور کا ذکر

ان کا نقصان: اکثر صرف دنیا ہی میں!

ایک صفت

رَبُّ الْفَلَق

تین شر

غَاسِق: اندھیرا

نفّاثات: پھونکنے والی جادو گرنیاں

حَاسِد: حاسد

سورۃ الناس

3 صفت اور ایک شر کا ذکر

اس کا نقصان: زیادہ تر آخرت کا!

ایک شر

شیطانی وسواس

تین صفات

رَبِّ النَّاس: پروردگار

مَلِكِ النَّاس: بادشاہ

اِلٰهِ النَّاس: معبود

لیول I کا خلاصہ

کل اسباق	درکار گھنٹے
20	40

پہلے آٹھ اسباق	70 ضمائر (چار اسباق میں مذکر اور چار میں مؤنث کی ضمائر) pronouns
دوسرے آٹھ اسباق	6 گردانیں (ماضی مضارع، امر نہی، اسم فاعل اسم مفعول) Verb
اگلے دو اسباق	اسمائے اشارہ واسمائے موصولہ demonstrative and Relative pronouns
آخری دو اسباق	پچھلے اسباق کا اعادہ Revision

"قرآنی عربی کورس": ایک نظر میں

لیول:1	قواعد القرآن (ابتدائی)	Elementary
لیول:2	قواعد القرآن (ثانوی)	Intermediate
لیول:3	قواعد القرآن (اعلی)	Advance
معاون کتاب	الفاظ القرآن (قرآنی الفاظ کی انوکھی اور دلچسپ لغت)	vocabulary

لیول:3

اسباق:60

گھنٹے:120

مدت:6 مہینے

* روزانہ ایک گھنٹی بنیاد پر

پڑھنے کی ترتیب..... دائیں سے بائیں

آخری نصیحت بلکہ وصیت

قرآن شریف کی صرف عربی گردان پڑھ لینا کافی نہیں، معنی سمجھنا بھی ضروری ہے۔

صرف معنی یاد کر لینا کافی نہیں، اپنے کردار کو اس میں ڈھالنا بھی ضروری ہے۔

خدارا! صرف لفظ و معنی تک محدود نہ رہیے، ہر گردان اور ہر آیت میں چھپے مفہوم کو اپنے نظریہ و کردار میں اتارنے کی کوشش کیجیے۔

لفظوں کے شناور عمل کی دنیا میں پیچھے رہ گئے تو امت ترقی نہ کر سکے گی۔

لیول: 2

قواعدالقرآن

ثانوی: Intermediate

اس لیول میں : چار خاص افعال

- دگنے حروف والا فعل ← مضاعف
- ہمزہ والا فعل ← مہموز
- کمزور حروف (حروفِ علّت) والا فعل ← معتل
- اضافی حروف والا فعل ← ثلاثی مزید

اس لیول میں : فعل کی چار خاص اقسام

مضاعف	دگنے حروف والا فعل وہ فعل جس میں کوئی حرف دو مرتبہ ہو
مہموز	ہمزہ والا فعل وہ فعل جس میں کوئی حرف ہمزہ ہو
معتلّ	کمزور حروف (واو، الف، ی) والا فعل وہ فعل جس میں کوئی حرف کمزور ہو
ثلاثی مزید	اضافی حروف والا فعل وہ فعل جس میں تین اصلی حروف (فَعَلَ) کے علاوہ اضافی حروف ہوں

لیول 2: ثانوی قواعد
Intermediate

فعلِ مُضَاعف

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 1

سمجھنا آسان

أَفَ	لَا يَتَدَبَّرُونَ	الْقُرْآنَ	أَمْ	عَلَىٰ قُلُوبٍ	أَقْفَالُهَا
تو کیا	نہیں وہ غور کرتے؟	قرآن	یا	دِلوں پر	ان کے تالے۔ (محمد-24)

اس سبق میں

دگنے حروف والا فعل : مضاعف

قرآن کریم میں مضاعف کے افعال: 99، کل استعمال: 2013

لیکن پہلے اعادہ

دوسرا حصہ پہلے حصے کی طرح

پوری توجہ، دھیان اور شوق سے سیکھیے

- سارے دماغ کا استعمال
- سارے حواس کا استعمال
- سارے وجود کا استعمال
- شیطان کو بیچ میں مت آنے دیجیے!

دماغی ریاضت اور مشق

ایک گہری سانس لیں اور پوری توجہ اور دھیان سے مشق کریں

اعادہ

الفاظ کی تین قسمیں

اِسم (Noun) — کسی کا نام (کتابٌ، مکّة) یا صفت (مُسْلِمٌ، مُؤْمِنٌ)

فِعْل (Verb) — جس سے کسی کام کے ہونے یا کرنے کا پتہ چلے (نَصَرَ، فَتَحَ)

حَرْف (Letter) — جو اسموں اور فعلوں کو ملائے (بِ، لِ، مِنْ، فِي، إِنَّ)

عربی زبان میں دو طرح کے فعل

فِعْل مَاضِي : جو ہو گیا — Present tense

فِعْل مُضَارِع : جو ابھی تک نہیں ہوا - ہو رہا ہے یا ہو گا — Present/Future tense

12

373 Verb فعل

- عربی میں اکثر فعل 3 حروف سے بنتے ہیں، جیسے: فَعَلَ
- ان میں چار باب بنیادی ہیں:

58	129	153	33
ضَرَبَ	نَصَرَ	سَمِعَ	فَتَحَ
يَضْرِبُ	يَنْصُرُ	يَسْمَعُ	يَفْتَحُ

نیا سبق

مضاعف

وہ فعل جس میں کوئی حرف دو مرتبہ ہو

99 الفاظ

فعلِ مضاعف

2013 استعمالات

وہ فعل جس میں کوئی حرف دو مرتبہ ہو

عربی میں جب دو ایک جیسے حرف اکٹھے آئیں تو ان کو ایک کر کے ان پر تشدید ڈال دی جاتی ہے۔ اس سے الفاظ میں معمولی سی تبدیلی آ جاتی ہے۔

118	عَزَزَ = عَزَّ	20	ذَلَلَ = ذَلَّ
33	مَرَرَ = مَرَّ	8	هَمَمَ = هَمَّ

وَتُعِزُّ	مَنْ	تَشَآءُ	وَتُذِلُّ	مَنْ	تَشَآءُ (آل عمران: 26)
اور عزت دیتا ہے	جس کو	تو چاہتا ہے	اور ذلت دیتا ہے	جس کو	تو چاہتا ہے

وَإِذَا	مَرُّوْا	بِاللَّغْوِ	مَرُّوْا	كِرَامًا (الفرقان: 72)
اور جب وہ	گزرتے ہیں	لغو چیز کے پاس سے	تو گزر جاتے ہیں	وقار کے ساتھ

وَلَقَدْ	هَمَّتْ	بِهٖ	وَهَمَّ	بِهَا (یوسف: 24)
اور بے شک	ارادہ کرلیا تھا	اس کا	اور اس نے بھی ارادہ کرلیا تھا	اس کا

99 الفاظ — مضاعف: دگنے حروف والا فعل — 2013 استعمالات

نئے الفاظ کا معنی یاد کیجیے اور ہر حرف اور لفظ کا "اجرا" اور "تقطیعی" ترجمہ کیجیے

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
حَقَّ	ثابت ہونا	281	وَيُحِقُّ الْقَوْلُ عَلَى الْكَافِرِيْنَ. (یس: 70)	اور ثابت ہو جائے بات کافروں پر
صَدَّ	روکنا	42	لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ. (3:99)	کیوں روکتے ہو تم اللہ کے راستے سے؟
غَرَّ	دھوکا دینا	27	فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا. (لقمان: 33)	پس نہ دھوکے میں ڈالے تم کو دنیا کی زندگی
دَلَّ	رہنمائی کرنا	7	هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ. (الصف: 10)	کیا میں رہنمائی کروں تمہاری ایسی تجارت کی طرف
شَدَّ	مضبوط کرنا	101	إِذَا أَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ. (محمد: 4)	جب تم انہیں اچھی طرح مار کر ڈالو تو مضبوطی سے باندھو

مکرر حرف والے فعل کو پہچانیے اور آیت کا مکمل اجرا کیجیے

81

بَثَّ	خَرَّ	مَنَّ	قَصَّ	تَبَّ
8	12	28	30	3
پھیلانا	گرنا	احسان کرنا	بیان کرنا	برباد ہونا

وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ. (البقرة: 164)	اور پھیلا دیے اس (زمین) میں ہر قسم کے جانور
وَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا. (الأعراف: 143)	اور گر پڑے موسیٰ بے ہوش ہو کر
لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ. (آل عمران: 164)	بے شک احسان کیا اللہ نے مؤمنوں پر
وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ. (القصص: 25)	اور بیان کیے اس کے سامنے سارے قصے
تَبَّتْ يَدَآ أَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ. (اللهب: 1)	برباد ہوئے ہاتھ ابولہب کے اور وہ خود بھی برباد ہوا

187

ظَنَّ	مَدَّ	عَدَّ	مَسَّ	غَضَّ
69	20	35	59	4
گمان کرنا	بڑھانا	گننا	چھونا	نیچے رکھنا

إِنْ نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا. (الجاثیہ: 32)	نہیں گمان کرتے ہم مگر یوں ہی سا گمان
وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا. (مریم: 79)	اور بڑھا دیں گے ہم اس کے لیے عذاب مزید
إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا. (مریم: 84)	بے شک ہم گن رہے ہیں ان کے لیے گنتی
لَا يَمَسُّهٗ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ. (الواقعة: 79)	نہیں چھوتے اس کو مگر پاکیزہ لوگ
قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ أَبْصَارِهِمْ. (النور: 30)	کہہ دو ایمان والوں سے نیچی رکھیں اپنی نگاہیں

چند مشہور قرآنی آیات

فعلِ مضاعف کو پہچانیے

اور

ترجمہ کے ساتھ عبرت و نصیحت اخذ کرنے کی کوشش کیجیے

تنازعات کا فیصلہ کس بنیاد پر؟

فَإِنْ	تَنَازَعْتُمْ	فِي شَيْءٍ
پس اگر	تمہارا اختلاف ہو جائے	کسی چیز کے بارے میں

فَرُدُّوْهُ	إِلَى	اللهِ	وَ	الرَّسُوْلِ.
تو لوٹا دو اس کو	طرف	اللہ کے	اور	رسول کے

(النساء: 59)

ماننے اور نہ ماننے کا فائدہ اور نقصان

مَنِ	اهْتَدَى	فَإِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهِ
جس نے	ہدایت کا راستہ اختیار کیا	تو بے شک	وہ ہدایت کا راستہ اختیار کرے گا	اپنے فائدے کے لیے

وَمَنْ	ضَلَّ	فَإِنَّمَا	يَضِلُّ	عَلَيْهَا.
اور جو	گمراہ ہوا	تو بے شک	گمراہ ہوگا	اپنے نقصان کے لیے

(بنی اسرائیل: 15)

دشمن کی چالوں کا مقابلہ کیسے؟

وَإِنْ	تَصْبِرُوْا	وَ	تَتَّقُوْا
اور اگر	تم ثابت قدم رہو	اور	تقویٰ اختیار کرو

لَا	يَضُرُّكُمْ	كَيْدُهُمْ	شَيْئًا.
تو نہیں	نقصان پہنچائے گی تمہیں	ان کی چال	کچھ بھی

(آل عمران: 120)

قیامت کی ہولناکیاں

إِذَا	رُجَّتِ	الْأَرْضُ	رَجًّا.
جب	جھنجوڑی جائے گی	زمین	زوردار طریقے سے
وَّ	بُسَّتِ	الْجِبَالُ	بَسًّا.
اور	چورا کردیا جائے گا	پہاڑ	چورا چورا

(الواقعة:4,5)

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

مضاعف سیکھا جو قرآن شریف میں 2013 مرتبہ آیا ہے

آپ اس طرح کے افعال کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے معنی سمجھنے کی کوشش کریں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

"تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے"

اللہ نے جب اس مبارک تعلیم میں ہمیں شامل ہونے کی توفیق دی تو اس انتخاب پر شکر ادا کیجیے اور دعا کیجیے کہ اللہ تعالی اسے ہمیشہ جاری رکھنے کی توفیق دے۔

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ. سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ.
نَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ. نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوبُ إِلَيْكَ.

گھر کا کام

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

خود تشخیصی جائزہ

آج کی تلاوت سے

لیول 2: ثانوی قواعد
Intermediate

مہموز

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 2

اس سبق میں

ہمزہ والا فعل : مہموز

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ — اس لیول میں : چار خاص افعال

- دگنے حروف والا فعل ← مضاعف
- ہمزہ والا فعل ← مہموز
- کمزور حروف (حروفِ علّت) والا فعل ← معتل
- اضافی حروف والا فعل ← ثلاثی مزید

اس لیول میں : فعل کی چار خاص اقسام

مضاعف	دگنے حروف والا فعل وہ فعل جس میں کوئی حرف دو مرتبہ ہو
مہموز	ہمزہ والا فعل وہ فعل جس میں کوئی حرف ہمزہ ہو
معتلّ	کمزور حروف (واو، الف، ی) والا فعل وہ فعل جس میں کوئی حرف کمزور ہو
ثلاثی مزید	اضافی حروف والا فعل وہ فعل جس میں تین اصلی حروف (فَعَلَ) کے علاوہ اضافی حروف ہوں

فعلِ مضاعف

99 الفاظ — 2013 استعمالات

وہ فعل جس میں کوئی حرف دو مرتبہ ہو

عربی میں جب دو ایک جیسے حرف اکٹھے آئیں تو ان کو ایک کر کے ان پر تشدید ڈال دی جاتی ہے۔ اس سے الفاظ میں معمولی سی تبدیلی آجاتی ہے۔

118	عَزَزَ = عَزَّ	20	ذَلَلَ = ذَلَّ
33	مَرَرَ = مَرَّ	8	هَمَمَ = هَمَّ

نیا سبق

مہموز

وہ فعل جس میں ہمزہ ہو

قرآن کریم میں مہموز کے افعال: 62، کل استعمال: 3085

62 افعال

مہموز

3085 استعمالات

وہ فعل جس کا کوئی ایک حرف ہمزہ ہو

اس فعل کے امر میں کبھی ہمزہ غائب ہو جاتا ہے جس سے امر کی گردان میں تھوڑی سی تبدیلی آجاتی ہے:

امر

أَخَذَ	يَأْخُذُ	خُذْ
سَأَلَ	يَسْأَلُ	سَلْ

مہموز کی تین قدرتی اقسام

ہمزہ پہلے حرف میں بھی ہو سکتا ہے، دوسرے میں بھی اور تیسرے میں بھی.
اس طرح ہمزہ والے فعل کی خود بخود تین قسمیں ہو جاتی ہیں.

مہموز الفا	مہموز العین	مہموز اللام
أَكَلَ	سَئَلَ	قَرَءَ

مہموز کی تین اقسام

وہ فعل جس میں ہمزہ ہو، اس کی تین قسمیں ہیں

مہموز الفا

وہ لفظ جس کا پہلا حرف "ء" ہو ← أَمِنَ: وہ مامون ہوا

مہموز العین

وہ لفظ جس کا دوسرا حرف "ء" ہو ← يَئِسَ: وہ مایوس ہوا

مہموز اللام

وہ لفظ جس کا تیسرا حرف "ء" ہو ← قَرَأَ: اس نے پڑھا

مہموز الفا

39 افعال | 2420 استعمالات

وہ لفظ جس کا پہلا حرف "ء" ہو

112 أَكَلَ : اس نے کھایا

51 أَخَذَ : اس نے لیا

231 أَمَرَ : اس نے حکم دیا

مہموز العین

9 افعال | 453 استعمالات

وہ لفظ جس کا دوسرا حرف "ء" ہو

270 رَأَى : اس نے دیکھا

120 سَأَلَ : اس نے پوچھا

3 سَئِمَ : وہ اُکتا گیا

مہموز الفا: أَكَلَ . أَخَذَ . أَمَرَ

2420

لَئِنْ	أَكَلَ	هُ	الذِّئْبُ. (یوسف:14)
اگر	کھایا	اس کو	بھیڑیے نے

فَأَخَذَ	هُمُ	اللهُ	بِذُنُوبِهِمْ. (آل عمران:11)
سو پکڑا	ان کو	اللہ نے	ان کے گناہوں کی وجہ سے

أَمَرَ	رَبِّي	بِالْقِسْطِ. (الأعراف:29)
حکم دیا	میرے رب نے	انصاف کا

مہموز العین: رَأَى . سَأَلَ . سَئِمَ

393

وَرَأَى	الْمُجْرِمُونَ	النَّارَ. (الکھف:53)
اور دیکھا	مجرموں نے	آگ کو

سَأَلَ	سَائِلٌ	بِعَذَابٍ	وَّاقِعٍ. (المعارج:1)
پوچھا	پوچھنے والے نے	اس عذاب کے بارے میں	جو واقع ہونے والا ہے

لَا يَسْأَمُ	الْإِنْسَانُ	مِنْ دُعَاءِ الْخَيْرِ. (فصلت:49)
نہیں اُکتاتا	انسان	بھلائی کی دعا سے

14 افعال

212 استعمالات

مہموز اللام

وہ لفظ جس کا تیسرا حرف "ء" ہو

12 بَدَأَ : اس نے ابتدا کی

87 قَرَأَ : اس نے پڑھا

4 دَرَأَ : اس نے دور کیا

مہموز اللام: بَدَأَ . قَرَأَ . دَرَأَ

103

بَدَأَ	خَلْقَ	الْإِنْسَانِ	مِنْ طِيْنٍ. (السجدة:7)
شروع کی	پیدائش	انسان کی	مٹی سے
اِقْرَأْ	بِاسْمِ	رَبِّكَ. (العلق:1)	
پڑھو	ساتھ نام	اپنے رب کے	
فَادْرَءُوْا	عَنْ أَنْفُسِكُمُ	الْمَوْتَ. (العلق:1)	
پس دور کرو	اپنی جانوں سے	موت کو	

مہموز الفا کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں، اس کا مکمل اجرا کیجیے

2420

آیت	ترجمہ
مَنْ أَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ. (الشعراء:89)	جو آیا اللہ کے پاس سلامتی والا دل لے کر
وَقَدْ أَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ. (الحديد:8)	اور بے شک اس نے لیا ہے پکا وعدہ تمہارا
مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ. (النبأ:38)	جس کو اجازت دی ہو رحمٰن نے
يَأْكُلُ مِمَّا تَأْكُلُوْنَ مِنْهُ. (المؤمنون:33)	وہ کھاتا ہے اس میں سے، تم کھاتے ہو جس میں سے
خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ. (الأعراف:199)	لازم پکڑ و درگزر کو اور حکم دو اچھی بات کا

مہموز العین کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں، اس کا مکمل اجرا کیجیے

453

آیت	ترجمہ
فَلَمَّا رَأَى الْقَمَرَ بَازِغًا. (الأنعام:77)	پس جب اس نے دیکھا چاند کو چمکتا ہوا
لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُوْنَ. (الانبياء:23)	اس سے نہیں پوچھا جا سکتا اس بارے میں جو وہ کرتا ہے اور ان سے پوچھا جائے گا
إِنِّيْ رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا. (يوسف:4)	بے شک میں نے دیکھا گیارہ ستاروں کو
لَا تَجْأَرُوا الْيَوْمَ. (المؤمنون:65)	آج اونچی آواز سے نہ بولو
وَهُمْ لَا يَسْأَمُوْنَ. (فصلت:38)	اور وہ نہیں اکتاتے

212 مہموز اللام کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں، اس کا مکمل اجرا کیجیے

آیت	ترجمہ
اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ. (الروم: 11)	اللہ ابتدا کرتا ہے پیدائش کی
وَإِذَا قُرِءَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهُ. (الأعراف: 204)	اور جب پڑھا جائے قرآن تو اسے غور سے سنو
اِخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ. (المؤمنون: 108)	ذلیل ہو کر پڑے رہو اس (جہنم میں) اور بات نہ کرو مجھ سے
وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ. (الرعد: 22)	اور وہ دفع کرتے ہیں نیکی سے برائی کو
فَاسْأَلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتَابَ. (یونس: 94)	پس پوچھ لیں ان لوگوں سے جو پڑھتے ہیں کتاب

چند مشہور قرآنی آیات

فعلِ مہموز کو پہچانیے

اور

ترجمہ کے ساتھ عبرت و نصیحت اخذ کرنے کی کوشش کیجیے

امت مسلمہ کی فضیلت اور فرض

كُنْتُمْ	خَيْرَ أُمَّةٍ	أُخْرِجَتْ	لِلنَّاسِ	تَأْمُرُوْنَ
تم ہو	بہترین امت	جو نکالے گئے ہو	لوگوں کے فائدے کے لیے	حکم دیتے ہو

بِالْمَعْرُوْفِ	وَتَنْهَوْنَ	عَنِ الْمُنْكَرِ	وَتُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ.
نیکی کا	اور روکتے ہو	برائی سے	اور ایمان لاتے ہو	اللہ پر

(آل عمران: 110)

علماء سے پوچھ پوچھ کر چلنا چاہیے

فَاسْأَلُوْا	أَهْلَ الذِّكْرِ
تو پوچھ لیا کرو	علم والوں سے

إِنْ	كُنْتُمْ	لَا	تَعْلَمُوْنَ.
اگر	تم خود	نہیں	جانتے

(النحل: 43)

روزوشب کے معمولات

فَاقْرَءُوْا	مَا	تَيَسَّرَ	مِنْهُ
پڑھو	جو	میسر ہو جائے	اس (قرآن) سے

وَأَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَآتُوا	الزَّكٰوةَ.
اور قائم کرو	نماز	اور دیتے رہو	زکوٰۃ

(المزمل: 20)

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

مہموز سیکھا جو قرآن شریف میں 3085 مرتبہ آیا ہے

آپ اس طرح کے افعال کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے معنی سمجھنے کی کوشش کریں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

گھر کا کام

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

خود تشخیصی جائزہ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ



لیول 2: ثانوی قواعد
Intermediate

مثال

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 3

ان پانچ اسباق میں

کمزور حروف
(حروفِ مدہ، حروفِ علت: واو، الف، ی)
والے تین دلچسپ افعال

اس سبق میں

مثال: وہ فعل جس کا پہلا حرف "کمزور" ہو

مثالِ واوی: جس کا پہلا کمزور حرف "واو" ہو

وَعَدَ، وَجَدَ، وَلَدَ کی گردان

قرآن کریم میں مثال کے افعال: 63، کل استعمال: 1345

اعادہ: اس لیول میں: چار خاص افعال

- دگنے حروف والا فعل ← مضاعف
- ہمزہ والا فعل ← مہموز
- کمزور حروف (حروفِ علّت) والا فعل ← معتل
- اضافی حروف والا فعل ← ثلاثی مزید

فعلِ مضاعف

99 الفاظ

2013 استعمالات

وہ فعل جس میں کوئی حرف دو مرتبہ ہو

عربی میں جب دو ایک جیسے حرف اکٹھے آئیں تو ان کو ایک کر کے ان پر تشدید ڈال دی جاتی ہے۔ اس سے الفاظ میں معمولی سی تبدیلی آجاتی ہے۔

118	عَزَزَ = عَزَّ	20	ذَلَلَ = ذَلَّ	
33	مَرَرَ = مَرَّ	8	هَمَمَ = هَمَّ	

62 افعال

مہموز

3085 استعمالات

وہ فعل جس کا کوئی ایک حرف ہمزہ ہو

اس فعل کے امر میں کبھی ہمزہ غائب ہو جاتا ہے جس سے امر کی گردان میں تھوڑی سی تبدیلی آجاتی ہے:

			امر
أَخَذَ	يَأْخُذُ		خُذْ
سَأَلَ	يَسْأَلُ		سَلْ

مہموز کی تین قدرتی اقسام

ہمزہ پہلے حرف میں بھی ہو سکتا ہے، دوسرے میں بھی اور تیسرے میں بھی.

اس طرح ہمزہ والے فعل کی خود بخود تین قسمیں ہو جاتی ہیں.

مہموز الفا	مہموز العین	مہموز اللام
أَكَلَ	سَئَلَ	قَرَءَ

مہموز کی تین اقسام

وہ فعل جس میں ہمزہ ہو، اس کی تین قسمیں ہیں

مہموز الفا

وہ لفظ جس کا پہلا حرف "ء" ہو ← أَمِنَ: وہ مامون ہوا

مہموز العین

وہ لفظ جس کا دوسرا حرف "ء" ہو ← يَئِسَ: وہ مایوس ہوا

مہموز اللام

وہ لفظ جس کا تیسرا حرف "ء" ہو ← قَرَأَ: اس نے پڑھا

نیا سبق — کمزور حروف والے افعال

عربی میں اکثر فعل 3 حروف سے بنتے ہیں، جیسے:

ضَرَبَ | نَصَرَ | فَتَحَ | سَمِعَ

اگر ان تینوں حروف میں سے کوئی ایک کمزور حرف (و، ا، ی) آجائے تو... ایک دلچسپ تبدیلی آتی ہے!!!

کمزور حروف

(حروفِ علّت یا حروفِ مدّہ: vowels)

عربی میں تین حروف "کمزور" اور "بیمار" کہلاتے ہیں

- یہ کمزور ہیں کیونکہ دباؤ پڑنے پر غائب ہو جاتے ہیں!!!
- یہ بیمار (علیل) ہیں، کیونکہ ان کی آواز ایسے نکلتی ہے جیسے بیمار آدمی کی!! (اووو، آآآ، ای ای ای!)
- یہ ایک جماعت کی شکل میں کام کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے بدلتے رہتے ہیں!!!

ا

و ی

کمزور حرف والے فعل کی تین قدرتی اقسام

کمزور حرف شروع میں بھی ہو سکتا ہے، درمیان میں بھی اور آخر میں بھی. اس طرح کمزور حرف والے فعل کی خود بخود تین قسمیں ہو جاتی ہیں.

مثال	اجوف	ناقص
وَجَدَ	قَالَ	دَعَا
108	1719	207

کمزور حرف والے لفظ کی تین اقسام

وہ فعل جس میں کوئی کمزور حرف (حرفِ علّت یا حرفِ مدّہ) پایا جائے اس کی تین قسمیں ہیں

مثال

وہ فعل جس کا پہلا حرف کمزور ہو — وَعَدَ: اس نے وعدہ کیا

اجوف

وہ فعل جس کا دوسرا حرف کمزور ہو — قَالَ: اس نے کہا

ناقص

وہ فعل جس کا تیسرا حرف کمزور ہو — بَدَا: اس نے پکارا

57 افعال

1299 استعمالات

مثال واوی

پہلا کمزور حرف "و"

وَعَدَ	وعدہ کیا	207	وَرِثَ	وارث بنا	22
وَجَدَ	پایا	108	وَزَرَ	بوجھ اٹھایا	27
وَلَدَ	جنم دیا	102	وَصَفَ	بیان کیا	14

57 افعال

1299 استعمالات

مثال

پہلا کمزور حرف "و"

146 وَعَدَ: اس نے وعدہ کیا

108 وَجَدَ: اس نے پایا

102 وَلَدَ: اس نے جنم دیا

256

مثال واوی کی تین مشہور مثالیں

146	وَعَدَ	وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا. (المائدۃ:9)
	وعدہ کیا	وعدہ کیا ہے اللہ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے۔
108	وَجَدَ	وَوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ. (النور:39)
	پایا	اور اس نے پایا اللہ کو اس کے پاس۔
102	وَلَدَ	وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ. (البلد:3)
	جنا	اور قسم ہے باپ کی اور اس کی جسے اس نے جنا۔

مثال کا پہلا باب

وَعَدَ

وعدہ کیا

باب: ض

پوری گردان پڑھیں

پہلے بغیر ضمائر پھر ضمائر کے ساتھ

وَعَدَ	اس نے وعدہ کیا	يَعِدُ	وہ وعدہ کرتا ہے
وَعَدَا	ان دونے وعدہ کیا	يَعِدَانِ	وہ دو وعدہ کرتے ہیں
وَعَدُوْا	انہوں نے وعدہ کیا	يَعِدُوْنَ	وہ سب وعدہ کرتے ہیں
وَعَدْتَ	آپ نے وعدہ کیا	تَعِدُ	آپ وعدہ کرتے ہیں
وَعَدْتُمَا	آپ دونے وعدہ کیا	تَعِدَانِ	آپ دو وعدہ کرتے ہیں
وَعَدْتُمْ	آپ سب نے وعدہ کیا	تَعِدُوْنَ	آپ سب وعدہ کرتے ہیں
وَعَدْتُ	میں نے وعدہ کیا	أَعِدُ	میں وعدہ کرتا ہوں
وَعَدْنَا	ہم نے وعدہ کیا	نَعِدُ	ہم وعدہ کرتے ہیں

امر نہی

امر	نہی
عِدْ	لَا تَعِدْ
عِدَا	لَا تَعِدَا
عِدُوْا	لَا تَعِدُوْا
عِدِيْ	لَا تَعِدِيْ
عِدَا	لَا تَعِدَا
عِدْنَ	لَا تَعِدْنَ

فعلِ مضارع سے علامت ہٹا کر آخری حرف پر جزم لگا دیں تو امر بن جاتا ہے، جیسے: تَعِدُ سے عِدْ

فعلِ مضارع کے شروع میں لَا اور آخر میں جزم لگا دیں تو نہی بن جاتی ہے، جیسے: تَعِدُ سے لَا تَعِدْ

واہ! اتنے کمزور کہ حکم سنتے ہی غائب !!!

146 اشاروں کے ساتھ

آٹھ گردانیں پڑھیں

باب: ض

وَعَدَ	اس نے وعدہ کیا	يَعِدُ	وہ وعدہ کرتا ہے	عِدْ	عِدَا، عِدُوْا...
وَعَدَا	ان دو نے وعدہ کیا	يَعِدَانِ	وہ دو وعدہ کرتے ہیں	لَاتَعِدْ	لَاتَعِدَا، لَاتَعِدُوا.
وَعَدُوْا	انہوں نے وعدہ کیا	يَعِدُوْنَ	وہ سب وعدہ کرتے ہیں	لَاتَعِدِيْ	لَاتَعِدَا، لَاتَعِدْنَ.
وَعَدْتَ	آپ نے وعدہ کیا	تَعِدُ	آپ وعدہ کرتے ہیں	وَاعِدٌ	وَاعِدَانِ، وَاعِدُوْنَ...
وَعَدْتُمَا	آپ دو نے وعدہ کیا	تَعِدَانِ	آپ دو وعدہ کرتے ہیں	مَوْعُوْدٌ	مَوْعُوْدَانِ، مَوْعُوْدُوْنَ...
وَعَدْتُمْ	آپ سب نے وعدہ کیا	تَعِدُوْنَ	آپ سب وعدہ کرتے ہیں		
وَعَدْتُ	میں نے وعدہ کیا	أَعِدُ	میں وعدہ کرتا ہوں		
وَعَدْنَا	ہم نے وعدہ کیا	نَعِدُ	ہم وعدہ کرتے ہیں		

108 اشاروں کے ساتھ

آٹھ گردانیں پڑھیں

باب: ض

وَجَدَ	اس نے پایا	يَجِدُ	وہ پاتا ہے	جِدْ	جِدَا، جِدُوْا...
وَجَدَا	ان دو نے پایا	يَجِدَانِ	وہ دو پاتے ہیں	لَاتَجِدْ	لَاتَجِدَا، لَاتَجِدُوْا.
وَجَدُوْا	انہوں نے پایا	يَجِدُوْنَ	وہ سب پاتے ہیں	لَاتَجِدِيْ	لَاتَجِدَا، لَاتَجِدْنَ.
وَجَدْتَ	آپ نے پایا	تَجِدُ	آپ پاتے ہیں	وَاجِدٌ	وَاجِدَانِ، وَاجِدُوْنَ...
وَجَدْتُمَا	آپ دو نے پایا	تَجِدَانِ	آپ دو پاتے ہیں	مَوْجُوْدٌ	مَوْجُوْدَانِ، مَوْجُوْدُوْنَ...
وَجَدْتُمْ	آپ سب نے پایا	تَجِدُوْنَ	آپ سب پاتے ہیں		
وَجَدْتُ	میں نے پایا	أَجِدُ	میں پاتا ہوں		
وَجَدْنَا	ہم نے پایا	نَجِدُ	ہم پاتے ہیں		

102 اشاروں کے ساتھ

آٹھ گردانیں پڑھیں

باب: ض

وَلَدَ	اس نے جنم دیا	يَلِدُ	وہ جنم دیتا ہے/دیگا	لِدْ	لِدَا، لِدُوْا...
وَلَدَا	ان دو نے جنم دیا	يَلِدَانِ	وہ دو جنم دیتے ہیں/دینگے	لَاتَلِدْ	لَاتَلِدَا، لَاتَلِدُوْا.
وَلَدُوْا	انہوں نے جنم دیا	يَلِدُوْنَ	وہ سب جنم دیتے ہیں/دینگے	لَاتَلِدِيْ	لَاتَلِدَا، لَاتَلِدْنَ.
وَلَدْتَ	آپ نے جنم دیا	تَلِدُ	آپ جنم دیتے ہیں/دینگے	وَالِدٌ	وَالِدَانِ، وَالِدُوْنَ...
وَلَدْتُمَا	آپ دو نے جنم دیا	تَلِدَانِ	آپ دو جنم دیتے ہیں/دینگے	مَوْلُوْدٌ	مَوْلُوْدَانِ، مَوْلُوْدُوْنَ...
وَلَدْتُمْ	آپ سب نے جنم دیا	تَلِدُوْنَ	آپ سب جنم دیتے ہیں/دینگے		
وَلَدْتُ	میں نے جنم دیا	أَلِدُ	میں جنم دیتا ہوں/دونگا		
وَلَدْنَا	ہم نے جنم دیا	نَلِدُ	ہم جنم دیتے ہیں/دینگے		

125 مثال واوی کی پانچ قرآنی مثالیں

نئے الفاظ کا معنی یاد کیجیے اور ہر حرف اور لفظ کا "اجرا" اور "تقطیعی" ترجمہ کیجیے

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
وَسِعَ	کشادہ ہونا	36	وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا. (الأنعام:80)	گھیر لیا ہے میرے رب نے ہر چیز کو علم سے
وَصَفَ	بیان کرنا	14	وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ. (یوسف:18)	اور اللہ (ہی سے) مدد طلب کی جاتی ہے اس پر جو تم بیان کرتے ہو
وَزَرَ	بوجھ اٹھانا	27	وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى. (الاسراء:15)	اور نہیں اٹھائے گا کوئی کسی کا بوجھ۔
وَزَنَ	وزن کرنا	23	وَإِذَا كَالُوْهُمْ أَوْ وَّزَنُوْهُمْ. (المطففین:3)	اور جب وہ کسی کو ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں
وَضَعَ	اتارنا	25	وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ. (الانشراح:2)	اور ہم نے اتار دیا آپ سے آپ کا بوجھ

مثالِ واوی کو پہچانیے اور آیت کا پیغام اخذ کیجیے

125

وَسِعَ	وَصَفَ	وَزَرَ	وَزَنَ	وَضَعَ
25	14	14	23	25
کشادہ ہونا	بیان کرنا	بوجھ اٹھانا	تولنا	رکھنا

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ.(البقرة:255)	گھیر لیا ہے اس کی کرسی نے آسمانوں اور زمین کو
سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ.(الأنعام:100)	وہ پاک اور بلند ہے ان (باتوں) سے جو وہ بیان کرتے ہیں
أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُوْنَ.(الأنعام:31)	خبردار! بُرا ہے جو (بوجھ) وہ اٹھائیں گے
وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ.(الشعراء:182)	اور تولو تم سیدھی ترازو کے ساتھ
وَوُضِعَ الْكِتٰبُ.(الكهف:49)	اور رکھ دی جائے گی کتاب (اعمال نامہ)

مثالِ واوی کو پہچانیے اور آیت کا پیغام اخذ کیجیے

101

وَهَنَ	وَرِثَ	وَعَظَ	وَقَعَ	وَهَبَ
7	22	25	22	25
کمزور ہونا	وارث ہونا	نصیحت کرنا	واقع ہونا	عطا کرنا

فَمَا وَهَنُوْا لِمَا أَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ.(آل عمران:146)	پھر نہ کمزور ہوئے وہ اس وجہ سے جو انہیں پہنچی اللہ کے راستہ میں
وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ.(النمل:16)	اور وارث ہوئے سلیمان داود کے
سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَوَعَظْتَ.(الشعراء:136)	برابر ہے ہم پر خواہ تو نصیحت کرے
إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ.(الواقعة:1)	جب واقع ہوگی واقع ہونے والی (قیامت)
وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً.(آل عمران:8)	اور عطا کر ہمیں اپنے پاس سے رحمت

مثال واوی کی مزید پانچ قرآنی مثالیں

101

نئے الفاظ کا معنی یاد کیجیے اور ہر حرف اور لفظ کا "اجرا" اور "تقطیعی" ترجمہ کیجیے

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
وَهَنَ	کمزور ہونا	7	إِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ.(مریم:4)	بے شک کمزور ہو گئی ہیں میری ہڈیاں
وَرِثَ	وارث بننا	22	وَرِثُوا الْكِتٰبَ.(الأعراف:169)	وارث ہوئے وہ کتاب کے
وَعَظَ	نصیحت کرنا	25	وَهُوَ يَعِظُهٗ.(لقمٰن:13)	اور وہ نصیحت کر رہا تھا اس کو
وَقَعَ	ثابت ہونا	22	فَقَدْ وَقَعَ أَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ.(النساء:100)	پس یقیناً ثابت ہو گیا اس کا اجر اللہ کے پاس
وَهَبَ	عطا کرنا	25	فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا.(الشعراء:21)	پھر عطا کیا مجھے میرے رب نے حکمت

6 افعال

46 استعمالات

مثال یائی

پہلا کمزور حرف "ی"

يَئِسَ	مایوس ہوا	11
يَبِسَ	خشک ہوا	4
يَسُرَ	آسان ہوا	26

مثال

پہلا کمزور حرف "ی"

11 **يَئِسَ**: وہ مایوس ہوا

4 **يَبُسَ**: وہ خشک ہوا

26 **يَسُرَ**: وہ آسان ہوا

يَئِسَ	وہ مایوس ہوا	يَيْئَسُ	وہ مایوس ہوتا ہے
يَئِسَا	وہ دو مایوس ہوئے	يَيْئَسَانِ	وہ دو مایوس ہوتے ہیں
يَئِسُوْا	وہ سب مایوس ہوئے	يَيْئَسُوْنَ	وہ سب مایوس ہوتے ہیں
يَئِسْتَ	آپ مایوس ہوئے	تَيْئَسُ	آپ مایوس ہوتے ہو
يَئِسْتُمَا	آپ دو مایوس ہوئے	تَيْئَسَانِ	آپ دو مایوس ہوتے ہو
يَئِسْتُمْ	آپ سب مایوس ہوئے	تَيْئَسُوْنَ	آپ سب مایوس ہوتے ہو
يَئِسْتُ	میں مایوس ہوا	أَيْئَسُ	میں مایوس ہوتا ہوں
يَئِسْنَا	ہم سب مایوس ہوئے	نَيْئَسُ	ہم سب مایوس ہوتے ہیں

مثالِ یائی

يَئِسَ

مایوس ہوا

پوری گردان پڑھیں

پہلے بغیر ضمائر پھر ضمائر کے ساتھ

"عَذَابِيْ أُصِيْبُ بِهٖ مَنْ أَشَاءُ وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ."

(الأعراف:156)

"اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کر رکھی ہے، اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو. یقین جانو اللہ سارے کے سارے گناہ معاف کر دیتا ہے." (الزمر: 53)

اللہ کی رحمت ہر چیز کو شامل ہے، اس سے کبھی مایوس نہ ہونا چاہیے.

امر	نہی
اِيْئَسْ	لَاتَيْئَسْ
اِيْئَسَا	لَاتَيْئَسَا
اِيْئَسُوْا	لَاتَيْئَسُوْا
اِيْئَسِيْ	لَاتَيْئَسِيْ
اِيْئَسَا	لَاتَيْئَسَا
اِيْئَسْنَ	لَاتَيْئَسْنَ

يَئِسَ	وہ مایوس ہوا	يَيْئَسُ	وہ مایوس ہوتا ہے
يَئِسَا	وہ دو مایوس ہوئے	يَيْئَسَانِ	وہ دو مایوس ہوتے ہیں
يَئِسُوْا	وہ سب مایوس ہوئے	يَيْئَسُوْنَ	وہ سب مایوس ہوتے ہیں
يَئِسْتَ	آپ مایوس ہوئے	تَيْئَسُ	آپ مایوس ہوتے ہو
يَئِسْتُمَا	آپ دو مایوس ہوئے	تَيْئَسَانِ	آپ دو مایوس ہوتے ہو
يَئِسْتُمْ	آپ سب مایوس ہوئے	تَيْئَسُوْنَ	آپ سب مایوس ہوتے ہو
يَئِسْتُ	میں مایوس ہوا	أَيْئَسُ	میں مایوس ہوتا ہوں
يَئِسْنَا	ہم سب مایوس ہوئے	نَيْئَسُ	ہم سب مایوس ہوتے ہیں

11

اشاروں کے ساتھ

آٹھ گردانیں پڑھیں

باب: س

اِيْئَسْ	اِيْئَسَا، اِيْئَسُوْا، اِيْئَسِيْ...		
لَاتَيْئَسْ	لَاتَيْئَسَا، لَاتَيْئَسُوْا.		
لَاتَيْئَسِيْ	لَاتَيْئَسَا، لَاتَيْئَسْنَ.		
آئِسٌ	آئِسَانِ، آئِسُوْنَ...		
مَأْيُوْسٌ	مَأْيُوْسَانِ، مَأْيُوْسُوْنَ..		

اشاروں کے ساتھ

4

آٹھ گردانیں پڑھیں

باب: ك

يَبُسَ	وہ خشک ہوا	يَيْبُسُ	وہ خشک ہوتا ہے	أُوْبُسْ	أُوْبُسَا، أُوْبُسُوْا، أُوْبُسِي...
يَبُسَا	وہ دو خشک ہوئے	يَيْبُسَانِ	وہ دو خشک ہوتے ہیں	لَاتَوْبُسْ	لَاتَوْبُسَا، لَاتَوْبُسُوْا.
يَبُسُوْا	وہ سب خشک ہوئے	يَيْبُسُوْنَ	وہ سب خشک ہوتے ہیں	لَاتَوْبُسِيْ	لَاتَوْبُسَا، لَاتَوْبُسْنَ.
يَبُسْتَ	آپ خشک ہوئے	تَيْبُسُ	آپ خشک ہوتے ہیں	يَابِسٌ	يَابِسَانِ، يَابِسُوْنَ...
يَبُسْتُمَا	آپ دو خشک ہوئے	تَيْبُسَانِ	آپ دو خشک ہوتے ہیں	مَأْبُوْسٌ	مَأْبُوْسَانِ، مَأْبُوْسُوْنَ...
يَبُسْتُمْ	آپ سب خشک ہوئے	تَيْبُسُوْنَ	آپ سب خشک ہوتے ہیں		
يَبُسْتُ	میں خشک ہوا	أَيْبُسُ	میں خشک ہوتا ہوں		
يَبُسْنَا	ہم خشک ہوئے	نَيْبُسُ	ہم خشک ہوتے ہیں		

مثالِ یائی کی چار قرآنی مثالیں

42

نئے الفاظ کا معنی یاد کیجیے اور ہر حرف اور لفظ کا ''اجرا'' اور ''تقطیعی'' ترجمہ کیجیے

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
يَئِسَ	مایوس ہونا	11	أَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا. (المائدۃ:3)	آج مایوس ہو گئے کافر لوگ
يَسُرَ	آسان ہونا	26	ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ. (یوسف:65)	یہ پیمانہ ہے بڑی آسانی سے ملنے والا
يَبُسَ	خشک ہونا	4	وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ. (الانعام:59)	اور نہ کوئی تر اور نہ ہی کوئی خشک چیز
يَقَظَ	بیدار ہونا	1	وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا. (الکھف:18)	اور تم انہیں سمجھتے کہ وہ جاگ رہے ہیں

مثالِ یائی کو پہچانیے اور آیت کا پیغام اخذ کیجیے

4 42

يَئِسَ	يَسُرَ	يَبُسَ	يَقَظَ
7	27	4	1
مایوس ہونا	آسان ہونا	سوکھنا	جاگنا

وَلَا تَيْئَسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ. (یوسف:87)	اور نہ مایوس ہو تم اللہ کی رحمت سے
ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ. (ق:44)	یہ حشر ہے ہم پر آسان
وَأُخَرَ يَابِسَاتٍ. (یوسف:43)	اور دوسری خشک

قرآن شریف میں ثلاثی مجرد سے مثال یائی کے کل چار الفاظ ہیں، چوتھا لفظ (يَقَظَ) صرف ایک مرتبہ آیا ہے

یاد رکھیے! پہلا کمزور حرف واو یا ی ہوتا ہے الف نہیں، ورنہ وہ فعل مہموز شمار ہوگا

پہلا حرف ''واو''

وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا. (آل عمران:37)

أَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ. (المطففین:3)

پہلا حرف ''ی''

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ. (القمر:17)

أُولٰئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ. (العنکبوت:23)

الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

مثال کے افعال سیکھے جو قرآن شریف میں 1345 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے افعال کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے معنی سمجھنے کی کوشش کریں

قرآن کریم میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں



گھر کا کام

خود تشخیصی جائزہ

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 2: ثانوی قواعد
Intermediate

اجوفِ واوی

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 4

اس سبق میں

اجوف: وہ فعل جس کا دوسرا حرف "کمزور" ہو

اجوفِ واوی: وہ فعل جس کا دوسرا حرف "واو" ہو

قَالَ، قَامَ کی گردان

قرآن کریم میں اجوفِ واوی کے افعال: 116، کل استعمال: 5366

اعادہ

کمزور حروف والے افعال

عربی میں اکثر فعل 3 حروف سے بنتے ہیں، جیسے:

ضَرَبَ | نَصَرَ | فَتَحَ | سَمِعَ

اگر ان تینوں حروف میں سے کوئی ایک کمزور حرف (و، ا، ی) آجائے تو... ایک دلچسپ تبدیلی آتی ہے!!!

کمزور حروفِ

(حروفِ علّت یا حروفِ مدّہ: vowels)

عربی میں تین حروف "کمزور" اور "بیمار" کہلاتے ہیں

- یہ کمزور ہیں کیونکہ دباؤ پڑنے پر غائب ہو جاتے ہیں!!!
- یہ بیمار (علیل) ہیں، کیونکہ ان کی آواز ایسے نکلتی ہے جیسے بیمار آدمی کی!! (اووو، آآآ، ای ای ای!)
- یہ ایک جماعت کی شکل میں کام کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے بدلتے رہتے ہیں!!!

ا

و ی

کمزور حرف والے فعل کی تین قدرتی اقسام

کمزور حرف شروع میں بھی ہو سکتا ہے، درمیان میں بھی اور آخر میں بھی. اس طرح کمزور حرف والے فعل کی خود بخود تین قسمیں ہو جاتی ہیں.

مثال	اجوف	ناقص
وَجَدَ	قَالَ	دَعَا
108	1719	207

57 افعال

1299 استعمالات

مثال واوی

پہلا کمزور حرف "و"

وَعَدَ	وعدہ کیا	207	وَرِثَ	وارث بنا	22
وَجَدَ	پایا	108	وَزَرَ	بوجھ اٹھایا	27
وَلَدَ	جنم دیا	102	وَصَفَ	بیان کیا	14

6 افعال

46 استعمالات

مثال یائی

پہلا کمزور حرف "ی"

يَئِسَ	مایوس ہوا	11
يَبُسَ	خشک ہوا	4
يَسُرَ	آسان ہوا	26

116 افعال

5366 استعمالات

نیا سبق

اجوف واوی

وہ لفظ جس کا دوسرا حرف کمزور (واو) ہو

تَابَ	اس نے توبہ کی	87	عَاذَ	اس نے پناہ مانگی	12
خَافَ	وہ ڈرا	117	مَاتَ	وہ مرا	145
فَازَ	وہ کامیاب ہوا	29	صَامَ	اس نے روزہ رکھا	13

3660

اجوف

بیچ والا حرف کمزور: تین کثیر الاستعمال مثالیں

1388 كَانَ : وہ ہوا

553 قَامَ : وہ کھڑا ہوا

1719 قَالَ : اس نے کہا

اجوف واوی کی تین مشہور مثالیں

3660

1388	كَانَ	إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا. (النصر:3)
	ہوا	بے شک وہ ہے بہت معاف کرنے والا
553	قَامَ	لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللهِ. (الجن:19)
	کھڑا ہوا	جب کھڑا ہوا اللہ کا بندہ
1719	قَالَ	وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ. (البقرة:30)
	کہا	اور جب کہا تیرے رب نے فرشتوں سے

اجوف کا پہلا باب

كَانَ
ہوا، تھا

باب: ن

فعلِ ماضی کی گردان

پہلے فعلِ مضارع کے بغیر
پھر فعلِ مضارع کے ساتھ پڑھیں

كَانَ	وہ تھا	يَكُوْنُ	وہ ہوتا ہے
كَانَا	وہ دو تھے	يَكُوْنَانِ	وہ دو ہوتے ہیں
كَانُوْا	وہ سب تھے	يَكُوْنُوْنَ	وہ سب ہوتے ہیں
كُنْتَ	آپ تھے	تَكُوْنُ	آپ ہوتے ہو
كُنْتُمَا	آپ دو تھے	تَكُوْنَانِ	آپ دو ہوتے ہو
كُنْتُمْ	آپ سب تھے	تَكُوْنُوْنَ	آپ سب ہوتے ہو
كُنْتُ	میں تھا	أَكُوْنُ	میں ہوتا ہوں
كُنَّا	ہم تھے	نَكُوْنُ	ہم ہوتے ہیں

اشاروں کے ساتھ

1388

آٹھ گردانیں پڑھیں

باب: ن

كَانَ	وہ تھا	يَكُوْنُ	وہ ہوتا ہے	كُنْ	كُوْنَا، كُوْنُوْا، كُوْنِيْ...
كَانَا	وہ دو تھے	يَكُوْنَانِ	وہ دو ہوتے ہیں	لَاتَكُنْ	لَاتَكُوْنَا، لَاتَكُوْنُوْا.
كَانُوْا	وہ سب تھے	يَكُوْنُوْنَ	وہ سب ہوتے ہیں	لَاتَكُوْنِيْ	لَاتَكُوْنَا، لَاتَكُنَّ.
كُنْتَ	آپ تھے	تَكُوْنُ	آپ ہوتے ہو	كَائِنٌ	كَائِنَانِ، كَائِنُوْنَ...
كُنْتُمَا	آپ دو تھے	تَكُوْنَانِ	آپ دو ہوتے ہو	مَكُوْنٌ	مَكُوْنَانِ، مَكُوْنُوْنَ...
كُنْتُمْ	آپ سب تھے	تَكُوْنُوْنَ	آپ سب ہوتے ہو		
كُنْتُ	میں تھا	أَكُوْنُ	میں ہوتا ہوں		
كُنَّا	ہم تھے	نَكُوْنُ	ہم ہوتے ہیں		

وابی اتنے کمزور کہ حکم سنتے ہی غائب !!!

نہی	امر
لَاتَكُنْ	كُنْ
لَاتَكُوْنَا	كُوْنَا
لَاتَكُوْنُوْا	كُوْنُوْا
لَاتَكُوْنِيْ	كُوْنِيْ
لَاتَكُوْنَا	كُوْنَا
لَاتَكُنَّ	كُنَّ

❖ مانگیے! صرف اللہ ہی سے.

❖ یہ دنیا "امر کُنْ" سے پیدا ہوئی.

❖ اس دنیا ہر کام اللہ تعالیٰ کے "امر کُنْ" سے ہو سکتا ہے.

كَانَ	+	يَعْمَلُ	وہ کام کرتا تھا
كَانَا	+	يَعْمَلَانِ	وہ دو کام کرتے تھے
كَانُوا	+	يَعْمَلُوْنَ	وہ سب کام کرتے تھے
كُنْتَ	+	تَعْمَلُ	آپ کام کرتے تھے
كُنْتُمَا	+	تَعْمَلَانِ	آپ دو کام کرتے تھے
كُنْتُمْ	+	تَعْمَلُوْنَ	آپ سب کام کرتے تھے
كُنْتُ	+	أَعْمَلُ	میں کام کرتا تھا
كُنَّا	+	نَعْمَلُ	ہم کام کرتے تھے

14

اہم بات

كَانَ دوسرے فعل کے ساتھ لگ کر بھی آتا ہے

پوری گردان پڑھیں

پہلے بغیر كَانَ پھر كَانَ کے ساتھ

"ٹیم ورک": حروفِ علت ایک دوسرے سے بدلتے ہیں!!!

ا

و ي

يَكُونُ كَانَ

كُنْ لَا تَكُنْ

اور دباؤ پڑنے پر غائب ہو جاتے ہیں

كَانَ کا اصل مطلب: "تھا"

مگر جب اللہ کے ساتھ آئے تو مطلب: ہے

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا (111:4)

اور ہے اللہ جاننے والا حکمت والا

16

اجوف کا دوسرا باب

قَامَ	کھڑا ہوا

باب: ن

مضارع کی گردان

پہلے بغیر كَانَ کے پھر كَانَ کے ساتھ پڑھیں

قَامَ	وہ کھڑا ہوا	يَقُوْمُ	وہ کھڑا ہوتا ہے
قَامَا	وہ دو کھڑے ہوئے	يَقُوْمَانِ	وہ دو کھڑے ہوتے ہیں
قَامُوْا	وہ سب کھڑے ہوئے	يَقُوْمُوْنَ	وہ سب کھڑے ہوتے ہیں
قُمْتَ	آپ کھڑے ہوئے	تَقُوْمُ	آپ کھڑے ہوتے ہیں
قُمْتُمَا	آپ دو کھڑے ہوئے	تَقُوْمَانِ	آپ دو کھڑے ہوتے ہیں
قُمْتُمْ	آپ سب کھڑے ہوئے	تَقُوْمُوْنَ	آپ سب کھڑے ہوتے ہیں
قُمْتُ	میں کھڑا ہوا	أَقُوْمُ	میں کھڑا ہوتا ہوں
قُمْنَا	ہم سب کھڑے ہوئے	نَقُوْمُ	ہم کھڑے ہوتے ہیں

اشاروں کے ساتھ

553

آٹھ گردانیں پڑھیں

باب: ن

قَامَ	وہ کھڑا ہوا	يَقُوْمُ	وہ کھڑا ہوتا ہے		
قَامَا	وہ دو کھڑے ہوئے	يَقُوْمَانِ	وہ دو کھڑے ہوتے ہیں		
قَامُوْا	وہ سب کھڑے ہوئے	يَقُوْمُوْنَ	وہ سب کھڑے ہوتے ہیں		
قُمْتَ	آپ کھڑے ہوئے	تَقُوْمُ	آپ کھڑے ہوتے ہیں	قُمْ	قُوْمَا، قُوْمُوْا، قُوْمِيْ...
قُمْتُمَا	آپ دو کھڑے ہوئے	تَقُوْمَانِ	آپ دو کھڑے ہوتے ہیں	لَاتَقُمْ	لَاتَقُوْمَا، لَاتَقُوْمُوْا.
قُمْتُمْ	آپ سب کھڑے ہوئے	تَقُوْمُوْنَ	آپ سب کھڑے ہوتے ہیں	لَاتَقُوْمِيْ	لَاتَقُوْمَا، لَاتَقُمْنَ.
قُمْتُ	میں کھڑا ہوا	أَقُوْمُ	میں کھڑا ہوتا ہوں	قَائِمٌ	قَائِمَانِ، قَائِمُوْنَ ...
قُمْنَا	ہم سب کھڑے ہوئے	نَقُوْمُ	ہم کھڑے ہوتے ہیں	مَقُوْمٌ	مَقُوْمَانِ، مَقُوْمُوْنَ...

اجوف کا تیسرا باب

قَالَ
کہا

باب: ن

مضارع کی گردان

پہلے بغیر کَانَ کے
پھر کَانَ کے ساتھ پڑھیں

قَالَ	اس نے کہا	يَقُوْلُ	وہ کہتا ہے
قَالَا	ان دو نے کہا	يَقُوْلَانِ	وہ دو کہتے ہیں
قَالُوْا	ان سب نے کہا	يَقُوْلُوْنَ	وہ سب کہتے ہیں
قُلْتَ	آپ نے کہا	تَقُوْلُ	آپ کہتے ہیں
قُلْتُمَا	آپ دو نے کہا	تَقُوْلَانِ	آپ دو کہتے ہیں
قُلْتُمْ	آپ سب نے کہا	تَقُوْلُوْنَ	آپ سب کہتے ہیں
قُلْتُ	میں نے کہا	أَقُوْلُ	میں کہتا ہوں
قُلْنَا	ہم نے کہا	نَقُوْلُ	ہم کہتے ہیں

اشاروں کے ساتھ

1719

پوری گردان پڑھیں

باب: ن

قَالَ	اس نے کہا	يَقُوْلُ	وہ کہتا ہے		
قَالَا	ان دو نے کہا	يَقُوْلَانِ	وہ دو کہتے ہیں		
قَالُوْا	ان سب نے کہا	يَقُوْلُوْنَ	وہ سب کہتے ہیں		
قُلْتَ	آپ نے کہا	تَقُوْلُ	آپ کہتے ہیں	قُلْ	قُوْلَا، قُوْلُوْا، قُوْلِيْ...
قُلْتُمَا	آپ دو نے کہا	تَقُوْلَانِ	آپ دو کہتے ہیں	لَاتَقُلْ	لَاتَقُوْلَا، لَاتَقُوْلُوْا.
قُلْتُمْ	آپ سب نے کہا	تَقُوْلُوْنَ	آپ سب کہتے ہیں	لَاتَقُوْلِيْ	لَاتَقُوْلَا، لَاتَقُلْنَ.
قُلْتُ	میں نے کہا	أَقُوْلُ	میں کہتا ہوں	قَائِلٌ	قَائِلَانِ، قَائِلُوْنَ...
قُلْنَا	ہم نے کہا	نَقُوْلُ	ہم کہتے ہیں	مَقُوْلٌ	مَقُوْلَانِ، مَقُوْلُوْنَ...

واہ اتنے کمزور کہ حکم سنتے ہی غائب !!!

امر	نہی
قُلْ	لَاتَقُلْ
قُوْلَا	لَاتَقُوْلَا
قُوْلُوْا	لَاتَقُوْلُوْا
قُوْلِيْ	لَاتَقُوْلِيْ
قُوْلَا	لَاتَقُوْلَا
قُلْنَ	لَاتَقُلْنَ

سیدھی سچی بات

"اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو، اور سیدھی سچی بات کہا کرو."
(الاحزاب: 70)

چوکس نگران

"انسان کوئی لفظ زبان سے نکال نہیں پاتا، مگر اس پر ایک نگران مقرر ہوتا ہے، ہر وقت لکھنے والا تیار." (ق: 18)

"ٹیم ورک": حروفِ علت ایک دوسرے سے بدلتے ہیں!!!



اجوف واوی کی پانچ مزید مثالیں

72

نئے الفاظ کا معنی یاد کیجیے اور ہر حرف اور لفظ کا "اجرا اور تقطیعی" ترجمہ کیجیے

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
صَامَ	روزہ رکھنا	13	وَأَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ. (البقرة:184)	اور یہ کہ تم روزے رکھو، زیادہ بہتر ہے۔
دَامَ	ہمیشہ رہنا	9	إِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَائِمًا. (آل عمران:75)	الا یہ کہ تم ان کے سر پر کھڑے رہو۔
ذَاقَ	چکھنا	41	فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا. (الطلاق:9)	چنانچہ اس نے چکھا اپنے اعمال کا وبال۔
زَالَ	زائل ہو جانا	4	لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ. (ابراهيم:46)	کہ جن سے ٹل جائے پہاڑ۔
بَارَ	بے نتیجہ رہنا	5	تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ. (الفاطر:29)	ایسی تجارت جو نقصان نہیں اٹھائے گی۔

اجوف واوی کو پہچانیے اور آیت کا پیغام اخذ کیجیے

صَامَ	دَامَ	ذَاقَ	زَالَ	بَارَ
13	9	41	4	5
روزہ رکھنا	ہمیشہ رہنا	چکھنا	زائل ہو جانا	بے نتیجہ رہنا

فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ. (البقرة:185)	چنانچہ جو شخص پائے تم میں سے (اس) مہینے کو تو وہ اس کے روزے رکھے
مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ. (هود:107)	جب تک رہیں گے آسمان اور زمین
فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ. (الأعراف:22)	پھر جب ان دونوں نے چکھا اس درخت کو
وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهِ. (فاطر:41)	اور البتہ اگر وہ (آسمان و زمین ٹل جائیں تو نہیں روک سکے گا ان دونوں کو کوئی بھی اس (اللہ) کے بعد
وَمَكْرُ أُولٰئِكَ هُوَ يَبُوْرُ. (فاطر:10)	اور انہی لوگوں کی چالیں ہی بے نتیجہ رہیں گی

الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

اجوف واوی کے افعال سیکھے جو قرآن شریف میں 5366 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے افعال کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے معنی سمجھنے کی کوشش کریں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں



گھر کا کام

خود تشخیصی جائزہ

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 2: ثانوی قواعد
(Intermediate)

اجوفِ یائی

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 5

اس سبق میں

اجوف: وہ فعل جس کا دوسرا حرف "کمزور" ہو

اجوفِ یائی: وہ فعل جس کا دوسرا حرف "ی" ہو

بَاعَ، زَادَ کی گردان

قرآن کریم میں اجوفِ یائی کے افعال: 54، کل استعمال: 1672

اعادہ

کمزور حروف والے افعال

عربی میں اکثر فعل 3 حروف سے بنتے ہیں، جیسے:

ضَرَبَ | نَصَرَ | فَتَحَ | سَمِعَ

اگر ان تینوں حروف میں سے کوئی ایک کمزور حرف (و،ا،ی) آجائے تو... ایک دلچسپ تبدیلی آتی ہے!!!

کمزور حروف

(حروفِ علّت یا حروفِ مدّہ: vowels)

عربی میں تین حروف "کمزور" اور "بیمار" کہلاتے ہیں

- یہ کمزور ہیں کیونکہ دباؤ پڑنے پر غائب ہو جاتے ہیں!!!
- یہ بیمار (علیل) ہیں، کیونکہ ان کی آواز ایسے نکلتی ہے جیسے بیمار آدمی کی!! (اووو، آآآ، ای ای ای!)
- یہ ایک جماعت کی شکل میں کام کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے بدلتے رہتے ہیں!!!

ا

و ی

کمزور حرف والے فعل کی تین قدرتی اقسام

کمزور حرف شروع میں بھی ہو سکتا ہے، درمیان میں بھی اور آخر میں بھی. اس طرح کمزور حرف والے فعل کی خود بخود تین قسمیں ہو جاتی ہیں.

مثال	اجوف	ناقص
وَجَدَ	قَالَ	دَعَا
108	1719	207

57 افعال

1299 استعمالات

مثال واوی

پہلا کمزور حرف "و"

وَعَدَ	وعدہ کیا	207	وَرِثَ	وارث بنا	22
وَجَدَ	پایا	108	وَزَرَ	بوجھ اٹھایا	27
وَلَدَ	جنم دیا	102	وَصَفَ	بیان کیا	14

6 افعال

46 استعمالات

مثال یائی

پہلا کمزور حرف "ی"

يَئِسَ	مایوس ہوا	11
يَبُسَ	خشک ہوا	4
يَسُرَ	آسان ہوا	26

116 افعال

5366 استعمالات

اجوف واوی

وہ لفظ جس کا دوسرا حرف کمزور (واو) ہو

تَابَ	اس نے توبہ کی	87	عَاذَ	اس نے پناہ مانگی	12
خَافَ	وہ ڈرا	117	مَاتَ	وہ مرا	145
فَازَ	وہ کامیاب ہوا	29	صَامَ	اس نے روزہ رکھا	13

3660

اجوف

بیچ والا حرف کمزور: تین کثیر الاستعمال مثالیں

1388 كَانَ : وہ ہوا

553 قَامَ : وہ کھڑا ہوا

1719 قَالَ : اس نے کہا

54 افعال

1672 استعمالات

نیا سبق

اجوف یائی

وہ لفظ جس کا دوسرا حرف کمزور (ی) ہو

بَاعَ	بیچا	3
خَافَ	ڈرا	84
خَابَ	ناکام ہوا	5

زَادَ	اضافہ کیا	53
سَارَ	روانہ ہوا	20
ضَاقَ	تنگ ہوا	12

56

اجوف یائی

بیچ والا حرف کمزور: دو مزید کثیر الاستعمال مثالیں

❖ بَاعَ : اس نے بیچا

❖ زَادَ : اس نے اضافہ کیا

اجوف کا چوتھا باب

بَاعَ
بیچا

باب : ض

مضارع کی گردان

پہلے بغیر کَانَ کے
پھر کَانَ کے ساتھ پڑھیں

بَاعَ	اس نے بیچا	يَبِيْعُ	وہ بیچتا ہے
بَاعَا	ان دو نے بیچا	يَبِيْعَانِ	وہ دو بیچتے ہیں
بَاعُوْا	ان سب نے بیچا	يَبِيْعُوْنَ	وہ سب بیچتے ہیں
بِعْتَ	آپ نے بیچا	تَبِيْعُ	آپ بیچتے ہو
غور فرمایئے

➢ اگر اسم کے شروع میں "الف لام" ہے تو وہ معرفہ ہوگا۔

نکرہ	بَیْتٌ عَتِیْقٌ	قدیم گھر
معرفہ	اَلْبَیْتُ الْعَتِیْقُ	(خاص) قدیم گھر

نکرہ	رَجُلٌ مُؤْمِنٌ	ایمان والا مرد
معرفہ	اَلرَّجُلُ الْمُؤْمِنُ	(خاص) ایمان والا مرد

معرفہ کی سات اقسام

کسی خاص نام اور الف لام والے لفظ کے علاوہ مندرجہ ذیل پانچ چیزیں بھی معرفہ ہیں:

ضمائر: هُوَ، هُمَا...	اس لیے کہ ضمائر کسی معرفہ (شخص، چیز یا جگہ) کی طرف لوٹتی ہیں
اسمائے اشارہ: هٰذَا...	اس لیے کہ ان سے کسی معرفہ کی طرف اشارہ ہوتا ہے
اسمائے موصولہ: اَلَّذِیْ	اس لیے کہ ان سے معرفہ کے بارے میں کسی چیز کا بیان ہوتا ہے
معرفہ کی طرف مضاف	اس لیے کہ اس کو معرفہ سے نسبت ہو جاتی ہے: کِتَابُ اللّٰهِ
منادیٰ: حرف ندا والا لفظ	اس لیے کہ پکارنے سے عام لفظ معرفہ کی طرح خاص ہو جاتا ہے: یَاوَلَدُ

معرفہ کی سات اقسام کو پہچانیے

منادیٰ+نام	ضمیر	مضاف، مضاف الیہ	الف لام
يَا آدَمُ	اُسْكُنْ	أَنْتَ	وَزَوْجُكَ	الْجَنَّةَ
اے آدم!	رہ	تو	اور تیری بیوی	جنت میں

(البقرة :35)

اسم اشارہ	اسم موصول	مضاف، مضاف الیہ
أَهٰذَا	الَّذِيْ	يَذْكُرُ	آلِهَتَكُمْ
کیا یہ	وہ ہے جو	ذکر کرتا ہے	تمہارے معبودوں کا

(الأنبياء :36)

معرفہ کی علامت کے ذریعے قسم متعین کیجیے

✔	✔	✔	✔
اَلْحَيَاةُ	الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَّ	لَهْوٌ.
زندگی	دنیا کی	کھیل	اور	تماشا ہے

(محمد: 36)

✔	✔	✔
ثَوَابُ	اللّٰهِ	خَيْرٌ.
بدلہ	اللہ کا	بہتر ہے

(القصص: 80)

معرفہ کی علامت پہچان کر قسم متعین کیجیے

✔ مضاف	✔ مضاف الیہ	✔
مَتَاعُ	الدُّنْيَا	قَلِيْلٌ.
سامان	دنیا کا	تھوڑا ہے

(النساء: 77)

✔	✔ مضاف	✔ مضاف الیہ
كُلُّ	نَفْسٍ	ذَائِقَةُ	الْمَوْتِ.
ہر	جان	چکھنے والی ہے	موت کو

(آل عمران: 185)

علامات کے ذریعے معرفہ اور نکرہ کو پہچانیے

✔	✔	✔	✔
وَالطُّوْرِ	وَكِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ	فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ
اور قسم ہے طور کی	اور لکھی ہوئی کتاب کی	کھلے ہوئے صحیفے میں

✔	✔	✔	✔
وَالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ	وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ	وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ
اور قسم ہے بیت معمور کی	اور بلند کی گئی چھت کی	اور بھڑکائے ہوئے سمندر کی

(الطور :1-6)

علامات کے ذریعے معرفہ اور نکرہ کو پہچانیے

✔ مضاف ✔ مضاف مضاف الیہ ✔

إِنَّ	عَذَابَ	رَبِّكَ	لَوَاقِعٌ
بے شک	عذاب	تیرے رب کا	ضرور واقع ہونے والا ہے

✔

مَا	لَهُ	مِنْ	دَافِعٍ
نہیں ہے	اسے	کوئی	روکنے والا

(الطور :8،7)

الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

معرفہ، نکرہ کا مطلب اور معرفہ کی سات اقسام سیکھیں۔

قرآنِ کریم میں ایسے الفاظ ہزاروں مرتبہ آئے ہیں

آپ ایسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے ضمائر کے ساتھ پوری گردان پڑھیں

یاد رہے قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں



گھر کا کام

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

خود تشخیصی جائزہ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 3: اعلیٰ قواعد

اسمِ مبالغہ، اسمِ تفضیل

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 6

اس سبق میں

اسمِ مبالغہ، اسمِ تفضیل

لیکن پہلے: اعادہ

اعادہ

مذکر

وہ اسم جس میں مؤنث کی کوئی علامت نہ پائی جائے.
جیسے: زَیْدٌ، کِتَابٌ.

مؤنث

وہ اسم جس میں مؤنث کی کوئی علامت پائی جائے.
جیسے: جَنَّةٌ (باغ) بُشْرٰی (خوشخبری) حَمْرَآءُ (سرخ).

مؤنث کی علامات تین ہیں:

گول تاء (مُسْلِمَةٌ) الف مقصورہ: چھوٹا الف (حُسْنٰی) الف ممدودہ: بڑا الف (بَیْضَاءُ)

اعادہ

مؤنث

مؤنث کی دو قسمیں ہیں: مؤنث حقیقی، مؤنث لفظی

مؤنث حقیقی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں جاندار مذکر ہو، جیسے: أُمٌّ.

مؤنث لفظی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں جاندار مذکر نہ ہو، جیسے: مَوْعِظَةٌ.

مؤنث حقیقی جانداروں کی جنس میں اور مؤنث لفظی (غیر حقیقی) بے جان اشیاء کی جنس میں ہوتی ہے.

اعادہ

جمع سالم

وہ جمع جس میں واحد کا وزن برقرار رہے، جیسے:
مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ. مُفْلِحٌ سے مُفْلِحُوْنَ.

جمع مکسر

وہ جمع جس میں واحد کا وزن ٹوٹ جائے، جیسے:
کِتَابٌ سے کُتُبٌ. قَلْبٌ سے قُلُوْبٌ.

اعادہ

معرفہ

وہ اسم جو کسی خاص شخص، خاص چیز یا خاص جگہ کے نام کو ظاہر کرے، جیسے:

خاص شخص	خاص چیز	خاص جگہ
آدَمُ	اَلْكِتَابُ	مَكَّةُ

اعادہ

نکرہ

وہ اسم جو کسی عام شخص، عام چیز یا عام جگہ کے نام کو ظاہر کرے، جیسے:

عام شخص	عام چیز	عام جگہ
رَجُلٌ	كِتَابٌ	بَلَدٌ

نیا سبق

اسمِ مبالغہ

جس میں فعل کا معنی زیادہ پایا جائے
(لیکن کسی سے تقابل نہ ہو)

اسم مبالغہ	ترجمہ
رَحِيْمٌ	بہت زیادہ رحم کرنے والا
رَحْمَانٌ	ہر کسی پر رحم کرنے والا
غَفُوْرٌ	بہت زیادہ بخشنے والا
قُدُّوْسٌ	سب سے زیادہ پاکیزہ
عَلَّامٌ	بہت زیادہ علم والا

اسمِ تفضیل

جس میں فعل کا معنی دوسرے سے زیادہ پایا جائے
(تقابلی موازنہ میں سب سے آگے)

اسم تفضیل	مثال	ترجمہ (تفضیلی تقابل کے ساتھ)
أَكْبَرُ	أَكْبَرُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ	سب سے بڑا
أَعْلَمُ	أَعْلَمُ النَّاسِ	سب سے بڑا عالم
أَفْضَلُ	أَفْضَلُ الْخَلَائِقِ	مخلوق میں سب سے افضل
أَرْحَمُ	أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ	تمام رحم والوں سے زیادہ رحم کرنے والا
أَحْسَنُ	أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ	سب سے زیادہ بہترین پیدا کرنے والا

اسم مبالغہ اور اسم تفضیل کے وزن

اسم مبالغہ	
چھ مشہور اوزان	
فَعِيْلٌ	رَحِيْمٌ
فَعْلَانٌ	رَحْمَانٌ
فَعَّالٌ	غَفَّارٌ
فَعُوْلٌ	غَفُوْرٌ
فَعُّوْلٌ	قَيُّوْمٌ
فُعُّوْلٌ	قُدُّوْسٌ

اسم تفضیل	
مذکر کے لیے "أَفْعَلُ" مؤنث کے لیے "فُعْلٰى"	
أَفْعَلُ	أَعْلَمُ
أَفْعَلَانِ	أَعْلَمَانِ
أَفْعَلُوْنَ	أَعْلَمُوْنَ
فُعْلٰى	عُلْمٰى
فُعْلَيَانِ	عُلْمَيَانِ
فُعْلَيَاتٌ	عُلْمَيَاتٌ

هُوَ، اِنَّهُ یا هٰذَا ملا کر گردان پڑھیں

اسم تفضیل کی گردان: ضمائر اور اسمائے اشارہ کے ساتھ

مذکر کے لیے "أَفْعَلُ" مؤنث کے لیے "فُعْلٰى"

ضمائر		اسمائے اشارہ		ضمائر		اسمائے اشارہ	
هُوَ	أَعْلَمُ	هٰذَا	أَعْلَمُ	هُوَ	أَصْدَقُ	هٰذَا	أَصْدَقُ
هُمَا	أَعْلَمَانِ	هٰذَانِ	أَعْلَمَانِ	هُمَا	أَصْدَقَانِ	هٰذَانِ	أَصْدَقَانِ
هُمْ	أَعْلَمُوْنَ	هٰؤُلَاءِ	أَعْلَمُوْنَ	هُمْ	أَصْدَقُوْنَ	هٰؤُلَاءِ	أَصْدَقُوْنَ
هِيَ	عُلْمٰى	هٰذِهِ	عُلْمٰى	هِيَ	صُدْقٰى	هٰذِهِ	صُدْقٰى
هُمَا	عُلْمَيَانِ	هٰذَانِ	عُلْمَيَانِ	هُمَا	صُدْقَيَانِ	هٰذَانِ	صُدْقَيَانِ
هُنَّ	عُلْمَيَاتٌ	هٰؤُلَاءِ	عُلْمَيَاتٌ	هُنَّ	صُدْقَيَاتٌ	هٰؤُلَاءِ	صُدْقَيَاتٌ

اسمائے حُسنیٰ اسمِ فاعل یا اسمِ مبالغہ کے وزن پر ہوتے ہیں

اسمِ فاعل	اسمِ مبالغہ
اَلظَّاهِرُ الْبَاطِنُ	اَلْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ
اَلْخَالِقُ الْبَارِئُ	اَلسَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ
اَلْقَابِضُ الْبَاسِطُ	اَلْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ
اَلْخَافِضُ الرَّافِعُ	اَللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ
اَلضَّارُّ النَّافِعُ	اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

اسمائے حُسنیٰ جوڑی دار یا متضاد صفات کی شکل میں ہوتے ہیں

اسمِ فاعل	اسمِ مبالغہ
اَلْمُبْدِئُ الْمُعِيْدُ	اَلْغَفَّارُ الْقَهَّارُ
اَلْمُحْيِ الْمُمِيْتُ	اَلرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ
اَلْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ	اَلْعَفُوُّ الرَّؤُوْفُ
اَلْمُعِزُّ الْمُذِلُّ	اَلْحَكِيْمُ الْوَدُوْدُ
اَلْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ	اَلرَّشِيْدُ الصَّبُوْرُ

"خَيْرٌ" اور "شَرٌّ" بھی اسم تفضیل ہیں، یہ اصل میں "أَخْيَرُ" اور "أَشْرَرُ" تھے

176

خَيْرٌ: مضاف بن کر آتا ہے	تفضیلی ترجمہ
وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ (54:3)	سب سے بہتر تدبیر کرنے والا
وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ (150:3)	سب سے بہتر مدد کرنے والا
وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (114:5)	سب سے بہتر رزق دینے والا
وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ (57:6)	سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا
وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ (87:7)	سب سے بہتر حکم دینے والا

"خَيْرٌ" اور "شَرٌّ" بھی اسم تفضیل ہیں، یہ اصل میں "أَخْيَرُ" اور "أَشْرَرُ" تھے

29

شَرٌّ	تفضیلی ترجمہ
شَرَّ الدَّوَابِّ (الأنفال:22)	سب سے بدتر جانور
شَرَّ مَاٰبٍ (ص:55)	سب سے بُرا ٹھکانا
شَرُّ الْبَرِيَّةِ (البینة:6)	سب سے بدتر مخلوق
بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ (المائدة:60)	اس سے زیادہ بدتر

"أَخْيَرُ" اور "أَشْرَرُ" کا ہمزہ کثرتِ استعمال کی وجہ سے گرادیا گیا

رنگ کے لیے أَفْعَلُ کے وزن پر اسمائے صفت

رنگ				مثال: ترجمہ خود نکالیے
اردو	مذکر	مؤنث	جمع	
سفید	أَبْيَضُ	بَيْضَآءُ	بِيْضٌ	وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ. (فاطر:27)
کالا	أَسْوَدُ	سَوْدَآءُ	سُوْدٌ	
سرخ	أَحْمَرُ	حَمْرَآءُ	حُمْرٌ	
زرد	أَصْفَرُ	صَفْرَآءُ	صُفْرٌ	كَأَنَّهُ جِمَالَةٌ صُفْرٌ. (المرسلات:33)
ہرا	أَخْضَرُ	خَضْرَآءُ	خُضْرٌ	وَسَبْعَ سُنْبُلَاتٍ خُضْرٍ. (یوسف:43)
نیلا	أَزْرَقُ	زَرْقَآءُ	زُرْقٌ	وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا. (طه:102)

عیب کے لیے أَفْعَلُ کے وزن پر اسمائے صفت

عیب				مثال: ترجمہ خود نکالیے
اردو	مذکر	مؤنث	جمع	
بہرا	أَصَمُّ	صَمَّآءُ	صُمٌّ	صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ. (البقرة:18)
گونگا	أَبْكَمُ	بَكْمَآءُ	بُكْمٌ	
اندھا	أَعْمٰى	عَمْيَآءُ	عُمْيٌ	
لنگڑا	أَعْرَجُ	عَرْجَآءُ	عُرْجٌ	وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ. (النور:61)

حلیہ کے لیے أَفْعَلُ کے وزن پر اسمائے صفت

حلیہ					
اردو	مذکر	مؤنث	جمع	مثال: ترجمہ خود نکالیے	
کالی آنکھوں والا	أَحْوَرُ	حَوْرَآءُ	حُوْرٌ	وَحُوْرٌ عِيْنٌ. (الواقعة:22)	
بڑی آنکھوں والا	أَعْيَنُ	عَيْنَآءُ	عِيْنٌ	وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ. (الدخان:54)	

اسم تفضیل کو پہچانیے اور صیغوں کے اجرا کے ساتھ آیت کا مفہوم سمجھیے

آیت	ترجمہ
وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ. (البقرة:217)	اور فتنہ زیادہ بڑا ہے قتل سے
مَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللهِ حَدِيْثًا. (النساء:87)	کون زیادہ سچا ہو سکتا ہے اللہ سے بات میں
نَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ. (ق:16)	ہم زیادہ قریب ہیں اس کے اس کی شہ رگ سے
إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللهِ أَتْقَاكُمْ. (الحجرات:13)	بے شک تم میں سے زیادہ معزز اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں سے زیادہ تقوی والا ہو
إِنَّ أَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ. (41:29)	بے شک گھروں میں سے زیادہ کمزور مکڑی کا گھر ہے

انسان جلد باز ہے. اپنے "خیر" اور "شرّ" کو نہیں پہچانتا.

وَيَدْعُ الْإِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَاءَهُ بِالْخَيْرِ، وَكَانَ الْإِنْسَانُ عَجُوْلًا. (الإسراء:11)

اور اس نے نہیں بنایا کوئی بیٹا اور نہیں ہے کوئی شریک اس کی بادشاہت میں

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ، لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ. (یونس:11)

اور وہ لوگ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ فضول خرچی کرتے ہیں نہ کنجوسی

وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً وَإِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ. (الأنبياء:35)

پھر انہوں نے نہیں کی کوئی کوتاہی اور نہ مدد کی تمہارے خلاف کسی کی

خَيْرٌ: دوسرے سے زیادہ اچھا

شَرٌّ: دوسرے سے زیادہ برا

اسم تفضیل کی دونوں قسمیں ایک ہی آیت میں

فَاللهُ	خَيْرٌ ✓	حَافِظًا	وَهُوَ	أَرْحَمُ ✓	الرَّاحِمِيْنَ. (یوسف:64)
پس اللہ	بہتر ہے	حفاظت کرنے والا	اور وہ	زیادہ رحم کرنے والا ہے	سب رحم کرنے والوں سے

أُولَئِكَ	شَرٌّ ✓	مَّكَانًا	وَأَضَلُّ ✓	سَبِيْلًا. (الفرقان:34)
یہی لوگ	بدترین ہیں	مکان کے لحاظ سے	اور زیادہ گمراہ ہیں	راستہ کے اعتبار سے



الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

اسمِ تفضیل اور اسم مبالغہ سیکھا جن کے وزن پر قرآنِ کریم میں سیکڑوں الفاظ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کریں. اسمِ تفضیل کی پوری گردان پڑھیں. پہلے بغیر ضمائر کے، پھر ضمائر کے ساتھ

یاد رہے قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

گھر کا کام

خود تشخیصی جائزہ

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 3: اعلیٰ قواعد

اسم ظرف، اسم آلہ

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 7

اس سبق میں

اسم ظرف، اسم آلہ

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

جمع سالم

وہ جمع جس میں واحد کا وزن برقرار رہے، جیسے:
مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ. مُفْلِحٌ سے مُفْلِحُوْنَ.

جمع مکسر

وہ جمع جس میں واحد کا وزن ٹوٹ جائے، جیسے:
كِتَابٌ سے كُتُبٌ. قَلْبٌ سے قُلُوْبٌ.

اعادہ

معرفہ

وہ اسم جو کسی خاص شخص، خاص چیز یا خاص جگہ کے نام کو ظاہر کرے، جیسے:

خاص شخص	خاص چیز	خاص جگہ
آدَمُ	اَلْكِتَابُ	مَكَّةُ

اعادہ

نکرہ

وہ اسم جو کسی عام شخص، عام چیز یا عام جگہ کے نام کو ظاہر کرے، جیسے:

عام شخص	عام چیز	عام جگہ
رَجُلٌ	كِتَابٌ	بَلَدٌ

اعادہ

اسم مبالغہ

جس میں فعل کا معنی زیادہ پایا جائے
(لیکن کسی سے تقابل نہ ہو)

اسم مبالغہ	ترجمہ
رَحِیْمٌ	بہت زیادہ رحم کرنے والا
رَحْمَانٌ	ہر کسی پر رحم کرنے والا
غَفُوْرٌ	بہت زیادہ بخشنے والا
قُدُّوْسٌ	سب سے زیادہ پاکیزہ
عَلَّامٌ	بہت زیادہ علم والا

اعادہ

اسم تفضیل

جس میں فعل کا معنی دوسرے سے زیادہ پایا جائے
(تقابلی موازنہ میں سب سے آگے)

اسم تفضیل	مثال	ترجمہ (تفضیلی تقابل کے ساتھ)
أَكْبَرُ	أَكْبَرُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ	سب سے بڑا
أَعْلَمُ	أَعْلَمُ النَّاسِ	سب سے بڑا عالم
أَفْضَلُ	أَفْضَلُ الْخَلَائِقِ	مخلوق میں سب سے افضل
أَرْحَمُ	أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ	تمام رحم والوں سے زیادہ رحم کرنے والا
أَحْسَنُ	أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ	سب سے زیادہ بہترین پیدا کرنے والا

نیا سبق

اسم ظرف

کسی جگہ کے لیے استعمال ہونے والا لفظ

اسم آلہ

کسی آلہ کے لیے استعمال ہونے والا لفظ

اسم ظرف کے وزن

اسم ظرف کے دو وزن ہیں: مَفْعِلٌ، مَفْعَلٌ.

جب مضارع کے عین کلمہ پر زیر ہو تو "مَفْعِلٌ" کے وزن پر، جیسے: مَضْرِبٌ.

جب مضارع کے عین کلمہ پر زبر یا پیش ہو تو "مَفْعَلٌ" کے وزن پر، جیسے:

مضارع کے عین پر زبر		مضارع کے عین پر پیش
مَسْمَعٌ	مَفْتَحٌ	مَنْصَرٌ

اسم ظرف

اسم ظرف کے دو وزن ہیں: مَفْعِلٌ، مَفْعَلٌ.

مضارع کے عین پر زیر		مضارع کے عین پر زبر یا پیش	
مَفْعِلٌ		مَفْعَلٌ	
مَجْلِسٌ	بیٹھنے کی جگہ	مَدْخَلٌ	داخل ہونے کی جگہ
مَنْزِلٌ	اترنے کی جگہ	مَخْرَجٌ	نکلنے کی جگہ
مَضْرِبٌ	مارنے کی جگہ	مَسْكَنٌ	رہنے کی جگہ
مَهْلِكٌ	ہلاکت کی جگہ	مَضْجَعٌ	سونے کی جگہ

اسم آلہ کے وزن

اسم آلہ کے تین وزن ہیں: مِفْعَلٌ، مِفْعَلَةٌ، مِفْعَالٌ.

وزن	مِفْعَلٌ	مِفْعَلَةٌ	مِفْعَالٌ
پہلا باب: ض	مِضْرَبٌ	مِضْرَبَةٌ	مِضْرَابٌ
دوسرا باب: ن	مِنْصَرٌ	مِنْصَرَةٌ	مِنْصَارٌ
تیسرا باب: س	مِسْمَعٌ	مِسْمَعَةٌ	مِسْمَاعٌ
چوتھا باب: ف	مِفْتَحٌ	مِفْتَحَةٌ	مِفْتَاحٌ

اسم آلہ

اسم آلہ کے تین وزن ہیں: مِفْعَلٌ، مِفْعَلَةٌ، مِفْعَالٌ.

مِفْعَلٌ		مِفْعَلَةٌ		مِفْعَالٌ	
مِسْطَرٌ	پیمانہ	مِرْوَحَةٌ	پنکھا	مِفْتَاحٌ	چابی
مِخْيَطٌ	سوئی	مِكْنَسَةٌ	جھاڑو	مِصْبَاحٌ	چراغ
مِخْلَبٌ	پنجہ	مِنْظَرَةٌ	عینک	مِعْرَاجٌ	سیڑھی
مِدْفَعٌ	توپ	مِلْعَقَةٌ	چمچہ	مِقْرَاضٌ	قینچی
مِقْمَحٌ	ہتھوڑا	مِنْشَفَةٌ	تولیہ	مِيْزَانٌ	ترازو

اسم ظرف اور اسم آلہ: مَفْعَلٌ اور مِفْعَلٌ

مادہ	اسم ظرف	ترجمہ	اسم آلہ	ترجمہ
فَعَلَ	مَفْعَلٌ	کام کی جگہ	مِفْعَلٌ	کام کا آلہ
نَظَرَ	مَنْظَرٌ	دیکھنے کی جگہ	مِنْظَرٌ	دیکھنے کا آلہ
كَتَبَ	مَكْتَبٌ	لکھنے کی جگہ	مِكْتَبٌ	لکھنے کا آلہ
سَمِعَ	مَسْمَعٌ	سنے جانے کی جگہ (آڈیٹوریم)	مِسْمَعٌ	سننے کا آلہ
صَنَعَ	مَصْنَعٌ	بنانے کی جگہ (کارخانہ)	مِصْنَعٌ	بنانے کا آلہ

اسم ظرف اور اسم آلہ: مَفْعَلٌ اور مِفْعَلٌ

مادہ	اسم ظرف	ترجمہ	اسم آلہ	ترجمہ
فَعَلَ	مَفْعَلٌ	کام کی جگہ	مِفْعَلٌ	کام کا آلہ
طَعَمَ	مَطْعَمٌ	کھانے کی جگہ	مِطْعَمٌ	کھانے کا آلہ
شَرِبَ	مَشْرَبٌ	پینے کی جگہ	مِشْرَبٌ	پینے کا آلہ
سَبَرَ	مَسْبَرٌ	جانچنے کی جگہ	مِسْبَرٌ	جانچنے کا آلہ (تھرمامیٹر)
لَقَطَ	مَلْقَطٌ	اٹھانے کی جگہ	مِلْقَطٌ	اٹھانے کا آلہ (چمٹا)

اسم ظرف مَفْعَلٌ کی گردان

مادہ	ترجمہ	واحد	تثنیہ	جمع
فَعَلَ	کام کرنا	مَفْعَلٌ	مَفْعَلَانِ	مَفَاعِلُ
رَقَدَ يَرْقُدُ	سونا	مَرْقَدٌ	مَرْقَدَانِ	مَرَاقِدُ
قَتَلَ يَقْتُلُ	قتل کرنا	مَقْتَلٌ	مَقْتَلَانِ	مَقَاتِلُ
لَعِبَ يَلْعَبُ	کھیلنا	مَلْعَبٌ	مَلْعَبَانِ	مَلَاعِبُ
ذَبَحَ يَذْبَحُ	ذبح کرنا	مَذْبَحٌ	مَذْبَحَانِ	مَذَابِحُ

اسم ظرف مَفْعِلٌ کی گردان

مادہ	ترجمہ	واحد	تثنیہ	جمع
فَعَلَ	کام کرنا	مَفْعِلٌ	مَفْعِلَانِ	مَفَاعِلُ
جَلَسَ يَجْلِسُ	بیٹھنا	مَجْلِسٌ	مَجْلِسَانِ	مَجَالِسُ
نَزَلَ يَنْزِلُ	اترنا	مَنْزِلٌ	مَنْزِلَانِ	مَنَازِلُ
حَبَسَ يَحْبِسُ	قید کرنا	مَحْبِسٌ	مَحْبِسَانِ	مَحَابِسُ
رَجَعَ يَرْجِعُ	لوٹنا	مَرْجِعٌ	مَرْجِعَانِ	مَرَاجِعُ

اسم ظرف مؤنث مَفْعَلَةٌ کی گردان

مادہ	ترجمہ	واحد	تثنیہ	جمع
فَعَلَ	کام کرنا	مَفْعَلَةٌ	مَفْعَلَتَانِ	مَفَاعِلُ
دَرَسَ	پڑھنا	مَدْرَسَةٌ	مَدْرَسَتَانِ	مَدَارِسُ
زَرَعَ	بونا	مَزْرَعَةٌ	مَزْرَعَتَانِ	مَزَارِعُ
غَسَلَ	دھونا	مَغْسَلَةٌ	مَغْسَلَتَانِ	مَغَاسِلُ
قَبَرَ	دفن کرنا	مَقْبَرَةٌ	مَقْبَرَتَانِ	مَقَابِرُ

اسم آلہ کی گردان

مادہ	ترجمہ	اسم آلہ	واحد	تثنیہ	جمع
فَعَلَ	کام کرنا	مِفْعَلٌ	مِفْعَلٌ	مِفْعَلَانِ	مِفَاعِلُ
ضَرَبَ	مارنا	مِفْعَلٌ	مِضْرَبٌ	مِضْرَبَانِ	مَضَارِبُ
طَرَقَ	کوٹنا	مِفْعَلَةٌ	مِطْرَقَةٌ	مِطْرَقَتَانِ	مَطَارِقُ
نَشَرَ	پھیلانا، چیرنا	مِفْعَالٌ	مِنْشَارٌ	مِنْشَارَانِ	مَنَاشِرُ

اسم ظرف کو پہچانیے

وَلِلّٰهِ	الْمَشْرِقُ	وَالْمَغْرِبُ. (البقرة:115)
اور اللہ ہی کے لیے ہے	مشرق	اور مغرب

إِنَّ	مَوْعِدَهُمُ	الصُّبْحُ. (هود:81)
بے شک	ان کے وعدے کا وقت	صبح ہے

اسم ظرف کو پہچانیے

وَأَقِيمُوا	وُجُوهَكُمْ	عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ. (الأعراف:29)
اور ٹھیک کرو	اپنے چہرے (رُخ)	ہر سجدے کی جگہ

ذٰلِكَ	مَبْلَغُهُمْ	مِنَ الْعِلْمِ. (النجم:30)
وہ	ان کے پہنچنے کی جگہ ہے	علم سے

اسم آلہ کو پہچانیے

مَثَلُ نُورِهِ	كَمِشْكَاةٍ	فِيهَا	مِصْبَاحٌ. (النور:35)
اس کے نور کی مثال	طاق جیسی ہے	اس میں	چراغ ہو

كَانَ	مِقْدَارُهُ	خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ. (المعارج:4)
ہے	اس کی مقدار	پچاس ہزار سال

اسم آلہ کو پہچانیے

أَوْفُوا	الْمِكْيَالَ ✓	وَالْمِيزَانَ ✓	بِالْقِسْطِ. (ھود:85)
پورا کرو	ناپ	اور تول کو	انصاف کے ساتھ

وَلَا تَنْقُصُوا	الْمِكْيَالَ ✓	وَالْمِيزَانَ. ✓ (ھود:84)
اور کمی نہ کرو	ناپ	اور تول میں

اسم آلہ کو پہچانیے

وَمَعَارِجَ ✓	عَلَيْهَا	يَظْهَرُونَ. (الزخرف:33)
اور سیڑھیاں	ان پر	وہ چڑھتے ہیں

وَعِنْدَهُ	مَفَاتِحُ ✓	الْغَيْبِ. (الأنعام:59)
اور صرف اس کے پاس	چابیاں ہیں	غیب کی

الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

اسمِ ظرف اور اسم آلہ سیکھا جن کے وزن پر قرآنِ کریم میں بیسیوں الفاظ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا معنی سمجھنے کی کوشش کریں

یاد رہے قرآن شریف میں کل تقریباً 4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

گھر کا کام

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ آج کی تلاوت سے

خود تشخیصی جائزہ

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 3: اعلیٰ قواعد

مفعول کی چار اقسام

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 8

اس سبق میں

مفعول کی چار اقسام

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

معرفہ

وہ اسم جو کسی خاص شخص، خاص چیز یا خاص جگہ کے نام کو ظاہر کرے، جیسے:

خاص شخص	خاص چیز	خاص جگہ
آدَمُ	اَلْكِتَابُ	مَكَّةُ

اعادہ

نکرہ

وہ اسم جو کسی عام شخص، عام چیز یا عام جگہ کے نام کو ظاہر کرے، جیسے:

عام شخص	عام چیز	عام جگہ
رَجُلٌ	كِتَابٌ	بَلَدٌ

اعادہ

اسمِ مبالغہ

جس میں فعل کا معنی زیادہ پایا جائے
(لیکن کسی سے تقابل نہ ہو)

اسم مبالغہ	ترجمہ
رَحِيْمٌ	بہت زیادہ رحم کرنے والا
رَحْمَانٌ	ہر کسی پر رحم کرنے والا
غَفُوْرٌ	بہت زیادہ بخشنے والا
قُدُّوْسٌ	سب سے زیادہ پاکیزہ
عَلَّامٌ	بہت زیادہ علم والا

اعادہ

اسم تفضیل

جس میں فعل کا معنی دوسرے سے زیادہ پایا جائے

(تقابلی موازنہ میں سب سے آگے)

اسم تفضیل	مثال	ترجمہ (تفضیلی تقابل کے ساتھ)
أَكْبَرُ	أَكْبَرُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ	سب سے بڑا
أَعْلَمُ	أَعْلَمُ النَّاسِ	سب سے بڑا عالم
أَفْضَلُ	أَفْضَلُ الْخَلَائِقِ	مخلوق میں سب سے افضل
أَرْحَمُ	أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ	تمام رحم والوں سے زیادہ رحم کرنے والا
أَحْسَنُ	أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ	سب سے زیادہ بہترین پیدا کرنے والا

اعادہ

اسم ظرف

کسی جگہ کے لیے استعمال ہونے والا لفظ

اسم آلہ

کسی آلہ کے لیے استعمال ہونے والا لفظ

اعادہ

قرآن شریف میں اسم ظرف مَفْعَلٌ کے وزن پر

مَجْمَعٌ	مَشْهَدٌ	مَسْكَنٌ	مَبْلَغٌ
1	1	2	1
جمع ہونے کی جگہ	حاضری کی جگہ	رہنے کی جگہ	پہنچنے کی جگہ

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
جَمَعَ	جمع کیا	122	حَتّٰى أَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ. (الکھف: 60)	یہاں تک کہ پہنچ جاؤں میں دو دریاؤں کے جمع ہونے کی جگہ (سنگم) پر
شَهِدَ	حاضر ہوا	150	فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ. (مریم: 37)	پس ہلاکت ہے ان لوگوں کے لیے بڑے دن کی حاضری سے
سَكَنَ	رہا	64	لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ. (سبا: 15)	بے شک تھی سبا قوم کے لیے ان کے رہنے کی جگہ میں ایک نشانی
بَلَغَ	پہنچا	66	ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ. (النجم: 30)	یہی انتہا ہے ان کے علم کی

اعادہ

ہمزہ اور کمزور حروف والے افعال سے اسم ظرف: مَفْعِلٌ

مَوْئِلٌ	مَوْطِئٌ	مَوْعِدٌ	مَوْبِقٌ
1	1	13	2
جائے پناہ	مقام	وعدے کا وقت	ہلاکت گاہ

افعال	معانی	تعداد	آیت	ترجمہ
وَأَلَ	پناہ گیر ہوا	1	لَنْ تَجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا. (الکھف: 58)	ہرگز نہیں پائیں گے وہ اس کے سوا کوئی جائے پناہ
وَطِئَ	روندا	5	وَلَا يَطَئُوْنَ مَوْطِئًا. (التوبۃ: 120)	اور نہیں روندتے وہ کسی مقام کو
وَعَدَ	وعدہ کیا	146	إِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ. (ھود: 81)	بے شک ان کے وعدے کا وقت صبح ہے
وَبَقَ	ہلاک ہوا	1	وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا. (الکھف: 52)	اور بنایا ہم نے ان کے درمیان ہلاکت گاہ

اعادہ

قرآنی اسم ظرف: ثلاثی مزید فیہ سے

باب	وزن	تعداد	آیت	ترجمہ
إِفْعَال	إِدْخَالٌ	3	وَنُدْخِلْكُمْ مُدْخَلًا كَرِيمًا. (النساء:31)	اور داخل کریں گے ہم تم کو اچھے داخل ہونے کی جگہ
تَفْعِيل	تَبْوِأَةٌ	1	وَلَقَدْ بَوَّأْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ مُبَوَّأَ صِدْقٍ. (یونس:93)	اور تحقیق ٹھکانا دیا ہم نے بنی اسرائیل کو اچھا ٹھکانا
مُفَاعَلَة	-	-	-	-
تَفَعُّل	تَقَلُّبٌ	1	وَاللهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوَاكُمْ. (محمد:19)	اور اللہ جانتا ہے تمہارے لوٹنے کی جگہ اور تمہارا ٹھکانا
تَفَاعُل	-	-	-	-
اِفْتِعَال	اِغْتِسَالٌ	1	هَذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ. (ص:42)	یہ (پانی ہے) غسل کرنے کو ٹھنڈا اور پینے کو
اِنْفِعَال	اِنْقِلَابٌ	2	لَأَجِدَنَّ خَيْرًا مِنْهَا مُنْقَلَبًا. (الکہف:36)	بے شک پاؤں گا میں بہتر اس سے لوٹنے کی جگہ
اِسْتِفْعَال	اِسْتِقْرَارٌ	10	وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ. (الأعراف:24)	اور تمہارے لیے زمین میں رہنے کی جگہ ہے

نیا سبق

مفعول کی چار اقسام

قسم	تعریف	مثال: ترجمہ خود نکالیے
مفعول بہ	وہ چیز جس پر فعل واقع ہو	خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ. (2:76)
مفعول فیہ	وہ وقت یا جگہ جس میں فعل واقع ہو	أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا. (12:12)
مفعول لہ	جو فعل کی وجہ بتائے	يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا. (16:32)
مفعولِ مطلق	جو (مصدر کی شکل میں) تاکید کے لیے آئے	وَمَكَرُوا مَكْرًا. (50:27)

مفعول کی چار اقسام

قسم	تعریف	مثال: ترجمہ خود نکالیے
مفعول بہ	وہ چیز جس پر فعل واقع ہو	بَشِّرِ الْمُحْسِنِينَ. (37:22)
مفعول فیہ	وہ وقت یا جگہ جس میں فعل واقع ہو	لَبِثْتُ يَوْمًا. (2:259)
مفعول لہ	جو فعل کی وجہ بتائے	تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا. (9:92)
مفعولِ مطلق	جو (مصدر کی شکل میں) تاکید کے لیے آئے	يَكِيدُونَ كَيْدًا. (27:50)

مفعول بہ

جس پر فعل واقع ہو، یعنی جس پر فاعل کے کام کا اثر پڑے، جیسے:

	فعل	فاعل	مفعول بہ		
ایک مفعول	فَضَّلَ	اللهُ	بَعْضَهُمْ	دوسرا مفعول	(النساء:34)
دو مفعول	اِتَّخَذَ	اللهُ	إِبْرَاهِيمَ	خَلِيلًا	(البقرة:125)

فاعل پر پیش اور مفعول پر زبر ہوتا ہے

مفعول بہ کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں اس کا مکمل اجرا کیجیے

وَأَحَلَّ	اللّٰهُ	الْبَيْعَ. (البقرة:275)
اور حلال قرار دیا	اللہ نے	خرید و فروخت کو

يَمْحَقُ	اللّٰهُ	الرِّبَا. (البقرة:276)
مٹاتا ہے	اللہ	سود کو

کبھی ایک فعل کے دو مفعول بہ بھی ہوتے ہیں

عَلَّمَ	آدَمَ	الْأَسْمَاءَ. (البقرة:31)
سکھائے اس نے	آدم (علیہ السلام) کو	نام

آتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتَابَ. (البقرة:53)
دی ہم نے	موسیٰ کو	کتاب

فاعل پر پیش اور مفعول پر زبر ہوتا ہے

فعل	فاعل	مفعول بہ
صَدَقَ	اللّٰهُ	رَسُوْلَهُ. (الفتح:27)
سچ کہا	اللہ نے	اپنے رسول سے
نَادٰى	نُوْحٌ	رَبَّهُ. (هود:45)
پکارا	نوح نے	اپنے رب کو
وَرِثَ	سُلَيْمَانُ	دَاوُوْدَ. (النمل:16)
وارث ہوئے	سلیمان	داؤد کے

فاعل پر (ظاہر یا مخفی) پیش اور مفعول پر زبر ہوتا ہے

فعل	فاعل	مفعول بہ
قَضٰى	مُوْسٰى	الْأَجَلَ. (المزمل:16)
پورا کیا	موسیٰ نے	مدت کو
فَعَصٰى	فِرْعَوْنُ	الرَّسُوْلَ. (المزمل:16)
پس نافرمانی کی	فرعون نے	رسول کی
فَاحْتَمَلَ	السَّيْلُ	زَبَدًا. (هود:17)
پس اٹھایا	پانی کے ریلے نے	جھاگ کو

مفعول بہ مکرر کو پہچانیے اور صیغوں کے اجرا کے ساتھ آیت کا مفہوم سمجھیے

آیت	ترجمہ
جَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا. (النبأ:9)	بنایا ہم نے تمہاری نیند کو آرام دہ
جَعَلْنَا السَّمَاءَ سَقْفًا مَّحْفُوظًا. (الأنبياء:32)	بنایا ہم نے آسمان کو چھت محفوظ
جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً. (يونس:5)	بنایا اس نے سورج کو چمکتا ہوا
وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً. (يونس:21)	اور جب ہم چکھاتے ہیں لوگوں کو رحمت
لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ. (3:28)	نہ بنائیں ایمان والے کافروں کو دوست

مفعول فیہ

وہ وقت یا جگہ جس میں فعل واقع ہو، جیسے:

فعل	فاعل	معطوف	مفعول فیہ	
اُسْكُنْ	أَنْتَ	وَزَوْجُكَ	الْجَنَّةَ	(البقرة:35)

فاعل پر پیش اور مفعول فیہ پر زبر ہوتا ہے

مفعول فیہ کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں اس کا مکمل اجرا کیجیے

فَمَنْ	شَهِدَ	مِنْكُمُ	الشَّهْرَ. (2:185)
جو شخص	حاضر ہو	تم میں سے	(اس) مہینے میں

فَاللّٰهُ	يَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (2:113)
سو اللہ	فیصلہ کرے گا	ان کے درمیان	قیامت کے دن

مفعول فیہ کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں اس کا مکمل اجرا کیجیے

لَتَدْخُلُنَّ	الْمَسْجِدَ	الْحَرَامَ. (الفتح:27)
البتہ ضرور داخل ہوگے تم	مسجد	حرام میں

وَدَخَلَ	مَعَهُ	السِّجْنَ	فَتَيَانِ. (يوسف:36)
اور داخل ہوئے	ان (یوسف علیہ السلام) کے ساتھ	جیل میں	دو جوان

فاعل پر پیش اور مفعول پر (لفظی یا معنوی) زبر ہوتا ہے

فعل، فاعل	مفعول بہ	مفعول فیہ
جَاءُوْا	أَبَاهُمْ	عِشَاءً. (یوسف:16)
وہ آئے	اپنے والد کے پاس	رات کے وقت
لَا تُخْزِ	نَا	يَوْمَ الْقِيَامَةِ (3:941)
نہ رسوا کر تُو	ہمیں	قیامت کے دن
سَبِّحْ	هُ	لَيْلًا طَوِيْلًا (الدھر:26)
تسبیح بیان کرو	اس کی	لمبی رات میں

فاعل پر پیش اور مفعول پر (لفظی یا معنوی) زبر ہوتا ہے

فعل، فاعل	مفعول بہ	مفعول فیہ
دَعَوْتُ	قَوْمِيْ	لَيْلًا وَّنَهَارًا. (نوح:5)
پکارا میں نے	اپنی قوم کو	رات و دن
وَسَبِّحُوْ	هُ	بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا. (42:33)
تسبیح کرو	اس کی	صبح و شام
نَحْشُرُ	هُمْ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (97:17)
اٹھائیں گے ہم	ان کو	قیامت کے دن

مفعول لہ

وہ اسم جو فعل کی وجہ بتائے، جیسے:

فعل فاعل	مفعول	مفعول لہ	
وَلَا تَقْتُلُوْا	أَوْلَادَكُمْ	خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ	(الإسراء:31)

مفعول لہ کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں اس کا مکمل اجرا کیجیے

مَنْ	يَّشْرِيْ	نَفْسَهُ	ابْتِغَاءَ مَرْضَاةِ اللهِ. (207:2)
جو	بیچ دیتے ہیں	اپنا نفس	اللہ کی رضامندی تلاش کرنے کے لیے

يُنْفِقُ	مَالَهُ	رِئَاءَ النَّاسِ. (البقرة:264)
خرچ کرتا ہے وہ	اپنا مال	لوگوں کو دکھانے کے لیے

فاعل پر پیش اور مفعول پر زبر ہوتا ہے

فعل، فاعل	مفعول بہ	مفعول لہ
يُرْسِلُ	الرِّيَاحَ	بُشْرًا. (الاعراف:57)
بھیجتا ہے وہ	ہواؤں کو	خوشخبری کے لیے
قَتَلُوْا	أَوْلَادَهُمْ	سَفَهًا. (الانعام:140)
قتل کیا انہوں نے	اپنی اولاد کو	بے وقوفی سے
يُنْفِقُوْنَ	أَمْوَالَهُمُ	ابْتِغَاءَ مَرْضَاةِ اللهِ. (265:2)
خرچ کرتے ہیں وہ	اپنے مال	اللہ کی رضا چاہنے کے لیے

فاعل پر پیش اور مفعول پر (لفظی یا معنوی) زبر ہوتا ہے

فعل، فاعل	مفعول بہ	مفعول لہ
فَاقْطَعُوْا	أَيْدِيَهُمَا	جَزَاءً. (المائدۃ:38)
پس کاٹو تم	ان دونوں کے ہاتھ	بدلے کے لیے
لَا تَقْتُلُوْا	أَوْلَادَكُمْ	خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ. (31:17)
قتل نہ کرو تم	اپنی اولاد کو	فقر کے ڈر سے
وَلَا تُمْسِكُوْ	هُنَّ	ضِرَارًا. (البقرۃ:231)
اور نہ روکو تم	ان (عورتوں) کو	تکلیف دینے کے لیے

مفعول مطلق

جو (مصدر کی شکل میں) تاکید کے لیے آئے، جیسے:

فعل فاعل	مفعول	مفعول لہ	
جَاهِدْ	هُمْ بِهِ	جِهَادًا كَبِيْرًا	(الاسراء:16)

مفعول مطلق کو پہچانیے اور اجرا کے ساتھ قرآن فہمی پر توجہ دیجیے

فعل و فاعل	مفعول بہ	مفعول مطلق
رَتِّلِ	الْقُرْآنَ	تَرْتِيْلًا. (المزمل:4)
پڑھیے	قرآن شریف کو	خوب ٹھہر ٹھہر کر

فعل و فاعل	جار مجرور	مفعول مطلق، موصوف	صفت	
وَقُوْلُوْا	لَهُمْ	قَوْلًا	مَّعْرُوْفًا.	(النساء:5)
اور کہو	ان سے	بات	اچھی	

مفعول مطلق کو پہچانیے اور اجرا کے ساتھ قرآن فہمی پر توجہ دیجیے

وَتَأْكُلُونَ	التُّرَاثَ	أَكْلًا	لَّمًّا.
اور کھا جاتے ہو تم	میراث کا مال	کھانا	خوب سمیٹ کر

وَتُحِبُّونَ	الْمَالَ	حُبًّا	جَمًّا.
اور محبت کرتے ہو	مال سے	محبت	بہت زیادہ

كَلَّا،	إِذَا دُكَّتِ	الْأَرْضُ	دَكًّا دَكًّا. (الفجر:19-21)
ہرگز نہیں!	جب کوٹ دی جائے گی	زمین	ریزہ ریزہ کر کے

فاعل پر پیش اور مفعول پر زبر ہوتا ہے

فعل، فاعل	مفعول بہ	مفعول مطلق
صَبَبْنَا	الْمَاءَ	صَبًّا. (عبس:25)
بہایا ہم نے	پانی	(اچھی طرح) بہانا
شَقَقْنَا	الْأَرْضَ	شَقًّا. (عبس:26)
پھاڑا ہم نے	زمین کو	(عجیب طرح) پھاڑنا
دَمَّرْنَا	هَا	تَدْمِيرًا. (الاسراء:16)
تباہ کیا ہم نے	اس کو	(بری طرح) تباہ کرنا

فاعل پر پیش اور مفعول پر (لفظی یا معنوی) زبر ہوتا ہے

فعل، فاعل	مفعول بہ	مفعول مطلق
أَخَذْنَا	هُمْ	أَخْذَ عَزِيزٍ. (القمر:42)
پکڑا ہم نے	ان کو	زبردست قدرت والے کی پکڑ
وَاهْجُرْ	هُمْ	هَجْرًا جَمِيلًا. (10:73)
اور چھوڑ دو تم	ان کو	خوبصورتی کے ساتھ چھوڑنا
كَلَّمَ اللهُ	مُوسَى	تَكْلِيمًا. (الفرقان:52)
بات کی اللہ نے	موسیٰ (علیہ السلام) سے	بات کرنا

الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

مفعول کی چار اقسام سیکھیں جو قرآنِ کریم میں سیکڑوں مرتبہ آئی ہیں

آپ ان اقسام کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کریں اور قرآن فہمی کے میدان میں آگے بڑھنے کی کوشش کریں

یاد رہے قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

گھر کا کام

خود تشخیصی جائزہ

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ



لیول 3: اعلیٰ قواعد

حال

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 9

اس سبق میں

حال

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

اسم مبالغہ

جس میں فعل کا معنی زیادہ پایا جائے
(لیکن کسی سے تقابل نہ ہو)

اسم مبالغہ	ترجمہ
رَحِيْمٌ	بہت زیادہ رحم کرنے والا
رَحْمَانٌ	ہر کسی پر رحم کرنے والا
غَفُوْرٌ	بہت زیادہ بخشنے والا
قُدُّوْسٌ	سب سے زیادہ پاکیزہ
عَلَّامٌ	بہت زیادہ علم والا

اعادہ

اسم تفضیل

جس میں فعل کا معنی دوسرے سے زیادہ پایا جائے
(تقابلی موازنہ میں سب سے آگے)

اسم تفضیل	مثال	ترجمہ (تفضیلی تقابل کے ساتھ)
أَكْبَرُ	أَكْبَرُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ	سب سے بڑا
أَعْلَمُ	أَعْلَمُ النَّاسِ	سب سے بڑا عالم
أَفْضَلُ	أَفْضَلُ الْخَلَائِقِ	مخلوق میں سب سے افضل
أَرْحَمُ	أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ	تمام رحم والوں سے زیادہ رحم کرنے والا
أَحْسَنُ	أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ	سب سے زیادہ بہترین پیدا کرنے والا

اعادہ

اسم ظرف

کسی جگہ کے لیے استعمال ہونے والا لفظ

اسم آلہ

کسی آلہ کے لیے استعمال ہونے والا لفظ

اعادہ — مفعول کی چار اقسام

قسم	تعریف	مثال: ترجمہ خود نکالیے
مفعول بہ	وہ چیز جس پر فعل واقع ہو	خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ. (2:76)
مفعول فیہ	وہ وقت یا جگہ جس میں فعل واقع ہو	أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا. (12:12)
مفعول لہ	جو فعل کی وجہ بتائے	يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا. (16:32)
مفعولِ مطلق	جو (مصدر کی شکل میں) تاکید کے لیے آئے	وَمَكَرُوْا مَكْرًا. (50:27)

نیا سبق — حال

وہ لفظ جو فاعل یا مفعول کی حالت بیان کرے

حال ایک بھی ہوتا ہے اور دو بھی.

ایک حال	قُوْمُوْا	لِلّٰهِ	قَانِتِيْنَ.	-		(البقرة: 238)
دو حال	رَجَعَ	مُوسَى	إِلَى قَوْمِهِ	غَضْبَانَ	أَسِفًا	(الأعراف: 150)

ترجمہ خود نکالیں

مفعول کی طرح حال پر بھی زبر ہوتا ہے

حال کبھی جملہ اسمیہ کی شکل میں بھی ہوتا ہے

جملہ حالیہ

لَئِنْ	أَكَلَهُ	الذِّئْبُ	وَ	نَحْنُ	عُصْبَةٌ
البتہ اگر	کھایا اس کو	بھیڑیے نے	اور	ہم	جماعت ہیں

أَ	أَلِدُ	وَ	أَنَا	عَجُوْزٌ
کیا	جنوں گی میں	اور	میں	بوڑھی ہوں

وَدَخَلَ	جَنَّتَهُ	وَ	هُوَ	ظَالِمٌ	لِّنَفْسِهِ
اور داخل ہوا وہ	اپنے باغ میں	اور	وہ	ظلم کرنے والا تھا	اپنے آپ پر

حال کبھی جملہ فعلیہ کی شکل میں بھی ہوتا ہے

جملہ حالیہ

وَجَاءُوْا	أَبَاهُمْ	عِشَاءً	يَّبْكُوْنَ
اور آئے وہ	اپنے والد کے پاس	رات کے وقت	روتے ہوئے

وَجَاءَ	أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ	يَسْتَبْشِرُوْنَ
اور آئے	شہر والے	خوشی مناتے ہوئے

وَجَعَلْنَا	الْأَنْهَارَ	تَجْرِيْ
اور بنایا ہم نے	نہروں کو	بہتے ہوئے

حال کو پہچانیے اور آیت کی روح تک پہنچنے کی کوشش کیجیے

	مفعول بہ		حال		حال
دَعَا	نَا	لِجَنْبِهٖ	أَوْ	قَاعِدًا	أَوْ	قَائِمًا.
وہ پکارتا ہے	ہمیں	اپنے پہلو پر	اور	بیٹھ کر	اور	کھڑے ہو کر

(یونس:12)

	مفعول فیہ		حال		حال
هُوَ	قَانِتٌ	آنَاءَ اللَّيْلِ	سَاجِدًا	وَّ	قَائِمًا.
وہ	عبادت کرتا ہے	رات کے وقت	سجدے میں	اور	کھڑے ہو کر

(الزمر:9)

حال کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں اس کا مکمل اجرا کیجیے

✓			✓		✓	
إِنَّا	أَرْسَلْنَا	كَ	شَاهِدًا	وَّ	مُبَشِّرًا	وَّ	نَذِيْرًا
بے شک	بھیجا ہم نے	آپ کو	گواہ	اور	خوشخبری دینے والا	اور	ڈرانے والا

✓		✓			
وَ	دَاعِيًا	إِلَى اللهِ	بِإِذْنِهٖ	وَ	سِرَاجًا	مُّنِيْرًا.
اور	بلانے والا	اللہ کی طرف	اس کی اجازت سے	اور	چراغ	روشن

(الأحزاب:45.46)

حال کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں اس کا مکمل اجرا کیجیے

✓			
وَ	آتَيْنَا	هُ	الْحُكْمَ	صَبِيًّا.
اور	دی ہم نے	اس کو	حکمت	بچپن میں

(مریم:12)

✓			
يَأْكُلَ	لَحْمَ	أَخِيْهِ	مَيْتًا.
کھائے وہ	گوشت	اپنے بھائی کا	جب کہ وہ مر چکا ہو

(الحجرات:12)

حال کو پہچانیے اور آیت کے پیغام کو سمجھنے کی کوشش کیجیے

آیت	ترجمہ
اُدْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا. (البقرۃ:58)	داخل ہو جاؤ دروازے میں سجدے میں
وَخُلِقَ الْإِنْسَانُ ضَعِيْفًا. (النساء:28)	اور پیدا کیا گیا ہے انسان کمزور
يَذْكُرُوْنَ اللهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا. (آل عمران:191)	ذکر کرتے ہیں وہ اللہ کا کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر
فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا. (آل عمران:95)	پیروی کرو ابراہیم (علیہ السلام) کے دین کی یکسو ہو کر
يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلَائِكَةُ صَفًّا. (النبأ:38)	جس دن کھڑے ہوں گے جبریل اور فرشتے قطار بنا کر



الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

حال سیکھا جو قرآنِ کریم میں بیسیوں مرتبہ آیا ہے

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کریں اور قرآنِ کریم کے پیغام کو سمجھنے کی کوشش کریں

یاد رہے قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

گھر کا کام

خود تشخیصی جائزہ

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 3: اعلیٰ قواعد

تمییز

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق-10

اس سبق میں

تمییز

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

اسم ظرف

کسی جگہ کے لیے استعمال ہونے والا لفظ

اسم آلہ

کسی آلہ کے لیے استعمال ہونے والا لفظ

اعادہ

مفعول کی چار اقسام

قسم	تعریف	مثال: ترجمہ خود نکالیے
مفعول بہ	وہ چیز جس پر فعل واقع ہو	خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ. (2:76)
مفعول فیہ	وہ وقت یا جگہ جس میں فعل واقع ہو	أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا. (12:12)
مفعول لہ	جو فعل کی وجہ بتائے	يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا. (16:32)
مفعولِ مطلق	جو (مصدر کی شکل میں) تاکید کے لیے آئے	وَمَكَرُوْا مَكْرًا. (50:27)

اعادہ

حال

وہ لفظ جو فاعل یا مفعول کی حالت بیان کرے

حال ایک بھی ہوتا ہے اور دو بھی.

ایک حال	قُوْمُوْا	لِلّٰهِ	قَانِتِيْنَ.	-		(البقرة:238)
دو حال	رَجَعَ	مُوسَى	إِلَى قَوْمِهِ	غَضْبَانَ	أَسِفًا	(الأعراف:150)

ترجمہ خود نکالیں

مفعول کی طرح حال پر بھی زبر ہوتا ہے

نیا سبق

تمییز

وہ اسم جو ابہام کو دور کرے، جیسے:

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا. (طه:114)

یہ ابہام عدد، مقدار، کیفیت یا جملہ میں ہوتا ہے

تمییز کا ترجمہ عموماً "کے لحاظ سے" یا "کے اعتبار سے" کیا جاتا ہے

مفعول اور حال کی طرح تمییز پر بھی زبر ہوتا ہے

عدد کے ابہام کی وضاحت

رَأَيْتُ	أَحَدَ عَشَرَ	كَوْكَبًا. (یوسف:4)
میں نے دیکھے	گیارہ	تارے

فَانْفَجَرَتْ	مِنْهُ	اثْنَتَا عَشْرَةَ	عَيْنًا. (البقرة:60)
پھوٹ پڑے	اس سے	بارہ	چشمے

مقدار کے ابہام کی وضاحت

وَلَلْآخِرَةُ	أَكْبَرُ	دَرَجَاتٍ	وَّأَكْبَرُ	تَفْضِيلًا. (الإسراء:21)
اور یقیناً آخرت	بڑی ہے	درجہ میں	اور بڑی ہے	فضیلت کے اعتبار سے

أَنَا	أَكْثَرُ	مِنْكَ	مَالًا	وَّأَعَزُّ	نَفَرًا. (الكهف:34)
میں	زیادہ ہوں	تم سے	مال میں	اور مضبوط ہوں	جتھے کے اعتبار سے

کیفیت کے ابہام کی وضاحت

اَلْأَعْرَابُ	أَشَدُّ	كُفْرًا	وَّنِفَاقًا. (التوبة:97)
دیہاتی	زیادہ سخت ہیں	کفر میں	اور نفاق کے لحاظ سے

فَأَهْلَكْنَا	أَشَدَّ	مِنْهُمْ	بَطْشًا (الزخرف:8)
پس ہلاک کیا ہم نے	زیادہ سخت کو	ان میں سے	زور کے لحاظ سے

جملہ کے ابہام کی وضاحت

فَزَادَهُمُ	اللّٰهُ	مَرَضًا. (البقرۃ:10)
پس بڑھادیا ان کو	اللہ نے	مرض کے اعتبار سے

قَدْ	شَغَفَهَا	حُبًّا. (یوسف:30)
بے شک	اتر گیا ہے وہ اس کے دل میں	محبت کے لحاظ سے

تمیز کو پہچانیے اور آیت کے پیغام کو سمجھنے کی کوشش کیجیے

آیت	ترجمہ
وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا. (النساء:79)	اور کافی ہے اللہ گواہی کے اعتبار سے
وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا. (النساء:87)	اور کون زیادہ سچا ہے اللہ سے بات میں
وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً. (البقرۃ:138)	اور کون زیادہ اچھا ہے اللہ سے رنگ چڑھانے میں
وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا. (مریم:4)	اور بھڑک اٹھا سر بڑھاپے سے
نَارُ جَهَنَّمَ أَشَدُّ حَرًّا. (التوبۃ:81)	جہنم کی آگ بہت سخت ہے گرمی کے اعتبار سے

الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

تمیز سیکھی جو قرآنِ کریم میں بیسیوں مرتبہ آئی ہے

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے آیت کے معنی و مفہوم اور اس کے پیغام و نصیحت تک پہنچنے کی کوشش کریں

یاد رہے قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

گھر کا کام

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

خود تشخیصی جائزہ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 3: ثانوی قواعد

ماضی قریب

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 11

اس سبق میں

ماضی قریب

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

مفعول کی چار اقسام

قسم	تعریف	مثال: ترجمہ خود نکالیے
مفعول بہ	وہ چیز جس پر فعل واقع ہو	خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ. (2:76)
مفعول فیہ	وہ وقت یا جگہ جس میں فعل واقع ہو	أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا. (12:12)
مفعول لہ	جو فعل کی وجہ بتائے	يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا. (16:32)
مفعولِ مطلق	جو (مصدر کی شکل میں) تاکید کے لیے آئے	وَمَكَرُوْا مَكْرًا. (50:27)

اعادہ

حال

وہ لفظ جو فاعل یا مفعول کی حالت بیان کرے
حال ایک بھی ہوتا ہے اور دو بھی.

ایک حال	قُوْمُوْا	لِلّٰهِ	قَانِتِيْنَ.	-		(البقرة:238)
دو حال	رَجَعَ	مُوسَى	إِلَى قَوْمِهِ	غَضْبَانَ	أَسِفًا	(الأعراف:150)

ترجمہ خود نکالیں

مفعول کی طرح حال پر بھی زبر ہوتا ہے

اعادہ

تمیز

وہ اسم جو ابہام کو دور کرے، جیسے:
رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا. (طه:114)

یہ ابہام عدد، مقدار، کیفیت یا جملہ میں ہوتا ہے

تمیز کا ترجمہ عموماً "کے لحاظ سے" یا "کے اعتبار سے" کیا جاتا ہے

مفعول اور حال کی طرح تمیز پر بھی زبر ہوتا ہے

نیا سبق

ماضی قریب

قَدْ:122

وہ ماضی جس میں قریب کا گذرا ہوا زمانہ پایا جائے

ماضی قریب بنانے کے لیے ماضی پر ''قَدْ'' لگایا جاتا ہے

''قَدْ'' کا ترجمہ ''یقینا، ضرور، بلاشبہ'' جیسے الفاظ سے کیا جاتا ہے

قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ ۔(آل عمران:173)	یقینا جمع ہوئے وہ تمہارے لیے
قَدْ أَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ ۔(الأعراف:26)	یقینا نازل کیا ہم نے تم پر

ماضی قریب

قَدْ:122

وہ ماضی جس پر ''قَدْ'' داخل ہو

ماضی	ماضی قریب
ضَرَبَ	قَدْ ضَرَبَ
نَصَرَ	قَدْ نَصَرَ
فَتَحَ	قَدْ فَتَحَ
سَمِعَ	قَدْ سَمِعَ

ماضی قریب کی گردان معنی سمجھ کر اشاروں کے ساتھ پڑھیے

قَدْ	ضَرَبَ	قَدْ	ضَرَبَتْ	قَدْ	نَصَرَ	قَدْ	نَصَرَتْ				
قَدْ	ضَرَبَا	قَدْ	ضَرَبَتَا	قَدْ	نَصَرَا	قَدْ	نَصَرَتَا				
قَدْ	ضَرَبُوْا	قَدْ	ضَرَبْنَ	قَدْ	نَصَرُوْا	قَدْ	نَصَرْنَ				
قَدْ	ضَرَبْتَ	قَدْ	ضَرَبْتِ	قَدْ	نَصَرْتَ	قَدْ	نَصَرْتِ				
قَدْ	ضَرَبْتُمَا	قَدْ	ضَرَبْتُمَا	قَدْ	نَصَرْتُمَا	قَدْ	نَصَرْتُمَا				
قَدْ	ضَرَبْتُمْ	قَدْ	ضَرَبْتُنَّ	قَدْ	نَصَرْتُمْ	قَدْ	نَصَرْتُنَّ				
قَدْ	ضَرَبْتُ	قَدْ	ضَرَبْتُ	قَدْ	نَصَرْتُ	قَدْ	نَصَرْتُ				
قَدْ	ضَرَبْنَا	قَدْ	ضَرَبْنَا	قَدْ	نَصَرْنَا	قَدْ	نَصَرْنَا				

ماضی قریب کی گردان معنی سمجھ کر اشاروں کے ساتھ پڑھیے

قَدْ	سَمِعَ	قَدْ	سَمِعَتْ	قَدْ	فَتَحَ	قَدْ	فَتَحَتْ
قَدْ	سَمِعَا	قَدْ	سَمِعَتَا	قَدْ	فَتَحَا	قَدْ	فَتَحَتَا
قَدْ	سَمِعُوْا	قَدْ	سَمِعْنَ	قَدْ	فَتَحُوْا	قَدْ	فَتَحْنَ
قَدْ	سَمِعْتَ	قَدْ	سَمِعْتِ	قَدْ	فَتَحْتَ	قَدْ	فَتَحْتِ
قَدْ	سَمِعْتُمَا	قَدْ	سَمِعْتُمَا	قَدْ	فَتَحْتُمَا	قَدْ	فَتَحْتُمَا
قَدْ	سَمِعْتُمْ	قَدْ	سَمِعْتُنَّ	قَدْ	فَتَحْتُمْ	قَدْ	فَتَحْتُنَّ
قَدْ	سَمِعْتُ	قَدْ	سَمِعْتُ	قَدْ	فَتَحْتُ	قَدْ	فَتَحْتُ
قَدْ	سَمِعْنَا	قَدْ	سَمِعْنَا	قَدْ	فَتَحْنَا	قَدْ	فَتَحْنَا

ماضی قریب

قَدْ:122 — لَقَدْ:183

قَدْ	أَفْلَحَ	الْمُؤْمِنُونَ. (1:23)
یقینا	فلاح پا گئے	مومن

وَلَقَدْ	نَصَرَكُمُ	اللّٰهُ (123:3)
اور یقیناً بلاشبہ	مدد کی تمہاری	اللہ نے

"قد" پر "لامِ تاکید" بڑھانے سے معنی میں زور پیدا ہو جاتا ہے

ماضی قریب: قَدْ	ترجمہ: یقینا، ضرور، بلاشبہ
قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ (1:58)	یقینا سن لیا اللہ نے
قَدْ بَعَثَ لَكُمْ (247:2)	یقینا بھیجا اس نے تمہارے لیے
قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ (60:2)	یقینا جان لیا ہر انسان نے

ماضی قریب: قَدْ	ترجمہ: یقینا، ضرور، بلاشبہ
قَدْ صَدَقْتَنَا. (المائدۃ: 113)	یقینا تو نے سچ کہا ہم سے
قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا. (یوسف: 100)	یقینا بنایا ہے اس کو میرے رب نے حق
قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا. (یوسف: 90)	یقینا احسان کیا اللہ نے ہم پر
قَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ. (آل عمران: 40)	یقینا پہنچا مجھے بڑھاپا
قَدْ قَصَصْنَاهُمْ عَلَيْكَ. (النساء: 164)	یقینا بیان کیے ہم نے ان کے قصے آپ کے سامنے
قَدْ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ. (النساء: 72)	یقینا انعام کیا اللہ نے مجھ پر
قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ. (الأنعام: 97)	یقینا کھول کر بیان کیں ہم نے نشانیاں
قَدْ تَبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ. (البقرۃ: 256)	یقینا واضح ہو گئی ہدایت گمراہی سے

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

ماضی قریب سیکھی۔ "قَدْ" کا لفظ قرآن شریف میں 305 مرتبہ آیا ہے

آپ ان جیسے جملوں کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے معنی سمجھنے کی کوشش کریں

قرآن شریف میں کل تقریباً 4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

گھر کا کام

خود تشخیصی جائزہ

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ



لیول 3: ثانوی قواعد

ماضی استمراری

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق-12

اس سبق میں

ماضی استمراری

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

حال

وہ لفظ جو فاعل یا مفعول کی حالت بیان کرے
حال ایک بھی ہوتا ہے اور دو بھی.

ایک حال	قُوْمُوْا	لِلّٰهِ	قَانِتِيْنَ.	-	(البقرة:238)
دو حال	رَجَعَ	مُوسَى	إِلَى قَوْمِهِ	غَضْبَانَ	أَسِفًا (الأعراف:150)

ترجمہ خود نکالیں

مفعول کی طرح حال پر بھی زبر ہوتا ہے

اعادہ

تمیز

وہ اسم جو ابہام کو دور کرے، جیسے:
رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا. (طه:114)

یہ ابہام عدد، مقدار، کیفیت یا جملہ میں ہوتا ہے

تمیز کا ترجمہ عموماً "کے لحاظ سے" یا "کے اعتبار سے" کیا جاتا ہے

مفعول اور حال کی طرح تمیز پر بھی زبر ہوتا ہے

قَدْ:122

ماضی قریب

قَدْ:122

اعادہ

وہ ماضی جس میں قریب کا گذرا ہوا زمانہ پایا جائے
ماضی قریب بنانے کے لیے ماضی پر "قَدْ" لگایا جاتا ہے
"قَدْ" کا ترجمہ "یقینا، ضرور، بلاشبہ" جیسے الفاظ سے کیا جاتا ہے

قَدْ سَمِعْنَا. (الأنفال:31)	یقینا سنا ہم نے
قَدْ بَلَغْتَ. (الكهف:76)	یقینا پہنچا تو

قَدْ:122

ماضی قریب

لَقَدْ:183

وہ ماضی جس پر "قَدْ" داخل ہو

ماضی	ماضی قریب
بَيَّنَّا	قَدْ بَيَّنَّا
خَلَقْنَا	لَقَدْ خَلَقْنَا

ماضی قریب کی گردان معنی سمجھ کر اشاروں کے ساتھ پڑھیے

قَدْ	حَسِبَ	قَدْ	حَسِبَتْ	قَدْ	كَرُمَ	قَدْ	كَرُمَتْ
قَدْ	حَسِبَا	قَدْ	حَسِبَتَا	قَدْ	كَرُمَا	قَدْ	كَرُمَتَا
قَدْ	حَسِبُوْا	قَدْ	حَسِبْنَ	قَدْ	كَرُمُوْا	قَدْ	كَرُمْنَ
قَدْ	حَسِبْتَ	قَدْ	حَسِبْتِ	قَدْ	كَرُمْتَ	قَدْ	كَرُمْتِ
قَدْ	حَسِبْتُمَا	قَدْ	حَسِبْتُمَا	قَدْ	كَرُمْتُمَا	قَدْ	كَرُمْتُمَا
قَدْ	حَسِبْتُمْ	قَدْ	حَسِبْتُنَّ	قَدْ	كَرُمْتُمْ	قَدْ	كَرُمْتُنَّ
قَدْ	حَسِبْتُ	قَدْ	حَسِبْتُ	قَدْ	كَرُمْتُ	قَدْ	كَرُمْتُ
قَدْ	حَسِبْنَا	قَدْ	حَسِبْنَا	قَدْ	كَرُمْنَا	قَدْ	كَرُمْنَا

ماضی قریب

ض		ن		س		ف	
قَدْ	كَسَبَ	قَدْ	خَلَقَ	قَدْ	شَرِبَ	قَدْ	مَنَعَ
قَدْ	كَسَبَا	قَدْ	خَلَقَا	قَدْ	شَرِبَا	قَدْ	مَنَعَا
قَدْ	كَسَبُوْا	قَدْ	خَلَقُوْا	قَدْ	شَرِبُوْا	قَدْ	مَنَعُوْا
قَدْ	كَسَبَتْ	قَدْ	خَلَقَتْ	قَدْ	شَرِبَتْ	قَدْ	مَنَعَتْ
قَدْ	كَسَبَتَا	قَدْ	خَلَقَتَا	قَدْ	شَرِبَتَا	قَدْ	مَنَعَتَا
قَدْ	كَسَبْتُمْ	قَدْ	خَلَقْتُمْ	قَدْ	شَرِبْتُمْ	قَدْ	مَنَعْتُمْ
قَدْ	كَسَبْتُ	قَدْ	خَلَقْتُ	قَدْ	شَرِبْتُ	قَدْ	مَنَعْتُ
قَدْ	كَسَبْنَا	قَدْ	خَلَقْنَا	قَدْ	شَرِبْنَا	قَدْ	مَنَعْنَا

ماضی قریب	ترجمہ: یقینا، ضرور، بلاشبہ
قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ (185:7)	یقینا قریب آگیا ان کا وقت
قَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ (91:10)	یقینا نافرمانی کی تو نے پہلے
لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ (18:48)	یقینا راضی ہوا اللہ

نیا سبق

ماضی استمراری

کَانَ: 1074

ایسا فعل جس میں گذرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا بار بار ہونا پایا جائے
ماضی استمراری بنانے کے لیے مضارع سے پہلے "کَانَ" کا اضافہ کیا جاتا ہے
اس کا ترجمہ "کرتا تھا" یا "کر رہا تھا" سے کیا جاتا ہے

كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ (137:7)	بناتا تھا فرعون
كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا (4:72)	کہتا تھا ہم میں سے بے وقوف

ماضی استمراری

کَانَ: 1074

وہ مضارع جس کے شروع میں "کَانَ" ہو

ماضی	مضارع	ماضی استمراری
ضَرَبَ	يَضْرِبُ	كَانَ يَضْرِبُ
نَصَرَ	يَنْصُرُ	كَانَ يَنْصُرُ
فَتَحَ	يَفْتَحُ	كَانَ يَفْتَحُ
سَمِعَ	يَسْمَعُ	كَانَ يَسْمَعُ

ماضی استمراری کی گردان معنی سمجھ کر اشاروں کے ساتھ پڑھیے

كَانَ	يَضْرِبُ	كَانَتْ	تَضْرِبُ	كَانَ	يَنْصُرُ	كَانَتْ	تَنْصُرُ
كَانَا	يَضْرِبَانِ	كَانَتَا	تَضْرِبَانِ	كَانَا	يَنْصُرَانِ	كَانَتَا	تَنْصُرَانِ
كَانُوْا	يَضْرِبُوْنَ	كُنَّ	يَضْرِبْنَ	كَانُوْا	يَنْصُرُوْنَ	كُنَّ	يَنْصُرْنَ
كُنْتَ	تَضْرِبُ	كُنْتِ	تَضْرِبِيْنَ	كُنْتَ	تَنْصُرُ	كُنْتِ	تَنْصُرِيْنَ
كُنْتُمَا	تَضْرِبَانِ	كُنْتُمَا	تَضْرِبَانِ	كُنْتُمَا	تَنْصُرَانِ	كُنْتُمَا	تَنْصُرَانِ
كُنْتُمْ	تَضْرِبُوْنَ	كُنْتُنَّ	تَضْرِبْنَ	كُنْتُمْ	تَنْصُرُوْنَ	كُنْتُنَّ	تَنْصُرْنَ
كُنْتُ	أَضْرِبُ	كُنْتُ	أَضْرِبُ	كُنْتُ	أَنْصُرُ	كُنْتُ	أَنْصُرُ
كُنَّا	نَضْرِبُ	كُنَّا	نَضْرِبُ	كُنَّا	نَنْصُرُ	كُنَّا	نَنْصُرُ

ماضی استمراری کی گردان معنی سمجھ کر اشاروں کے ساتھ پڑھیے

كَانَ	يَفْتَحُ	كَانَتْ	تَفْتَحُ	كَانَ	يَسْمَعُ	كَانَتْ	تَسْمَعُ
كَانَا	يَفْتَحَانِ	كَانَتَا	تَفْتَحَانِ	كَانَا	يَسْمَعَانِ	كَانَتَا	تَسْمَعَانِ
كَانُوْا	يَفْتَحُوْنَ	كُنَّ	يَفْتَحْنَ	كَانُوْا	يَسْمَعُوْنَ	كُنَّ	يَسْمَعْنَ
كُنْتَ	تَفْتَحُ	كُنْتِ	تَفْتَحِيْنَ	كُنْتَ	تَسْمَعُ	كُنْتِ	تَسْمَعِيْنَ
كُنْتُمَا	تَفْتَحَانِ	كُنْتُمَا	تَفْتَحَانِ	كُنْتُمَا	تَسْمَعَانِ	كُنْتُمَا	تَسْمَعَانِ
كُنْتُمْ	تَفْتَحُوْنَ	كُنْتُنَّ	تَفْتَحْنَ	كُنْتُمْ	تَسْمَعُوْنَ	كُنْتُنَّ	تَسْمَعْنَ
كُنْتُ	أَفْتَحُ	كُنْتُ	أَفْتَحُ	كُنْتُ	أَسْمَعُ	كُنْتُ	أَسْمَعُ
كُنَّا	نَفْتَحُ	كُنَّا	نَفْتَحُ	كُنَّا	نَسْمَعُ	كُنَّا	نَسْمَعُ

ماضی استمراری

كَانَ: 1074

كَانَ	يَعْبُدُ	آبَاؤُنَا (70:7)
تھے	عبادت کرتے	ہمارے باپ دادا

كَانَ يَأْمُرُ	أَهْلَهُ	بِالصَّلَاةِ	وَالزَّكَاةِ (55:19)
حکم دیتا تھا وہ	اپنے گھر والوں کو	نماز کا	اور زکاۃ کا

ماضی استمراری

كَانَ: 1074

ذُوقُوا	مَا	كُنْتُمْ	تَكْسِبُونَ (الزمر:24)
چکھو تم	جو	تھے تم	کماتے

بِمَا	كُنْتُمْ	تَفْسُقُونَ (الأحقاف:20)
بسبب اس کے جو	تھے تم	گناہ کرتے

ماضی استمراری	ترجمہ: کرتا تھا، کر رہا تھا
كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ. (الطلاق:2)	ایمان لاتا تھا وہ اللہ پر
كَانَ يُرِيدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا. (134:4)	ارادہ کرتا تھا وہ دنیا کے بدلے کا
كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ. (الأحزاب:53)	تکلیف دیتا تھا وہ نبی کو

ماضی استمراری

كَانَ: 1074

مَنْ كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ اللهِ فَإِنَّ أَجَلَ اللهِ لَآتٍ. (العنكبوت:5)
جو امید رکھتا تھا اللہ کی ملاقات کی، سو اللہ کا وقت آنے والا ہے
مَا كَانَ يُغْنِي عَنْهُمْ مِّنَ اللهِ مِنْ شَيْءٍ. (يوسف:78)
نہیں فائدہ دیتا تھا وہ ان کو اللہ سے کچھ بھی
مَنْ كَانَ يَظُنُّ أَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ. (الحج:15)
جو گمان کرتا تھا کہ ہرگز مدد نہیں کرے گا اس کی اللہ دنیا و آخرت میں



الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

ماضی استمراری سیکھی جو قرآن شریف میں بیسیوں مرتبہ آئی ہے

آپ ان جیسے جملوں کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے معنی سمجھنے کی کوشش کریں

قرآن شریف میں کل تقریباً **4,500** الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

گھر کا کام

خود تشخیصی جائزہ

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 3: ثانوی قواعد

مضارع مستقبل

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق-13

اس سبق میں

مضارع مستقبل

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

تمیز

وہ اسم جو ابہام کو دور کرے، جیسے:

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا. (طه:114)

یہ ابہام عدد، مقدار، کیفیت یا جملہ میں ہوتا ہے

تمیز کا ترجمہ عموماً "کے لحاظ سے" یا "کے اعتبار سے" کیا جاتا ہے

مفعول اور حال کی طرح تمیز پر بھی زبر ہوتا ہے

قَدْ:122

ماضی قریب

قَدْ:122

اعادہ

وہ ماضی جس میں قریب کا گذرا ہوا زمانہ پایا جائے

ماضی قریب بنانے کے لیے ماضی پر "قَدْ" لگایا جاتا ہے

"قَدْ" کا ترجمہ "یقیناً، ضرور، بلاشبہ" جیسے الفاظ سے کیا جاتا ہے

قَدْ سَمِعْنَا. (الأنفال:31)	یقیناً سنا ہم نے
قَدْ بَلَغْتَ. (الكهف:76)	یقیناً پہنچا تُو

ماضی قریب	ترجمہ: یقیناً، ضرور، بلاشبہ
قَدْ جَاءَكُمُ الرَّسُوْلُ (170:4)	یقیناً آئے تمہارے پاس رسول
قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ (98:6)	یقیناً بیان کی ہم نے نشانیاں
قَدْ مَنَّ اللّٰهُ (90:12)	یقیناً احسان کیا اللہ نے

اعادہ

ماضی استمراری

کَانَ: 1074

ایسا فعل جس میں گذرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا بار بار ہونا پایا جائے
ماضی استمراری بنانے کے لیے مضارع سے پہلے "کَانَ" کا اضافہ کیا جاتا ہے
اس کا ترجمہ "کرتا تھا" یا "کر رہا تھا" سے کیا جاتا ہے

كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ (137:7)	بناتا تھا فرعون
كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا (4:72)	کہتا تھا ہم میں سے بے وقوف

اعادہ

ماضی استمراری

كَانَ: 1074

وہ مضارع جس کے شروع میں "کَانَ" ہو

ماضی	مضارع	ماضی استمراری
عَبَدَ	يَعْبُدُ	كَانَ يَعْبُدُ
خَتَمَ	يَخْتِمُ	كَانَ يَخْتِمُ

نیا سبق

مضارع مستقبل

قریب و بعید

مضارع مستقبل: جس میں آنے والے زمانے میں کسی کام کا ہونا یا کرنا پایا جائے
مضارع مستقبل قریب بنانے کے لیے مضارع سے پہلے "س" کا اضافہ کیا جاتا ہے
مضارع مستقبل بعید بنانے کے لیے مضارع سے پہلے "سوف" کا اضافہ کیا جاتا ہے

سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ. (التوبة: 71)	جلد ہی رحم کرے گا ان پر اللہ
كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ. (التكاثر: 3)	ہر گز نہیں! عنقریب جان لوگے تم

مضارع مستقبل

سَ: 84 — سَوْفَ: 42

وہ مضارع جس پر "س" یا "سوف" داخل ہو

مضارع	مضارع مستقبل قریب	مضارع مستقبل بعید
يَضْرِبُ	سَيَضْرِبُ	سَوْفَ يَضْرِبُ
يَنْصُرُ	سَيَنْصُرُ	سَوْفَ يَنْصُرُ
يَفْتَحُ	سَيَفْتَحُ	سَوْفَ يَفْتَحُ
يَسْمَعُ	سَيَسْمَعُ	سَوْفَ يَسْمَعُ

مضارع مستقبل قریب کے آخری دو باب بھی معنی کا دھیان رکھ کر پڑھیے

سَ	يَضْرِبُ	سَ	تَضْرِبُ	سَ	يَنْصُرُ	سَ	تَنْصُرُ
سَ	يَضْرِبَانِ	سَ	تَضْرِبَانِ	سَ	يَنْصُرَانِ	سَ	تَنْصُرَانِ
سَ	يَضْرِبُوْنَ	سَ	يَضْرِبْنَ	سَ	يَنْصُرُوْنَ	سَ	يَنْصُرْنَ
سَ	تَضْرِبُ	سَ	تَضْرِبِيْنَ	سَ	تَنْصُرُ	سَ	تَنْصُرِيْنَ
سَ	تَضْرِبَانِ	سَ	تَضْرِبَانِ	سَ	تَنْصُرَانِ	سَ	تَنْصُرَانِ
سَ	تَضْرِبُوْنَ	سَ	تَضْرِبْنَ	سَ	تَنْصُرُوْنَ	سَ	تَنْصُرْنَ
سَ	أَضْرِبُ	سَ	أَضْرِبُ	سَ	أَنْصُرُ	سَ	أَنْصُرُ
سَ	نَضْرِبُ	سَ	نَضْرِبُ	سَ	نَنْصُرُ	سَ	نَنْصُرُ

مضارع مستقبل بعید کے پہلے دو باب بھی معنی کا دھیان رکھ کر پڑھیے

سَوْفَ	يَفْتَحُ	سَوْفَ	تَفْتَحُ	سَوْفَ	يَسْمَعُ	سَوْفَ	تَسْمَعُ
سَوْفَ	يَفْتَحَانِ	سَوْفَ	تَفْتَحَانِ	سَوْفَ	يَسْمَعَانِ	سَوْفَ	تَسْمَعَانِ
سَوْفَ	يَفْتَحُوْنَ	سَوْفَ	يَفْتَحْنَ	سَوْفَ	يَسْمَعُوْنَ	سَوْفَ	يَسْمَعْنَ
سَوْفَ	تَفْتَحُ	سَوْفَ	تَفْتَحِيْنَ	سَوْفَ	تَسْمَعُ	سَوْفَ	تَسْمَعِيْنَ
سَوْفَ	تَفْتَحَانِ	سَوْفَ	تَفْتَحَانِ	سَوْفَ	تَسْمَعَانِ	سَوْفَ	تَسْمَعَانِ
سَوْفَ	تَفْتَحُوْنَ	سَوْفَ	تَفْتَحْنَ	سَوْفَ	تَسْمَعُوْنَ	سَوْفَ	تَسْمَعْنَ
سَوْفَ	أَفْتَحُ	سَوْفَ	أَفْتَحُ	سَوْفَ	أَسْمَعُ	سَوْفَ	أَسْمَعُ
سَوْفَ	نَفْتَحُ	سَوْفَ	نَفْتَحُ	سَوْفَ	نَسْمَعُ	سَوْفَ	نَسْمَعُ

مضارع مستقبل قریب س:84

سَيَجْزِى	اللّٰهُ	الشّٰكِرِيْنَ.
جلد ہی بدلا دے گا	اللہ	شکر کرنے والوں کو

(144:3)

سَيَقُوْلُ	السُّفَهَاءُ	مِنَ النَّاسِ.
جلد ہی کہیں گے	بے وقوف	لوگوں میں سے

(142:2)

ترجمے کا دھیان رکھ کر تجوید کے ساتھ مل کر دہرائیے

مضارع مستقبل قریب س:84

أَنَّ	كُمْ	سَ	تَذْكُرُوْنَ	هُنَّ.
یقینا	تم	جلد ہی	تذکرہ کروگے	ان کا

(235:2)

سَ	تُكْتَبُ	شَهَادَتُهُمْ.
جلد ہی	لکھی جائے گی	ان کی گواہی

(19:43)

ترجمے کا دھیان رکھ کر تجوید کے ساتھ مل کر دہرائیے

مضارع مستقبل بعید

سَوْفَ:42

لَ	سَوْفَ	أُخْرَجُ	حَيًّا.
ضرور	جلد ہی	نکالا جاؤں گا میں	زندہ کر کے

(66:19)

سَوْفَ	أَسْتَغْفِرُ	لَكُمْ	رَبِّيْ.
جلد ہی	مغفرت طلب کروں گا میں	آپ کے لیے	اپنے رب سے

(98:12)

مضارع مستقبل بعید

سَوْفَ:42

فَ	سَوْفَ	نُصْلِيْهِ	نَارًا.
پس	جلد ہی	ڈالیں گے ہم اس کو	آگ میں

(30:4)

فَ	سَوْفَ	نُؤْتِيْهِ	أَجْرًا	عَظِيْمًا.
پس	جلد ہی	دیں گے ہم اس کو	اجر	بڑا

(98:12)

مضارع مستقبل بعید	ترجمہ: جلد ہی، عنقریب
سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ. (الأنعام:67)	جلد ہی تم جان لو گے
فَسَوْفَ نُعَذِّبُهُ. (الکھف:87)	پس جلد ہی عذاب دیں گے ہم اس کو
فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ. (الصافات:175)	پس جلد ہی دیکھیں گے وہ

مضارع مستقبل قریب

سَ:84

سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ. (مریم:82)
جلد ہی انکار کریں گے وہ ان کی عبادت کا
سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا. (الطلاق:7)
جلد ہی کرے گا اللہ تنگی کے بعد آسانی
فَسَتَذْكُرُوْنَ مَا أَقُوْلُ لَكُمْ. (غافر:44)
پس جلد ہی یاد کرو گے تم وہ جو میں کہہ رہا ہوں تم سے

مضارع مستقبل بعید

سَوْفَ:42

وَسَوْفَ تُسْأَلُوْنَ.(الزخرف:44)
اور جلد ہی پوچھا جائے گا تم سے
فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا. (الانشقاق:8)
پس جلد ہی حساب لیا جائے گا اس سے آسان حساب
وَلَسَوْفَ يَرْضٰى.(اللیل:21)
اور ضرور جلد ہی راضی ہو جائے گا وہ

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

مضارع مستقبل سیکھا جو قرآن شریف میں بیسیوں مرتبہ آیا ہے

آپ ان جیسے جملوں کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے معنی سمجھنے کی کوشش کریں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں



گھر کا کام

خود تشخیصی جائزہ

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 3: ثانوی قواعد

مضارع خفیف و ثقیل

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق-14

اس سبق میں

مضارع خفیف و ثقیل

لیکن پہلے اعادہ

قَدْ:122

ماضی قریب

اعادہ

وہ ماضی جس میں قریب کا گذرا ہوا زمانہ پایا جائے

ماضی قریب بنانے کے لیے ماضی پر ''قَدْ'' لگایا جاتا ہے

''قَدْ'' کا ترجمہ ''یقینا، ضرور، بلاشبہ'' جیسے الفاظ سے کیا جاتا ہے

قَدْ سَمِعْنَا۔ (الأنفال:31)	یقینا سنا ہم نے
قَدْ بَلَغْتَ۔ (الکہف:76)	یقینا پہنچا تُو

اعادہ

ماضی استمراری

كَانَ: 1074

ایسا فعل جس میں گذرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا بار بار ہونا پایا جائے

ماضی استمراری بنانے کے لیے مضارع سے پہلے ''كَانَ'' کا اضافہ کیا جاتا ہے

اس کا ترجمہ ''کرتا تھا'' یا ''کر رہا تھا'' سے کیا جاتا ہے

كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ (137:7)	بناتا تھا فرعون
كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا (4:72)	کہتا تھا ہم میں سے بے وقوف

اعادہ

ماضی استمراری

كَانَ: 1074

وہ مضارع جس کے شروع میں ''كَانَ'' ہو

ماضی	مضارع	ماضی استمراری
عَبَدَ	يَعْبُدُ	كَانَ يَعْبُدُ
خَتَمَ	يَخْتِمُ	كَانَ يَخْتِمُ

س:84

مضارع مستقبل

سَوْفَ:42

اعادہ

قریب و بعید

مضارع مستقبل: جس میں آنے والے زمانے میں کسی کام کا ہونا یا کرنا پایا جائے

مضارع مستقبل قریب بنانے کے لیے مضارع سے پہلے "س" کا اضافہ کیا جاتا ہے

مضارع مستقبل بعید بنانے کے لیے مضارع سے پہلے "سوف" کا اضافہ کیا جاتا ہے

سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ. (التوبة:71)	جلد ہی رحم کرے گا ان پر اللہ
كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ. (التكاثر:3)	ہر گز نہیں! عنقریب جان لو گے تم

لَ

نیا سبق

نُ

مضارع خفیف

فعل مضارع میں تاکید پیدا کرنے کے لیے اس کے شروع میں "ل" اور آخر میں "نون ساکن" (نْ) لگا دیتے ہیں، جیسے:

وَلَيَكُوْنَنْ مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ. (يوسف:32)	اور ضرور ہو گا وہ ذلیل ہونے والوں میں سے

لَ

مضارع خفیف

نُ

وہ مضارع جس کے شروع میں "ل" اور آخر میں "ن ساکن" ہو

مضارع	شروع میں لامِ تاکید	آخر میں نونِ تاکید بھی
يَضْرِبُ	لَيَضْرِبُ	لَيَضْرِبَنْ
يَنْصُرُ	لَيَنْصُرُ	لَيَنْصُرَنْ
يَفْتَحُ	لَيَفْتَحُ	لَيَفْتَحَنْ
يَسْمَعُ	لَيَسْمَعُ	لَيَسْمَعَنْ

لَ

مضارع خفیف مذکر میں تثنیہ نہیں ہوتا لہٰذا مذکر کے چھ صیغے ہوتے ہیں

نُ

باب 1: ض			باب 2: ن			باب 3: س			باب 4: ف		
لَ	يَضْرِبَ	نْ	لَ	يَنْصُرَ	نْ	لَ	يَسْمَعَ	نْ	لَ	يَفْتَحَ	نْ
لَ	يَضْرِبُ	نْ	لَ	يَنْصُرُ	نْ	لَ	يَسْمَعُ	نْ	لَ	يَفْتَحُ	نْ
لَ	تَضْرِبَ	نْ	لَ	تَنْصُرَ	نْ	لَ	تَسْمَعَ	نْ	لَ	تَفْتَحَ	نْ
لَ	تَضْرِبُ	نْ	لَ	تَنْصُرُ	نْ	لَ	تَسْمَعُ	نْ	لَ	تَفْتَحُ	نْ
لَ	أَضْرِبَ	نْ	لَ	أَنْصُرَ	نْ	لَ	أَسْمَعَ	نْ	لَ	أَفْتَحَ	نْ
لَ	نَضْرِبَ	نْ	لَ	نَنْصُرَ	نْ	لَ	نَسْمَعَ	نْ	لَ	نَفْتَحَ	نْ

مضارع خفیف مؤنث میں غائب اور حاضر کا تثنیہ اور جمع دونوں نہیں ہوتے، لہٰذا مؤنث کے صرف چار صیغے ہوتے ہیں

	ض	ن	س	ف
غائب	لَتَضْرِبَنْ	لَتَنْصُرَنْ	لَتَسْمَعَنْ	لَتَفْتَحَنْ
حاضر	لَتَضْرِبِنْ	لَتَنْصُرِنْ	لَتَسْمَعِنْ	لَتَفْتَحِنْ
متکلم	لَأَضْرِبَنْ	لَأَنْصُرَنْ	لَأَسْمَعَنْ	لَأَفْتَحَنْ
	لَنَضْرِبَنْ	لَنَنْصُرَنْ	لَنَسْمَعَنْ	لَنَفْتَحَنْ

ل ن

مضارع ثقیل

فعل مضارع میں تاکید پیدا کرنے کے لیے اس کے شروع میں ''ل'' اور آخر میں ''نون مشدد'' (نّ) لگا دیتے ہیں، جیسے:

لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.
(النساء:87)

ضرور بالضرور جمع کرے گا وہ تم کو قیامت کے دن

ل ن

مضارع ثقیل

وہ مضارع جس کے شروع میں ''ل'' اور آخر میں ''نّ مشدد'' ہو

مضارع	شروع میں لامِ تاکید	آخر میں نونِ تاکید بھی
يَضْرِبُ	لَيَضْرِبُ	لَيَضْرِبَنَّ
يَنْصُرُ	لَيَنْصُرُ	لَيَنْصُرَنَّ
يَفْتَحُ	لَيَفْتَحُ	لَيَفْتَحَنَّ
يَسْمَعُ	لَيَسْمَعُ	لَيَسْمَعَنَّ

مضارع ثقیل کی گردان معنی سمجھ کر اشاروں کے ساتھ پڑھیے

لَ	يَضْرِبَ	نَّ	لَ	تَضْرِبَ	نَّ	لَ	يَنْصُرَ	نَّ	لَ	تَنْصُرَ	نَّ
لَ	يَضْرِبَا	نَّ	لَ	تَضْرِبَا	نَّ	لَ	يَنْصُرَا	نَّ	لَ	تَنْصُرَا	نَّ
لَ	يَضْرِبُ	نَّ	لَ	تَضْرِبُ	نَّ	لَ	يَنْصُرُ	نَّ	لَ	تَنْصُرُ	نَّ
لَ	تَضْرِبَ	نَّ	لَ	تَضْرِبِ	نَّ	لَ	تَنْصُرَ	نَّ	لَ	تَنْصُرِ	نَّ
لَ	تَضْرِبَا	نَّ	لَ	تَضْرِبَا	نَّ	لَ	تَنْصُرَا	نَّ	لَ	تَنْصُرَا	نَّ
لَ	تَضْرِبُ	نَّ	لَ	تَضْرِبُ	نَّ	لَ	تَنْصُرُ	نَّ	لَ	تَنْصُرُ	نَّ
لَ	أَضْرِبَ	نَّ	لَ	أَضْرِبَ	نَّ	لَ	أَنْصُرَ	نَّ	لَ	أَنْصُرَ	نَّ
لَ	نَضْرِبَ	نَّ	لَ	نَضْرِبَ	نَّ	لَ	نَنْصُرَ	نَّ	لَ	نَنْصُرَ	نَّ

مضارع ثقیل کی گردان معنی سمجھ کر اشاروں کے ساتھ پڑھیے

لَ	يَسْمَعَ	نَّ	لَ	تَسْمَعَ	نَّ	لَ	يَفْتَحَ	نَّ	لَ	تَفْتَحَ	نَّ
لَ	يَسْمَعَا	نَّ	لَ	تَسْمَعَا	نَّ	لَ	يَفْتَحَا	نَّ	لَ	تَفْتَحَا	نَّ
لَ	يَسْمَعُ	نَّ	لَ	تَسْمَعُ	نَّ	لَ	يَفْتَحُ	نَّ	لَ	تَفْتَحُ	نَّ
لَ	تَسْمَعَ	نَّ	لَ	تَسْمَعِ	نَّ	لَ	تَفْتَحَ	نَّ	لَ	تَفْتَحِ	نَّ
لَ	تَسْمَعَا	نَّ	لَ	تَسْمَعَا	نَّ	لَ	تَفْتَحَا	نَّ	لَ	تَفْتَحَا	نَّ
لَ	تَسْمَعُ	نَّ	لَ	تَسْمَعُ	نَّ	لَ	تَفْتَحُ	نَّ	لَ	تَفْتَحُ	نَّ
لَ	أَسْمَعَ	نَّ	لَ	أَسْمَعَ	نَّ	لَ	أَفْتَحَ	نَّ	لَ	أَفْتَحَ	نَّ
لَ	نَسْمَعَ	نَّ	لَ	نَسْمَعَ	نَّ	لَ	نَفْتَحَ	نَّ	لَ	نَفْتَحَ	نَّ

لَ مضارع خفیف نْ

لَيَكُوْنَنْ	مِّنَ الصَّاغِرِيْنَ. (یوسف: 32)
یقینا ہوگا وہ	بے عزت ہونے والوں میں سے

لَنَسْفَعَنْ	بِالنَّاصِيَةِ. (العلق: 15)
ضرور گھسیٹیں گے ہم	پیشانی کے بالوں سے

لَ مضارع ثقیل نّ

لَيَرْزُقَنَّهُمُ	اللّٰهُ	رِزْقًا حَسَنًا.
ضرور بضرور رزق دے گا ان کو	اللہ	اچھا رزق

(الحج: 58)

لَنُدْخِلَنَّهُمْ	فِي	الصَّالِحِيْنَ.
ضرور بضرور داخل کریں گے ہم ان کو	میں	نیک لوگوں (العنکبوت: 9)

مضارع ثقیل	ترجمہ: ضرور بضرور
لَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ. (الحج: 40)	ضرور بضرور مدد کرے گا اللہ
لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ. (الفتح: 27)	ضرور بضرور داخل ہوگے تم مسجد حرام میں
لَيَسْجُنُنَّهُ حَتّٰى حِيْنٍ. (یوسف: 35)	ضرور بضرور قید کریں گے وہ اس کو ایک وقت تک

ل ن

مضارع ثقیل

فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكَاذِبِيْنَ.(العنکبوت:3)

چنانچہ ضرور بضرور جان لے گا اللہ ان لوگوں کو جنہوں نے سچ بولا اور ضرور بضرور جان لے گا جھوٹوں کو

لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ نَسْفًا.(طه:97)

ضرور بضرور جلائیں گے ہم اس کو پھر ضرور بضرور اڑائیں گے ہم اس کو سمندر میں ذرہ ذرہ کر کے

لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ.(الزمر:65)

اگر آپ نے شرک کیا تو ضرور بضرور ضائع ہو جائیں گے آپ کے عمل اور ضرور بضرور آپ ہو جائیں گے نقصان اٹھانے والوں میں سے

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

مضارع خفیف و ثقیل سیکھا جو قرآن شریف میں بیسیوں مرتبہ آیا ہے

آپ ان جیسے جملوں کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے معنی سمجھنے کی کوشش کریں

قرآن شریف میں کل تقریباً **4,500** الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

گھر کا کام

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

خود تشخیصی جائزہ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ



فعلِ لازم اور فعل متعدی

لیول 3: اعلیٰ قواعد

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق-15

اس سبق میں

فعلِ لازم اور فعلِ متعدی

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

ماضی استمراری

کَانَ: 1074

ایسا فعل جس میں گذرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا بار بار ہونا پایا جائے
ماضی استمراری بنانے کے لیے مضارع سے پہلے ''کَانَ'' کا اضافہ کیا جاتا ہے
اس کا ترجمہ ''کرتا تھا'' یا ''کر رہا تھا'' سے کیا جاتا ہے

كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ (137:7)	بناتا تھا فرعون
كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا (4:72)	کہتا تھا ہم میں سے بے وقوف

اعادہ

مضارع مستقبل

س:84 — سَوْفَ:42

قریب و بعید

مضارع مستقبل: جس میں آنے والے زمانے میں کسی کام کا ہونا یا کرنا پایا جائے
مضارع مستقبل قریب بنانے کے لیے مضارع سے پہلے ''س'' کا اضافہ کیا جاتا ہے
مضارع مستقبل بعید بنانے کے لیے مضارع سے پہلے ''سوف'' کا اضافہ کیا جاتا ہے

سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ. (التوبة: 71)	جلد ہی رحم کرے گا ان پر اللہ
كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ. (التكاثر: 3)	ہر گز نہیں! عنقریب جان لو گے تم

اعادہ

لَ — نْ

مضارع خفیف

فعل مضارع میں تاکید پیدا کرنے کے لیے اس کے شروع میں ''ل'' اور آخر میں ''نون ساکن'' (نْ) لگا دیتے ہیں، جیسے:

وَلَيَكُوْنَنْ مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ. (يوسف: 32)	اور ضرور ہو گا وہ ذلیل ہونے والوں میں سے

لَ

اعادہ

نّ

مضارع ثقیل

فعل مضارع میں تاکید پیدا کرنے کے لیے اس کے شروع میں "ل" اور آخر میں "نون مشدد" (نّ) لگا دیتے ہیں، جیسے:

لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.
(النساء:87)

ضرور بالضرور جمع کرے گا وہ تم کو قیامت کے دن

نیا سبق

فعلِ لازِم

اور

فعلِ مُتَعَدِّی

فعلِ لازِم

وہ فعل جو صرف فاعل چاہے، جیسے: نَزَلَ.

فعلِ مُتَعَدِّی

وہ فعل جو فاعل اور مفعول دونوں چاہے، جیسے: أَنْزَلَ.

فعلِ لازِم	فعلِ مُتَعَدِّي
نَزَلَ	أَنْزَلَ
(وہ نازل ہوا)	(اس نے نازل کیا)
مفعول کی ضرورت نہیں	مفعول کے بغیر بات نامکمل ہے

(فعل متعدی) (فعل لازم)

وَبِالْحَقِّ	أَنْزَلْنَاهُ	وَبِالْحَقِّ	نَزَلَ
اور سچائی کے ساتھ	ہم نے نازل کیا ہے اس قرآن کو	اور سچائی کے ساتھ	وہ نازل ہوا

(الاسراء:105)

فعلِ لازم

كُلَّمَا	دَخَلَ	عَلَيْهَا	زَكَرِيَّا.
جب بھی	داخل ہوتے	ان (مریم) پر	زکریا

(آل عمران:37)

فَخَرَجَ	عَلَى	قَوْمِهِ	فِي زِينَتِهِ.
پس نکلا وہ	اوپر	اپنی قوم کے	اپنی زینت (آن بان) میں

(القصص:79)

فعلِ لازم	مفعول بہ کی ضرورت نہیں
إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ. (الکھف:39)	جب داخل ہوا تو اپنے باغ میں
وَتَضْحَكُونَ وَلَا تَبْكُونَ. (النجم:60)	اور ہنستے ہو تم اور روتے نہیں
مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ. (النحل:96)	جو تمہارے پاس ہے ختم ہو جائے گا وہ

فعلِ لازم

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ. (الرحمن:22)
نکلتا ہے ان دونوں (میٹھے اور کھارے سمندروں) سے موتی اور مرجان
جَاءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ. (النساء:174)
آ گئی تمہارے پاس دلیل تمہارے رب کی طرف سے
فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ الرَّوْعُ. (ھود:74)
پھر جب چلا گیا ابراہیم سے ڈر

فعلِ متعدی

فَأَهْلَكْنَا	هُمْ	بِذُنُوبِهِمْ
پس ہلاک کیا ہم نے	ان کو	ان کے گناہوں کی وجہ سے

وَ	أَغْرَقْنَا	آلَ فِرْعَوْنَ.
اور	ڈبو دیا ہم نے	فرعون کی آل کو

(الأنفال: 54)

فعلِ متعدی	مفعول کے بغیر بات نامکمل ہے
أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْ بَيْتِكَ. (الأنفال:5)	نکالا تجھ کو تیرے رب نے تیرے گھر سے
وَأَدْخَلْنَاهُمْ فِي رَحْمَتِنَا. (86:21)	اور داخل کیا ہم نے ان کو اپنی رحمت میں
جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا. (5:8)	بنایا اس نے تمہارے لیے زمین کو بچھونا

فعلِ متعدی

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا إِلَّا سَلَامًا. (مریم:62)
نہ سنیں گے وہ اس میں کوئی بیہودہ کلام مگر سلام
فَلَا تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ. (البقرة:22)
پس نہ بناؤ کسی کو خدا کا ہمسر اور تم جانتے تو ہو
وَعَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا. (البقرة:31)
اور سکھائے اس نے آدم (علیہ السلام) کو نام سب کے سب

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

فعلِ لازم اور فعلِ متعدی سیکھا جو قرآن شریف میں سیکڑوں مرتبہ آیا ہے

آپ ان جیسے جملوں کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے معنی سمجھنے کی کوشش کریں

قرآن شریف میں کل تقریباً **4,500** الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

گھر کا کام

خود تشخیصی جائزہ

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ



لیول 3: اعلیٰ قواعد

افعالِ ناقصہ

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق-16

اس سبق میں

افعالِ ناقصہ

لیکن پہلے اعادہ

س:84

مضارع مستقبل

سَوْفَ:42

اعادہ

قریب و بعید

مضارع مستقبل: جس میں آنے والے زمانے میں کسی کام کا ہونا یا کرنا پایا جائے

مضارع مستقبل قریب بنانے کے لیے مضارع سے پہلے "س" کا اضافہ کیا جاتا ہے

مضارع مستقبل بعید بنانے کے لیے مضارع سے پہلے "سوف" کا اضافہ کیا جاتا ہے

سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ. (التوبة: 71)	جلد ہی رحم کرے گا ان پر اللہ
كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ. (التكاثر: 3)	ہر گز نہیں! عنقریب جان لوگے تم

لَ نُ

اعادہ

مضارع خفیف

فعل مضارع میں تاکید پیدا کرنے کے لیے اس کے شروع میں "ل" اور آخر میں "نون ساکن" (نْ) لگا دیتے ہیں، جیسے:

وَلَيَكُوْنَنْ مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ. (يوسف: 32)	اور ضرور ہو گا وہ ذلیل ہونے والوں میں سے

لَ نّ

اعادہ

مضارع ثقیل

فعل مضارع میں تاکید پیدا کرنے کے لیے اس کے شروع میں "ل" اور آخر میں "نون مشدد" (نّ) لگا دیتے ہیں، جیسے:

لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ. (النساء: 87)	ضرور بالضرور جمع کرے گا وہ تم کو قیامت کے دن

اعادہ

فعلِ لازِم

وہ فعل جو صرف فاعل چاہے، جیسے : نَزَلَ.

فعلِ مُتَعَدِّی

وہ فعل جو فاعل اور مفعول دونوں چاہے، جیسے : أَنْزَلَ.

نیا سبق

1533

افعالِ ناقصہ

وہ افعال جو لازم ہونے کے باوجود صرف فاعل کے ساتھ مل کر مفہوم پورا نہیں کرتے، بلکہ ان کے فاعل کی صفت بیان کرنے کی ضرورت رہتی ہے.

فاعل کو ان کا اسم اور صفت کو ان کی خبر کہتے ہیں.

فعلِ ناقص	اسم	خبر
كَانَ	رَبُّكَ	بَصِيْرًا. (الفرقان:20)
كَانَ	أَبُوْهُمَا	صَالِحًا. (الكهف:82)

1533

افعال ناقصہ

افعال ناقصہ 17 ہیں، قرآن شریف میں 11 آئے ہیں

كَانَ	ظَلَّ	بَاتَ	أَصْبَحَ	أَمْسَى
ہوا، تھا	ہوا، ہو گیا	رات کو ہوا	صبح کو ہوا	شام کو ہوا

عَادَ	غَدَا	مَازَالَ	مَابَرِحَ	مَادَامَ	لَيْسَ
دوبارہ ہوا	صبح کو ہوا	ہمیشہ رہا	مسلسل ہوا	جب تک ہوا	نہیں ہوا

قرآنی افعالِ ناقصہ ترجمہ کے ساتھ زبانی یاد کریں

1533

افعالِ ناقصہ

افعالِ ناقصہ 17 ہیں، قرآن شریف میں 11 آئے ہیں

شمار	فعل	عدد	معنی	مثال سمجھیے اور ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	كَانَ	1363	ہوا	وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا خُسْرًا. (الطلاق:9) اور تھا اس کے کام کا انجام نقصان ہی نقصان
2	ظَلَّ	9	ہو گیا	ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا. (النحل:58) ہو گیا اس کا چہرہ کالا
3	بَاتَ	1	رات کو ہوا	يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا. (الفرقان:64) اور جو راتیں گذارتے ہیں اپنے پروردگار کو سجدہ اور قیام کرتے ہوئے

افعالِ ناقصہ

1533

صبح، دوپہر، شام

شمار	فعل	عدد	معنی	مثال سمجھیے اور ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
4	أَصْبَحَ	33	ہو گیا	وَأَصْبَحَ فُؤَادُ أُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا. (القصص:10) اور ہو گیا موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا دل بے قرار
5	أَمْسٰى	1	شام کو ہوا	فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ. (الروم:17) پس پاک ہے اللہ کی ذات جب تم پر شام ہوتی ہے اور جب تم پر صبح ہوتی ہے
6	عَادَ	15	دوبارہ ہوا	عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ. (یس:39) وہ ہو گیا پرانی ٹہنی کی طرح

افعالِ ناقصہ

1533

شمار	فعل	عدد	معنی	مثال سمجھیے اور ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
7	غَدَا	3	صبح کو ہوا	وَغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ. (القلم:25) اور وہ صبح سویرے گئے (غریبوں کو) منع کرنے پر قادر ہوتے ہوئے
8	مَازَالَ	8	ہمیشہ رہا	فَمَا زَالَتْ تِلْكَ دَعْوٰهُمْ. (الأنبیاء:15) پس مسلسل رہی وہ ان کی پکار
9	مَابَرِحَ	2	مسلسل ہوا	لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ. (طه:91) ہم نہ ٹلیں گے اس پر سے عبادت کرتے ہوئے

افعالِ ناقصہ

1533

شمار	فعل	عدد	معنی	مثال سمجھیے اور ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
10	مَادَامَ	9	جب تک ہوا	لَنْ نَّدْخُلَهَا أَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا. (المائدة:24) ہم ہرگز داخل نہیں ہوں گے اس میں کبھی بھی جب تک موجود ہیں وہ اس میں
11	لَيْسَ	89	نہیں ہوا	لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ. (غافر:43) نہیں ہے اس کے لیے پکار دنیا میں نہ آخرت میں

كَانَ کا اصل مطلب: "تھا"

1363

مگر جب اللہ کے ساتھ آئے تو مطلب: "ہے"

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا (111:4)

اور اللہ ہے جاننے والا حکمت والا

" لم " کے بعد " کان " کے فعلِ مضارع سے نون حذف کرنا جائز ہے۔
لَمْ يَكُ، لَمْ تَكُ، لَمْ أَكُ، لَمْ نَكُ

8	لَمْ يَكُ	لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِعْمَةً. (الأنفال: 53)	وہ نہیں تبدیل کرنے والا نعمت کو
7	لَمْ تَكُ	وَلَمْ تَكُ شَيْئًا. (مریم: 9)	اور نہیں تھا تو کچھ بھی
1	لَمْ أَكُ	وَلَمْ أَكُ بَغِيًّا. (مریم: 20)	اور نہیں تھی میں بدکار
2	لَمْ نَكُ	لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ. (المدثر: 43)	نہیں تھے ہم نماز پڑھنے والوں میں سے

لَمْ يَكُنْ کے بعد ملا کر پڑھنا ہو تو نون حذف نہیں کرتے، جیسے:
لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ۔ (البینة: 1)

1363

وہ تھے

وَ كَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا.
(الحجر: 82)

اور وہ تھے تراشتے پہاڑوں سے گھر

9

ہو گیا

فَظَلَّتْ أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِيْنَ.
(الشعراء: 4)

پس ہو جائیں ان کی گردنیں اس
(نشانی) کے سامنے جھکی ہوئی

33

ہو گئے

فَأَصْبَحُوْا ظَاهِرِيْنَ.
(الصف: 14)

پس وہ ہو گئے غالب

3

صبح ہوا

أُغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ.

(القلم :22)

صبح سویرے چلو اپنی کھیتی پر

89

نہیں ہوا

لَيْسَ عَلَيْكَ هُدَاهُمْ.

(البقرة:272)

نہیں ہے آپ پر ان کی ہدایت (کی ذمہ داری)

9

جب تک میں موجود تھا

وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ.

(المائدة:117)

اور میں تھا ان پر گواہ جب تک میں موجود تھا ان میں

فعلِ ناقص	اسم	خبر
كَانَ	رَبُّكَ	قَدِيْرًا. (الفرقان:54)
ہے	تیرا رب	قادر
كَانَ	أَمْرُ اللهِ	مَفْعُوْلًا. (النساء:47)
ہے	اللہ کا حکم	ہو کر رہنے والا
كَانَ	النَّاسُ	أُمَّةً وَّاحِدَةً. (213:2)
تھے	لوگ	ایک جماعت

فعلِ ناقص : ماضی

1363

واحد

مَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ يَهُودِيًّا وَلَا نَصْرَانِيًّا وَلَكِنْ كَانَ حَنِيفًا مُسْلِمًا.(67:3)

نہیں تھے ابراہیم یہودی اور نہ نصرانی اور لیکن تھے وہ سیدھے سیدھے مسلمان

تثنیہ

كَانَا يَأْكُلَانِ الطَّعَامَ.(المائدۃ:75)

تھے وہ دونوں کھاتے کھانا

جمع

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ.(الزخرف:69)

وہ لوگ جو ایمان لائے ہماری نشانیوں پر اور تھے وہ بات ماننے والے

فعلِ ناقص غائب : مضارع نفی خاص کے ساتھ

1363

واحد

لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ.(البقرۃ:196)

نہ ہو اس کے اہل (گھر والے) مسجد حرام میں حاضر

تثنیہ

إِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَأَتَانِ.(البقرۃ:282)

اگر نہ ہوں دو مرد (گواہ) تو ایک مرد اور دو عورتیں

جمع

أُولَٰئِكَ لَمْ يَكُونُوا مُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ.(ھود:20)

وہ لوگ نہیں ہیں عاجز کرنے والے زمین میں

فعلِ ناقص : مضارع حاضر

1363

واحد

حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا أَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهَالِكِيْنَ.(یوسف:85)

یہاں تک کہ ہو گا تو گھل جانے والا یا ہو گا تو ہلاک ہونے والوں میں سے

تثنیہ

فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ.(البقرۃ:35)

پس ہو جاؤ گے تم دونوں ظلم کرنے والوں میں سے

جمع

أَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَأْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا.(البقرۃ:148)

جہاں کہیں ہو تم لے آئے گا تم کو اللہ سب کے سب کو

فعلِ ناقص : امر

1363

واحد

وَإِذَا قَضَىٰ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ.(البقرۃ:117)

اور جب فیصلہ کرتا ہے وہ کسی کام کا تو پس کہتا ہے وہ اس کے لیے ہو جا پس ہو جاتا ہے وہ

تثنیہ

فعلِ ناقص امر سے تثنیہ نہیں آتا

جمع

فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خَاسِئِيْنَ.(البقرۃ:65)

پس کہا ہم نے ان سے ہو جاؤ تم بندر ذلیل

فعلِ ناقص : نہی

1363

واحد

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ. (آل عمران: 60)

حق ہے تیرے رب کی طرف سے پس نہ ہو تُو شک کرنے والوں میں سے

تثنیہ

فعلِ ناقص نہی سے تثنیہ نہیں آتا

جمع

أَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ. (الشعراء: 181)

پورا کرو ناپ کو اور نہ ہو تم کمی کرنے والوں میں سے

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

10 افعالِ ناقصہ سیکھے جو قرآن شریف میں 1533 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے معنی و مفہوم اور نصیحت و ہدایت سمجھنے کی کوشش کریں

قرآن شریف میں کل تقریباً **4,500** الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں



گھر کا کام

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ آج کی تلاوت سے

خود تشخیصی جائزہ

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 3: اعلیٰ قواعد

افعالِ مقاربہ

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 17

اس سبق میں

افعالِ مقاربہ

لیکن پہلے اعادہ

لَ

اعادہ

نْ

مضارع خفیف

فعل مضارع میں تاکید پیدا کرنے کے لیے اس کے شروع میں "ل" اور آخر میں "نون ساکن" (نْ) لگا دیتے ہیں، جیسے:

وَلَيَكُوْنَنْ مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ.
(یوسف: 32)

اور ضرور ہو گا وہ ذلیل ہونے والوں میں سے

لَ

اعادہ

نّ

مضارع ثقیل

فعل مضارع میں تاکید پیدا کرنے کے لیے اس کے شروع میں "ل" اور آخر میں "نون مشدد" (نّ) لگا دیتے ہیں، جیسے:

لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ.
(النساء: 87)

ضرور بالضرور جمع کرے گا وہ تم کو قیامت کے دن

اعادہ

فعلِ لازِم

وہ فعل جو صرف فاعل چاہے، جیسے: نَزَلَ.

فعلِ مُتَعَدِّی

وہ فعل جو فاعل اور مفعول دونوں چاہے، جیسے: أَنْزَلَ.

اعادہ

1533

افعالِ ناقصہ

وہ افعال جو لازم ہونے کے باوجود صرف فاعل کے ساتھ مل کر مفہوم پورا نہیں کرتے، بلکہ ان کے فاعل کی صفت بیان کرنے کی ضرورت رہتی ہے.

فاعل کو ان کا اسم اور صفت کو ان کی خبر کہتے ہیں.

فعلِ ناقص	اسم	خبر
كَانَ	رَبُّكَ	بَصِيرًا. (الفرقان: 20)
كَانَ	أَبُوهُمَا	صَالِحًا. (الكهف: 82)

اعادہ

1533

افعال ناقصہ

افعال ناقصہ 17 ہیں، قرآن شریف میں 11 آئے ہیں

كَانَ	ظَلَّ	بَاتَ	أَصْبَحَ	أَمْسَى
ہوا، تھا	ہوا، ہو گیا	رات کو ہوا	صبح کو ہوا	شام کو ہوا

عَادَ	غَدَا	مَازَالَ	مَابَرِحَ	مَادَامَ	لَيْسَ
دوبارہ ہوا	صبح کو ہوا	ہمیشہ رہا	مسلسل ہوا	جب تک ہوا	نہیں ہوا

قرآنی افعالِ ناقصہ ترجمہ کے ساتھ زبانی یاد کریں

نیا سبق

57

افعالِ مقاربہ

وہ افعال جو کسی کام کے امکان، توقع یا اس کے شروع ہو جانے کو بیان کرتے ہیں

ان کا ترجمہ یوں کیا جاتا ہے: ''قریب ہے''، ''ایسا لگتا ہے''

افعالِ مقاربہ 10 ہیں، قرآن شریف میں 3 آئے ہیں

امکان	توقع	شروع
كَادَ	عَسٰى	طَفِقَ
قریب ہوا	امید ہے	کام شروع کیا

57

افعالِ مقاربہ

افعالِ ناقصہ 10 ہیں، قرآن شریف میں 3 آئے ہیں

شمار	فعل	عدد	معنی	مثال سمجھیے اور ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	كَادَ	24	قریب ہے	يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ. (البقرة: 20) قریب ہے کہ بجلی اُچک لے ان کی آنکھیں.
2	طَفِقَ	3	شروع کیا	وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ. (الأعراف: 22) اور لگے وہ دونوں چپکانے اپنے اوپر جنت کے پتوں سے.
3	عَسٰى	30	امید ہے	فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ. (البقرة: 246) پس کیا امید ہے تم سے کہ اگر لکھ دیا جائے تم پر لڑنا.

24

لگتا ہے، قریب ہے

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ. (مریم :90)

قریب ہیں سب آسمان کہ پھٹ پڑیں اس بات سے

3

شروع کیا

فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْأَعْنَاقِ. (ص:33)

پس لگے وہ (ہاتھ) پھیرنے (گھوڑوں کی) پنڈلیوں پر اور گردنوں پر.

30

توقع ہے

فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْأَرْضِ.
(محمد:22)

پس کیا تم سے توقع ہے کہ اگر تم حکمران
بن جاؤ تو تم فساد کرو گے زمین میں؟

57

تین قرآنی افعالِ مقاربہ

عَسٰى	رَبُّكُمْ	أَنْ يَّرْحَمَكُمْ. (الاسراء:8)
امید ہے کہ	تمہارا رب	رحم کرے تم پر

طَفِقَا	يَخْصِفَانِ	عَلَيْهِمَا	مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ. (121:20)
لگے وہ دونوں	چپکانے	اپنے اوپر	جنت کے پتوں سے

وَ	كَادُوْا	يَقْتُلُوْنَنِيْ. (150:7)
اور	قریب تھا کہ	قتل کر دیتے وہ مجھے

24 كَادَ: قریب ہے، امکان ہے، ایسا لگتا ہے

يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ. (النور:35)

قریب ہے (امکان ہے) اس کا تیل خود ہی روشنی دیدے، چاہے اسے نہ بھی چھوئے آگ

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ. (الملك:8)

قریب ہے (یوں لگتا ہے) کہ پھٹ پڑے گی وہ (جہنم) غصے سے

لَا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ قَوْلًا. (الكهف:93)

قریب نہیں (لگتا نہیں) کہ وہ سمجھیں بات

30 عَسٰى: قریب ہے، امید ہے، ممکن ہے

عَسٰى رَبُّكُمْ أَنْ يُهْلِكَ عَدُوَّكُمْ. (الأعراف:129)

قریب ہے کہ تمہارا رب ہلاک کردے تمہارے دشمنوں کو

عَسٰى رَبِّي أَنْ يَهْدِيَنِي سَوَاءَ السَّبِيلِ. (القصص:22)

امید ہے کہ میرا رب ہدایت دے مجھے سیدھے راستے کی

عَسٰى أَنْ يَكُونَ قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ. (الأعراف:185)

ممکن ہے کہ قریب آن لگا ہو ان کا وقت

30 عَسٰى: قریب ہے، امید ہے، ممکن ہے

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ

فرض کیا گیا ہے تم پر قتال، اور وہ ناپسند ہے تمہیں

وَعَسٰى أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ

اور ممکن ہے کہ ناپسند کرو تم کوئی چیز اور وہ بہتر ہو تمہارے لیے

وَعَسٰى أَنْ تُحِبُّوا شَيْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ. (البقرة:216)

اور ممکن ہے کہ پسند کرو تم کوئی چیز اور وہ بُری ہو تمہارے لیے

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

3 افعالِ مقاربہ سیکھے جو قرآن شریف میں 57 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے معنی سمجھنے کی کوشش کریں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

گھر کا کام

خود تشخیصی جائزہ

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ



لیول 3: اعلیٰ قواعد

افعالِ مدح وذم

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق-18

اس سبق میں

افعالِ مدح وذم

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

فعلِ لازِم

وہ فعل جو صرف فاعل چاہے، جیسے : نَزَلَ.

فعلِ مُتَعَدِّی

وہ فعل جو فاعل اور مفعول دونوں چاہے، جیسے : أَنْزَلَ.

اعادہ

1533

افعالِ ناقصہ

وہ افعال جو لازم ہونے کے باوجود صرف فاعل کے ساتھ مل کر مفہوم پورا نہیں کرتے، بلکہ ان کے فاعل کی صفت بیان کرنے کی ضرورت رہتی ہے.

فاعل کو ان کا اسم اور صفت کو ان کی خبر کہتے ہیں.

فعلِ ناقص	اسم	خبر
كَانَ	رَبُّكَ	بَصِيرًا. (الفرقان: 20)
كَانَ	أَبُوهُمَا	صَالِحًا. (الكهف: 82)

اعادہ

1533

افعال ناقصہ

افعال ناقصہ 17 ہیں، قرآن شریف میں 11 آئے ہیں

كَانَ	ظَلَّ	بَاتَ	أَصْبَحَ	أَمْسَى
ہوا، تھا	ہوا، ہو گیا	رات کو ہوا	صبح کو ہوا	شام کو ہوا

عَادَ	غَدَا	مَازَالَ	مَابَرِحَ	مَادَامَ	لَيْسَ
دوبارہ ہوا	صبح کو ہوا	ہمیشہ رہا	مسلسل ہوا	جب تک ہوا	نہیں ہوا

قرآنی افعالِ ناقصہ ترجمہ کے ساتھ زبانی یاد کریں

اعادہ

افعالِ مقاربہ

57

وہ افعال جو کسی کام کے امکان، توقع یا اس کے شروع ہو جانے کو بیان کرتے ہیں

ان کا ترجمہ یوں کیا جاتا ہے: ''قریب ہے''، ''ایسا لگتا ہے''

افعالِ مقاربہ 10 ہیں، قرآن شریف میں 3 آئے ہیں

امکان	توقع	شروع
كَادَ	عَسٰى	طَفِقَ
قریب ہوا	امید ہے	کام شروع کیا

نیا سبق

افعالِ مدح وذم

79

وہ افعال جن کے ذریعے کسی کی تعریف یا مذمت کی جائے

افعالِ مدح وذم 4 ہیں، 2 مدح کے لیے، 2 ذم کے لیے

قرآن شریف میں 3 آئے ہیں

مدح	ذم	ذم
نِعْمَ	بِئْسَ	سَاءَ
بہت اچھا	بہت برا	بہت برا

افعالِ مدح وذم

79

فعلِ مدح	فعلِ ذم	
نِعْمَ	بِئْسَ	سَاءَ
بہت اچھا	بہت برا	بہت برا
16	40	23

وَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِيْنَ. (آل عمران: 136)

اور بہترین بدلہ ہے کام کرنے والوں کے لیے!

وَالْأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ. (الذاریات: 48)

اور زمین کو ہم نے بچھایا چنانچہ ہم کیا خوب بچھانے والے ہیں!

وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ. (التحریم: 9)

اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ برا ٹھکانا ہے!

إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَّسَاءَ سَبِيْلًا. (النساء: 22)

اور بہت برا ہے راستہ۔

افعالِ مدح وذم

79

نِعْمَ	الْمَوْلٰى	وَ	نِعْمَ	النَّصِيْرُ (40:8)
بہترین ہے	کارساز	اور	بہترین ہے	مددگار
بِئْسَ	الشَّرَابُ	وَ	سَاءَتْ	مُرْتَفَقًا (29:18)
بہت برا ہے	مشروب	اور	بہت بری ہے	آرام گاہ

یہ افعالِ جامدہ ہیں۔ ان کی تمام گردانیں نہیں ہوتیں۔ البتہ تذکیر وتانیث ہوتی ہے

16 افعالِ مدح کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں اس کا مکمل اجرا کیجیے

آیت	تقطیعی ترجمہ
وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ، وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ. (ال عمران: 173)	اور کہا ان سب نے ہمارے لیے کافی ہے اللہ اور وہ بہترین کارساز ہے۔
وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ. (النحل: 30)	اور بے شک آخرت کا گھر بہترین ہے اور وہ کیا ہی خوب گھر ہے پرہیزگاروں (گناہ سے بچنے والوں) کے لیے!
نِعْمَ الثَّوَابُ، وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا. (الکھف: 31)	کتنا بہترین اجر ہے اور کیسی خوبصورت آرام گاہ!
وَلَقَدْ نَادَانَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ. (الصفت: 75)	اور بے شک ہم کو پکارا نوح نے، پس ہم پکار کا کتنا بہترین جواب دینے والے ہیں۔
سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ. (الرعد: 24)	سلامتی ہو تم پر اس کے بدلے جو تم نے صبر کیا، پس کیا ہی بہترین ٹھکانا ہے آخرت کا!

23 افعالِ ذم کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں اس کا مکمل اجرا کیجیے

آیت	تقطیعی ترجمہ
وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَاءَ مَا يَعْمَلُوْنَ. (المائدۃ: 66)	اور بہت سے ایسے ہیں ان میں سے کہ نہایت برا ہے جو وہ کرتے ہیں۔
أَلَا! سَاءَ مَا يَزِرُوْنَ. (الانعام: 31)	خبردار! بہت ہی برا ہے وہ بوجھ جو یہ لوگ اٹھا رہے ہیں۔
إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ. (التوبۃ: 9)	بے شک بہت ہی برا ہے جو وہ لوگ کرتے تھے۔
وَسَاءَتْ مُرْتَفَقًا. (الکھف: 29)	اور کیسی بری آرام گاہ ہے!
إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا. (فرقان: 66)	بے شک وہ بدترین جگہ ہے ٹھکانہ اور قیام گاہ بننے کی۔

40 افعالِ ذم کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں اس کا مکمل اجرا کیجیے

آیت	تقطیعی ترجمہ
وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ. (البقرۃ: 206)	اور بے شک وہ بہت ہی برا بچھونا ہے۔
وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ. (ال عمران: 151)	اور بدترین ٹھکانا ہے ظالموں کا۔
لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ. (المائدۃ: 79)	بے شک نہایت برا ہے جو وہ کیا کرتے تھے۔
وَبِئْسَ الْقَرَارُ. (ابراھیم: 29)	اور کیا ہی برا ٹھکانا ہے!
بِئْسَ الشَّرَابُ. (الکھف: 29)	کیسا بدترین مشروب ہے!

الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

3 افعالِ مدح وذم سیکھے جن کے وزن پر قرآنِ کریم میں 79 الفاظ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے قرآن شریف نے جن چیزوں کی مدح یا ذم کی ہے ان کو سمجھنے اور یاد رکھنے کی کوشش کریں

یاد رہے قرآن میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں



گھر کا کام

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

خود تشخیصی جائزہ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 3: اعلیٰ قواعد

افعالِ قلوب

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق-19

اس سبق میں

افعالِ قلوب

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

افعالِ ناقصہ

1533

وہ افعال جو لازم ہونے کے باوجود صرف فاعل کے ساتھ مل کر مفہوم پورا نہیں کرتے، بلکہ ان کے فاعل کی صفت بیان کرنے کی ضرورت رہتی ہے.

فاعل کو ان کا اسم اور صفت کو ان کی خبر کہتے ہیں.

فعلِ ناقص	اسم	خبر
كَانَ	رَبُّكَ	بَصِيْرًا. (الفرقان: 20)
كَانَ	أَبُوْهُمَا	صَالِحًا. (الكهف: 82)

اعادہ

افعالِ ناقصہ

1533

افعال ناقصہ 17 ہیں، قرآن شریف میں 11 آئے ہیں

كَانَ	ظَلَّ	بَاتَ	أَصْبَحَ	أَمْسَى
ہوا، تھا	ہوا، ہو گیا	رات کو ہوا	صبح کو ہوا	شام کو ہوا

عَادَ	غَدَا	مَازَالَ	مَابَرِحَ	مَادَامَ	لَيْسَ
دوبارہ ہوا	صبح کو ہوا	ہمیشہ رہا	مسلسل ہوا	جب تک ہوا	نہیں ہوا

قرآنی افعالِ ناقصہ ترجمہ کے ساتھ زبانی یاد کریں

اعادہ

افعالِ مقاربہ

57

وہ افعال جو کسی کام کے امکان، توقع یا اس کے شروع ہو جانے کو بیان کرتے ہیں

ان کا ترجمہ یوں کیا جاتا ہے: ''قریب ہے''، ''ایسا لگتا ہے''

افعالِ مقاربہ 10 ہیں، قرآن شریف میں 3 آئے ہیں

امکان	توقع	شروع
كَادَ	عَسٰى	طَفِقَ
قریب ہوا	امید ہے	کام شروع کیا

اعادہ

79

افعالِ مدح وذم

وہ افعال جن کے ذریعے کسی کی تعریف یا مذمت کی جائے

افعالِ مدح وذم 4 ہیں، 2 مدح کے لیے، 2 ذم کے لیے

قرآن شریف میں 3 آئے ہیں

مدح	ذم	ذم
نِعْمَ	بِئْسَ	سَاءَ
بہت اچھا	بہت برا	بہت برا

نیا سبق

864

افعالِ قلوب

وہ افعال جو یقین اور شک کے لیے استعمال ہوں

"اندرونی کیفیات" کے بیان کی وجہ سے انہیں "افعالِ قلوب" کہتے ہیں.

افعالِ قلوب 7 ہیں. 3 یقین کے لیے، 3 شک کے لیے اور 1 یقین اور شک دونوں کے لیے.

صرف یقین کے لیے		
1	عَلِمَ	جانا
2	وَجَدَ	پایا
3	رَأَى	دیکھا

صرف شک کے لیے		
4	حَسِبَ	سمجھا
5	ظَنَّ	گمان کیا
6	خِلْتُ	گمان کیا

شک اور یقین دونوں کے لیے		
7	زَعَمَ	گمان کیا
قرآن شریف میں صرف یقین کے لیے آیا ہے		

864

افعالِ قلوب

وہ افعال جن کا ادراک باطنی حواس سے ہوتا ہے، ظاہری اعضا سے نہیں

شمار	فعل	عدد	معنی	مثال سمجھیے اور ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	عَلِمَ	484	جانا	فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ. (الممتحنة:10) پس اگر جان لو تم ان کو ایمان والیاں
2	وَجَدَ	107	پایا	وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَى. (الضحیٰ:8) اور پایا تجھ کو تنگ دست، تو غنی کر دیا اس نے
3	رَأَى	167	دیکھا	أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلٰهَهُ هَوَاهُ. (الجاثیة:23) کیا پس دیکھا تم نے اس شخص کو جس نے بنالیا معبود اپنی خواہشات کو؟

864

افعالِ قلوب

افعالِ قلوب کے 2 مفعول ہوتے ہیں، کبھی ایک مفعول کو حذف بھی کر دیا جاتا ہے

شمار	فعل	عدد	معنی	مثال سمجھیے اور ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
4	حَسِبَ	46	سمجھا	حَسِبَتْهُ لُجَّةً. (النمل:44) سمجھی وہ اس کو پانی کا حوض
5	ظَنَّ	47	گمان کیا	بَلْ نَظُنُّكُمْ كَاذِبِيْنَ. (ھود:27) بلکہ گمان کرتے ہیں ہم تم کو جھوٹا
6	زَعَمَ	13	گمان کیا	زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا. (التغابن:7) گمان کیا ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا کہ نہیں اٹھائے جائیں گے وہ

484

جانا

فَعَلِمُوْا أَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ۔ (القصص:75)

پس جان لیا انہوں نے کہ حق اللہ ہی کے لیے ہے

❖ بسا اوقات عَلِمْتُ ''عَرَفْتُ'' کے معنی میں آتا ہے۔ تب اس کا صرف ایک مفعول ہوتا ہے، ایسی حالت میں یہ ''افعالِ قلوب'' میں سے نہیں ہوتا۔

قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ۔ (البقرۃ:60) تحقیق جان لیا ہر انسان نے اپنے پینے کی جگہ کو

107

پایا

وَ وَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا۔ (الکھف:49)

اور پایا انہوں نے جو عمل کیا انہوں نے موجود۔

❖ بسا اوقات وَجَدْتُّ ''أَصَبْتُ'' کے معنی میں آتا ہے۔ تب اس کا صرف ایک مفعول ہوتا ہے، ایسی حالت میں یہ ''افعالِ قلوب'' میں سے نہیں ہوتا۔

وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا۔ (یونس:78) پایا ہم نے اس پر اپنے آباء واجداد کو

167

دیکھا

وَ تَرَى النَّاسَ سُكَارٰى۔ (القصص:2)

اور دیکھے گا تُو لوگوں کو نشے میں

❖ بسا اوقات رَأَيْتُ ''أَبْصَرْتُ'' کے معنی میں آتا ہے۔ تب اس کا صرف ایک مفعول ہوتا ہے، ایسی حالت میں یہ ''افعالِ قلوب'' میں سے نہیں ہوتا۔

رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا۔ (یوسف:22) دیکھے میں نے گیارہ ستارے

46

سمجھا

حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا۔ (الدھر:19)

سمجھا (سمجھے گا) تُو نے ان کو موتی پھیلائے ہوئے۔

✹ مستقبل جب یقینی ہو تو اس کے لیے ماضی کا لفظ آجاتا ہے

47

گمان کیا

وَ ظَنُّوا أَنْ لَّا مَلْجَأَ مِنَ اللهِ إِلَّا إِلَيْهِ.
(التوبة:118)

اور گمان کیا انہوں نے کہ نہیں ہے کوئی
ٹھکانا اللہ سے بچنے کا، مگر اسی کے پاس

13

گمان کیا

بَلْ زَعَمْتُمْ أَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَوْعِدًا. (الکھف:48)

بلکہ گمان کیا تم نے کہ نہیں بنایا ہم نے تمہارے لیے
وعدے کا وقت

افعالِ قلوب	قلبی احساسات، باطنی کیفیات
عَلِمَ اللهُ أَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ. (البقرة:235)	جان لیا اللہ نے کہ تم جلد ہی ذکر کرو گے ان کا
لَوَجَدُوا اللهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا. (النساء:64)	یقیناً پایا انہوں نے اللہ کو متوجہ ہونے والا، رحم کرنے والا
رَأَيْتُهُمْ لِيْ سَاجِدِيْنَ. (یوسف:4)	دیکھا میں نے ان کو میرے سامنے سجدہ کرتے ہوئے

افعالِ قلوب	یقین و شک: علم و گمان
لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ. (النور:11)	نہ سمجھو تم اس کو بُرا اپنے لیے
وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً (الکھف:36)	اور نہیں گمان کرتا میں کہ قیامت قائم ہو گی
إِنْ زَعَمْتُمْ أَنَّكُمْ أَوْلِيَاءُ لِلّٰهِ. (الجمعة:6)	اگر سمجھتے ہو تم کہ تم دوست ہو اللہ کے



الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

7 افعالِ قلوب سیکھے جو قرآن شریف میں 864 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے معنی سمجھنے اور عبرت و نصیحت حاصل کرنے کی کوشش کریں

قرآن شریف میں کل تقریباً **4,500** الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

گھر کا کام

خود تشخیصی جائزہ

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

لیول 3: اعلیٰ قواعد

فعلِ رباعی

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

سبق - 20

اس سبق میں

فعلِ رباعی

لیکن پہلے اعادہ

اعادہ

افعالِ مقاربہ

57

وہ افعال جو کسی کام کے امکان، توقع یا اس کے شروع ہو جانے کو بیان کرتے ہیں

ان کا ترجمہ یوں کیا جاتا ہے: ''قریب ہے''، ''ایسا لگتا ہے''

افعالِ مقاربہ 10 ہیں، قرآن شریف میں 3 آئے ہیں

امکان	توقع	شروع
كَادَ	عَسٰى	طَفِقَ
قریب ہوا	امید ہے	کام شروع کیا

اعادہ

افعالِ مدح وذم

79

وہ افعال جن کے ذریعے کسی کی تعریف یا مذمت کی جائے

افعالِ مدح وذم 4 ہیں، 2 مدح کے لیے، 2 ذم کے لیے قرآن شریف میں 3 آئے ہیں

مدح	ذم	ذم
نِعْمَ	بِئْسَ	سَاءَ
بہت اچھا	بہت برا	بہت برا

اعادہ

افعالِ قلوب

864

وہ افعال جو یقین اور شک کے لیے استعمال ہوں

''اندرونی کیفیات'' کے بیان کی وجہ سے انہیں ''افعالِ قلوب'' کہتے ہیں.

افعالِ قلوب 7 ہیں. 3 یقین کے لیے، 3 شک کے لیے اور 1 یقین اور شک دونوں کے لیے.

صرف یقین کے لیے		
1	عَلِمَ	جانا
2	وَجَدَ	پایا
3	رَأَى	دیکھا

صرف شک کے لیے		
4	حَسِبَ	سمجھا
5	ظَنَّ	گمان کیا
6	خِلْتُ	گمان کیا

شک اور یقین دونوں کے لیے		
7	زَعَمَ	گمان کیا

قرآن شریف میں صرف یقین کے لیے آیا ہے

اعادہ

لفظ کی تین قسمیں

اِسم (Noun) — کسی کا نام (کتابٌ، مکّۃ) یا صفت (مُسلِمٌ، مُؤمِنٌ)

فِعل (Verb) — جس سے کسی کام کے ہونے یا کرنے کا پتہ چلے (نَصَرَ، فَتَحَ)

حَرف (Particle) — جو اسموں اور فعلوں کو ملائے (بِ، لِ، مِنْ، فِی، اِنَّ)

نیا سبق

13

فعلِ رُباعی

عربی زبان میں دو طرح کے فعل ہیں

ثلاثی	تین حرف والا	فَعَلَ
رُباعی	چار حرف والا	فَعْلَلَ

قرآن شریف میں 5 فعلِ رباعی ہیں جو 13 مرتبہ آئے ہیں

زَحْزَحَ	عَسْعَسَ	دَمْدَمَ	وَسْوَسَ	زَلْزَلَ
1	1	1	4	6
دور کیا	تاریک ہوا	تباہی ڈالی	وسوسہ ڈالا	جھنجھوڑا

Verb فعل

13

عربی میں اکثر افعال 3 حروف سے بنتے ہیں : فَعَلَ

- ضَرَبَ 58
- نَصَرَ 129
- سَمِعَ 153
- فَتَحَ 33
- حَسِبَ 103

اور کچھ افعال 4 حروف سے بنتے ہیں : فَعْلَلَ

- زَحْزَحَ 1
- عَسْعَسَ 1
- دَمْدَمَ 1
- وَسْوَسَ 4
- زَلْزَلَ 6

اس سبق میں

فعلِ رباعی معروف

13

اسلام کیا؟
حسنِ نیت
حسنِ عمل
حسنِ اخلاق

فَعْلَلَ	اس ایک مرد نے کیا
فَعْلَلَا	ان دو مردوں نے کیا
فَعْلَلُوْا	ان سب مردوں نے کیا
فَعْلَلْتَ	آپ ایک مرد نے کیا
فَعْلَلْتُمَا	آپ دو مردوں نے کیا
فَعْلَلْتُمْ	آپ سب مردوں نے کیا
فَعْلَلْتُ	میں نے کیا
فَعْلَلْنَا	ہم سب نے کیا

مسلمان کی سوچ پاک صاف اور نیت وارادے بلند واعلیٰ ہوتے ہیں۔ ہم نے اس کورس میں اچھے کام کیے۔ اللہ انہیں قبول فرمائے۔ فَعْلَلَ کی گردان پڑھتے ہوئے یہ بات دھیان میں رکھیں۔ اس نے کیا (اچھا کام) ان سب نے کیا (اچھا کام)

اس سبق میں

فُعْلِلَ	اس ایک مرد نے کیا
فُعْلِلَا	ان دو مردوں نے کیا
فُعْلِلُوْا	ان سب مردوں نے کیا
فُعْلِلْتَ	آپ ایک مرد نے کیا
فُعْلِلْتُمَا	آپ دو مردوں نے کیا
فُعْلِلْتُمْ	آپ سب مردوں نے کیا
فُعْلِلْتُ	میں نے کیا
فُعْلِلْنَا	ہم سب نے کیا

فعل رباعی مجہول

13

مسلمان کون؟
نیت صاف
سوچ بلند
کردار اعلیٰ

مسلمان کی سوچ پاک صاف اور نیت وارادے بلند واعلیٰ ہوتے ہیں۔ ہم نے اس کورس میں اچھے کام کیے۔ اللہ انہیں قبول فرمائے۔ فَفَعْلَلَ کی گردان پڑھتے ہوئے یہ بات دھیان میں رکھیں۔ اس نے کیا (اچھا کام) ان سب نے کیا (اچھا کام)

رباعی معروف: مؤنث کی گردان بھی اشاروں کے ساتھ پڑھیے

زَحْزَحَ	زَلْزَلَ	عَسْعَسَ	وَسْوَسَ
زَحْزَحَا	زَلْزَلَا	عَسْعَسَا	وَسْوَسَا
زَحْزَحُوْا	زَلْزَلُوْا	عَسْعَسُوْا	وَسْوَسُوْا
زَحْزَحَتْ	زَلْزَلَتْ	عَسْعَسَتْ	وَسْوَسَتْ
زَحْزَحْتُمَا	زَلْزَلْتُمَا	عَسْعَسْتُمَا	وَسْوَسْتُمَا
زَحْزَحْتُمْ	زَلْزَلْتُمْ	عَسْعَسْتُمْ	وَسْوَسْتُمْ
زَحْزَحْتُ	زَلْزَلْتُ	عَسْعَسْتُ	وَسْوَسْتُ
زَحْزَحْنَا	زَلْزَلْنَا	عَسْعَسْنَا	وَسْوَسْنَا

رباعی مجہول: مؤنث کی گردان بھی اشاروں کے ساتھ پڑھیے

زُحْزِحَ	زُلْزِلَ	عُسْعِسَ	وُسْوِسَ
زُحْزِحَا	زُلْزِلَا	عُسْعِسَا	وُسْوِسَا
زُحْزِحُوْا	زُلْزِلُوْا	عُسْعِسُوْا	وُسْوِسُوْا
زُحْزِحَتْ	زُلْزِلَتْ	عُسْعِسَتْ	وُسْوِسَتْ
زُحْزِحْتُمَا	زُلْزِلْتُمَا	عُسْعِسْتُمَا	وُسْوِسْتُمَا
زُحْزِحْتُمْ	زُلْزِلْتُمْ	عُسْعِسْتُمْ	وُسْوِسْتُمْ
زُحْزِحْتُ	زُلْزِلْتُ	عُسْعِسْتُ	وُسْوِسْتُ
زُحْزِحْنَا	زُلْزِلْنَا	عُسْعِسْنَا	وُسْوِسْنَا

فعلِ رباعی کی مشق

عملی اجرا اور ذہنی تربیت ساتھ ساتھ

فعلِ رباعی کی گردان پڑھیے

اور

آیت کے معنی و مفہوم کو سمجھ کر اپنی زندگی میں ڈھالنے کی کوشش کیجیے

13

فعل رباعی کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں اس کا مکمل اجرا کیجیے

آیت	ترجمہ
فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ. (آل عمران: 185)	پھر دور ہٹا لیا گیا جس کو آگ سے۔
إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا. (الزلزلة: 1)	جب جھنجھوڑ دی جائے گی زمین خوب اچھی طرح۔
وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ. (التکویر: 17)	اور قسم کھاتا ہوں رات کی جب وہ تاریک ہو جائے۔
فَوَسْوَسَ إِلَيْهِ الشَّيْطَانُ. (طه: 120)	پھر وسوسہ ڈالا ان (آدم علیہ السلام) کے دل میں شیطان نے۔

چند مشہور قرآنی آیات

فعلِ رباعی کو پہچانیے

اور

ترجمہ کے ساتھ عبرت و نصیحت اخذ کرنے کی کوشش کیجیے

فعل رباعی کو پہچانیے اور جو لفظ پڑھ چکے ہیں اس کا مکمل اجرا کیجیے

وَزُلْزِلُوا	زِلْزَالًا	شَدِيدًا. (الأحزاب: 11)
اور وہ ہلائے گئے	ہلایا جانا	نہایت سخت

الَّذِي	يُوَسْوِسُ	فِي صُدُورِ النَّاسِ. (الناس: 5)
وہ جو	وسوسہ ڈالتا ہے	لوگوں کے دلوں میں

الحمدللہ!

آپ نے اس سبق میں

فعل رباعی سیکھا جس کے وزن پر قرآنِ کریم میں 12 الفاظ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

یاد رہے قرآن میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں



گھر کا کام

اس سبق میں پڑھے گئے الفاظ

خود تشخیصی جائزہ

آج کی تلاوت سے

لفظ	معنی	آیت	تقطیعی ترجمہ

مسنون دعائیں

اعلیٰ قواعد: لیول 3
(Advance)

قرآنی عربی سیکھیے

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

خود آزمائشی امتحان

خود آزمائشی امتحان

چالیس مسنون دعائیں*

(ماخذ: پُرنور دعائیں: شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم العالیۃ)

* قرآنی دعائیں ''الفاظ القرآن'' میں درج کی گئی ہیں

لیول III کی کامیاب تکمیل پر دل کی گہرائیوں سے
اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیجیے
آپ نے 20 اسباق میں کتنا کچھ سیکھا؟
آیئے!
اپنا امتحان خود لیتے ہیں

مسنون دعائیں

تجوید کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کیجیے
اجرا کے ساتھ ساتھ ترجمہ خود سے نکالیے
تقطیعی اور اشتقاقی ترجمہ کی تکنیک استعمال کیجیے

خود آزمائشی امتحان: چالیس مسنون دعائیں

شمار	مختلف اوقات کی دعائیں
1	صبح کے وقت
2	شام کے وقت
3	مغرب کی اذان سنتے وقت
4	نیا چاند دیکھتے وقت
	مختلف احوال کی دعائیں
5	کھانے کے بعد
6	دعوت کا کھانا کھانے کے بعد
7	کپڑے بدلتے وقت
8	نیا کپڑا پہنتے وقت
9	آئینہ دیکھتے وقت
10	بازار میں داخل ہوتے وقت
11	قیام گاہ پر قیام کرتے وقت
12	کسی نئی بستی میں داخل ہوتے وقت
13	نیند سے بیدار ہوتے وقت
14	اگر لیٹنے کے بعد نیند نہ آئے
15	اگر سوتے ہوئے ڈر جائے
16	سواری ٹھیک نہ چلے
17	نکاح کی مبارک باد دیتے وقت
18	نئی سواری خریدتے وقت
19	نیا ملازم رکھتے وقت
20	رکوع سے کھڑے ہوتے وقت

خود آزمائشی امتحان: چالیس مسنون دعائیں

شمار	مختلف مقاصد کی دعائیں
21	دو سجدوں کے درمیان کی دعا
22	فرض نماز سے سلام پھیرنے کے بعد
23	کوئی چیز پسند آئے
24	جب قرض کی ادائیگی کی مشکل ہو
25	جب کوئی بات بھول جائے
26	جب بدشگونی کا دل میں خیال آئے
27	جب کسی کو بیمار یا مصیبت زدہ دیکھے
28	جب کسی بیمار کی عیادت کرے
29	جب کہیں درد محسوس ہو
30	تعزیت کے مسنون الفاظ

شمار	چند اہم اور دو جامع دعائیں
31	جب کوئی کام مشکل معلوم ہو
32	قرض سے نجات کے لیے
33	استخارے کی دعا
34	شب قدر کی دعا
35	علم نافع کے لیے
36	علم پر عمل اور رزق میں فراوانی کے لیے
37	حق و باطل میں فرق سمجھنے کے لیے
38	ایک خاص استغفار
39	جامع ترین دعا
40	ایک مشہور جامع دعا

وَحدَهُ	لَا	شَرِيكَ	لَهُ	وَلَهُ	الحَمدُ
وہ اکیلا ہے	نہیں	کوئی شریک	اس کا	اور اسی کے لیے ہے	تمام تعریفیں

أَللّٰهُمَّ	إِنِّي	أَسأَلُكَ	خَيرَ هٰذَا اليَومِ	وَخَيرَ مَا بَعدَهُ
اے اللہ!	بے شک میں	مانگتا ہوں آپ سے	اس دن کی بھلائی	اور اس کے بعد کی بھلائی

وَ	أَعُوذُ	بِكَ	مِن شَرِّ هٰذَا اليَومِ	وَشَرِّ مَا بَعدَهُ.
اور	پناہ چاہتا ہوں میں	آپ سے	اس دن کی برائی سے	اور اس کے بعد کی برائی سے

(المعجم الکبیر)

صبح کے وقت

أَصبَحنَا	وَ	أَصبَحَ	المُلكُ	لِلّٰهِ
ہمارا صبح کا وقت آگیا	اور	صبح کے وقت بھی	ساری خدائی	اللہ ہی کے لیے ہے

وَ	الحَمدُ	لِلّٰهِ
اور	تمام تعریفیں	اللہ ہی کے لیے ہیں

وَلَا	إِلٰهَ	إِلَّا	اللّٰهُ
اور نہیں	کوئی معبود	مگر	اللہ

شام کے وقت

أَمسَينَا	وَ	أَمسَى	المُلكُ	لِلّٰهِ
ہمارا شام کا وقت آگیا	اور	شام کے وقت بھی	ساری خدائی	اللہ ہی کے لیے ہے

وَ	الحَمدُ	لِلّٰهِ
اور	تمام تعریفیں	اللہ ہی کے لیے ہیں

لَا	إِلٰهَ	إِلَّا	اللّٰهُ
اور نہیں	کوئی معبود	مگر	اللہ

وَحدَهُ	لَا	شَرِيكَ	لَهُ
وہ اکیلا ہے	نہیں	کوئی شریک	اس کا

أَللّٰهُمَّ	إِنِّي	أَسْأَلُكَ	مِن خَيْرِ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ	وَخَيرِ مَا فِيهَا
اے اللہ!	بے شک میں	مانگتا ہوں آپ سے	اس رات کی بھلائی	اور جو کچھ اس میں ہے، اس کی بھلائی

وَ	أَعُوذُ	بِكَ	مِن شَرِّهَا	وَشَرِّ مَا فِيهَا.
اور	پناہ چاہتا ہوں میں	آپ سے	اس کی برائی سے	اور جو کچھ اس میں ہے، اس کی برائی سے

(مسلم شریف)

مغرب کی اذان سنتے وقت

أَللّٰهُمَّ	هٰذَا	إِقبَالُ	لَيْلِكَ	وَ
اے اللہ!	یہ	آنے کا وقت ہے	آپ کی رات کے	اور

إِدْبَارُ	نَهَارِكَ	وَ	أَصْوَاتُ
جانے کا وقت ہے	آپ کے دن کے	اور	آوازیں (آرہی ہیں)

دُعَاتِكَ	فَاغْفِرْ	لِي.
آپ کے منادیوں (مؤذنوں) کی	پس مغفرت فرمایئے	میری

(ابو داؤد)

نیا چاند دیکھتے وقت

أَللّٰهُمَّ	أَهِلَّهُ	عَلَيْنَا	بِالْيُمْنِ
اے اللہ!	طلوع فرمایئے اس (چاند) کو	ہم پر	برکت

وَالْإِيمَانِ	وَالسَّلَامَةِ	وَالْإِسْلَامِ	وَالتَّوْفِيقِ
اور ایمان	اور سلامتی	اور اسلام	اور توفیق کے ساتھ

لِمَا تُحِبُّ	وَتَرْضَى	رَبِّي	وَرَبُّكَ	اللهُ.
جو آپ کو پسند ہو	اور جس سے آپ راضی ہوں	(اے چاند!) میرا رب	اور تیرا رب	اللہ ہے

(ترمذی)

کھانے کے بعد

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِي	أَطْعَمَنَا	وَ
تمام تعریفیں	اللہ ہی کے لیے ہیں	جس نے	کھلایا ہم کو	اور

سَقَانَا	وَ	كَفَانَا	وَ	آوَانَا
پلایا ہم کو	اور	کافی ہے وہ ہم کو	اور	ٹھکانا دیا اس نے ہم کو

وَ	أَرْوَانَا	وَ	جَعَلَنَا	مِنَ الْمُسْلِمِينَ.
اور	سیراب کیا اس نے ہم کو	اور	بنایا اس نے ہم کو	مسلمانوں میں سے

(الاذکار)

دعوت کا کھانا کھانے کے بعد

أَللّٰهُمَّ	أَطْعِمْ	مَنْ	أَطْعَمَنِيْ
اے اللہ!	کھلائیے	اس کو	کھلایا جس نے مجھے

وَ	اسْقِ	مَنْ	سَقَانِيْ.
اور	پلائیے	اس کو	پلایا جس نے مجھے

(مسلم شریف)

کپڑے بدلتے وقت

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	كَسَانِيْ	هٰذَا
تمام تعریفیں	اللہ ہی کے لیے ہیں	وہ	پہنایا جس نے مجھے	یہ

وَ	رَزَقَنِيْهِ	مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ	مِنِّيْ	وَلَا قُوَّةٍ.
اور	رزق دیا اس نے مجھے یہ	طاقت کے بغیر	میری	اور قوت (کے بغیر)

(حصن حصین)

نیا کپڑا پہنتے وقت

أَللّٰهُمَّ	لَكَ	الْحَمْدُ	كَمَا	كَسَوْتَنِيْهِ
اے اللہ!	تیرے لیے ہی ہے	تمام تعریفیں	جیسا کہ	پہنایا آپ نے مجھے یہ

أَسْأَلُكَ	خَيْرَهُ	وَ	خَيْرَ	مَا	صُنِعَ	لَهُ
مانگتا ہوں میں آپ سے	اس کی بہتری	اور	بہتری	اس چیز کی	جو بنائی گئی ہے	اس کے لیے

وَ	أَعُوْذُ	بِكَ	مِنْ شَرِّهِ	وَ	شَرِّ مَا	صُنِعَ لَهُ.
اور	پناہ چاہتا ہوں میں	آپ کی	اس کے شر سے	اور	اس کے شر سے	جو بنائی گئی ہے اس کے لیے

(حصن حصین)

آئینہ دیکھتے وقت

أَللّٰهُمَّ	أَحْسَنْتَ	خَلْقِيْ
اے اللہ!	اچھا کیا آپ نے	میری تخلیق کو

فَأَحْسِنْ	خُلُقِيْ.
پس اچھا کر دیجیے	میرے اخلاق کو

(مسند احمد)

بازار میں داخل ہوتے وقت

لَا اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	وَحْدَهٗ	لَا شَرِيْكَ	لَهٗ
نہیں کوئی معبود	مگر اللہ	وہ ایک ہے	نہیں کوئی شریک	اس کا

لَهُ	الْمُلْكُ	وَ	لَهُ	الْحَمْدُ
اسی کے لیے ہے	بادشاہی	اور	اسی کے لیے ہے	تمام تعریفیں

يُحْيِيْ	وَ	يُمِيْتُ	وَ	هُوَ	حَيٌّ	لَّا يَمُوْتُ
زندہ کرتا ہے وہ	اور	اور موت دیتا ہے وہ	اور	وہ	زندہ ہے	موت نہیں آئے گی جسے

بِيَدِهِ	الْخَيْرُ	وَهُوَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ.
اسی کے ہاتھ میں ہے	بھلائی	اور وہ	ہر چیز پر	قادر ہے

(حصن حصین)

کسی نئی بستی میں داخل ہوتے وقت

أَللّٰهُمَّ	إِنِّيْ	أَسْأَلُكَ	خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ
اے اللہ!	بے شک میں	مانگتا ہوں آپ سے	اس بستی کی بھلائی

وَخَيْرَ أَهْلِهَا	وَخَيْرِ مَا فِيْهَا	وَأَعُوْذُ	بِكَ
اور اس کے اہل کی بھلائی	اور جو کچھ اس میں ہے، اس کی بھلائی	اور پناہ چاہتا ہوں میں	آپ سے

مِنْ شَرِّهَا	وَشَرِّ أَهْلِهَا	وَشَرِّ مَا فِيْهَا.
اس کے شر سے	اور اس کے اہل کے شر سے	اور جو کچھ اس میں ہے، اس کے شر سے

(ابن السنی)

قیام گاہ پر قیام کرتے وقت

أَعُوْذُ	بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ	التَّامَّاتِ
پناہ مانگتا ہوں میں	اللہ کے کلمات کی	جو تام ہیں

مِنْ شَرِّ	مَا	خَلَقَ.
شر سے	اس کے	جو پیدا کیا اس نے

(حصن حصین)

نیند سے بیدار ہوتے وقت

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ	أَحْیَانَا	بَعْدَ
تمام تعریفیں	اللہ ہی کے لیے ہیں	جس نے	زندہ کیا ہم کو	بعد اس کے

مَا	أَمَاتَنَا	وَاِلَیْهِ	النُّشُوْرُ.
کہ	موت دی اس نے ہم کو	اور اس ہی کی طرف	لوٹ کر جانا ہے

اگر لیٹنے کے بعد نیند نہ آئے

اَللّٰهُمَّ	غَارَتِ	النُّجُوْمُ	وَهَدَأَتِ	الْعُیُوْنُ
اے اللہ!	چھپ گئے	ستارے	اور پُر سکون ہو گئیں	آنکھیں

وَأَنْتَ	حَیٌّ قَیُّوْمٌ	لَا تَأْخُذُكَ	سِنَةٌ	وَّلَا نَوْمٌ
اور آپ	حی و قیوم ہے	نہیں آتی آپ کو	اونگھ	اور نہ نیند

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ	اِهْدِئِیْ	لَیْلِیْ	وَأَنِمْ	عَیْنِیْ.
اے حی و قیوم!	پُر سکون بنا دیجیے	میری رات	اور نیند عطا فرمایئے	میری آنکھ کو

(حصن حصین)

اگر سوتے ہوئے ڈر جائے

أَعُوْذُ	بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ	التَّامَّةِ	مِنْ غَضَبِهِ	وَعِقَابِهِ
پناہ مانگتا ہوں میں	اللہ کے کلمات کی	جو تام ہیں	اس کے غصے سے	اور اس کی عذاب سے

وَشَرِّ عِبَادِهِ	وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ	وَأَنْ یَّحْضُرُوْنِ.
اور اس کے بندوں کے شر سے	اور شیاطین کے وسوسوں سے	اور اس بات سے کہ وہ میرے پاس آئیں

(حصن حصین)

سواری ٹھیک نہ چلے

أَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ	یَبْغُوْنَ	وَلَهٗ	أَسْلَمَ
تو کیا اللہ کے دین کے علاوہ	چاہتے ہیں یہ کچھ اور	حالانکہ اسی کے لیے	فرمانبرداری کی

مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ	طَوْعًا	وَّكَرْهًا	وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ.
وہ جو آسمانوں اور زمین میں ہے	خوشی سے	اور زبردستی	اور اسی ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے وہ

(آل عمران: 83)

نکاح کی مبارک باد دیتے وقت

بَارَكَ	اللّٰهُ	لَكَ
برکت دے	اللہ	آپ کے لیے

وَبَارَكَ	عَلَيْكَ	وَجَمَعَ	بَيْنَكُمَا	فِيْ خَيْرٍ.
اور برکت نازل فرمائے	آپ پر	اور اکٹھا رکھے	آپ دونوں کو	خیر و خوبی کے ساتھ

(حاکم)

نئی سواری خریدتے وقت

أَللّٰهُمَّ	إِنِّيْ	أَسْأَلُكَ	خَيْرَهَا	وَخَيْرَ
اے اللہ!	بے شک میں	مانگتا ہوں آپ سے	اس کی بھلائی	اور بھلائی

مَا جَبَلْتَهَا	عَلَيْهِ	وَأَعُوْذُ	بِكَ	مِنْ شَرِّهَا
ان صفات کی، جن کے ساتھ آپ نے پیدا کیا ہے	اس کو	اور میں پناہ چاہتا ہوں	آپ کی	اس کے شر سے

وَشَرِّ	مَا جَبَلْتَهَا	عَلَيْهِ.
اور شر سے	ان صفات کی، جن کے ساتھ آپ نے پیدا کیا ہے	اس کو

(ابو داؤد)

نیا ملازم رکھتے وقت

أَللّٰهُمَّ	بَارِكْ	لِيْ	فِيْهِ
اے اللہ!	برکت دے	میرے لیے	اس میں

وَاجْعَلْهُ	طَوِيْلَ الْعُمُرِ	كَثِيْرَ الرِّزْقِ.
اور بنادے اس کو	لمبی عمر والا	بہت رزق والا

(ابن ابی شیبہ)

رکوع سے کھڑے ہوتے وقت

رَبَّنَا	لَكَ	اَلْحَمْدُ	مِلْأَ السَّمٰوَاتِ	وَمِلْأَ الْأَرْضِ
اے ہمارے رب!	آپ ہی کے لیے ہے	تمام تعریفیں	جس سے آسمان بھر جائیں	اور زمین بھر جائے

وَمِلْأَ	مَا شِئْتَ	مِنْ شَيْءٍ	بَعْدُ	أَهْلَ الثَّنَاءِ
اور بھر جائے	جو آپ چاہیں	وہ چیز	اس کے بعد	اے تعریف والے

وَالْمَجْدِ	أَحَقُّ	مَا قَالَ الْعَبْدُ
اور بزرگی والے!	زیادہ صحیح	جو کہہ سکتا ہے بندہ

وَكُلُّنَا	لَكَ	عَبْدٌ	أَللّٰهُمَّ	لَا مَانِعٌ
اور ہم سب	آپ کے	بندے ہیں	اے اللہ!	کوئی روکنے والا نہیں

لِمَا أَعْطَيْتَ	وَلَا مُعْطِيَ	لِمَا مَنَعْتَ
جو کچھ عطا کریں آپ	اور کوئی دینے والا نہیں	جس چیز کو روک دیں آپ

وَلَا يَنْفَعُ	ذَا الْجَدِّ	مِنْكَ	الْجَدُّ.
اور نہیں فائدہ پہنچا سکتا	صاحب نصیب کو	آپ سے	اس کا نصیب

(مسلم شریف)

دو سجدوں کے درمیان

رَبِّ	اغْفِرْ لِيْ	وَارْحَمْنِيْ	وَعَافِنِيْ
اے میرے رب	مغفرت فرمائیے میری	اور رحم فرمائیے مجھ پر	اور عافیت دیجیے مجھے

وَاهْدِنِيْ	وَارْزُقْنِيْ	وَاجْبُرْنِيْ	وَارْفَعْنِيْ.
اور ہدایت دیجیے مجھے	اور رزق دیجیے مجھے	اور تلافی کیجیے میرے نقص کی	اور عطا کیجیے مجھے (بلندی)

(ابو داؤد)

فرض نماز سے سلام پھیرنے کے بعد

أَللّٰهُمَّ	أَعِنِّيْ	عَلٰى ذِكْرِكَ
اے اللہ!	مدد فرمائیے میری	اپنے ذکر کے لیے

وَ	شُكْرِكَ	وَ	حُسْنِ عِبَادَتِكَ.
اور	اپنے شکر کے لیے	اور	اپنی اچھی عبادت کے لیے

(ابو داؤد)

کوئی چیز پسند آئے

مَا	شَاءَ	اللّٰهُ
جو	چاہا	اللہ نے (بنایا)

لَا	قُوَّةَ	إِلَّا	بِاللّٰهِ.
نہیں ہے	قوت	مگر	اللہ کی

(عمل الیوم واللیلۃ)

قرض کی ادائیگی مشکل ہو

أَللّٰهُمَّ	إِنِّيْ	أَعُوْذُ	بِكَ	مِنَ الْهَمِّ	وَالْحُزْنِ
اے اللہ!	بے شک میں	پناہ چاہتا ہوں	آپ کی	فکر سے	اور غم سے

وَأَعُوْذُ	بِكَ	مِنَ الْعَجْزِ	وَالْكَسَلِ
اور پناہ چاہتا ہوں میں	آپ کی	عاجزی سے	اور سستی سے

وَأَعُوْذُ	بِكَ	مِنَ الْجُبْنِ	وَالْبُخْلِ
اور پناہ چاہتا ہوں	آپ کی	بزدلی سے	اور بخل سے

وَأَعُوْذُ	بِكَ	مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ	وَقَهْرِ الرِّجَالِ.
اور پناہ چاہتا ہوں	آپ کی	قرض کے غالب آجانے سے	اور لوگوں کے مسلط ہو جانے سے

(ابوداؤد)

جب کوئی بات بھول جائے

أَللّٰهُمَّ	صَلِّ	عَلٰى مُحَمَّدٍ	النَّبِيِّ	الْأُمِّيِّ
اے اللہ!	رحمت بھیجیے	محمد پر	جو نبی ہیں	جو پڑھے لکھے نہیں

وَعَلٰى اٰلِهٖ	وَبَارِكْ	وَسَلِّمْ.
اور ان کی آل پر	اور برکت دیجیے	اور سلامتی نازل فرمایئے

جب بدشگونی کا دل میں خیال آئے

أَللّٰهُمَّ	لَا طَيْرَ	إِلَّا	طَيْرُكَ	وَلَا خَيْرَ
اے اللہ!	نہیں کوئی قسمت	مگر	آپ کی بنائی ہوئی قسمت	اور نہیں کوئی بھلائی

إِلَّا	خَيْرُكَ	وَلَا اِلٰهَ	غَيْرُكَ.
مگر	آپ کی بنائی ہوئی بھلائی	اور نہیں کوئی معبود	آپ کے سوا

(عمل الیوم واللیلۃ)

جب کسی کو بیمار یا مصیبت زدہ دیکھے

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ	عَافَانِیْ	مِمَّا
تمام تعریفیں	اللہ ہی کے لیے ہیں	وہ	عافیت دی جس نے مجھے	اس تکلیف سے

اِبْتَلَاكَ	بِهٖ	وَفَضَّلَنِیْ	عَلٰی كَثِیْرٍ	مِّمَّنْ	خَلَقَ	تَفْضِیْلًا.
مبتلا ہو تم	جس میں	اور بہتر بنایا مجھے	بہت سوں کے مقابلے میں	جن کو	پیدا کیا اس نے	بہتر بنانا

(ترمذی)

جب کسی بیمار کی عیادت کرے

لَا	بَأْسَ	طَهُوْرٌ
نہ	نقصان ہو (اس بیماری سے آپ کو)	(گناہوں سے) پاکی کا سبب ہو (یہ بیماری)

اِنْ	شَاءَ	اللّٰهُ.
اگر	چاہا	اللہ نے

(بخاری شریف)

جب کسی بیمار کی عیادت کرے

أَسْأَلُ	اللّٰهَ	الْعَظِیْمَ
دعا کرتا ہوں میں	اللہ سے	جو عظمت والا ہے

رَبَّ الْعَرْشِ	الْعَظِیْمِ	أَنْ یَّشْفِیَكَ.
عرش کا مالک ہے	جو عظمت والا ہے	کہ شفا دے وہ آپ کو

(ابوداؤد)

جب کہیں درد محسوس ہو

أَعُوْذُ	بِعِزَّةِ اللّٰهِ	وَقُدْرَتِهٖ
پناہ چاہتا ہوں میں	اللہ کی عزت کی	اور اس کی قدرت کی

مِنْ شَرِّ مَا	أَجِدُ	وَأُحَاذِرُ.
شر سے اس (درد) کے	جو محسوس کر رہا ہوں میں	اور مجھے خوف ہے

(مسلم شریف)

تعزیت کے مسنون الفاظ

إِنَّ	لِلّٰهِ	مَا	أَخَذَ	وَلَهُ	مَا	أَعْطٰى
بے شک	اللہ ہی کے لیے ہے	جو	لیا اس نے	اور اسی ہی کے لیے ہے	جو	دیا اس نے

وَكُلُّ شَيْءٍ	عِنْدَهُ	بِأَجَلٍ مُّسَمًّى
اور ہر چیز	اس کے نزدیک	ایک وقت مقرر کے ساتھ ہے

فَلْتَصْبِرْ	وَلْتَحْتَسِبْ.
لہٰذا تمہیں چاہیے کہ صبر کرو	اور ثواب حاصل کرو

(بخاری شریف)

جب کوئی کام مشکل معلوم ہو

أَللّٰهُمَّ	لَا سَهْلَ	إِلَّا	مَا	جَعَلْتَهُ
اے اللہ!	نہیں کوئی چیز آسان	مگر	وہ	بنائیں آپ جس کو

سَهْلًا	وَأَنْتَ	تَجْعَلُ
آسان	اور آپ	بناتے ہیں

الْحُزْنَ	سَهْلًا	إِذَا شِئْتَ.
مشکل کو	آسان	جب چاہتے ہیں آپ

(حصن حصین)

قرض سے نجات کے لیے

أَللّٰهُمَّ	اكْفِنِي	بِحَلَالِكَ	عَنْ حَرَامِكَ
اے اللہ!	کافی بنا دیجیے میرے لیے	اپنی حلال کردہ چیزوں کو	کہ آپ کی حرام چیزوں سے اجتناب کروں

وَأَغْنِنِي	بِفَضْلِكَ	عَمَّنْ سِوَاكَ.
اور بے نیاز کر دیجیے مجھے	اپنے فضل سے	اپنے سوا (ہر مخلوق) سے

(ترمذی)

استخارے کی دعا

أَللّٰهُمَّ	إِنِّي	أَسْتَخِيرُكَ	بِعِلْمِكَ
اے اللہ	بے شک میں	استخارہ کرتا ہوں آپ سے	آپ کے علم سے

وَأَسْتَقْدِرُكَ	بِقُدْرَتِكَ	وَأَسْأَلُكَ	مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيمِ
اور طاقت چاہتا ہوں آپ سے	آپ کی قدرت سے	اور سوال کرتا ہوں آپ سے	آپ کے فضل عظیم کا

فَإِنَّكَ	تَقْدِرُ	وَلَا أَقْدِرُ	وَتَعْلَمُ	وَلَا أَعْلَمُ
کیونکہ آپ	قدرت رکھتے ہیں	اور قدرت نہیں رکھتا میں	اور جانتے ہیں آپ	اور نہیں جانتا میں

وَأَنْتَ	عَلَّامُ الْغُيُوبِ	أَللّٰهُمَّ	إِنْ
اور آپ	غیب کی باتوں کو خوب جاننے والے ہیں	اے اللہ !	اگر

كُنْتَ	تَعْلَمُ	أَنَّ	هٰذَا الْأَمْرَ
آپ	جانتے ہیں	کہ	یہ کام

خَيْرٌ	لِّيْ	فِيْ دِيْنِيْ	وَمَعِيْشَتِيْ	وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ
بہتر ہے	میرے لیے	میرے دین کے اعتبار سے بھی	اور میری دُنیوی زندگی کے اعتبار سے بھی	اور میرے انجام کار سے لحاظ سے بھی

فَاقْدِرْهُ	لِيْ	وَيَسِّرْهُ	لِيْ
تو مقدر فرما دیجیے اس کو	میرے لیے	اور آسان فرما دیجیے اس کو	میرے لیے

ثُمَّ	بَارِكْ	لِيْ	فِيْهِ
پھر	برکت عطا فرمایئے	مجھے	اس میں

وَإِنْ	كُنْتَ	تَعْلَمُ	أَنَّ	هٰذَا الْأَمْرَ
اور اگر	آپ	جانتے ہیں	کہ	یہ کام

شَرٌّ	لِّيْ	فِيْ دِيْنِيْ	وَمَعِيْشَتِيْ
برا ہے	میرے لیے	میرے دین کے اعتبار سے بھی	اور میری دُنیوی زندگی کے اعتبار سے بھی

وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ	فَاصْرِفْهُ	عَنِّيْ	وَاصْرِفْنِيْ
اور میرے انجام کار کے لحاظ سے	تو دور کر دیجیے اس کو	مجھ سے	اور دور کر دیجیے مجھے

عَنْهُ	وَاقْدِرْ	لِيَ	الْخَيْرَ	حَيْثُ	كَانَ	ثُمَّ	أَرْضِنِيْ بِهِ.
اس سے	اور مقدر فرما دیجیے	میرے لیے	بہتری	جہاں بھی	ہو وہ	پھر	راضی بھی کر دیجیے مجھے اس پر

(ترمذی)

ایک خاص استغفار

أَللّٰهُمَّ	اغْفِرْ	لِيْ	ذَنْبِيْ	كُلَّهُ
اے اللہ!	بخش دیجیے	میرے لیے	میرے گناہ	سب کے سب

دِقَّهُ	وَجِلَّهُ	وَأَوَّلَهُ	وَآخِرَهُ	وَعَلَانِيَتَهُ	وَسِرَّهُ.
چھوٹے ہوں	یا بڑے	اول ہوں	یا آخر	علانیہ ہوں	یا خفیہ

(مسلم شریف)

جامع ترین دعا

أَللّٰهُمَّ	إِنِّيْ	أَسْأَلُكَ	مِنْ خَيْرِ مَا
اے اللہ!	بے شک میں	سوال کرتا ہوں آپ سے	اس چیز کی بہتری کا

سَأَلَكَ	مِنْهُ	عَبْدُكَ
سوال کیا آپ سے	جس کا	آپ کے بندے نے

وَنَبِيُّكَ	مُحَمَّدٌ	صَلَّى	اللّٰهُ	عَلَيْهِ
اور آپ کے نبی نے	محمد	برکت بھیجے	اللہ	ان پر

وَسَلَّمَ	وَأَعُوْذُ	بِكَ	مِنْ شَرِّ مَا
اور سلامتی نازل فرمائے	اور پناہ چاہتا ہوں میں	آپ کی	اس چیز کے شر سے

اسْتَعَاذَكَ	مِنْهُ	عَبْدُكَ
پناہ مانگی آپ سے	جس سے	آپ کے بندے

وَنَبِيُّكَ	مُحَمَّدٌ	صَلَّى	اللّٰهُ	عَلَيْهِ	وَسَلَّمَ.
اور آپ کے نبی نے	محمد	برکت بھیجے	اللہ	ان پر	اور سلامتی نازل فرمائے

(ترمذی)

ایک مشہور جامع دعا

أَللّٰهُمَّ	إِنِّيْ	أَسْأَلُكَ
اے اللہ!	بے شک میں	سوال کرتا ہوں آپ سے

الْهُدٰى	وَالتُّقٰى	وَالْعَفَافَ	وَالْغِنٰى.
ہدایت کا	اور تقویٰ کا	اور پاک دامنی کا	اور مالداری کا

(ترمذی)

شب قدر کی دعا

أَللّٰهُمَّ	إِنَّكَ	عَفُوٌّ
اے اللہ	بے شک آپ	بہت معاف کرنے والے ہیں

تُحِبُّ	الْعَفْوَ	فَاعْفُ	عَنِّيْ.
پسند کرتے ہیں آپ	معاف کرنے کو	پس معاف فرما دیجیے	مجھے

(ترمذی)

علم نافع کے لیے

أَللّٰهُمَّ	انْفَعْنِيْ	بِمَا	عَلَّمْتَنِيْ
اے اللہ!	فائدہ دیجیے مجھے	اس سے	جو سکھایا آپ نے مجھے

وَ	عَلِّمْنِيْ	مَا	يَنْفَعُنِيْ.
اور	سکھایئے مجھے	وہ	جو نفع دے مجھے

(شعب الایمان)

علم پر عمل اور رزق میں فراوانی کے لیے

أَللّٰهُمَّ	إِنِّيْ	أَسْأَلُكَ	عِلْمًا	نَافِعًا
اے اللہ!	بے شک میں	کرتا ہوں آپ سے	علم کا	جو نفع بخش ہو

وَّ	رِزْقًا	طَيِّبًا	وَّ	عَمَلًا	مُّتَقَبَّلًا.
اور	رزق کا	جو پاک ہو	اور	عمل کا	جو مقبول ہو

(سنن ابن ماجہ)

حق و باطل میں فرق سمجھنے کے لیے

أَللّٰهُمَّ	أَلْهِمْنِيْ	رُشْدِيْ
اے اللہ!	میرے دل میں ڈال دے	میری ہدایت

وَ	أَعِذْنِيْ	مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ.
اور	محفوظ فرمایئے مجھے	میرے نفس کے شر سے

(ترمذی)

مقدمہ

قرآنِ کریم کے سائے تلے

ترقی کا مجرب نسخہ:

اس عاجز کے گزشتہ کئی سال اس احساسِ ندامت اور شرمندگی کی کیفیت کے تحت گزرے کہ قرآن کریم کی کوئی خدمت نہ ہوسکی، تو کیا بقیہ سب کچھ استدراج ہے؟ مہلت ہے؟ غیر مقبول ہے؟ ندامت اور استغفار کے ساتھ دعا اور تمنا تھی کہ قرآن کریم کی خدمت کی کوئی صورت نصیب ہوجائے۔ ''قرآنی عربی کورس'' نامی یہ عاجزانہ کاوش عزیز نونہال طلبہ اور عام برادرانِ ملت کی خدمت میں اس نیت سے پیش ہے کہ قرآن کتابِ انقلاب ہے۔ یہ پست کو بلند کرتا ہے۔ زوال پذیر کو ترقی یافتہ بناتا ہے۔ جو اس کے سایۂ عاطفت میں آجائے وہ کبھی محروم نہیں ہوسکتا۔ جو اس کی برکات سے دامن بھر لے اس کو کبھی تہی دامنی کا شکوہ نہیں رہتا۔ اس لیے اس کے لفظ کو سیکھنے اور معنی کو سمجھنے کی محنت دراصل اپنی زندگی میں روحانی انقلاب برپا کرنے، زوال کو ترقی اور پستی کو بلندی میں بدلنے کا ایسا آفاقی نسخہ ہے جو مجرّب المجرّب بھی ہے، سہل ترین بھی اور انتہائی مؤثر بھی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس میں سے وافر حصہ نصیب فرمائے۔

خوشی خوشی سے:

زبان کے دو اہم حصے ہوتے ہیں: قواعد (GRAMMER) اور ذخیرۂ الفاظ (VOCABULARY) جب ''قرآنی عربی کورس'' کی تدوین شروع ہوئی اور 60 اسباق پر مشتمل ''قواعد'' کے تین لیول تیار کیے گئے تو اس دوران قرآنی الفاظ سے واقفیت اور قرآن شریف کے مکمل ترجمے سے آگاہی کی غرض سے ''الفاظ القرآن'' آسان اور دلچسپ انداز میں تیار کرنے پر کام شروع ہوا۔ قدرتی طور پر تمام الفاظ کی طرح قرآنی الفاظ بھی تین طرح کے ہیں۔ اسم، فعل اور حرف۔ لہٰذا (تقریباً) تمام قرآنی اسماء الگ، قرآنی افعال الگ اور قرآنی حروف الگ کیے گئے۔ (حروف سے مراد ''حروفِ معانی'' ہیں نہ کہ ''حروفِ مبانی'') پھر افعال کی ترتیب وتدوین تو آسان تھی کہ اس کی انواع واقسام کے لیے ''علم الصرف'' میں اصطلاحات طے کرلی گئی ہیں۔ حروف کی ترتیب کے لیے ''علم النحو'' کی اصطلاحات سے مدد لے کر فہرست بنائی گئی۔ کسی معنی کے لیے جو حرف اکیلا آتا ہے وہ پہلے، اور جو حرف ایک سے زیادہ ہیں وہ بعد میں رکھ دیے گئے، لیکن مسئلہ اسماء کا تھا۔ اسماء کی طویل فہرست کو کس طرح ایسی مرتب شکل دی جائے کہ ایک طرف تو ان میں کوئی ربط ومعنویت پیدا ہوجائے اور دوسری طرف طالب علم کو الفاظ یاد کرنے میں مشکل نہ ہو۔ وہ ان کی معنویت اور مربوط ترتیب کے سحر میں آکر خوشی خوشی یاد کرتا چلا جائے۔ اس کے لیے مختلف دلچسپ عنوانات سوچ سوچ کر وضع کیے گئے اور تمام دستیاب ''قرآنی اسماء'' کو تین بڑے اور 70 چھوٹے ابواب میں تقسیم کردیا گیا۔ اس طرح ایک طرح سے قرآنی مفردات، قرآنی مترادفات، قرآنی متضاد الفاظ، قرآنی تشبیہات، قرآنی ضرب الامثال اور قرآنی دعاؤں وغیرہ کی چھوٹی سی لغت تیار ہوگئی ہے۔

تصرفات کی جسارت:

چونکہ اس مجموعہ کے تیار کرتے وقت ذہن میں یہ سوچ کارفرما تھی کہ اسے بچوں، نوجوانوں اور غیر قرآنی تعلیم یافتہ افراد کے لیے تیار کیا جارہا ہے۔ اس لیے اس میں ترتیبِ لغت کے اصولوں کی پیروی کے باوجود حفظ میں آسانی اور ذہن نشینی میں سہولت کے لیے الفاظ کی ترتیب بمطابق حروفِ تہجی میں کہیں کہیں (یعنی بہت ہی کم) ایسے تغیرات یا تصرفات کی جسارت کرلی گئی ہے جو عام طور پر قواميس یا لغات میں اختیار نہیں کیے جاتے۔ مثلاً فرشتوں کے نام والے عنوان کے تحت جبرائیل ومیکائیل اور

ہاروت وماروت کا نام (علی ہذا القیاس یاجوج ماجوج کا نام) اکٹھے دیا گیا ہے، جبکہ حروفِ تہجی کی ترتیب میں ان جوڑیوں نے الگ الگ آنا تھا۔ ہر قرآنی لفظ کی تعداد، کل استعمالات، معنی ومفہوم اور قرآنی مثال کا ترجمہ اس انداز میں دینے کی کوشش کی گئی ہے کہ ایک طرف مبتدیوں کے لیے قرآن شریف کے معنی سیکھنے اور دوسری طرف منتہیوں کے لیے قاموس ولغت کو ایک نئے انداز میں ملاحظہ کرنے کی صورت بیک وقت پیدا ہو جائے۔

ایمان کا بیج:

یہ کتاب ایک اعتبار سے ''قرآنی عربی سیکھیے'' کورس کا سلسلہ وار حصہ ہے اور ایک اعتبار سے مستقل کتاب ہے۔ اس کی اصل غرض یہ ہے کہ قرآن کا طالب علم ''قواعدُ القرآن'' کے ساتھ ''الفاظ القرآن'' سے بھی واقف ہو جائے تو چونکہ قرآن اور انسانی دل ودماغ کے درمیان سے ناسمجھی کا حجاب ہٹا دیا جائے تو وہ اپنی تاثیر کے لیے خود راستہ بناتا ہے، اس لیے رب العزت سے قوی امید ہے کہ یہ ہماری زندگیوں کو قرآنی اور اسلامی طرزِ حیات میں ڈھالنے کی ایک عاجزانہ وخادمانہ کوشش ہوگی۔ خصوصاً جبکہ اسے حفظ کے مکاتب اور ابتدائی درجات میں عام کر دیا جائے تو بچپن سے دلوں کی فصل میں ایمان کا وہ بیج کاشت کیا جا سکتا ہے جس سے ''شجرۂ طیبہ'' جنم لیتا ہے۔ یعنی وہ مبارک اسلامی وقرآنی درخت جس کے برگ وبار ایسی ایمانی بہار لا سکتے ہیں جو ہمارے غموں کا علاج اور دکھوں کا مداوا بن جائے۔

ایک حرف یا ایک معنی:

اس تالیف کے حوالے سے احقر سب سے پہلے اپنے ان تمام محترم اساتذۂ کرام کا ممنونِ احسان ہے جنہوں نے اسے قرآن شریف کا ایک حرف یا کسی ایک حرف کا معنی سکھایا۔ پھر اپنے والدین کا جنہوں نے اسے قرآن کریم کے لیے وقف کر دیا۔ پھر ان تمام حضرات کا شکر گزار ہے جنہوں نے..... مشورہ اور تجویز دینے سے لے کر عملی تعاون تک اور ابواب کے عنوانات قائم کرنے سے مثالیں تلاش کرنے تک..... اس عاجز کا ہاتھ بٹایا، تعاون کیا یا بہتری کے لیے مشورے دیے۔ خصوصاً ان احباب کا جنہوں نے قرآنی عربی کورس کے پہلے حصے ''قواعد القرآن'' پڑھائے جانے کے دوران ''الفاظ القرآن'' کی تکمیل کا مسلسل مطالبہ کیا اور اس مطالبے کو اس وقت تک ایسی طلب ومحبت کے ساتھ جاری رکھا کہ اس عاجز نے اس کی تکمیل میں ہی عافیت سمجھی۔ ان کا یہ دباؤ بھرا مطالبہ ایسا احسان ہے جس کا شکریہ ادا کرنا ضروری ہے۔ کتاب کی اشاعت کے بعد اگر صاحبانِ نظر کتاب میں کوئی کمی کوتاہی پائیں یا بہتری کے لیے تجاویز دینا چاہیں، دعائے خیر کے ساتھ ان کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت کو میرے اساتذہ اور والدین کے لیے صدقہ جاریہ بنائے اور ہم سب کو قرآن کریم کی برکات سے دنیا وآخرت میں مالا مال فرمائے۔ آمین

شاہ منصور

رمضان: ۳۳ھ

قرآنی عربی سیکھیے

الفاظ القرآن

(أسماء القرآن، أفعال القرآن، حروف القرآن)

پہلا حصہ

قرآنی اسماء

مختلف قرآنی اسماء اور ان کے معانی
حروفِ تہجی کی ترتیب، تعداد اور مثالوں کے ساتھ

قرآنی اسماء

کل اسماء	1160
کل استعمالات	14000
مثال کے طور پر دی گئی آیات	1160

قرآنی اسماء

پہلا باب	مختلف نام
دوسرا باب	انسان اور کائنات
تیسرا باب	متفرقات

پڑھنے کی ترتیب ..... ☜ ..... دائیں سے بائیں

پہلا باب

پڑھنے کی ترتیب ..... ☜ ..... دائیں سے بائیں

أسماء اللہ عزَّ وَجَلَّ

اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام

مشہور اسمائے حسنیٰ کے علاوہ

أسماء اللہ عزَّ وَجَلَّ

کل اسماء: 15

اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام

کل استعمال: 69

مشہور اسمائے حسنیٰ کے علاوہ

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے
5	خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ	سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا	2	وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ. (المؤمنون: 109) اور آپ سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے ہیں۔
6	خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ	سب سے بہتر رزق دینے والا	5	وَاللهُ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ. (الجمعة: 11) اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔
7	خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ	سب سے بہتر معاف کرنے والا	1	وَأَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ. (الأعراف: 155) بے شک آپ سب سے بہتر معاف کرنے والے ہیں۔
8	خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ	سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا	1	وَأَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ. (الأعراف: 89) اور تو ہی سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

أسماء اللہ عزَّ وَجَلَّ

کل اسماء: 15

اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام

کل استعمال: 69

مشہور اسمائے حسنیٰ کے علاوہ

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ	سارے بنانے والوں سے بہتر بنانے والا	2	فَتَبَارَكَ اللهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ. (المؤمنون: 14) بڑی شان ہے اللہ کی جو سب سے بہتر بنانے والا ہے۔
2	أَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ	تمام حکمرانوں سے بڑھ کر حکمران	2	أَلَيْسَ اللهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ. (التين: 8) کیا نہیں ہے اللہ سارے حکمرانوں سے بڑھ کر حکمران؟
3	أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ	سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا	4	وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ. (يوسف: 64) اور وہ سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔
4	خَيْرُ الْحَاكِمِيْنَ	سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا	3	وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِيْنَ. (الأعراف: 87) اور وہی ہے سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا۔

أسماء اللہ عزَّ وَجَلَّ

کل اسماء: 15

اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام

کل استعمال: 69

مشہور اسمائے حسنیٰ کے علاوہ

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے
9	خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ	سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا	1	وَهُوَ خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ. (الأنعام: 57) اور وہ ہی سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔
10	خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ	سب سے بہتر تدبیر کرنے والا	2	وَاللهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ. (آل عمران: 54) اور اللہ سب سے بہتر تدبیر کرنے والا ہے۔
11	خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ	سب سے بہتر اتارنے والا	1	وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ. (المؤمنون: 29) اور آپ سب سے بہتر اُتارنے والے ہیں۔
12	خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ	سب سے بہترین وارث	1	وَأَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ. (الأنبياء: 89) اور آپ سب سے بہترین وارث ہیں۔

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

أسماء اللہ عزّ وجلّ

کل اسماء: 15

اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام

مشہور اسمائے حسنیٰ کے علاوہ

کل استعمال: 69

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے
13	رَبُّ الْعَالَمِيْنَ	تمام جہانوں کا پروردگار	42	الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. (الفاتحة: 2) تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔
14	مُخْزِي الْكَافِرِيْنَ	کافروں کو رُسوا کرنے والا	1	وَأَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكَافِرِيْنَ. (التوبة: 2) اور بے شک اللہ رُسوا کرنے والا ہے کافروں کو۔
15	وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ	مومنوں کا کام بنانے والا	1	وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ. (آل عمران: 68) اور اللہ کام بنانے والا ہے مومنوں کا۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

15 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

69 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً 4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

أسماء النبی ﷺ

کل اسماء: 12

نبی اکرم ﷺ کے مبارک نام اور القاب

کل استعمال: 170

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَحْمَدُ	بہت زیادہ تعریف کرنے والا	1	وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّأْتِيْ مِنْ بَعْدِي اسْمُهٗ أَحْمَدُ. (الصف: 6) اور خوشخبری دینے والا رسول کی جو میرے بعد آئے گا جس کا نام احمد ہوگا۔
2	بَشِيْرٌ	خوشخبری دینے والا	9	إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا. (البقرة: 119) بے شک ہم نے آپ کو بھیجا حق دے کر (جنت کی) خوشخبری دینے والا اور (جہنم سے) ڈرانے والا۔
3	نَذِيْرٌ	ڈرانے والا	43	إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ. (الأعراف: 184) نہیں ہے وہ مگر متنبہ کرنے والا۔

کل اسماء: 12

کل استعمال: 170

أسماء النبی ﷺ

نبی اکرم ﷺ کے مبارک نام ولقب

پڑھنے کی ترتیب ..... ☜ ..... دائیں سے بائیں

أسماء النبی ﷺ

کل اسماء:12

نبی اکرم ﷺ کے مبارک نام اور القاب

کل استعمال:170

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
4	خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ	تمام نبیوں میں سے سب سے آخری نبی	1	وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ. (الأحزاب:40) لیکن وہ (محمد) اللہ کے رسول اور تمام نبیوں میں سے سب سے آخری نبی ہیں۔
5	رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ	سارے جہانوں کے لیے رحمت ہی رحمت	1	وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ. (الأنبياء:107) اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر سراپا رحمت بنا کر سارے جہانوں کے لیے۔
6	شَاهِدٌ	گواہی دینے والا	39	إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا. (الفتح:8) (اے پیغمبر!) بے شک ہم نے بھیجا ہے تمہیں گواہی دینے والا بنا کر۔
7	شَهِيْدٌ	گواہ	56	وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا. (البقرة:143) اور ہوں گے رسول تم پر گواہ۔

أسماء النبی ﷺ

کل اسماء:12

نبی اکرم ﷺ کے مبارک نام والقاب

کل استعمال:170

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
8	مُدَّثِّرٌ	کپڑے میں لپٹنے والا	1	يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ. (المدثر:1) اے کپڑے میں لپٹنے والے!
9	مُزَّمِّلٌ	چادر میں لپٹنے والا	1	يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ. (المزمل:1) اے چادر میں لپٹنے والے!
10	مُذَكِّرٌ	نصیحت کرنے والا	1	إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ. (الغاشية:21) تم تو بس نصیحت کرنے والے ہو۔
11	مُنْذِرٌ	ڈرانے والا	15	قُلْ إِنَّمَا أَنَا مُنْذِرٌ. (ص:65) (اے پیغمبر!) کہہ دو: "میں تو صرف ڈرانے والا ہوں۔
12	النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ	اُمی نبی	2	الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ. (الأعراف:157) جو اتباع کریں اس رسول یعنی اُمی نبی کی۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

12 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

170 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً 4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

کل اسماء:26

کل استعمال:510

أسماء الأنبياء

انبیائے کرام کے نام

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

أسماء الأنبياء

کل اسماء:26

انبیائے کرام کے نام

کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے۔

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	آدَمُ	صَفِيُّ اللهِ	25	وَعَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ .(البقرة:31) اور سکھا دیے (اللہ تعالیٰ) نے آدم علیہ السلام کو نام۔
2	إِبْرَاهِيمُ*	خَلِيلُ اللهِ	69	وَوَصَّى بِهَا إِبْرَاهِيمُ بَنِيهِ (البقرة:132) اور وصیت کی اسی بات کی ابراہیم نے اپنے بیٹوں کو۔
3	إِدْرِيسُ	نَبِيُّ اللهِ	2	وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِدْرِيسَ.(مریم:56) اور تذکرہ کرو اس کتاب میں ادریس کا۔
4	إِسْحَاقُ	هِبَةُ اللهِ	17	وَبَشَّرْنَاهُ بِإِسْحَاقَ. (الصافات:112) اور ہم نے خوشخبری دی ابراہیم کو اسحاق کی۔

أسماء الأنبياء

کل اسماء:26

انبیائے کرام کے نام

کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے۔

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
5	إِسْمَاعِيلُ	ذَبِيحُ اللهِ	12	وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِسْمَاعِيلَ.(مریم:54) اور تذکرہ کرو اس کتاب میں اسمٰعیل کا۔
6	إِلْيَاسُ	حِكْمَةُ اللهِ	2	وَإِنَّ إِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ.(الصافات:123) اور یقیناً الیاس پیغمبروں میں سے تھے۔
7	أَيُّوبُ	صَبِيرُ اللهِ	4	وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوبَ. (ص:41) اور یاد کرو ہمارے بندے ایوب کو۔
8	دَاوُودُ	خَلِيفَةُ اللهِ	16	وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ عِلْمًا.(النمل:15) اور ہم نے عطا کیا داؤد اور سلیمان کو علم۔

أسماء الأنبياء

کل اسماء:26

انبیائے کرام کے نام

کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
9	ذُوالْكِفْلِ	ذَكِيُّ اللهِ	2	وَإِسْمَاعِيلَ وَإِدْرِيسَ وَذَا الْكِفْلِ كُلٌّ مِنَ الصَّابِرِينَ.(الأنبياء:85) اور (دیکھو) اسماعیل، ادریس اور ذوالکفل کو، یہ سب صبر کرنے والوں میں سے تھے۔
10	زَكَرِيَّا	وَارِثُ اللهِ	7	هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ. (آل عمران:38) اس موقع پر دعا کی زکریا نے اپنے رب سے۔
11	سُلَيْمَانُ	تَاجُ اللهِ	17	فَفَهَّمْنَاهَا سُلَيْمَانَ .(الأنبياء:79) چنانچہ سمجھ دی ہم نے اس فیصلہ کی سلیمان علیہ السلام کو۔
12	شُعَيْبٌ	نَاصِحُ اللهِ	11	وَإِلَى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا. (الأعراف:85) اور مدین کی طرف (ہم نے بھیجا) ان کے بھائی شعیب کو۔

أسماء الأنبياء

کل اسماء:26

انبیائے کرام کے نام

کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے۔

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
13	صَالِحٌ	قَرِيبُ اللهِ	9	وَإِلَى ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا .(الأعراف:73) اور (ہم نے بھیجا) ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو۔
14	عُزَيْرٌ	نَاصِرُ اللهِ	1	وَقَالَتِ الْيَهُودُ عُزَيْرٌ ابْنُ اللهِ. (التوبة:30) اور یہودی کہتے ہیں کہ عزیر اللہ کے بیٹے ہیں۔
15	عِيسَى	رُوحُ اللهِ	25	وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ.(البقرة:87) اور ہم نے دی عیسیٰ ابن مریم کو کھلی کھلی نشانیاں۔
16	لُوطٌ	سَلِيمُ اللهِ	27	وَلُوطًا آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا.(الأنبياء:74) اور لوط کو ہم نے عطا کی حکمت اور علم۔

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

أسماء الأنبياء — انبیائے کرام کے نام

کل اسماء:26 | کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے۔

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
17	مُوْسٰی	کَلِیْمُ اللهِ	136	وَإِذْ آتَيْنَا مُوْسَى الْكِتَابَ. (البقرة:53) اور جب دی ہم نے موسیٰ کو کتاب۔
18	نُوْحٌ*	نَجِيُّ اللهِ	43	لَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوْحًا إِلَى قَوْمِهِ. (الأعراف:59) بے شک ہم نے بھیجا نوح کو اُن کی قوم کی طرف۔
19	هَارُوْنُ	مُعِيْنُ اللهِ	20	رَبِّ مُوْسَى وَهَارُوْنَ. (الأعراف:122) رب ہے موسیٰ اور ہارون کا۔
20	هُوْدٌ*	عَامِرُ اللهِ	7	وَإِلَى عَادٍ أَخَاهُمْ هُوْدًا. (الأعراف:65) اور (ہم نے بھیجا) عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو۔

أسماء الأنبياء — انبیائے کرام کے نام

کل اسماء:26 | کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے۔

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
21	يَحْيٰى	خَاشِعُ اللهِ	5	يَا يَحْيٰى خُذِ الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ. (مریم:12) اے یحییٰ! تھام لو کتاب کو مضبوطی سے۔
22	يَسَعٌ	ذَاكِرُ اللهِ	2	وَاذْكُرْ إِسْمَاعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ. (ص:48) اور یاد کرو اسماعیل اور یسع اور ذوالکفل کو۔
23	يَعْقُوْبُ	حَزِيْنُ اللهِ	16	وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً. (الأنبياء:72) اور عطا کیے ہم نے ابراہیم کو اسحاق اور یعقوب انعام کے طور پر۔

أسماء الأنبياء — انبیائے کرام کے نام

کل اسماء:26 | کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے۔

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
24	يُوْسُفُ*	جَمِيْلُ اللهِ	27	وَجَاءَ إِخْوَةُ يُوْسُفَ. (یوسف:58) اور آئے بھائی یوسف کے۔
25	يُوْنُسُ*	سَابِحُ اللهِ	4	وَإِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ. (الصافات:139) اور یقیناً یونس بھی پیغمبروں میں سے تھے۔
26	مُحَمَّدٌ*	حَبِيْبُ اللهِ	4	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ. (الفتح:29) محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

کل استعمال:4

مُحَمَّدٌ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ. (الفتح:29)
محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں

انبیائے کرام کے نام یاد رکھنے کا آسان طریقہ

قرآن شریف میں جن چھبیس انبیائے کرام کا تذکرہ ہے، ان کے اسمائے گرامی یاد کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ سورۃ انعام کی چار آیات 83 تا 86 میں اٹھارہ انبیائے کرام کا تذکرہ ایک ہی جگہ ہے:

وَتِلْكَ حُجَّتُنَا آتَيْنَاهَا إِبْرَاهِيمَ عَلَى قَوْمِهِ، نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّن نَّشَاءُ، إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ (83)
وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ، كُلًّا هَدَيْنَا، وَنُوحًا هَدَيْنَا مِن قَبْلُ، وَمِن ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ
وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَى وَهَارُونَ، وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ (84) وَزَكَرِيَّا وَيَحْيَىٰ وَعِيسَىٰ
وَإِلْيَاسَ، كُلٌّ مِّنَ الصَّالِحِينَ (85) وَإِسْمَاعِيلَ وَالْيَسَعَ وَيُونُسَ وَلُوطًا، وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِينَ (86)

بقیہ آٹھ انبیاء کے نام رہ جاتے ہیں جن میں پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام، آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ ان کے علاوہ کثیر الذکر انبیاء میں سے تین حضرات ہود، صالح وشعیب علیہم السلام اور قلیل الذکر انبیاء میں سے بھی تین حضرات ادریس، حضرت عزیر، حضرت ذوالکفل علیہم السلام کا نام شامل ہے۔ اس طرح ان آٹھ ناموں کو یاد کرنا بھی آسان ہو جاتا ہے۔

أسماء الأنبياء

جن انبیائے کرام کے نام کی صراحت نہیں

کل اسماء: 3

شمار	نام	آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے اور قواعد کا اجرا کیجیے
1	حِزْقِيل	أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِمْ. (البقرة:243) کیا تمہیں معلوم نہیں ان لوگوں (حزقیل علیہ السلام کی قوم) کا حال جو اپنے گھروں سے نکل آئے۔
2	سَمُوئِيل	إِذْ قَالُوا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ. (البقرة:246) جب انہوں نے کہا تھا اپنے نبی (سموئیل علیہ السلام) سے: "مقرر کر دیں ہمارے لیے ایک بادشاہ ہم اللہ کے راستے میں قتال کریں گے۔"
3	يُوشَع	وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِفَتَاهُ لَا أَبْرَحُ. (الكهف:60) اور جب موسیٰ نے اپنے نوجوان (شاگرد حضرت یوشع علیہ السلام) سے کہا تھا: "میں مسلسل اپنا سفر جاری رکھوں گا۔"

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

26 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

510 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

کل اسماء: 6

کل استعمال: 95

أسماء الملائكة

فرشتوں کے نام

أسماء الملائكة

فرشتوں کے نام

کل اسماء: 6 | کل استعمال: 95

شمار	قرآنی الفاظ	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	جِبْرِيْلُ	3	مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ. (البقرة: 98) اگر کوئی شخص دشمن ہے اللہ کا، اس کے فرشتوں اور رسولوں کا اور جبرئیل اور میکائیل کا
2	مِيْكٰلُ	1	
3	هَارُوْتُ	1	وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ. (البقرة: 102) اور جو نازل کیا گیا تھا دو فرشتوں ہاروت اور ماروت پر بابل شہر میں۔
4	مَارُوْتُ	1	
5	مَالِكٌ جہنم کا نگران فرشتہ	1	وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ. (الزخرف: 77) اور جہنمی پکار کر کہیں گے: "اے مالک! ہمارا کام ہی تمام کر دے تمہارا رب!"
6	مَلَكٌ ج: مَلٰٓئِكَةٌ	88	وَجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا. (الفجر: 22) اور آئے گا تمہارا رب اور فرشتے (میدان حشر میں) قطاریں باندھے ہوئے۔ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ. (البقرة: 248)

الحمد لله

آپ نے اس سبق میں

6 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

95 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے پوری گردان پڑھیں

اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

الكعبة فى القرآن

خانہ کعبہ کے نام

کل الفاظ: 6 | کل استعمال: 23

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَوَّلَ بَيْتٍ	پہلا گھر	1	إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ. (آل عمران: 96) بے شک پہلا گھر جو مقرر کیا گیا لوگوں کے لیے۔
2	اَلْبَيْتُ الْعَتِيْقُ	قدیم گھر	2	وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ. (الحج: 29) اور چاہیے وہ طواف کریں قدیم گھر کا۔
3	اَلْمَسْجِدُ الْحَرَامُ	مسجد حرام	15	فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. (البقرة: 150) پھیر لیں اپنا چہرہ مسجد حرام کی جانب۔
4	اَلْكَعْبَةُ	کعبہ	2	هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ. (المائدة: 95) قربانی جو پہنچائی جائے کعبہ۔

کل الفاظ: 6 | کل استعمال: 23

أسماء الكعبة

کعبہ کے نام

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

الکعبۃ فی القرآن

کل الفاظ: 6

خانہ کعبہ کے نام

کل استعمال: 23

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَوَّلَ بَيْتٍ	پہلا گھر	1	إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ. (آل عمران:96) بے شک پہلا گھر جو مقرر کیا گیا لوگوں کے لیے۔
2	اَلْبَيْتُ الْعَتِيْقُ	قدیم گھر	2	وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ. (الحج:29) اور چاہیے وہ طواف کریں قدیم گھر کا۔
3	اَلْمَسْجِدُ الْحَرَامُ	مسجد حرام	15	فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. (البقرۃ:150) پھیر لیں اپنا چہرہ مسجد حرام کی جانب۔
4	اَلْكَعْبَةُ	کعبہ	2	هَدْيًا بَالِغَ الْكَعْبَةِ. (المائدۃ:95) قربانی جو پہنچائی جائے کعبہ۔

الکعبۃ فی القرآن

کل الفاظ: 6

خانہ کعبہ کے نام

کل استعمال: 23

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
5	اَلْبَيْتُ الْحَرَامُ	قابل ادب و احترام گھر	2	وَلَآ آمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ. (المائدۃ:2) اور نہ ہی وہ جو بیت الحرام کا قصد کرنے والے ہیں۔
6	اَلْبَيْتُ الْمُحَرَّمُ	قابل ادب و احترام گھر	1	أَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ. (ابراھیم:37) لا بسایا ہے میں نے اپنی اولاد کو ایسے میدان میں جو بنجر ہے، تیرے احترام والے گھر کے پاس۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

6 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

23 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں

اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

کل اسماء: 32

کل استعمال: 1801

أسماء القرآن

قرآن کریم کے بابرکت نام

پڑھنے کی ترتیب ..... ☜ ..... دائیں سے بائیں

الحمد للہ
آپ نے اس سبق میں
6 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں
23 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں
اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

کل اسماء:32

کل استعمال:1801

أسماء القرآن

قرآن کریم کے بابرکت نام

أسماء القرآن

قرآن کریم کے ذاتی نام

کل اسماء:8

کل استعمال:643

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	اَلْكِتَابُ	کتاب	261	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ. (الکھف:1) تمام تعریفیں اللہ کی ہیں جس نے نازل کی اپنے بندے پر کتاب۔
2	أَمْرُ اللّٰهِ	اللہ کا حکم	174	ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ. (الطلاق:5) یہ اللہ کا حکم ہے جو اُس نے اُتارا تم پر۔
3	تَنْزِيْلٌ	نازل کردہ	15	تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. (فصلت:2) یہ کلام نازل کردہ ہے اُس ذات کی طرف سے جو سب پر مہربان، بہت مہربان ہے۔
4	رُوْحٌ	روح	21	وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا. (الشوری:52) اور اسی طرح ہم نے بطور وحی نازل کی تمہاری طرف ایک روح۔

أسماء القرآن

قرآن کریم کے ذاتی نام

کل اسماء:8

کل استعمال:643

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
5	قُرْاٰنٌ	قرآن	70	شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ. (البقرۃ:185) رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں نازل کیا گیا قرآن۔
6	قَوْلٌ	بات	93	وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ. (القصص:51) اور واقعہ یہ ہے کہ ہم مسلسل بھیجتے رہے اُن کے فائدے کے لیے (نصیحت کی) بات۔
7	كَلَامُ اللّٰهِ	اللہ کا کلام	3	فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ. (التوبۃ:6) تو اُس کو پناہ دو یہاں تک کہ وہ سن لے اللہ کا کلام۔
8	وَحْيٌ	وحی	6	قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ. (الأنبیاء:45) کہہ دو: "میں تو تمہیں ڈراتا ہوں وحی کے ذریعے"۔

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

أسماء القرآن

قرآن کریم کے صفاتی نام

کل اسماء:10 | کل استعمال:617

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	حَقٌّ	سچا بیان	247	إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ. (آل عمران: 62) یقین جانو کہ یہی ہے واقعات کا سچا بیان۔
2	حَكِيمٌ	حکمت سے بھرا ہوا	97	وَإِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيمٌ. (الزخرف: 4) اور حقیقت یہ ہے کہ وہ قرآن لوح محفوظ میں ہمارے پاس بڑے اونچے درجے کی حکمت سے بھری ہوئی کتاب ہے۔
3	صِدْقٌ	سچی بات	14	وَالَّذِي جَاءَ بِالصِّدْقِ. (الزمر: 33) اور جو شخص لے کر آئے سچی بات۔

أسماء القرآن

قرآن کریم کے صفاتی نام

کل اسماء:10 | کل استعمال:617

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
4	عَجَبٌ	عجیب	5	فَقَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا. (الجن: 1) پس انہوں نے کہا بے شک ہم نے سنا ہے ایک عجیب قرآن۔
5	عَزِيزٌ	بڑا عزت والا	99	وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ. (فصلت: 41) اور بے شک یہ کتاب ہے بڑی عزت والی۔
6	عِلْمٌ	علم	105	وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُم بَعْدَ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ. (الرعد: 37) اور اگر آپ پیچھے چلیں اُن لوگوں کی خواہشات کے اس کے بعد کہ آپ کے پاس آچکا ہے علم۔

أسماء القرآن

قرآن کریم کے صفاتی نام

کل اسماء:10 | کل استعمال:617

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
7	عَلِيٌّ	اونچے درجے والا	11	وَإِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيمٌ. (الزخرف: 4) اور حقیقت یہ ہے کہ وہ قرآن لوح محفوظ میں ہمارے پاس بڑے اونچے درجے کی حکمت سے بھری ہوئی کتاب ہے۔
8	كَرِيمٌ	بڑا باوقار	27	إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ. (الواقعة: 77) بے شک یہ قرآن ہے بڑا باوقار۔
9	مُبَارَكٌ	بابرکت	8	كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ. (ص: 29) یہ ایک کتاب جو ہم نے نازل کی ہے تمہاری طرف بابرکت ہے۔
10	مَجِيدٌ	عظمت والا	4	وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ. (ق: 1) اور قسم ہے قرآن کی جو عظمت والا ہے!

أسماء القرآن

قرآن کریم کی صفات

کل اسماء:14 | کل استعمال:541

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	بَشِيرٌ	خوشخبری دینے والا	9	بَشِيرًا وَنَذِيرًا. (فصلت: 4) یہ قرآن خوشخبری دینے والا بھی ہے اور ڈرانے والا بھی۔
2	بَصَائِرُ	بصیرتوں کا مجموعہ	5	هَٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ. (الجاثية: 20) یہ (قرآن) بصیرتوں کا مجموعہ ہے تمام لوگوں کے لیے۔
3	بَلَاغٌ	پیغام	15	إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا لِّقَوْمٍ عَابِدِينَ. (الأنبياء: 106) بے شک اس (قرآن) میں پیغام ہے ایسی قوم کے لیے جو عبادت گزار ہے۔

پڑھنے کی ترتیب ..... ☜ ..... دائیں سے بائیں

أسماء القرآن

قرآن کریم کی صفات

کل اسماء:14 | کل استعمال:541

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے اور قواعد کا اجرا کیجیے
4	بَيَانٌ	واضح اعلان	3	هَذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ. (آل عمران:138) یہ واضح اعلان ہے تمام لوگوں کے لیے۔
5	تَذْكِرَةٌ	نصیحت	9	كَلَّا إِنَّهَا تَذْكِرَةٌ. (عبس:11) ہرگز ایسا نہیں! یہ قرآن تو ایک نصیحت ہے۔
6	ذِكْرٌ	یاد، نصیحت	76	إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ. (الحجر:9) بے شک ہم نے ہی اتاری ہے یہ نصیحت (یعنی قرآن) اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

أسماء القرآن

قرآن کریم کی صفات

کل اسماء:14 | کل استعمال:541

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے اور قواعد کا اجرا کیجیے
7	رَحْمَةٌ	رحمت	114	وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ. (یونس:57) اور (قرآن) ہدایت اور رحمت ہے مومنوں کے لیے۔
8	شِفَاءٌ	شفا	4	وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ. (الإسراء:82) اور ہم نازل کر رہے ہیں وہ قرآن جو شفا اور رحمت کا سامان ہے مومنوں کے لیے۔
9	فُرْقَانٌ	فیصلہ کر دینے والا	7	تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ. (الفرقان:1) بڑی شان ہے اُس ذات کی جس نے نازل کی (حق و باطل کا) فیصلہ کر دینے والی کتاب۔
10	مُبِينٌ	واضح کرنے والا	119	تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ. (یوسف:1) یہ آیتیں ہیں اُس کتاب کی جو حق کو واضح کرنے والی ہے۔

أسماء القرآن

قرآن کریم کی صفات

کل اسماء:14 | کل استعمال:541

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے اور قواعد کا اجرا کیجیے
11	مَوْعِظَةٌ	نصیحت	9	وَهُدًى وَمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ. (آل عمران:138) اور ہدایت اور نصیحت ہے پرہیزگاروں کے لیے۔
12	نَذِيرٌ	ڈرانے والا	43	بَشِيرًا وَنَذِيرًا. (فصلت:4) یہ قرآن خوشخبری دینے والا بھی ہے اور ڈرانے والا بھی۔
13	نُورٌ	روشنی	43	فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالنُّورِ الَّذِي أَنزَلْنَا. (التغابن:8) لہٰذا ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور اس روشنی پر جو ہم نے نازل کی ہے۔
14	هُدًى	ہدایت	85	وَهُدًى وَبُشْرَى لِلْمُؤْمِنِينَ. (البقرة:97) اور ہدایت اور خوشخبری ہے ایمان والوں کے لیے۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

32 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

1801 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

کل الفاظ:11

کل استعمال:366

صفات الصحابة

صحابہ کی صفات

صفات الصحابة

کل اسماء:11

صحابہ کی صفات

کل استعمال:366

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
4	شَدِيْدٌ ج:أَشِدَّاءُ	سخت	53	
5	رَحِيْمٌ ج:رُحَمَاءُ	رحم کرنے والا، نرم خو	116	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا.(الفتح :29) محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کفار کے لیے سخت، آپس میں نرم ہیں۔ آپ پائیں گے ان کو رکوع کرنے والے اور سجدہ کرنے والے۔
6	رَاكِعٌ ج:رُكَّعٌ	رکوع کرنے والا	8	
7	سَاجِدٌ ج:سُجَّدٌ	سجدہ کرنے والا	22	

صفات الصحابة

کل اسماء:11

صحابہ کی صفات

کل استعمال:366

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَنْصَارِيٌّ ج:أَنْصَارٌ	مدد کرنے والا (اہل مدینہ کا لقب)	11	لَقَدْ تَّابَ اللهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ.(التوبة :117) بے شک توبہ قبول کرلی اللہ تعالی نے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اور مہاجرین کی اور انصار کی۔
2	رَاشِدٌ ج:رَاشِدُوْنَ	سیدھے راستے پر	1	أُوْلَئِكَ هُمُ الرَّاشِدُوْنَ.(الحجرات :7) وہی لوگ سیدھے راستے پر ہیں۔
3	سَابِقٌ ج:سَابِقُوْنَ	سبقت کرنے والا	8	وَالسَّابِقُوْنَ الْأَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ.(التوبة:100) اور سبقت کرنے والے، پہل کرنے والے مہاجرین اور انصار میں سے۔
	أَوَّلُ ج:أَوَّلُوْنَ	پہل کرنے والا	62	

صفات الصحابة

کل اسماء:11

صحابہ کی صفات

کل استعمال:366

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
8	صَادِقٌ ج:صَادِقُوْنَ	سچا	60	أُوْلَئِكَ هُمُ الصَّادِقُوْنَ.(الحجرات :15) وہی لوگ سچے ہیں۔
9	فَائِزٌ ج:فَائِزُوْنَ	کامیاب	4	وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْفَائِزُوْنَ.(التوبة :20) اور وہی لوگ کامیاب ہیں۔
10	مُفْلِحٌ ج:مُفْلِحُوْنَ	کامیاب لوگ	13	وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ.(البقرة :5) اور وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں۔
11	مُهَاجِرٌ ج:مُهَاجِرِيْنَ	ہجرت کرنے والا	8	لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ الَّذِيْنَ أُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ.(الحشر:8) ان غریب مہاجرین کے لیے جنہیں نکال دیا گیا ان کے گھروں سے۔

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

الحمد للہ
آپ نے اس سبق میں
11 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں
366 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

أسماء الأشخاص

قابل احترام شخصیات کے نام

کل اسماء:8 | کل استعمال:46

شمار	قرآنی الفاظ	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	خِضْرٌ	–	فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَا.(الکھف:65) وہ دونوں ملے ایک بندے (خضر) کو ہمارے بندوں میں سے۔
2	ذُوالْقَرْنَيْنِ	3	وَيَسْأَلُونَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ . (الکھف:83) اور یہ لوگ پوچھتے ہیں تم سے ذوالقرنین کے بارے میں۔
3	ذُوالنُّوْنِ	1	وَذَا النُّونِ إِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا .(الأنبیاء:87) اور مچھلی والا (حضرت یونس علیہ السلام) جب وہ چل پڑا خفا ہو کر۔
4	زَيْدٌ	1	فَلَمَّا قَضَىٰ زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا. (الأحزاب:37) پھر جب ختم کر لیا زید نے اپنی بیوی سے تعلق۔
5	طَالُوْتُ	2	إِنَّ اللَّهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا. (البقرة:247) اللہ نے بنا کر بھیجا ہے تمہارے لیے طالوت کو بادشاہ۔

کل اسماء:19 | کل استعمال:153

أسماء الأشخاص
مختلف شخصیات کے نام

أسماء الأشخاص

قابل احترام شخصیات کے نام

کل اسماء:8 | کل استعمال:46

شمار	قرآنی الفاظ	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
6	عِمْرَانُ	3	وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا. (التحریم:12) اور مریم بیٹی عمران کی جس نے حفاظت کی اپنی عصمت کی۔
7	لُقْمَانُ	2	وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ. (لقمان:12) اور بے شک ہم نے عطا کی لقمان کو دانائی۔
8	مَرْيَمُ	34	يَا مَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ. (آل عمران:43) اے مریم! تم عبادت میں لگی رہو اپنے رب کی۔

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

أسماء الأشخاص

معتوب شخصیات کے نام

کل اسماء: 11 | کل استعمال: 107

شمار	قرآنی الفاظ	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	آزَرُ	1	وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ آزَرَ. (الأنعام: 74) اور جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ آزر سے۔
2	إِبْلِيسُ	11	قَالَ يَا إِبْلِيسُ مَا لَكَ أَلَّا تَكُونَ مَعَ السَّاجِدِينَ. (الحجر: 32) (اللہ نے) کہا: "ابلیس! تجھے کیا ہوا کہ تو سجدہ کرنے والوں کے ساتھ شامل نہیں ہوا؟"
3	أَبُو لَهَبٍ	1	تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ. (لهب: 1) برباد ہوں دونوں ہاتھ ابولہب کے۔
4	جَالُوتُ	3	وَقَتَلَ دَاوُودُ جَالُوتَ. (البقرة: 251) اور قتل کیا داؤد نے جالوت کو۔
5	سَامِرِيُّ	3	قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يَا سَامِرِيُّ. (طه: 95) (موسیٰ نے) کہا: "تجھے کیا ہوا تھا؟ اے سامری!"

الحمد للہ
آپ نے اس سبق میں
19 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں
153 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

أسماء الأشخاص

معتوب شخصیات کے نام

کل اسماء: 11 | کل استعمال: 107

شمار	قرآنی الفاظ	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
6	فِرْعَوْنُ	74	اِذْهَبْ إِلَى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَى. (طه: 24) جاؤ فرعون کے پاس۔ وہ سرکشی میں حد سے نکل گیا ہے۔
7	قَارُوْنُ	4	وَقَارُونَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامَانَ. (العنكبوت: 39) اور قارون، فرعون اور ہامان (کو ہم نے ہلاک کیا)۔
8	نَمْرُوْدُ	_	أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِي حَاجَّ إِبْرَاهِيمَ فِي رَبِّهِ. (البقرة: 258) کیا آپ نے غور کیا اس شخص (نمرود) کے حال پر جس نے بحث کی ابراہیم سے اس کے رب کے بارے میں۔
9	هَامَانُ	6	وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا هَامَانُ ابْنِ لِي صَرْحًا. (غافر: 36) اور کہا فرعون نے: "اے ہامان! بنا دو میرے لیے ایک اونچی عمارت!"
10	يَأْجُوْجُ	2	إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ. (الكهف: 94) بے شک یاجوج اور ماجوج فساد پھیلانے والے ہیں زمین میں۔
11	مَأْجُوْجُ	2	إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ. (الأنبياء: 96) جب کھول دیا جائے گا یاجوج اور ماجوج کو۔

کل الفاظ: 13 | کل استعمال: 27

الأصنام فی القرآن

بتوں کے نام

الأصنام فی القرآن

بتوں کے نام

کل الفاظ: 13

کل استعمال: 27

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	بَعْلٌ	آقا مالک	3	أَتَدْعُونَ بَعْلًا وَتَذَرُونَ أَحْسَنَ الْخَالِقِينَ. (الصافات: 125) کیا تم بعل کو پکارتے ہو اور سب سے بہتر خالق کو چھوڑ دیتے ہو؟
2	تِمْثَالٌ ج: التَّمَاثِيلُ	مورتیاں	2	مَا هَٰذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِي أَنتُمْ لَهَا عَاكِفُونَ (الأنبياء: 52) یہ کیا مورتیاں ہیں جن کے آگے تم جھکے ہوئے ہو؟
3	جِبْتٌ	بت جادو	1	يُؤْمِنُونَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوتِ. (النساء: 51) وہ کافر ایمان لاتے ہیں بتوں اور شیطان پر۔
4	سُوَاعٌ	بت کا نام	1	وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَلَا سُوَاعًا. (نوح: 23) (انہوں نے کہا): "تم ہرگز ود اور سواع کو نہ چھوڑنا۔
5	صَنَمٌ ج: أَصْنَامٌ	بت	5	يَعْكُفُونَ عَلَىٰ أَصْنَامٍ لَّهُمْ. (الأعراف: 138) جو لگے بیٹھے تھے اپنے چند بتوں سے۔

الأصنام فی القرآن

بتوں کے نام

کل الفاظ: 13

کل استعمال: 27

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
6	طَاغُوتٌ	شیطان	8	وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَوْلِيَاؤُهُمُ الطَّاغُوتُ. (البقرة: 257) اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے مددگار شیاطین ہیں۔
7	عُزّٰى	بت کا نام	1	أَفَرَأَيْتُمُ اللَّاتَ وَالْعُزَّىٰ (النجم: 19) کیا تم نے دیکھا لات اور عزیٰ کو؟
8	لَاتٌ	ایک بت کا نام	1	أَفَرَأَيْتُمُ اللَّاتَ وَالْعُزَّىٰ (النجم: 19) کیا تم نے دیکھا لات اور عزیٰ کو؟
9	مَنَاةٌ	ایک بت کا نام	1	وَمَنَاةَ الثَّالِثَةَ الْأُخْرَىٰ. (النجم: 20) اور اس ایک اور تیسرے پر جس کا نام منات ہے۔

الأصنام فی القرآن

بتوں کے نام

کل الفاظ: 13

کل استعمال: 27

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
10	نَسْرٌ	ایک بت کا نام	1	وَلَا يَغُوثَ وَيَعُوقَ وَنَسْرًا. (نوح: 23) تم ہرگز نہ چھوڑنا یغوث، یعوق اور نسر کو۔
11	وَدٌّ	ایک بت کا نام	1	وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَلَا سُوَاعًا. (نوح: 23) تم ہرگز نہ چھوڑنا ودّ اور سواع کو۔
12	يَعُوقُ	ایک بت کا نام	1	وَلَا يَغُوثَ وَيَعُوقَ وَنَسْرًا. (نوح: 23) تم ہرگز نہ چھوڑنا یغوث، یعوق اور نسر کو۔
13	يَغُوثُ	ایک بت کا نام	1	وَلَا يَغُوثَ وَيَعُوقَ وَنَسْرًا. (نوح: 23) تم ہرگز نہ چھوڑنا یغوث، یعوق اور نسر کو۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

13

27

مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

کل الفاظ:15

کل استعمال:282

الضالّون

گمراہ لوگ

الضالّون

کل الفاظ:8

کل استعمال:258

گمراہ لوگ

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
4	مُشْرِكٌ ج: مُشْرِكُوْنَ	مشرک	39	إِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ.(التوبة:28) درحقیقت مشرک لوگ ناپاک ہیں۔
5	مُنَافِقٌ ج: مُنَافِقُوْنَ	منافق دوغلا	32	وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ.(التوبة:68) وعدہ کیا ہے اللہ تعالیٰ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں سے اور کفار سے جہنم کی آگ کا۔
6	نَصْرَانِيٌّ ج: نَصَارٰى	عیسائی	15	لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى أَوْلِيَاءَ.(المائدة:51) نہ بناؤ یہود و نصاریٰ کو دوست۔
7	يَهُوْدِيٌّ ج: يَهُوْدٌ	یہودی	10	وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصَارٰى.(البقرة:120) اور ہرگز نہ راضی ہوں گے آپ سے یہود و نصاریٰ۔

الضالّون

کل الفاظ:7

کل استعمال:258

گمراہ لوگ

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	صَابِئٌ ج: صَابِئِيْنَ	بے دین ستارہ پرست	3	إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصَارٰى وَالصَّابِئِيْنَ.(البقرة:62) بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور یہودی اور عیسائی اور اور بے دین لوگ۔
2	كَافِرٌ ج: كَافِرُوْنَ	کافر	157	وَالْكَافِرُوْنَ هُمُ الظَّالِمُوْنَ.(البقرة:254) اور کافر لوگ ہی ظالم ہیں۔
3	مَجُوْسِيٌّ ج: مَجُوْسٌ	مجوسی	2	إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصَّابِئِيْنَ وَالنَّصَارٰى وَالْمَجُوْسَ إِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.(الحج:17) بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے اور بے دین لوگ اور عیسائی اور مجوسی، بے شک اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمائیں گے ان کے درمیان قیامت کے دن۔

کل الفاظ:8

کل استعمال:24

الأحزاب الثمانية

آٹھ مخصوص گروہ

الأحزاب الثمانية

آٹھ مخصوص گروہ

کل الفاظ:8 | کل استعمال:24

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ	خندق والے	1	قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ. (البروج:4) مارے گئے خندق (کھودنے) والے۔
2	أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ	جھنڈ والے	4	وَإِنْ كَانَ أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ لَظَالِمِينَ. (الحجر:78) اور درختوں کے جھنڈ والے ظالم لوگ تھے۔
3	أَصْحَابُ الْجَنَّةِ	باغ والے	14	إِنَّا بَلَوْنَاهُمْ كَمَا بَلَوْنَا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ. (القلم:17) بے شک ہم نے آزمایا ان کو جیسے کہ ہم نے آزمایا باغ والوں کو۔
4	أَصْحَابُ الرَّسِّ	کنویں/کان والے	1	وَعَادًا وَثَمُودَ وَأَصْحَابَ الرَّسِّ. (الفرقان:38) اور (برباد کیا) عاد، ثمود اور کنویں والوں کو۔
5	أَصْحَابُ السَّبْتِ	ہفتہ کے دن والے	1	أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا أَصْحَابَ السَّبْتِ. (النساء:47) یا ہم ان پر پھٹکار ڈال دیں جیسے کہ ہم نے پھٹکار ڈالی تھی ہفتہ والوں پر۔

الأحزاب الثمانية

آٹھ مخصوص گروہ

کل الفاظ:8 | کل استعمال:24

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
6	أَصْحَابُ الْفِيلِ	ہاتھی والے	1	أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ؟ (الفیل:1) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ کیسا معاملہ کیا تمہارے پروردگار نے ہاتھی والوں کے ساتھ؟
7	أَصْحَابُ الْقَرْيَةِ	بستی والے	1	وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ. (یس:13) اور تم بیان کرو ان کے سامنے مثال بستی والوں کی۔
8	أَصْحَابُ الْكَهْفِ وَالرَّقِيمِ	غار اور تختی والے	1	أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحَابَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيمِ كَانُوا مِنْ آيَاتِنَا عَجَبًا؟ (الکہف:9) کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ غار اور تختی والے لوگ تھے ہماری نشانیوں میں سے کوئی خاص چیز۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

15 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

282 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

الأقرباء فی القرآن

رشتے داروں کے نام

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	اَبٌ	باپ	117	مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ. (الأحزاب:40) نہیں ہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کسی کے باپ تمہارے مردوں میں سے لیکن اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔
2	اِبْنٌ	بیٹا	143	وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ. (البقرة: 87) اور ہم نے عطا کی عیسیٰ بن مریم کو روشن دلیلیں۔
3	اَخٌ	بھائی	82	يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ. (عبس: 34) اس دن بھاگے گا آدمی اپنے بھائی سے۔
4	اُخْتٌ	بہن	14	وَقَالَتْ لِأُخْتِهِ قُصِّيهِ (القصص: 11) اور کہا (موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے) ان کی بہن سے کہ تو اس کے پیچھے پیچھے جا۔

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
5	اُمٌّ	ماں	35	وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ أُمِّ مُوسَىٰ. (القصص: 7) اور ہم نے الہام کیا موسیٰ (علیہ السلام) کی ماں کو۔
6	اَهْلٌ	گھر والے	127	فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ. (هود: 81) پس رات کو نکل جاؤ اپنے گھر والوں کے ساتھ۔
7	اٰلٌ	قوم	26	فَلَمَّا جَاءَ آلَ لُوطٍ الْمُرْسَلُونَ. (الحجر: 61) پس جب پہنچے لوط کی قوم کے پاس بھیجے ہوئے فرشتے۔
8	بِنْتٌ	بیٹی	19	وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ. (التحريم: 12) اور مریم بیٹی عمران کی۔

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
9	بَعْلٌ	خاوند	3	وَهَٰذَا بَعْلِي شَيْخًا. (هود: 72) اور یہ میرا خاوند بوڑھا ہے۔
10	حَلِيلَةٌ ج: حَلَائِلُ	بیوی	1	وَحَلَائِلُ أَبْنَائِكُمْ. (النساء: 23) اور (تم پر حرام ہیں) بیویاں تمہارے بیٹوں کی۔
11	خَالٌ ج: أَخْوَالٌ	ماموں	5	وَبَنَاتِ خَالِكَ. (الأحزاب: 50) اور تیرے ماموں کی بیٹیاں۔
12	خَالَةٌ ج: خَالَاتٌ	خالہ	3	وَبَنَاتِ خَالَاتِكَ. (الأحزاب: 50) اور تیری خالہ کی بیٹیاں۔

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
13	دَعِيٌّ ج: أَدْعِيَاءُ	لے پالک	2	وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ أَبْنَاءَكُمْ. (الأحزاب: 4) اور نہیں بنایا اس نے تمہارے لے پالکوں کو تمہارا بیٹا۔
14	ذُرِّيَّةٌ	اولاد	32	ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ. (اسرائیل: 3) ان لوگوں کی اولاد جنہیں ہم نے سوار کر دیا تھا نوح کے ساتھ (کشتی پر)۔
15	رَبِيبَةٌ ج: رَبَائِبُ	سوتیلی بیٹی	1	وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُورِكُمْ. (النساء: 23) اور تمہاری سوتیلی بیٹیاں جو تمہاری گودوں میں ہیں۔

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
16	زَوْجٌ	شوہر، بیوی	24	أُسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ.(البقرة:35) ٹھہر تو اور تیری بیوی جنت میں۔
17	سِبْطٌ ج: أَسْبَاطٌ	اولاد	5	وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ.(النساء:163) اور ہم نے وحی کی ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب اور ان کی اولاد کی طرف۔
18	صَاحِبَةٌ	بیوی	2	وَلَمْ تَكُنْ لَهُ صَاحِبَةٌ.(الأنعام:101) اور نہیں ہے اس (اللہ) کی بیوی۔

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
19	صِهْرٌ	سسرال	1	فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا.(الفرقان:54) پھر اسے بنا دیا نسب والا اور سسرالی رشتوں والا۔
20	عَقِبٌ ج: أَعْقَابٌ	اولاد	8	وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ.(الزخرف:28) اور اس نے بنا دیا اس (کلمہ) کو باقی رہنے والا کلمہ اپنی اولاد میں۔
21	عَمٌّ ج: أَعْمَامٌ	چچا	2	وَبَنَاتِ عَمِّكَ.(الأحزاب:50) اور تیرے چچا کی بیٹیاں۔
22	عَمَّاتٌ ج: عَمَّاتٌ	پھوپھی	3	وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ.(الأحزاب:50) اور تیری پھوپھی کی بیٹیاں۔

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
23	وَالِدٌ	والد، باپ	23	لَا يَجْزِي وَالِدٌ عَنْ وَلَدِهِ.(لقمان:33) نہیں کام آئے گا کوئی باپ اپنے بیٹے کے۔
24	وَالِدَةٌ ج: وَالِدَاتٌ	والدہ، ماں	2	وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ.(البقرة:233) اور مائیں دودھ پلائیں اپنی اولاد کو۔
25	وَلَدٌ	اولاد	33	سُبْحَانَهُ أَنْ يَكُونَ لَهُ وَلَدٌ.(النساء:171) وہ پاک ہے اس سے کہ ہو اس کے لیے کوئی اولاد۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

25 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

713 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً 4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

کل الفاظ:48

کل استعمال: 142

الحیوانات فی القرآن

جانور

الحیوانات فی القرآن
جانوروں کے نام

کل الفاظ:48

قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں" کے نام پر ہے۔

کل استعمال: 142

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
5	بَعِيْرٌ	اونٹ	2	وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ. (یوسف:65) اور ہم زیادہ لائیں گے ماپ (غلہ) ایک اونٹ کا۔
6	بِغَالٌ	خچر	1	وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ. (النحل:8) اور (اللہ نے پیدا کیے انسان کے لیے) گھوڑے اور خچر اور گدھے۔
7	بَقَرَةٌ	گائے	9	أَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً. (البقرة:67) کہ تم ذبح کرو ایک گائے۔
8	بَهِيْمَةٌ	چوپایہ	3	أُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْأَنْعَامِ. (المائدہ:1) حلال کر دیے گئے تمہارے لیے مویشی چوپائے۔

الحیوانات فی القرآن
جانوروں کے نام

کل الفاظ:48

قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں" کے نام پر ہے۔

کل استعمال: 142

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَبَابِيْلُ	ایک پرندے کا نام	1	وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيْلَ. (الفیل: 3) اور اس نے بھیج دیے ان پر ابابیل نامی پرندے۔
2	إِبِلٌ	اونٹ	2	أَفَلَا يَنْظُرُوْنَ إِلَى الْإِبِلِ. (الغاشیة: 17) پس کیا وہ دیکھتے نہیں اونٹ کی طرف؟
3	بَدَنَةٌ ج: بُدْنٌ	قربانی کے اونٹ	1	وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَائِرِ اللهِ. (الحج:36) اور قربانی کے اونٹ ہم نے انہیں بنایا تمہارے لیے اللہ کی نشانیوں میں سے۔
4	بَعُوْضَةٌ	مچھر	1	إِنَّ اللهَ لَا يَسْتَحْيِيْ أَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً. (البقرة: 26) بے شک اللہ نہیں شرماتا (اس بات سے) کہ بیان کرے مثال کوئی سی بھی، چاہے مچھر کی۔

الحیوانات فی القرآن
جانوروں کے نام

کل الفاظ:48

قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں" کے نام پر ہے۔

کل استعمال: 142

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
9	ثُعْبَانٌ	اژدھا	2	فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ. (الأعراف:107) تو اچانک وہ (لاٹھی) ایک اژدھا بن گئی۔
10	جَانٌّ	سانپ	7	تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ. (النمل:10) وہ (لاٹھی) ہل رہی تھی گویا وہ سانپ ہے۔
11	جَرَادٌ	ٹڈی	2	فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ. (الأعراف:133) چنانچہ ہم نے بھیجا اُن پر طوفان اور ٹڈیاں۔
12	جَمَلٌ	اونٹ	1	حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ. (الأعراف:40) جب تک داخل ہو جائے اونٹ سوئی کے ناکے میں۔

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

الحیوانات فی القرآن — جانوروں کے نام

کل الفاظ: 48 | قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں کے نام پر ہے۔ | کل استعمال: 142

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
13	جَيِّدٌ ج: جِيَادٌ	عمدہ گھوڑے	1	إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ (ص:31) جب پیش کیے گئے اس پر شام کے وقت تیز رفتار عمدہ گھوڑے۔
14	حِمَارٌ	گدھا	4	كَمَثَلِ الْحِمَارِ. (الجمعة:5) (ان یہودیوں کی مثال) گدھے کی سی ہے۔
15	حَمُوْلَةٌ	اونچے قد کا جانور	1	وَمِنَ الْأَنْعَامِ حَمُوْلَةً. (الانعام:142) اور مویشیوں میں سے اونچے قد کے جانور ہیں۔
16	حُوْتٌ	مچھلی	5	فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ. (الكهف:63) بے شک میں بھول گیا تھا مچھلی۔

الحیوانات فی القرآن — جانوروں کے نام

کل الفاظ: 48 | قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں کے نام پر ہے۔ | کل استعمال: 142

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
17	حَيَّةٌ	سانپ	1	فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ. (طه:20) اچانک وہ (لاٹھی) سانپ بن گئی۔
18	خِنْزِيْرٌ	سور	5	وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ. (البقرة:173) اور خون اور سور کا گوشت (اللہ نے حرام کیا ہے)۔
19	خَيْلٌ	گھوڑا	5	وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ. (النحل:8) اور (اللہ نے پیدا کیے انسان کے لیے) گھوڑے اور خچر اور گدھے۔
20	دَابَّةٌ	جاندار چوپائے	18	وَاللهُ خَلَقَ كُلَّ دَابَّةٍ مِنْ مَاءٍ. (النور:45) اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا زمین پر چلنے والے ہر جاندار کو پانی سے۔

الحیوانات فی القرآن — جانوروں کے نام

کل الفاظ: 48 | قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں کے نام پر ہے۔ | کل استعمال: 142

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
21	ذُبَابٌ	مکھی	2	وَإِنْ يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا. (الحج:73) اور اگر ان سے چھین کر لے جائے مکھی کوئی چیز۔
22	ذِئْبٌ	بھیڑیا	3	قَالُوا لَئِنْ أَكَلَهُ الذِّئْبُ. (يوسف:14) انہوں نے کہا: اگر اسے بھیڑیا کھا جائے۔
23	رِكَابٌ	اونٹ	1	فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ. (الحشر:6) نہیں دوڑائے تم نے اس پر گھوڑے اور نہ اونٹ۔
24	صَافِنَةٌ ج: صَافِنَاتٌ	گھوڑے	1	إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصَّافِنَاتُ. (ص:31) جب پیش کیے گئے ان (سلیمان علیہ السلام) کے سامنے شام کے وقت تیز رفتار گھوڑے۔

الحیوانات فی القرآن — جانوروں کے نام

کل الفاظ: 48 | قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں کے نام پر ہے۔ | کل استعمال: 142

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
25	صَيْدٌ	شکار	7	وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ. (المائدة:96) اور تم پر حرام کیا گیا ہے (احرام کی حالت میں) خشکی کا شکار۔
26	ضَامِرٌ	دبلا پتلا اونٹ	1	وَعَلَى كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ. (الحج:27) اور دبلے پتلے اونٹوں پر جو چلے آتے ہیں دور دراز راستوں سے۔
27	ضِفْدَعٌ ج: ضَفَادِعُ	مینڈک	1	وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ. (الأعراف:133) اور چیچڑی اور مینڈک۔
28	عِجْلٌ	بچھڑا	10	ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ. (البقرة:51) پھر تم نے بنالیا بچھڑے کو (معبود)۔

الحیوانات فی القرآن

جانوروں کے نام

کل الفاظ:48 — قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں کے نام پر ہے۔ — کل استعمال: 142

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
29	عِشَارٌ	دس ماہ کی حاملہ اونٹنی	1	وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ. (التکویر:4) اور جب دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں بے کار چھوڑ دی جائیں۔
30	عَنْكَبُوتٌ	مکڑی	1	كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوتِ. (العنکبوت:41) (ان کی) مثال مکڑی کی سی ہے۔
31	عَوَانٌ	درمیانی عمر والا	1	عَوَانٌ بَيْنَ ذَٰلِكَ. (البقرۃ:68) درمیانی عمر کی ہو۔
32	غُرَابٌ	کوّا	2	فَبَعَثَ اللهُ غُرَابًا. (المائدۃ:31) پھر بھیجا اللہ نے ایک کوّا۔
33	غَنَمٌ	بھیڑ بکریاں	3	إِذْ نَفَشَتْ فِيهِ غَنَمُ الْقَوْمِ. (الأنبیاء:78) جب رات کے وقت جا گھسی تھیں اُس کھیت میں کچھ لوگوں کی بکریاں۔

الحیوانات فی القرآن

جانوروں کے نام

کل الفاظ:48 — قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں کے نام پر ہے۔ — کل استعمال: 142

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
34	فَرَاشٌ	پروانہ	1	يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ. (القارعۃ:4) جس دن ہو جائیں گے سارے لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح۔
35	فِيلٌ	ہاتھی	1	أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ. (الفیل:1) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ کیسا معاملہ کیا تمہارے پروردگار نے ہاتھی والوں کے ساتھ؟
36	قِرَدَةٌ	بندر	3	كُونُوا قِرَدَةً. (البقرۃ:65) تم (اے یہودیو!) بن جاؤ بندر۔
37	قَلَائِدُ ج: قَلَائِدُ	ہار پہنائے ہوئے جانور	2	وَلَا الْقَلَائِدَ. (المائدۃ:2) اور نہ ہار پہنائے گئے جانوروں کی (بے حرمتی کرو)۔
